الجمعیۃ

Al-Jamiat

01 Jan 1936
To
28 Dec 1936

عرضِ مرتّب

راقم مشہود مفتی کا تعلق مفتی محمد نعیم لدھیانوی رحمۃ اللہ علیہ کے خانوادے سے ہے۔ راقم کے دادا مولانا مفتی محمد نعیم لدھیانویؒ قدیم نامور علمائے لدھیانہ کے خاندان کے فرد تھے۔آپ کے والد مولانا عبداللہ لدھیانویؒ نے قادیانیوں کے خلاف کفر کا اولین فتویٰ دیا تھا، آپ کے دادا مولانا عبدالقادر لدھیانویؒ اور تایا مولانا سیف الرحمٰن لدھیانویؒ 1857ء کی جنگِ آزادی میں فتویٰ دینے والے 34 علماء میں سرِفہرست تھے۔یہ فتویٰ آزادی "صادق اخبار 1857ء میں شائع ہو چکا ہے۔

مولانا مفتی محمد نعیم لدھیانویؒ تقسیم ہند سے پہلے جمعیت علمائے ہند کے نائب صدر اور ناظم بھی رہے۔آپ ہندوستان میں متحدہ پنجاب کے مفتی اعظم بھی تھے۔ آپ شیخ الہند مولانا محمود حسن رحمۃ اللہ علیہ کے شاگرد اور جمعیت علمائے ہند کے سابق نائب صدر تھے۔

راقم کو اپنے دادا مرحوم سے متعلق تاریخی ریکارڈ درکار تھا، اسی سلسلہ میں "الجمعیۃ" کے پرانے شمارے تلاش کیے لیکن ہندوستان میں وہ شمارے نہ مل سکے۔تحقیق سے معلوم ہوا کہ مفتی اعظم ہندوستان مفتی کفایت اللہ دہلویؒ کے صاحبزادے مولانا مفتی حفیظ الرحمٰن دہلویؒ نے انتہائی محنت سے "الجمعیۃ" کے تمام اخبار اس نیت سے اکٹھے کیے تھے کہ وہ اپنے والد مفتی کفایت اللہ دہلویؒ کے فتاویٰ کو مرتب کر سکیں۔چنانچہ انہوں نے اپنی زندگی میں وہ فتاویٰ مرتب بھی کیے جو "کفایت المفتی" کے نام سے شائع ہو چکے ہیں۔اپنے کام کی تکمیل کے بعد انہوں نے "الجمعیۃ" اخبار کو جمعیۃ علمائے ہند کے دفتر اور دہلی ہندوستان کے ایک اسلامی ادارہ میں محفوظ کرنے کے لیے بھیج دیا۔
جمعیت علمائے ہند کے موجودہ صدر مولانا سید ارشد مدنی صاحب انگلینڈ تشریف لائے تو ان سے ملاقات کے دوران یہ افسوس ناک انکشاف ہوا کہ ان کے پاس موجود "الجمعیۃ" کے اخبارات کو دیمک لگ گئی ہے۔اس انتہاء درجہ کی لاپرواہی سے الجمعیۃ کے اس اہم ترین ریکارڈ کے ضائع ہونے پر انتہائی افسوس ہوا۔

دوسرا ریکارڈ جو دہلی کے کسی اسلامی ادارے میں موجود تھا اس کے حصول کے لیے اس ادارے سے رابطے کی کوشش کی گئی لیکن کوشش کے باوجود رابطہ نہ ہو سکا۔

اس تمہید کا ایک مقصد مولانا مفتی حفیظ الرحمٰن دہلویؒ (صاحبزادہ مفتی اعظم ہندوستان مفتی کفایت اللہ دہلویؒ صدر جمعیت علمائے ہند) کی کتاب "جمعیت علمائے ہند پر تاریخی تبصرہ" کے مطالعہ کی تاکید کرنا بھی ہے جس میں انہوں نے اپنے دور میں جمعیت علمائے ہند کی زبوں حالی کی طرف توجہ دلائی ہے۔ تاریخی حوالہ کے طور پر درج کر

رہا ہوں کہ آج جمعیت علماء ہند دو حصوں میں تقسیم ہوگئی ہے، ایک کے صدر مولانا سید حسین احمد مدنی کے بیٹے مولانا سید ارشد مدنی ہیں اور دوسرے حصہ کے صدر شیخ الاسلام مولانا سید حسین احمد مدنی کے پوتے مولانا محمود مدنی ہیں۔ مولانا مفتی حفیظ الرحمٰن واصف دہلویؒ نے اپنی اس کتاب میں اس اہم بات کی طرف توجہ دلائی ہے کہ دینی جماعتوں میں موروثیت ان جماعتوں کے دینی مقاصد کے لیے انتہائی نقصان دہ ہے۔

اسی اثنا میں کیمبرج یونیورسٹی برطانیہ کی لائبریری کے شعبہ Centre of South Asian Studies کے Archivist جناب پروفیسر ڈاکٹر Kevin Greenbank سے رابطہ ہوا جو Wolfson یونیورسٹی کے وائس پریذیڈنٹ بھی ہیں۔ ان سے معلوم ہوا کہ "الجمعیۃ" کے کچھ سالوں کا ریکارڈ یہاں دستیاب ہے جو نہرو یونیورسٹی انڈیا سے یہاں لایا گیا تھا۔ یہ ریکارڈ پرانی Reels میں موجود تھا جس سے لائبریری میں موجود خصوصی ڈیوائس کے ذریعے ہی استفادہ کیا جاسکتا تھا۔ چونکہ میں اپنی علالت کے باعث لائبریری جانے سے قاصر تھا اس لیے میں نے ان سے ان فائلوں کا عکس فراہم کرنے کی درخواست کی جو انہوں نے خندہ پیشانی سے قبول کرلی اور اپنی بیٹی کی ذمہ داری لگائی کہ وہ ان Reels کی فائلوں کو یکجا کر کے مرتب کریں۔ چنانچہ ان کے تعاون سے مئی 1926ء سے اپریل 1950ء تک کا ڈیٹا حاصل ہوسکا جن میں چند درمیانی سالوں / مہینوں کا ریکارڈ موجود نہیں ہے۔ اگرچہ یہ مکمل ریکارڈ نہیں ہے لیکن نہایت مفید اور مستند تاریخی ریکارڈ ہے۔

مجھے اس میں سے جو تاریخی معلومات درکار تھیں وہ تو میں اپنی کتاب "مولانا مفتی محمد نعیم لدھیانویؒ اور اکابرین جمعیت علمائے ہند" میں جمع کر چکا ہوں لیکن چونکہ یہ ایک تاریخی دستاویز ہے جس سے بہت سی چیزوں کے متعلق درست ریکارڈ حاصل کیا جاسکتا ہے اس لیے مناسب معلوم ہوا کہ سال کی ترتیب سے ان Reels کو مرتب کر کے شائع کردیا جائے تاکہ ہر شخص ان سے استفادہ کرسکے۔ اس کی ترتیب اور انٹرنیٹ پر محفوظ کرنے میں محترم جناب مولوی عبید الرحمٰن صاحب فاضل جامعہ دار العلوم کراچی نے تعاون کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ انہیں جزائے خیر عطا فرمائے۔

قارئین کرام سے درخواست ہے کہ راقم کے لیے اور راقم کے والدین، تمام اعزہ واقرباء بالخصوص راقم کے اکابرین علمائے لدھیانہ کے لیے دعائے مغفرت فرمادیں۔ جزاکم اللہ خیرا

مشہود مفتی

ابن نعیم بن مولانا محمد نعیم لدھیانویؒ

مطلوبہ صفحہ پر پہنچنے کے لیے کلک کریں

☜ جنوری 1936	☜ فروری 1936
☜ مارچ 1936	☜ اپریل 1936
☜ مئی 1936	☜ جون 1936
☜ جولائی 1936	☜ اگست 1936
☜ ستمبر 1936	☜ اکتوبر 1936
☜ نومبر 1936	☜ دسمبر 1936

SEMI-WEEKLY
Aljamiat, DELHI.
الجمعیۃ دہلی
رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳
تاریخ اشاعت اخبار الجمعیۃ
چندہ اخبار الجمعیۃ
فی پرچہ ایک آنہ
ایڈیٹر — ہلال احمد زبیری (ایم۔اے)
جلد ۲۳ | دہلی۔ یوم یکشنبہ ۹ر شوال المکرم ۱۳۵۴ھ ہجری۔ مطابق ۵ر جنوری ۱۹۳۶ء | نمبر ۱

حبشی سپاہیوں نے اٹلی کے ہوائی جہاز کو بیان مار گرائے

حبش میں عام بھرتی کا اعلان کر دیا گیا

اٹلی کیلئے حالات نازک ہوگئے

ادیس ابابا ۴ر جنوری بین الاقوامی ریڈ کراس سوسائٹی نے اٹلی کے فوجی افسروں سے درخواست کی ہے کہ وہ اپنے ہوائی جہازوں کو حکم دیدیں کہ حبش کے جو دو ہوائی جہاز ریڈ کراس دیستہ کے پاس جا رہے ہیں جن میں دو دو مجروح ڈاکٹروں کو لائیں گے ان پر حملہ نہ کیا جائے۔

……

ہر ایک شخص کو جو اپاہج نہیں ہے جنگ میں شامل ہونے کا حکم ہو گیا ہے۔

مقامی حکام کے خلاف عبدالستار کا دعویٰ

بائیس ہزار روپیہ کے پرونوٹوں کا مطالبہ

……

یورپ میں جنگ چھڑ جانے کے قوی امکانات

برطانیہ اور فرانس کی اٹلی کے مقابلہ میں تیاریاں

……

اٹلی کا عذر گناہ

سفارتخانوں پر بم برسائے گئے

……

سکھوں کے مورچہ کا تیسرا روز

سردار جواہر سنگھ کی گرفتاری مزاہلی

……

زنانہ شفاخانہ ہسپتال میں ہنگامہ

کلب کے مالی پر پٹھانوں کا حملہ

……

بمبئی میں کانگریس ورکنگ کمیٹی کا اجلاس

جسمانی مشقت کے متعلق آئین میں ترمیم

……

دہلی میں ابھی گردن توڑ بخار موجود ہے

……

پستول رکھنے کے الزام میں فرد جرم

……

حرکت قلب بند ہونے سے ایک ڈپٹی کی وفات

……

سردار تارا سنگھ کے جتھے کی گرفتاری

……

ضروری اطلاع

اخبار الجمعیۃ کانگریس گولڈن جوبلی نمبر کے صفحۂ ۶ و ۱۲ پر ایک اشتہار کتب منیجر کتب خانہ نامی خانیوال پنجاب کی طرف سے درج ہے بغور ملاحظہ فرماویں۔ قابل ملاحظہ کتب وغیرہ درج ہیں۔ ضرور منگاؤ۔

نیاز مند منیجر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم یکشنبہ ۹ شوال المکرم ۱۳۵۴ھ

نئے سال کا آغاز

۱۹۳۵ء کے واقعات پر ایک نظر

اس عالم آب و گل میں جہاں ابلق ایام کی تیز رفتاری نے ہستی کو ایک مسلسل و پیہم حرکت و گردش میں مبتلا کر رکھا ہے حقیقتہً صرف دو ہی زمانے ایسے ہیں جن کے متعلق کچھ کہا جا سکتا ہے ایک ماضی اور دوسرا مستقبل۔ وہ لمحہ جو ان دونوں زمانوں کے سلسلہ کو ایک دوسرے سے پیوست کرنے میں درمیانی کڑی کا کام انجام دیتا ہے اور جسے عرف عام میں زمانۂ حال سے تعبیر کیا جاتا ہے حقیقتہً کوئی بھی وجود نہیں رکھتا۔ دنیا اپنی پوری رفتار کے ساتھ سرگرم سفر ہے اور ہر ہر لمحہ کو جو مستقبل میں شمار کیا جاتا تھا یا شمار کیا جاتا ہے ماضی بنا رہی ہے۔ …

ہندوستان کے کوائف

بین الاقوامی سیاسیات

الجمعیۃ کی زندگی کا بارہواں سال

شہید گنج کانفرنس ملتوی

ممالک اسلامیہ کے حالات

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علماء دین اور مفتیان شرع متین حسب ذیل امور میں:-

۱- چند اشخاص مکرماہ رمضان المبارک میں قرآن شریف تراویح میں سننے کے لئے ایک حافظ قرآن کا انتظام کر لیتے ہیں اور بوقت ختم شریف یہ لوگ چندہ جمع کر کے اس میں سے ایک جز شیرینی وغیرہ میں صرف کرنے کے بعد بقیہ کل رقم حافظ صاحب کی نذر کر دیتے ہیں۔

(نوٹ) یہاں کے حافظوں کا یہ طرز عمل ہے کہ وہ ایسے وقت کے منتظر رہتے ہیں کہ کوئی جگہ شہر سے باہر قرآن شریف سنانے کے لئے دستیاب ہو چکا کہ اکثر تجربہ ہو چکا ہے وہیں کی سفائی قلب کا یہ بھی ایک ثبوت ہے کہ جس وقت بعد ختم ان کو رقم دی جاتی ہے تو فوراً آمادگی کے ساتھ بغیر کسی اسراف کے لئے لیتا ہے۔ جس وقت کہ ان کو اپنے یہاں بلانے کے لئے ارادہ سے انکے مکان پر گئے تو یہ ظاہر کیا کہ ہم سے جتنی خدمت ہو سکے گی کریں گے لہٰذا حسب بالا صورتوں میں قرآن پاک کا سننا اور دامامت حافظ صاحب کی جائز ہے یا نہیں۔

الجواب

شرومنی گوردوارہ پربندھک کمیٹی امن عامہ کو تباہ کرنا چاہتی ہے

اسلحہ پر پابندی کے احکام اور زیادہ ممتد ہو جائینگے

حکومت پنجاب کا سرکاری اعلان

لاہور۔ ۳۰ دسمبر۔ ایک سرکاری اعلان مظہر ہے کہ شرومنی گوردوارہ پربندھک کمیٹی کے اس اعلان کے نتیجے میں کہ سکھ یکم جنوری سے قانون اسلحہ برداری کے متعلق ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ لاہور کے حکم سے انحراف کرنے والے ہیں۔ حکومت پنجاب مناسب خیال کرتی ہے کہ پبلک کو حقیقت حال سے آگاہ کر دیا جائے۔ …

ہو جائے گا خواہ حالات کتنے ہی خطرناک کیوں نہ ہوں، ذریعہ کارروائی کرنے کی ضرورت کتنی ہی اہم کیوں نہ ہو کیونکہ اگرچہ قانونی طور پر یہ ممکن ہو لیکن بظاہر یہ امر ناقابل عمل ہوگا کہ ایک قوم کو مسلح رہنے دیا جائے اور دوسری قوم کے اسلحہ چھین لئے جائیں۔ …

مشرق اقصیٰ میں ایک خوفناک جنگ ہونے والی ہے

یورپ، ایشیا اور امریکہ کی زبردست طاقتیں شریک ہونگی

بین الاقوامی معاہدات کا افسوسناک انجام

جاپان کے اس اعلان نے مشرق اقصیٰ میں صورت حالات کو اور نازک بنا دیا، اور امریکہ اور جاپان کی رقابت پہلے کی نسبت …

بحری تیاریاں

خطرہ کی گھنٹی

جنگی تیاریاں

امریکہ کی حکمت عملی

جاپان اور شرائط صلح

شربت اکسیر

جریان

ہمالیہ پہاڑ جہاں سونے چاندی اور لوہے کی کانیں ہیں … ہماری یہ شلاجیت پیدا ہوتا ہے ہم ایسے شوا گزار مقامات سے عرصہ چالیس سال سے … طب ویدک طریقے سے صاف کرتے ہیں جو کہ ہر موسم میں استعمال کیا جا سکتا ہے اور جسکے سرٹیفکیٹ ہمارے پاس موجود ہیں۔

طاقت و قوت بڑھانے اور قوت مردمی کی بے تحاشا اضافہ کرنیوالی تمام اقسام کے جریان و سیلان اور کمزوری کو دور کرنیوالی شی و منی کے حملہ دھکیلا کا تعریف کردہ

اکسیر اعظم

اصلی شلاجیت اصلی

… پانچ تولہ کی قیمت ساڑھے دو روپے (۲/۸) دس تولہ کی قیمت سوا چار روپے (۴/۴) بیس تولہ کی آٹھ روپے (۸) محصولڈاک ۵/ چالیس تولہ آدھ سیر ساڑھے پندرہ روپے (۱۵/۸) اسی تولہ یا ایک سیر تیس روپے (۳۰) علاوہ محصولڈاک۔

پتہ:- مالک فرم ہمالیہ ڈپو ہردوار ضلع سہارنپور

HIMALYA DEPO HARDWAR (SAHARANPUR).

تصدیق

ہماری شلاجیت کی صداقت … جناب مفتی مولانا سید قاسم علی … استعمال کیا … بڑی مسرت کے ساتھ …

بڈھے بابا بائیں کی بخشش

راولپنڈی میں سکھوں کی اشتعال انگیزی
سکھ مسلم فساد کی تفصیلات

راولپنڈی یکم جنوری۔ پولیس کی بروقت مداخلت سے کل شام راولپنڈی میں سکھ مسلم فساد ہوتے ہوتے رہ گیا۔ سکھوں نے گورو گوبند سنگھ کے جنم دن کی یادگار منانے کے لئے سہ پہر کو بہت بڑا جلوس نکالا۔ ...

تلواروں، لاٹھیوں سے مسلح نکلا۔ جب جلوس جامع مسجد کے سامنے پہنچا تو مسجد کے دروازہ کے عین سامنے کھڑا ہو کر نہایت اشتعال انگیز نعرے لگانے لگا۔ ...

نواب چھتاری اور سر محمد یعقوب کے استعفے
مسلم کانفرنس کو بلا ضرورت قائم رکھنے کی کوشش

نئی دہلی ۳ جنوری۔ آل انڈیا مسلم کانفرنس کے بورڈ کا اجلاس آج مسلم لیگ کے دفتر میں زیر صدارت نواب آف چھتاری منعقد ہوا۔ ...

صلیب احمر کی جماعت پر اٹلی کی بمباری
ڈاکٹروں اور نرسوں کو نشانہ بنایا گیا

عدیس ابابا ۳۰ دسمبر۔ سویڈن کی ریڈ کراس ایمبولنس یونٹ کا جو ۹ سویڈس اور ۴۰ حبشیوں پر مشتمل تھی اطالوی ہوائی جہازوں نے بم برسا کر بالکل صفایا کر دیا ہے۔ ...

عید کے دن کلکتہ میں فساد کی تفصیلات
ہندوؤں کی شرمناک حرکات کا مرقع

نماز عید الفطر کے ٹھیک ساڑھے آٹھ بجے شروع ہونے کا اعلان کیا گیا تھا اور اس کے متعلق اشتہارات بھی تقسیم کئے گئے تھے۔ ...

مختصرات

۲۴ دسمبر

بنگالیوں کی انجمن موسوم بہ پردیشی بنگیا ساہتیہ سمیلن کا تیرھواں اجلاس نئی دہلی بنگالی سکول میں منعقد ہوا۔ اور اس اجلاس میں بنگالی زبان اور ادب کی ترقی کے لئے مختلف تدابیر پر بحث کی گئی۔

احمد آباد میں آگ لگ گئی۔ بہت سے مکانات اور جانیں کا نقصان ہو گیا۔

خیرپور کے ہز ہائینس میر علی نواز خاں بہت عرصہ سے بیمار تھے آج ان کا انتقال ہو گیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

وزیرستان میں ایک نئی سڑک موسوم بہ وانا روڈ اختتام پر پہنچ گئی ہے۔ یہ سڑک ۵۹ میل لمبی ہے۔ ...

حکومت یونان نے الیکشن کے لئے نئے قانون بنائے ہیں۔ ...

حکومت ہند نے بنکوں کی بابت ۱۹۳۳ء کی رپورٹ شائع کی ہے۔ ...

۲۷ دسمبر

۲۸ دسمبر

۲۹ دسمبر

۳۰ دسمبر

دہلی کی عدالتیں تیس ہزاری میدان میں
چیف جسٹس کا اظہار خیال

دہلی کی نمائش پانچ جنوری تک ہوگی

دہلی یکم جنوری۔ کانگریس سودیشی نمائش جو کانگریس گولڈن جوبلی کے سلسلہ میں ... پانچ جنوری تک رہے گی۔

پٹنہ میں بنگالی نوجوان کی گرفتاری

لدھیانہ میں کانگریس جوبلی
ہندو مسلم اتحاد کا روح پرور نظارہ

گرفتار شدہ سکھ جتھے کا مقدمہ
صرف عدالت برخاست ہونے تک کی سزا

دوسرا استعفا روانہ ہو گیا

لاہور میں سکھوں کے موتیہ آمیز جوش

ایسوسی ایٹڈ پریس کی اطلاع

کرپان پر پابندی کے متعلق ستیہ گرہ
سکھوں کا مورچہ قائم ہو گیا

گوردوارہ پربندھک کمیٹی کا اعلان
سکھ کرپانوں کی پابندی ہرگز قبول نہ کرینگے

اعلان
جامعہ اسلامیہ ڈابھیل کا داخلہ شروع ہو گیا

(احمد غفرلہ - مہتمم جامعہ اسلامیہ ڈابھیل)

برطانوی ہوائی جہاز سمندر میں غرق ہو گیا

لندن یکم جنوری۔ لندن میں امپیریل ایرویز کے "شی آف خرطوم" نامی ہوائی جہاز کے تمام عملہ کے غرق ہو جانے کی اطلاع موصول ہوئی ہے۔ ...

عراق اور شام کا الحاق

میکالے پر حبشی افواج کا حملہ
۲۳ اطالوی افسروں کی ہلاکت

نئے سال کے آغاز پر جشن
شہنشاہ حبش اور ان کی رعایا کا عہد

منگولیا میں جنگ کی زبردست تیاریاں
ایک شہزادے کا بیان

الجمعیۃ بک ڈپو کی دولت پیدا کرنیوالی کتابیں

صدائے صور ... اسکول ماسٹر ... آسان کاروبار ... اتالیق خطوط ... کون کپڑے نہیں پہنتا

ملنے کا پتہ: منیجر الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

"مجلس علمی" ڈابھیل کا گرانقدر علمی کارنامہ
حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی (قدس سرہ)
کی دوسری نادر تالیف طبع ہو گئی!

راس المحدثین حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ کے متوسلین اور ان کے علوم ربانی کی قدر کرنے والے حضرات کو مژدہ ہو کہ "خیر کثیر" کے بعد "بدور بازغہ" بھی طبع ہو گئی ہے۔ ...

سید احمد رضا ناظم مجلس علمی - قاضی محلہ بجنور

ایک تازہ رائے
اکسیر لکشمی ولاس رس

طلاع ... نوٹ

خط و کتابت و تار کے لئے پتہ: امرت دھارا ۱۲ لاہور

منیجر امرت دھارا شفا خانہ ... امرت دھارا روڈ - امرت دھارا ڈاک خانہ

ہمارے ایجنٹ: میسرز بہاری لال کھاسی رام کھاری باؤلی اسٹریٹ دہلی

دماغی کام کرنے والے "شمیم" استعمال کرتے ہیں

دی ینگ انڈیا فارمیسی دہلی

[illegible]

ڈاکٹر امبیدکر کی تلاش حق

حافظ انوار احسن فاضل دیوبند مبلغ انجمن اصلاح المسلمین تعلقہ بھونگیر حیدر آباد دکن نے حسب ذیل مکتوب مفتوح ڈاکٹر امبیدکر کو روانہ کیا ہے:-

ہم آپ کے اس حق سے بیحد خوش ہیں کہ آپنے تلاش حق میں قدم بڑھایا اور مساوات و یگانگت انس و محبت اور حسن اخلاق کو دینا وی اعتبار سے مذہب کا اصلی جوہر قرار دیا۔ لہٰذا آپ کسی قوت سے مجبور نہ ہوں بلکہ پوری طرح ہر مذہب کی تعلیم کو جانچیں اس وقت اجمالاً مختصراً مساوات اسلامی کا خاکہ پیش کیا جاتا ہے۔ تفصیلی طور پر انشاء اللہ کسی آئندہ اشاعت میں آپکے سامنے مساوات اسلامی کا ثبوت اپنی مذہبی کتب قرآن و حدیث وفقہ کے حوالے سے تاریخی نظائر کی روشنی میں پیش کیا جائے گا۔

دیکھیے شاگرد اور استاد چلا اور گرو ایک درجہ میں شمار نہیں کئے جا سکتے اسی طرح لے پڑھا اور تعلیم یافتہ دونوں برابر نہیں کئے جا سکتے اسی طرح فقیر اور امیر دونوں برابر نہیں ہو سکتے۔ خلاصہ یہ ہے کہ شاگرد استاد کی برابری کا دعویٰ نہیں کر سکتا اور درجہ میں دونوں برابر نہیں ہو سکتے۔ اس طرح غیر تعلیم یافتہ اور مثلاً تعلیم یافتہ کو ایک ہی کام سپرد نہیں کیا جا سکتا نا ممکن ہے کہ ایک ان پڑھ کو دی بیرسٹری کے فرائض انجام دے سکے بیرسٹر فاضل بی اے سے ہل چلانے کا کام لینا گویا اس کے تعلیمی جوہر کی بربادی ہے اسی طرح نہ تو فقیر کھانے بیٹھنے میں اپنی ناداری کی وجہ سے امیر کی برابری کر سکتا ہے اور نہ امیری ہر قسم کا سامان رکھتے ہوئے سردی کی تکلیف اور بھوک کی مصیبت اٹھا سکتا ہے ان امور ...

... مرتبہ ... ہماری خاص مصلحتیں ہیں ... خوب سمجھ لو ہرگز ... اور نہ ... ذلیل سمجھو بلکہ اپنے روپیہ سے، علم سے، عقل سے اپنے دوسرے بھائیوں کے کام آؤ اور ان کی مدد کرو۔ یہی ظاہری عزت ... غلط راستہ اختیار کیا تو بہت نقصان اٹھاؤ گے۔

ڈاکٹر صاحب! آپ نے ملاحظہ فرمایا کس قدر عجیب و غریب تعلیم ہے اور کتنا بہترین اصول ہے۔ اب آپ خود ہی کو دیکھیے کہ خدا نے آپ کو تعلیم یافتہ بنایا ہے اور اس درجہ پر پہونچا دیا کہ آج آپ اپنی پوری جماعت کے ذمہ دار سمجھے جاتے ہیں۔ کیا آپ کی جماعت کا ہر ہر فرد اپنے اندر یہ قابلیت اور یہ جوہر رکھتا ہے۔ آج آپ کی آواز پر کتنے بڑے بڑے لیڈر اور علماء آپکے پاس پہونچے ہیں ... باوجود اس قابلیت و جوہر کے آپ کے درجہ کو گھٹا کر دوسروں کے مساوی کیا جا سکتا ہے۔ یقیناً نہیں اور ہرگز نہیں اس کو نہ تو مذہب اسلام تسلیم کرتا ہے اور نہ عقل ہی مانتی ہے۔

ہم بہت خوش ہیں کہ آپ نے بالکل اسلامی اصول پر عمل ... ہوئے اپنی عقل اور علم اور خدا داد قابلیت سے اپنے دوسرے کمزور بھائیوں کی پوری ہمدردی کی ... دنیا میں پست اقوام سمجھے جاتے تھے ... ان کو اس ذلت سے نکال کر مذہبی طور پر کامل عزت دینے کا ارادہ کر لیا ہے۔ ہمیں امید ہے کہ آپ اسی طرح مذہب اسلام کے تمام اصولوں پر عمل پیرا ہو کر دنیا و آخرت میں خود بھی عزت حاصل کریں گے اور اپنے بھائیوں کی بھی سچی عزت کا باعث بنیں گے۔

قانونی مساوات

عبادات

فرق و امتیاز

تعلیم

شرکت طعام

انتقال پرملال

پانی پت۔ مولانا حافظ محمد رضوان الدین صاحب پانی پتی دشاگرد رشید رئیس الہند حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب (متعلم پنجاب یونیورسٹی) کی اہلیہ محترمہ کا دوائل اکتوبر میں ... وجہ سے عرصہ تک انتقال دہلی میں ... مختلف ڈاکٹروں اور اطباء کے زیر علاج رہیں مولوی صاحب موصوف کے برادر اکبر خواجہ حافظ فیاض احمد صاحب رجسٹرار جامعہ ملیہ دہلی نے بڑی سرگرمی اور دوڑ دھوپ سے ہر ممکن امداد ... اس مرض الموت سے جان برنہ ہو سکیں اور داعی اجل کو لبیک کہا ... انتقال سے چند لمحات پیشتر مرحومہ نے اپنے والد محترم جناب عبد النعیم صاحب عباسی ... پانی پت سے باصرار درخواست کر کے ... حسرت ان غنچوں پہ ہے جو بن کھلے مرجھا گئے مرحومہ نے اپنی یادگار ایک ... سالہ بچی چھوڑی ہے۔ خدا برتر اس محترمہ خلد آشیانی کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور اس کی نشانی کو پروان چڑھائے علم و عمل اور اخلاق حسنہ ... اور جو آجکل خود ایک عرصہ سے علیل ہیں ... صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین۔ (نامہ نگار)

ایک بے نقاب حقیقت

مدرسہ منبع العلوم قصبہ گلاوٹھی ضلع بلند شہر ایک عرصہ دراز ...

کتاب ... اس کے متعلق بھی کچھ ارشاد فرمایئے گا۔

(۳) وقف میں شرعاً براہ راست تصرف صرف متولی کا تسلیم کیا گیا ہے جو شخص متولی کے کام کا نگراں ہو نا ہے وہ باصطلاح شرع مشرف کے نام سے یاد کیا جاتا ہے ایک ہی شخص یا جماعت بیک وقت مشرف اور متولی نہیں ہو سکتی لیکن آپ حضرات کے دعاوی و نیز آپ کے مرتبہ بل سے کمیٹی کو کامل متصرف گردان کے متولی کے احتساب و نگرانی کی خدمت بھی اسی کمیٹی کو تفویض فرمائی ہے۔

ع خود کوزہ و خود کوزہ گر و خود گل کوزہ۔ کی بوالعجب مثال آپنے کہاں سے استنباط فرمائی ہے کمیٹی اگر نگراں ہے تو اس کے کنٹرول میں تمام وقف کیوں دیا جاتا ہے اور اگر متصرف ہے تو یہی کمیٹی متولی ہوئی پھر اس کے علاوہ متولی کی وہ کون ذات ہے جس کا یہ تقرر عمل میں لائے گی۔ براہ کرم شرع کے اصول پر اسکی توجیہہ و تشریح فرمایئے گا۔

(۴) ممبری کے لئے امیدوار ان یا اس کے انتخاب کنندگان کے لئے بل میں جو شرائط قائم کئے گئے ہیں یہ واقف کی کسی فرمان سے ثابت ہیں یا اس کی گنجائش اس کے فرمان سے نکلتی ہے اگر ثابت ہیں یا کم از کم اس کی گنجائش نکلتی ہے تو واقف کے فرمان سے یہ تمام امور ثابت کیجیے اور اگر ایسا نہیں ہے تو محض متولی کے باب میں واقف کا ذکر کر کے رعب قائم کرنا اور اپنی طبیعزاد لا یعنی امور کے لئے واضعان قانون تک کے لئے ہمیشہ کیلئے خود اختیارات کا دروازہ کھول دینا کس شرعی اصل یا فقہی فرع پر مبنی ہے۔

(۵) پیش کردہ بل کی رو سے تمام مشائخ بہ حیثیت مشائخ اور پیران طریقت ہونے کے رکنیت کمیٹی کے مستحق نہیں اور نہ علماء اسکے مستحق ہیں البتہ وہ علماء صرف دائرہ استحقاق میں آجاتے ہیں ...

معجون برہمی

درگاہ اجمیر شریف کے متعلق مسودہ قانون

چند ضروری سوالات

الجمعیۃ بکڈپو کی مذہبی کتابوں کا نایاب ذخیرہ

ترجمان القرآن

جنت کی کنجی

تفسیر بیان القرآن

دوزخ کا کھٹکا

تبیان فی علوم القرآن

پاک زندگی

معارف الاسلامی

تفسیر قادری

مجالس الابرار

الجمال و الکمال

صحیح بخاری

فتاویٰ اشرفیہ

فتاویٰ رشیدیہ

فلسفہ تعلیم اسلام

بہشتی زیور مکمل مجلد

تقریر سیرت

منیجر الجمعیۃ بکڈپو بلیماران دہلی

جذام و برص کا شرطیہ علاج

سفوف جذام

(مولانا) مولوی محمد ابراہیم صاحب ڈاک خانہ چتر اضلع ہزاری باغ

ایک تیر سے دو شکار

انٹرنیشنل ٹریڈنگ کمپنی پوسٹ بکس (ا ج) کلکتہ

روغن بے نظیر

قدیمی مشہور دکان

نمک جالینوس

برص اور سفید داغ کی نایاب ...

بے تصدیق بات رشک ...

خضاب سیوڑہ

الجمعیۃ بکڈپو کی بچوں کیلئے کتابیں

تعلیم الاسلام

بچوں کی مثنوی

بچوں کی گلستاں

اخلاقی سبق

بچوں کا تحفہ

الجمعیۃ بکڈپو بلیماران دہلی

الجمعیۃ بکڈپو کی عورتوں کیلئے کتابیں

خانہ داری

جمال ہمنشیں

خواتین اندلس

پیکر وفا

مراۃ العروس

عصمتی دستر خوان

ایامی

سیدہ کا لال

گرفتار قفس

آتالیق نسواں

الجمعیۃ بکڈپو بلیماران دہلی

مفت

سہ رنگا تصویر دیواری کیلنڈر اور شاہی جنتری ۱۹۳۶ء

امساک کی گولیاں

اپنے ایمان کو تازہ کرو

نقشہ ای سینیا

خالد کمپنی ۹۵ چھتہ لال میاں دہلی

SEMI-WEEKLY Aljamiat, DELHI.

الجمعیۃ دہلی

سہ روزہ

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تاریخ اشاعت اخبار الجمعیۃ ہر انگریزی ماہ کی

تاریخ کو شائع ہوتا ہے

چندہ اخبار الجمعیۃ سالانہ ششماہی سہ ماہی — ممالک غیر سے سالانہ ششماہی

فی پرچہ ایک آنہ

ایڈیٹر: ہلال احمد زبیری (ایم-اے)

جلد ۲۳ | دہلی - یوم پنجشنبہ ۱۳ شوال المکرم ۱۳۵۴ھ ہجری - مطابق ۹ جنوری ۱۹۳۶ء | نمبر ۲

جذبۂ بیخودی

سجدۂ شوق ہو مراں ان کی حریم ناز ہو
آتش شوق کی تپش اور نہ تیز ہو کہیں
اے دل مضطرب ٹھہر ضبط سے کام لے ذرا
داغ جگر کی روشنی کام دے شمع کا مجھے
برق نگاہ پھونک دے خرمن ہوش کو مرے
تھا جو زمانہ ساز ہے کوئی تھا ہمکنار
دیر میں بھی جلوہ گر اور حرم میں بھی وہی
ہوش و حواس کی حدیں ختم جہاں پہ ہو گئیں
آنکھیں شہید ناز کی بند نہیں ہیں بے سبب
فکر کے نیاز و عجز پھر خفتیں کیوں اٹھائیے
سارے جہاں کی کلفتیں دل میں سمٹ کے آ گئیں
شکوے ستم کے کیوں کروں کیوں جفا کا پھر گلہ
دیر سے ہیں کھڑے ہوئے تیرے کرم کے منتظر
فصل بہار آ گئی چھیڑ دے ساز بے خودی

میری یہی ہو بندگی میری یہی نماز ہو
دل کو کہاں قرار ہے لاکھ وہ دلنواز ہو
جذبۂ بیخودی میں بھی فاش نہ اسکا راز ہو
دل ہی مرا فقط اگر اس کی حریم ناز ہو
زلف سیہ کی برہمی اور جنوں نواز ہو
اے مہ چمن گئی بہار اب ہیں کس پہ ناز ہو
کس کو خدا کا گھر کہے جس کو نہ امتیاز ہو
کیا ہے عجب اسی جگہ اس کی حریم ناز ہو
دیکھ کہیں چھپا ہوا سینے میں کوئی راز ہو
سجدۂ شوق سے وہ جب اور بھی بے نیاز ہو
لطف کی اک نظر ادھر آ مرے کارساز ہو
پردے میں تیرے آفلک جب وہ ستم طراز ہو
ایک نظر ادھر بھی اے چشم گدا نواز ہو
مطرب دلنواز ہاں عمر تری دراز ہو

لطف اسی میں ہے قمر زندگی شباب کا
صحن چمن ہو ابر ہو نغمۂ دلنواز ہو

(قمر بھسرامی از دارالارتقاء الہ آباد)

حبش کی افواج پر تیرہ ہزار بم برسائے گئے
گیس کا استعمال بڑھ رہا ہے
مقابلہ کی زبردست تیاریاں

عدیس ابابا، ۷ جنوری

جب سے اٹلی کے نئے کمانڈر مارشل بڈاگ لیو نے فوج کی کمان اپنے ہاتھ میں لی ہے اٹلی کی فوج نے بمباری اور زیادہ زور سے شروع کر دی ہے اور گیس کا استعمال بہت زیادہ ہو گیا ہے۔

تازہ ترین اطلاع مظہر ہے کہ شہر میہالے کو فتح کرنے کے لئے اٹلی کے ہوائی جہازوں نے ۱۳ ہزار بم گرائے جن سے بہت سے افراد ہلاک اور مجروح ہو گئے۔ حبش کی فوج میں اس قدر زبردست بمباری سے گھبراہٹ پیدا ہو گئی ہے، اور مقابلہ کی تیاریاں زور سے شروع کر دی ہیں۔

ایک اشتہاری کمپنی کے ڈائریکٹر کی گرفتاری
دھوکہ دہی کا الزام

ضلع کانگریس کمیٹی کے آئندہ انتخابات

۱۵۰ حبشیوں کی ہلاکت
صلیب احمر کے ہسپتال کے مقتولین کی تعداد

صوبہ متوسط کا جدید قانون
بیڑی کے کارخانوں میں بچوں کو ملازم رکھا جائے

ناگپور، ۷ جنوری

اٹلی کے حملوں میں زہریلی گیس
ہوائی جہازوں کی بمباری

ریاست خیرپور کا آئندہ میر
ایک تین سالہ بچہ ہوگا

پنجاب یونیورسٹی کے وائس چانسلر کا انتقال

قماربازی کے الزام میں گرفتار شدگان کی رہائی
سیٹھ نواب، وکیل اور میونسپل کمشنر پر الزام

چمن میں پھر زلزلہ آگیا

دہلی میں پارچہ بافی کی نمائش

مسٹر ایلیسر کا تبادلہ

حکیم احسان الٰہی صاحب کی دستار بندی
معززین شہر کا اجتماع اور ٹی پارٹی

پیدائش و اموات کی ہفتہ واری رپورٹ

دہلی والوں کی تاریخی خدمات اور فرض شناسی

حاجیوں کا جہاز ایس ایس اسلامی

دہرہ دون میں عیدالفطر اور عیدین
آزادئ وطن کا بے نظیر منظر

مولانا سید سلیمان ندوی کی علالت

۱۴ دسمبر کو سید صاحب کی دوبارہ علالت کی اطلاع بھیجی جا چکی ہے۔ یہ بخار بہت تیز آیا، تین دن میں ٹمپریچر ۱۰۳ سے زائد تک پہونچ گیا جس سے سخت پریشانی ہوئی۔ اب کی حالت

درود شریف

اسکولوں میں مذہبی تعلیم [illegible]

گیست منتر
یک صد روپیہ انعام

SIDH MANTAR ASHRAM, No. 29/1 KATRISARAI, (GAYA)

دہلی کی کتابوں کا نایاب ذخیرہ

تاریخی کتابیں
ضیاء الدین برنی

اشاعت اسلام

بلاغ مبین

ساوتری

حالات انبیاء

تاریخ المشاہیر

اصحاب بدر

تذکرۃ المصلحین

خواتین اندلس

اسلامی عقائد و احکام

اور اسلامی تاریخ

حیات حافظ رحمت خان

تبلیغی افسانے
اربلا

خاموش تبلیغ

سیاسی و اقتصادی کتابیں

سیاسیات ہند

پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ

سکہ و شرح تبادلہ

اوراد و وظائف
طب روحانی

رسول کی دعائیں

دعائے متقول

احسن الوظائف

متفرق کتابیں

طوفان حوادث

بچوں کیلئے کتابیں
تعلیم الاسلام

بچوں کا تحفہ

طبی کتابیں

ضیاء الحکمت

دستور العمل اطبا

عورتوں کیلئے کتابیں

خانہ داری

ان تمام کتابوں کے ملنے کا پتہ حسب ذیل ہے
الجمعیۃ بکڈپو بلی ماران دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم پنجشنبہ ۱۳ شوال المکرم ۱۳۴۵ھ

صوبۂ دہلی میں حق رائے دہی کا معیار
رجعت پسندوں کی خطرناک ریشہ دوانیاں

۱۹۳۵ء کے منظور شدہ گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ (آئین حکومت ہند) نے جہاں دوسری باتوں کا قطعیت کے ساتھ فیصلہ کر دیا ہے اور مجالس قانون ساز کی رکنیت و اختیارات کے متعلق تمام تفصیلات متعین ہو گئی ہیں۔ وہاں انتخابات کے بارے میں بعض اہم ترین امور کا فیصلہ ابھی باقی چھوڑ دیا گیا ہے۔

جو تجاویز قرطاس ابیض (وائٹ پیپر) کی صورت میں شائع ہوئی تھیں ان میں فرنچائز کمیٹی کی سفارشات کے مطابق یہ اعلان کر دیا گیا کہ سائمن کمیشن کی ۱۰ فی صدی اور راؤنڈ ٹیبل کانفرنس کی ۲۵ فی صدی بلکہ ۱۴ فی صدی آبادی کو حق رائے دہی دے دیا جائے گا۔ یہ فیصلہ ایک طویل تحقیقات کے بعد خود حکومت ہی نے کیا تھا …

جاپان کے طریقۂ تعلیم سے ہندستانیوں کیلئے چند سبق
مادری زبان میں تعلیم ہونی چاہئے اور اعلیٰ تعلیم کو مخصوص کر دینا چاہیے
اخلاقی، دماغی اور جسمانی نشو و نما پر برابر زور دینے کی ضرورت

(از جناب خان بہادر شیخ محمد جان صاحب تاجر کلکتہ)

ہندوستان کے وہ تمام ماہرین تعلیم جنہوں نے اس ملک سے باہر نکل کر دوسرے ممالک کی سیاحت کی ہے اور وہاں کے طرز تعلیم کا معائنہ فرمایا ہے۔ اس امر میں متفق ہیں کہ ہندوستان کا موجودہ طریق تعلیم بہت زیادہ فرسودہ اور بعد از وقت ہو چکا ہے اور اس کا نتیجہ سوائے اضاعت وقت اور اضاعت قوت و مال کے اور کچھ نہیں ہے۔ کلکتہ کے مشہور و معروف تاجر جناب خان بہادر شیخ محمد جان صاحب نے بھی اپنے ایک مضمون میں جو ہمیں بغرض اشاعت موصول ہوا ہے اپنے ان …

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ایک نابالغ لڑکا حافظ ہو گیا ہے اور وہ ایک مسجد میں تراویح پڑھا رہا ہے۔ سوال یہ ہے کہ نابالغ کے پیچھے تراویح ہو سکتی ہیں یا نہیں۔ شرح وقایہ کے مؤلف نے لکھا ہے کہ نابالغ عورت اور یا مرد کے پیچھے نماز پڑھنا جائز نہیں۔ اور آگے جا کر یہ تشریح کی ہے کہ نابالغ کے پیچھے نماز اس وجہ سے نہیں ہوتی کہ نماز بھی …

الجواب

استفتاء

الجواب

استفتاء

الجواب

نماز عید الفطر کے موقع پر حضرت مولانا ابو الکلام آزاد کا معرکۃ الآرا خطبہ
مسلمانوں میں اسلام کی صحیح روح اور حقیقی تنظیم مفقود ہے

کلکتہ میں نماز عید الفطر کے موقع پر قلعہ کے میدان میں جس وقت تقریباً ڈیڑھ لاکھ پرستاران حق و فرزندان توحید خالق اکبر کے حضور میں اظہار عبودیت و ادائے شکر نعمت کے لئے جمع ہوئے تھے۔ سال بھی حسب معمول گزشتہ اسلامی شوکت و عظمت کا ایک دھندلا سا نقشہ دیکھنے والوں کو نظر آ گیا جس وقت ڈیڑھ سو صفیں …

رد گرداں کر رہے ہیں تو ہم کہتے ہیں کہ مسلمانوں نے شغف دینی … ہے۔ وہ روح عمل وہ اسپرٹ جو ان احکام و اسرار دینی کے پس پردہ کام کرتی ہے …

کاش تم دیکھو

چونکہ خطبہ طویل ہو جاتا ہے اور سنت یہ ہے کہ نماز طویل اور خطبہ قصیر ہو …

ایک زبردست نکتہ

مسلمانوں کی فرقہ بندیاں

مولانا کا خطبہ

ایک حقیقت ثابتہ

مسلمانوں کا مذہب سے تعلق

صوبہ بہار میں مسلم انڈیپنڈنٹ پارٹی کی شاخوں کا قیام
آرہ کی جامع مسجد میں دو ہزار مسلمانوں کا اجتماع
حضرت مولانا ابو المحاسن محمد سجاد صاحب کی بصیرت افروز تقریر

بہار مسلم انڈیپنڈنٹ پارٹی کا ایک وفد جو حضرت مولانا ابو المحاسن محمد سجاد صاحب نائب امیر شریعت صوبہ بہار، شاہ مسعود احمد صاحب سابق ممبر اسمبلی (سکریٹری انڈیپنڈنٹ پارٹی) الحاج مسٹر محمد یونس بیرسٹر … پر مشتمل تھا …

تشریحی نوٹ

مولانا سجاد صاحب کی تقریر

ہمالیہ پہاڑ جہاں سونا چاندی اور تانبے کی کانیں ہیں ان سے نکالا گیا … شلاجیت

طاقت و قوت بڑھانے اور قوم و ملک کی بے شمار اضافہ کرنے والی تمام اقسام کے جریان سیلان و بول کو دور کرنے والی شئی ومنی علما و حکما کا تعریف کردہ

اکسیر اعظم

اصلی شلاجیت اصلی

پانچ تولہ کی قیمت سوا دو روپے … دس تولہ کی قیمت سوا چار روپے … بیس تولہ کی آٹھ روپے … محصولڈاک … چالیس تولہ کی سیر ساڑھے پندرہ روپے … اسی تولہ یا ایک سیر تیس روپے … علاوہ محصولڈاک

پتہ مالک فرم ہمالیہ ڈپو ہردوار ضلع سہارن پور

HIMALYA DEPO HARDWAR (SAHARANPUR)

تصدیق

مدینہ پریس بجنور

سکھوں کے کرپان مورچہ کی تفصیلات

جتھوں کی روانگی اور گرفتاریاں

لاہور ۵ جنوری۔ سردار ستان سنگھ ایڈووکیٹ قصور کی زیر سرکردگی پانچ سکھوں کا تیسرا جتھا آج کرپان مورچہ کے سلسلہ میں گوردوارہ ڈیرہ صاحب سے کرپانیں سجا کر نکلا انہیں گوردوارہ سے قدم باہر نکالتے ہی گرفتار کر لیا گیا۔ گرفتار شدگان کو قیدیوں کی گاڑی میں سوار کر کے سنٹرل جیل میں بھیج دیا گیا کرپان مورچہ کے سلسلہ میں اس وقت تک ۱۹ گرفتاریاں ہو چکی ہیں چونکہ آج عام تعطیل کا روز تھا اس لئے بہت سے لوگ ڈیرہ صاحب گوردوارہ کے باہر مورچہ دیکھنے کے لئے جمع ہو گئے تھے اور جس وقت جتھا کرپانیں سجائے ہوئے گوردوارہ سے باہر نکلا تو پولیس نے ان سے کرپانیں اتارنے کو کہا لیکن ان کے انکار کرنے پر انہیں گرفتار کر لیا گیا۔

جتھے کی روانگی سے پیشتر گوردوارہ میں ایک دیوان ہوا جس میں کرپان کے متعلق تقریریں کی گئیں۔

ضمانت پر رہا ہونے سے انکار کر دیا

سردار ستان سنگھ اور چار دیگر سکھ جنہیں آج ضلع مجسٹریٹ کے حکم کی مبینہ خلاف ورزی کے الزام میں گرفتار کیا گیا تھا انہیں ضمانت پر رہا ہونے کے لئے کہا گیا لیکن انہوں نے ضمانت پر رہا ہونے سے انکار کر دیا۔ مقدمہ کی سماعت کل ... ہوگی۔

شرومنی گوردوارہ پربندھک کمیٹی نے اعلان کیا ہے کہ سردار اندار سنگھ بیرسٹر ایٹ لا صدر گوروسنگھ سبھا گوجرانوالہ اور ممبر شرومنی گوردوارہ پربندھک کمیٹی چوتھے کرپان مورچہ جتھا کی رہنمائی کریں گے جو جتھا ڈیرہ صاحب گوردوارہ سے کل صبح روانہ ہوگا۔

کی سرکردگی سکھ ایسوسی ایشنوں کے عہدیدار ہیں گوردوارہ ڈیرہ صاحب سے روانہ ہو کر جتھا مختلف گوردواروں کی یاترا کرنے کے لئے ... اس سلسلہ میں یہ امر قابل ذکر ہے کہ یہ جتھا اس راستہ سے نہیں گیا جس سے پہلے جتھے جاتے تھے لیکن جتھہ کے روانہ ہونے کے بعد پولیس ان کے پیچھے چل پڑی جتھہ ابھی بہت دور نہیں گیا تھا کہ پولیس نے انہیں روک لیا اور کرپانیں طلب کیں لیکن کرپان دینے سے انکار کرنے پر جتھہ گرفتار کر لیا گیا۔

جتھے کی روانگی سے پیشتر گوردوارہ ڈیرہ صاحب میں ایک دیوان ہوا جس میں کرپان کی مذہبی حیثیت کے موضوع پر تقریریں ہوئیں گرفتار شدگان کو سنٹرل جیل میں بھیجا گیا جہاں گزشتہ روز کے گرفتار شدگان کے ہمراہ ان کے خلاف مقدمہ کی سماعت ہوگی۔ کرپان مورچہ کے سلسلہ میں اب تک ... گرفتاریاں ہو چکی ہیں۔

سکھوں کی کرپان میں انتہائی گستاخی

ماسٹر تارا سنگھ کا جتھا

اطلاع موصول ہوئی ہے کہ ماسٹر تارا سنگھ کی زیر سرکردگی پچیس سکھوں پر مشتمل جو جتھا ۷ جنوری ... سے پیدل روانہ ہوا تھا وہ ... آج بعد دوپہر ضلع لاہور کی حدود میں داخل ہو جائے گا۔

مزید تیاریاں

اطلاع موصول ہوئی ہے کہ لاہور میں کرپان مورچہ کے سلسلہ میں تمام صوبہ میں تیاریاں ہو رہی ہیں ... اکالیوں نے اپنی خدمات شرومنی گوردوارہ پربندھک کمیٹی کے سپرد کر دی ہیں۔

اسی ضمن میں اطلاع ملی ہے کہ دو تین دنوں کے اندر اندر لائل پور سے پانچ صد اکالیوں، موگا سے یکصد سکھوں، لدھیانہ سے ایک سو تیس سکھوں، جالندھر سے دو یا تین صد سکھوں سیالکوٹ سے ۵۰ سکھوں اور شیخوپورہ سے ایک صد سکھوں کے جتھے چل پڑیں گے یہ جتھے پہلے امرتسر اکال تخت پر پہنچیں گے ... کمیٹی کا حکم ہے کہ لاہور گوردوارہ ... پہنچیں گے۔ اس کے علاوہ سنگھ شوں ... دیگر اکالیوں نے شرومنی گوردوارہ پربندھک کمیٹی کو اپنی خدمات سپرد کر دی ہیں۔

یہ بھی پتہ چلا ہے کہ گیانی شیر سنگھ ایک سو سکھوں کا جتھا لے کر دو تین دنوں تک لاہور روانہ ہو جائیں گے۔

چوتھے جتھے کی گرفتاری

لاہور ۸ جنوری۔ آج صبح گوجرانوالہ سنگھ سبھا کا جتھا کرپان پر عائد کی گئی پابندی کے خلاف ستیہ گرہ کرنے کے لئے میدان عمل میں آ گیا اس جتھے کی رہنمائی سردار تارا سنگھ بیرسٹر صدر سنگھ سبھا گوجرانوالہ نے کی جتھے کے ... افراد کو گرفتار کیا گیا۔

دہلی کے سکھ بھی لاہور جا کر مورچہ میں شریک ہوں گے

گوردوارہ سیس گنج میں قرار دادیں

دہلی ۷ جنوری۔ کل گوردوارہ سیس گنج میں سکھوں کا جو عظیم الشان دیوان منعقد ہوا اس میں غیر معمولی جوش و خروش تھا دیوان میں سکھوں کے جملہ طبقوں کے نمائندے شامل تھے ... گوردوارہ عورتوں سے کھچا کھچ بھرا ہوا تھا ...

ہندو دھرم ایک بیماری ہے

ڈاکٹر امبیدکر کا پیغام اچھوتوں کے نام

کوچین ۳ جنوری۔ یہاں تیہ جاتی (ایک اچھوت جاتی کا نام ہے) کے ایک ہزار اشخاص کا ایک جلسہ ... منعقد ہوا ... اس میں جی فیصلہ کیا گیا کہ ان کے لئے ہندو سوسائٹی میں رہنا فائدہ مند نہیں۔

ڈاکٹر امبیدکر نے کانفرنس کو ایک پیغام بھیجا جس میں انہوں نے لکھا کہ ہندو دھرم کوئی دھرم نہیں بلکہ ایک متعدی بیماری ہے۔ ہر شخص جو اس بیماری سے بچنا چاہتا ہے ... اس سے اپنا تعلق منقطع کرے ... یہ پیغام جلسہ میں پڑھ کر سنایا گیا۔

شہید گنج کانفرنس منعقد نہیں کی جا سکتی

ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کا حکم

لاہور ۳ جنوری۔ مسٹر ایس پرتاپ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ لاہور نے دفعہ ۱۴۴ ضابطہ فوجداری کے ماتحت مندرجہ ذیل حکم جاری کیا ہے:-

"ہرگاہ مجھے (ایس پرتاپ آئی سی ایس ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ ضلع لاہور) مطلع کیا گیا ہے کہ مجلس مرکزیہ اتحاد ملت کا ارادہ ہے کہ ۹ جنوری ۱۹۳۶ء اور اس کے مابعد کے ایام میں ضلع لاہور میں ایک کانفرنس منعقد کرے اور اس میں فرقہ وارانہ صورت حالات کے متعلق غور و خوض کرے جس کی پیدائش کی اصلی وجہ جولائی ۱۹۳۵ء میں اس عمارت کا انہدام ہے جو مسجد شہید گنج کے نام سے مشہور تھی۔

اور ہرگاہ مجھے مزید اس امر سے آگاہ کیا گیا ہے کہ ضلع لاہور کی فرقہ وارانہ کشیدگی کی موجودہ حالت میں ایسی کانفرنس کے انعقاد کی وجہ سے نقص امن، بلوہ کا شدید خطرہ متصور ہے، اور کانفرنس کے انعقاد کی مزاحمت نہایت ضروری ہے۔ لہذا میں (ایس پرتاپ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ لاہور) دفعہ ۱۴۴ ضابطہ فوجداری ۱۸۹۸ء کے عطا کردہ اختیارات کے مطابق مذکورہ صدر کانفرنس کے ضلع لاہور کی حدود میں انعقاد کو ممنوع قرار دیتا ہوں اور خاص و عام کو خواہ وہ مجلس مرکزیہ اتحاد ملت کا رکن ہو یا نہ ہو متنبہ کرتا ہوں کہ کانفرنس میں شامل نہ ہو۔

میرے دستخط اور مہر عدالت سے ۳ جنوری ۱۹۳۶ء کو جاری ہوا۔ (دستخط) ایس پرتاپ"

شہید گنج کانفرنس کا انتظام نہ کیا جائے

لاہور کے آٹھ مسلمانوں کے نام نوٹس

نئی دہلی ۴ جنوری۔ لاہور سے ٹیلیفون کے ذریعہ اطلاع ملی ہے کہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے دفعہ ۱۴۴ ضابطہ فوجداری کے ماتحت سید حبیب، نصیر محمد قصوری، عنایت اللہ، معراج الدین، غلام جان، آغا بیدار بخت، ابو الفضل چیمہ، اور عزیز الدین احمد کے نام نوٹس جاری کئے ہیں کہ لاہور میں ۹ جنوری کو شہید گنج کانفرنس کے انعقاد کا انتظام یا اہتمام نہ کریں۔ جس کانفرنس کا فیصلہ گزشتہ جلاس میں ہوا تھا ...

مزار کاکو شاہ کے انہدام کا مقدمہ

گواہان صفائی کے بیانات

لاہور ۴ جنوری۔ آج مسٹر ... مجسٹریٹ درجہ اول کی عدالت میں انہدام مزار کاکو شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے سلسلہ میں گوردوارہ شہید گنج پربندھک کمیٹی کے ارکان وغیرہ سو کے قریب سکھوں کے خلاف مقدمہ زیر دفعات ۲۹۵ و ۲۹۷ تعزیرات ہند کی سماعت ہوئی ...

مسجد شہید گنج کے انہدام کا مقدمہ

مولانا ظفر علی نواب کو عدالت کا مشورہ

لاہور ۴ جنوری۔ آج ... مجسٹریٹ کی عدالت میں مسجد شہید گنج کے مقدمہ کی سماعت ہوئی ...

قومی اتحاد اور عہد قبول کرنے کا مسئلہ

صدر کانگریس کے خیالات

مولانا شوکت علی نے فرقہ وارانہ اتحاد کے سلسلہ میں مختلف فرقوں کے لیڈروں کی کانفرنس کی جو تجویز پیش کی تھی اس کے سلسلہ میں احمد آباد کی ایک خبر مظہر ہے کہ یہاں صدر کانگریس بابو راجندر پرشاد سے اس کے متعلق دریافت حال کیا گیا تو انہوں نے فرمایا کہ اس قسم کی کانفرنس اس سے قبل ناکام ہو چکی ہے۔ اس وقت جس بات کی ضرورت ہے وہ دلوں کی صفائی کی ہے۔ لیکن جب تک فریقین باہم جنگ سے تنگ آ چکے ہیں اور اب صلح و آشتی کے آرزو مند ہوں اس لئے اس کا امکان ہے کہ اب پھر اتحاد کی کوشش کی جائے تو وہ ناکام نہ ہو اور کامیاب ہو جائے۔

موجودہ سیاسی حالات کے متعلق یونائیٹڈ پریس کے نمائندے نے جو آپ سے ملاقات کی اور تبادلہ خیال کیا تو انہوں نے لبرل اور دیگر پارٹیوں کے درمیان صلح کے امکانات کے متعلق اظہار رائے کیا اور کہا کہ وہ صلح کے حامی ضرور ہیں ... لیکن ابھی تک انہیں ... کا موقع نہیں ہوا ہے ...

گورنر یو۔ پی کی مصروفیتیں

محمود آباد ۵ جنوری۔ ...

کانگریس اور لبرلوں کا اتفاق

تعاون کی کھلی پیشکش

کانگریس ملک کی سب سے زیادہ طاقتور سب سے زیادہ منظم اور سب سے زیادہ بااثر جماعت ہے اور سب کا فرض ہے کہ ہم یہ دیکھیں کہ آئندہ انتخابات میں اسے کامیابی نصیب ہو۔ اگر کانگریس آئندہ انتخابات میں فتح یاب ہو گئی تو یہ ملک کی اور قوم کے لئے بڑے فخر کی بات ہوگی۔ ان الفاظ میں مشہور لبرل لیڈر مسٹر سری نواس شاستری نے کانگریس کی عظمت، فضیلت اور قوت کا اعتراف کیا ہے۔

مدراس میں ایک تقریر کے دوران میں مسٹر شاستری نے کانگریس سے تعاون کی کھلی پیش کش کی ہے۔ اور جملہ اہم امور میں اختلافات کے باوجود باقی تمام امور میں کانگریس کو لبرلوں کے تعاون کا یقین دلایا ہے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ یہ تقریر صدر کانگریس اور دیگر کانگریسی لیڈران کی متحدہ محاذ کے لئے اپیل کا ایک موزوں جواب ہے اور اگر اس کی بنا پر گفت و شنید شروع ہوئی تو عین اغلب ہے کہ ایک وسیع دائرہ عمل میں کانگریس لبرلوں کے ساتھ تعاون کر سکے گی۔

عنایت اللہ مشرقی کا صوبہ سرحد میں داخلہ ممنوع

دہلی ۵ جنوری۔ مسٹر عنایت اللہ ... ایم۔ اے (کینٹب) کو جن کو عام طور پر علامہ مشرقی کے لقب سے پکارا جاتا ہے اور جو "خاکسار" تحریک کے بانی ہیں مقامی حکومت کی طرف سے ایک نوٹس ملا ہے کہ وہ شمالی مغربی سرحدی صوبہ میں ان کا داخلہ ممنوع قرار دیا گیا ہے اور وہ وہاں نہ جائیں۔

مقدمہ مزار حضرت کاکو شاہ کا شاخسانہ

گواہوں کو قتل کی دھمکی کا مقدمہ

لاہور ۴ جنوری۔ آج شیخ عبدالعزیز مجسٹریٹ درجہ اول کے روبرو بھولا سنگھ سرتیھ اور کھڑک سنگھ کے خلاف مقدمہ زیر دفعہ ۵۰۶ و ۱۵۱ تعزیرات ہند کی مزید سماعت ہوئی اور دو گواہان استغاثہ کے بیانات قلمبند کئے گئے۔

ملزموں کے خلاف الزام یہ ہے کہ انہوں نے مزار کاکو شاہ کے گواہان استغاثہ حکیم نذیر محمد اور ہیرا سنگھ کو قتل کرنے کی دھمکی دی اور ساتھ ہی دوسرے گواہان استغاثہ کو نقصان پہنچانے کا منصوبہ کیا اور اس قسم کے الفاظ استعمال کئے جن سے نقص امن کا اندیشہ تھا۔

دوسرے مقدمہ کی سماعت

لاہور ۴ جنوری۔ آج ... مجسٹریٹ درجہ اول کی عدالت میں انہدام مسجد شہید گنج کے سلسلہ میں گوردوارہ پربندھک کمیٹی ... کے خلاف ... مقدمہ کی سماعت ہوئی ...

دہلی کیلئے ۲۵ ہزار کی منظوری

خیال کیا جاتا ہے کہ گورنمنٹ آف انڈیا نے دو سال کے لئے دہلی میونسپل کمیٹی کو ۲۵ ہزار روپیہ سالانہ کی مزید منظوری عطا فرمائی ہے جس پر سال رواں کے بجٹ کی منظوری کے وقت سے عمل ہوگا۔ مذکورہ بالا منظوری اس لئے ہے کہ میونسپل کمیٹی دریا گنج، بوبرٹسن روڈ، گارسٹن روڈ، پہاڑ گنج، قدم شریف اور مغربی حصہ کی توسیع میں مدد جاری رکھے۔

ایک لیبر لیڈر کو سزا

بمبئی ۴ جنوری۔ بمبئی کے لیبر لیڈر مسٹر یوسف کلکتہ والے کو حکومت کی اجازت کے بغیر بمبئی میں آنے کے الزام میں نو ماہ قید سخت کی سزا دی گئی۔

امرتسر میں پولیس کے چھاپے

ایک ضبط شدہ پوسٹر کی تلاش

امرتسر ۳ جنوری۔ مقامی سی۔ آئی۔ ڈی۔ اور پولیس نے آج چار مقامات کی تلاشی لی ... اندر سنگھ ... کی دکان پر بھی پولیس نے چھاپہ مارا ... سرخ پوشوں کا اعلان کے سلسلے میں ہوئی ... ضبط کر چکی ہے۔

تمام جگہوں سے کوئی پوسٹر نہ ملا البتہ پولیس اندر سنگھ کی دوکان سے کرتی پارٹی کا کچھ لٹریچر اٹھا لے گئی۔

ضروری اطلاع

اخبار الجمعیۃ کانگریس گولڈن جوبلی نمبر کے صفحہ ۸ و ۱۲ پر ایک اشتہار کتب منیجر کتب خانہ نامی خانیوال پنجاب کی طرف سے درج ہے بغور ملاحظہ فرماویں قابل ملاحظہ کتب وغیرہ درج ہیں ضرور منگاؤ۔

نیاز مند منیجر

حجاز میں حکومت سعودیہ کی برکات

کامل امن وامان اور مصارف حج میں تخفیف

(از مکہ مکرمہ)

یہ امر تو سب کو معلوم ہے کہ جو آسائش تمام بلاد مقدسہ حجازیہ کو ابتداء سے انتہا تک دوران حکومت حضرت صاحب الجلالہ ملک معظم جلالۃ عربیہ سعودیہ ادام اللہ اقبالہ و خلد اجلالہ میں میسر ہوتی ہے۔ ایسی آسائش ایک دن بھی کبھی اس ملک کو نصیب نہ ہوئی تھی۔ امن وامان دائمی۔ ارزانی اشیاء، عدل گستری وغیرہ وغیرہ۔ اور بالخصوص جو خاص اعتناء اور توجہ حجاج بیت اللہ الحرام و زائرین مسجد نبوی علی صاحبہا الصلوۃ والسلام کے ساتھ کی جاتی ہے وہ قابل تعریف ہے انہیں کی آسائش و آرام کے واسطے موٹر اور اونٹوں کے سفر کا خاص انتظام کیا ہے راستوں کی اصلاح کی ہے۔ شہروں میں اور منزلوں پر ہر جگہ اُن کی راحت مد نظر ہے۔ امور صحیہ و زراعت کے متعلق بہت ترقی ہوئی ہے جس کی وجہ سے ہر شخص کو علاوہ راحت و آرام کے اپنی جان و مال پر پورا اطمینان حاصل ہے۔ جہاں بھی ہو اور جہاں بھی جائے جس کی مثال سوائے حکومت جلالۃ الملک المعظم کے دنیا میں نہیں مل سکتی اور جو وسائل حجاج کی راحت کے لئے اختیار کئے گئے ہیں اور کئے جا رہے ہیں وہ مثل آفتاب تمام عالم پر روشن اور ظاہر ہیں۔

یہ بھی تمام مسلمانان عالم کو معلوم ہو گیا ہوگا کہ حکومت جلالۃ الملک المعظم نے عالمگیری مشکلات و احوال موجودہ پر نظر کرتے ہوئے تمام مدوں میں جو حاجیوں پر مقرر تھیں پچیس فی صدی کی تخفیف کر دی ہے تاکہ حج میں سہولت ہو اور حجاج کے مصارف میں کمی ہو۔

تمام عالم کو معلوم ہو کہ زیر سایہ جلالۃ الملک المعظم اس بلاد مقدسہ کو وہ تمام باتیں بفضل تعالی حاصل ہیں جو دوست اور مخلصین کے واسطے باعث مسرت و خوشنودی ہیں اور حاسدوں اور دشمنوں کے واسطے موجب رنج و الم۔

خداوند کریم کا شکر ہے کہ موجودہ جنگ جو حبش اور اٹلی میں ہو رہی ہے اس کا اس بلاد مقدسہ پر کوئی اثر نہیں ہوا اور نہ ہوگا کی وجہ حکومت عربیہ سعودیہ کی حکمت عملی اور غیر جانبدارانہ رویہ جو دونوں مخالفوں کے ساتھ رہا ہے اس کا نتیجہ یہ ہوا ہے کہ ہر طرف سے حجاج بیت اللہ الحرام فریضہ حج ادا کرنے اور زیارت اماکن مطہرہ سے مشرف ہونے واسطے آ رہے ہیں۔ آج کی تاریخ تک الحمد للہ کچھ ہزار سے زیادہ پہنچ چکے ہیں اور معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ اور بہت سے حاجیوں کا عزم بالجزم ہے کہ اس واجب دینی کو ادا کریں اور جو موقع کہ حکومت عربیہ سعودیہ کی خاص رعایتوں کا ہے اس کو ہاتھ سے نہ جانے دیں۔

دہلی میں حق رائے دہی کو وسیع کیا جائے

حلقہ بندی کمیٹی سے باشندگان شہر کا مطالبہ

نئی دہلی ۵ جنوری۔ فیڈرل اسمبلی میں صوبہ دہلی کے لئے جو تین نشستیں مخصوص کی گئی ہیں اس سلسلہ میں حلقہ بندی کمیٹی ان دنوں نئی دہلی میں اجلاس منعقد کر رہی ہے دہلی کے شہریوں کی طرف سے حلقہ بندی کمیٹی کے روبرو ایک میمورنڈم پیش کیا گیا ہے جس میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ ان ووٹروں کی رائے دہی کی شرائط کو کم کیا جائے۔

اس میمورنڈم پر دیگر اصحاب کے علاوہ مسٹر راج نرائن کھنہ، مسٹر ابراہیم واحدی، ڈاکٹر حسین بخش، مسٹر منیوہان پرشاد، لالہ بھگوان داس میونسپل کمشنروں کے دستخط ہیں میمورنڈم کے دستخط کنندگان نے کہا کہ سیاسی بیداری کے اس مرحلہ پر رائے دہی کی وسعت حلقہ کو کم کرنا چاہئے کہ وائٹ پیپر میں تجویز کیا گیا ہے۔ عوام میں بے اطمینانی پیدا کرنے کے مترادف ہے اس میمورنڈم میں پر زور مطالبہ کیا گیا ہے کہ ووٹروں کی اہلیت کی شرائط وائٹ پیپر کی تجویز کردہ شرائط سے زیادہ سخت اور کڑی نہیں ہونی چاہئیں بلکہ جہاں تک فیڈرل اسمبلی کا تعلق ہے یہ شرائط مزید نرم ہونی چاہئیں اور کونسل آف سٹیٹ کے ووٹروں کو رائے دہی کا دہی حق حاصل ہونا چاہئے جو پنجاب میں ہے میمورنڈم میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ ووٹروں کی تعداد یقینی ہی زیادہ ہونی چاہئے کیونکہ اس شہری علاقہ میں زیادہ تر آبادی تعلیم یافتہ اور قابل شہریوں کی ہے۔

ہندو مہا سبھا کی تعصب آمیز اور افتراق انگیز روش

ایک دوسری ہندو جماعت کا قیام

پونہ یکم جنوری۔ آل انڈیا ہندو مہا سبھا کے حلقوں میں افتراق پیدا ہو گیا ہے اور ایک نئی جماعت کی تشکیل کی گئی جس نے مندرجہ ذیل بیان شائع کیا ہے:-

"موجودہ ہندو مہا سبھا آہستہ آہستہ فرقہ وارانہ اور غیر قوم پرستانہ حکمت عملی پر کاربند ہوتی جا رہی ہے۔ اجلاس پونہ کے دوران میں کانگرس کی طلائی جوبلی پر کانگرس کو ہدیہ تبریک پیش کرنے سے انکار کر دیا گیا۔ "ہندوستان صرف ہندوؤں کے لئے ہے" کے نعرے بلند کئے گئے اور ہندو مسلم مسائل کے حل کو ... قرار دیا گیا ہے ... پنڈت کرشن کانت مالویہ کی تقریر کے دوران میں اُن پر آوازے کسے گئے۔ علاوہ ازیں متعدد دیگر مسائل ہندو مہا سبھا کے لئے وجہ تعصب بنے ہوئے ہیں۔ اندریں حالات قوم پرست لوگ ہندو مہا سبھا کے ساتھ مزید تعاون نہیں کر سکتے۔ ہندوؤں کے مفاد کا تحفظ ہمیں مجبور کرتا ہے کہ ہم ایک علیحدہ جماعت کی تشکیل کریں۔ اس لئے سر دارِ نیشنلسٹ ہندو مہا سبھا کا قیام عمل میں لایا گیا ہے اور اس کا لائحہ عمل قوم پرستی کی حکمت عملی پر مبنی ہوگا ہمارا مقصد ہندوستان اور بیرون ہند میں ہندوؤں کی تنظیم ہے اس مقصد کی تکمیل کے لئے ہم ہندوستان کی ہر سیاسی جماعت کے ساتھ تعاون کرنے کو تیار ہیں اس جماعت کے ارکان کو اجازت ہوگی کہ وہ اپنے ذاتی رجحانات کے مطابق کسی سیاسی جماعت میں شامل ہو جائیں دستور مرتب کرنے کے لئے ایک کمیٹی کی تشکیل کی گئی ہے۔"

مذکورہ بالا بیان پر گوری شنکر مصرا (یو۔ پی) کے۔ سی۔ چکرورتی (بنگال) رام کرشنا پانڈے (سی پی) جر نجیون لال (راجپوتانہ) ایس۔ ایس ... کاسہ گورودت ... (دہلی) وی ... (یو۔ پی) اور السیر نی کمار رگھوش کلکتہ کے دستخط ثبت ہیں۔

بھائی پرمانند کی تصریحات

لاہور ۴ جنوری۔ بھائی پرمانند آج ہی پونا سے لاہور پہنچے ہیں ... آپ نے پونا کی اطلاع کے متعلق جس میں ایک جدید ہندو پارٹی کی تشکیل کا ذکر تھا حسب ذیل بیان شائع کیا ہے۔ ...

کراچی میں محمد علی ڈے

ایک ناخوشگوار واقعہ

کراچی ۴ جنوری۔ آج محمد علی ڈے کے سلسلے میں یہاں ایک ناخوشگوار واقعہ پیش آیا ...

فسادات راولپنڈی کے بعد سکھوں کا وفد

ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس کا جواب

راولپنڈی ۳ جنوری۔ گزشتہ فرقہ وارانہ فساد کے سلسلہ میں آج شہر کی کوتوالی میں خان قربان علی خان سپرنٹنڈنٹ پولیس راولپنڈی کے روبرو شہر کے معتبر سکھوں اور گروہ سنگھ سبھا کے ارکان ... ایک وفد نے ... ملاقات کی ...

مصری طلباء کے مظاہرہ میں پولیس کی مداخلت

سنگباری اور گولیاں

قاہرہ ۳ جنوری۔ حکومت نے کل جو احکام نافذ کئے تھے ان کے باوجود طلباء نے بند ہو کر اپنے مظاہرے کئے۔ شاہ فواد کی نیشنل اور سکنڈری اسکولوں کے طلباء نے احکام کی کامل طور پر خلاف ورزی کرتے ہوئے ...

ریزے میکڈانلڈ کی بلیٹی کا نیا منصب

سرائے کی نیجری مل گئی

لندن ۵ جنوری۔ مس اسابیل میکڈانلڈ ...

شیخ عبد المجید سندھی کی کانگرس میں شرکت

کراچی کے جلسہ میں اعلان

کراچی یکم جنوری۔ عوام کی طرف سے اس مقصد کی بہت کم درخواستیں موصول ہونے کے باوجود کہ کانگرس نمائش ...

کلکتہ کارپوریشن میں ہندو مسلم اختلافات

مصالحت کی کوشش

کلکتہ ۳ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ کلکتہ کارپوریشن کے مسلم ممبران کی ... ایک مصالحتی کمیٹی ...

کشمیر میں برفباری

حکومت کشمیر کا اعلان

جموں کشمیر ۵ جنوری۔ حکومت کشمیر کا ایک اعلان مظہر ہے کہ شدید برفباری کی وجہ سے ... درہ بانہال ... تمام گاڑیوں کا ٹریفک تمام کشمیر میں ... بند ہے ...

سکھوں کے دو جتھوں کی سزایابی

لاہور ۸ جنوری۔ آج سٹی مجسٹریٹ کی عدالت میں سکھوں کے ان دونوں جتھوں کے خلاف مقدمہ کی سماعت شروع ہوئی جن میں سے ایک کی رہنمائی سردار ستان سنگھ ایڈووکیٹ قصوری نے کی تھی ...

قادیان میں دفعہ ۱۴۴

احکام واپس لیے گئے

لاہور ۸ جنوری۔ یہاں کے ایک روزنامہ اخبار کو معلوم ہوا ہے کہ قادیان میں دفعہ ۱۴۴ کے جو احکام نافذ ہیں ... واپس لے لئے گئے ہیں ...

وزیر تعلیم بنگال منٹگمری اور ملتان میں

ملتان ۷ جنوری۔ خان بہادر عزیز الحق وزیر تعلیم بنگال منٹگمری سے ... ملتان تشریف لے گئے ...

ایڈیٹر شوکت کے خلاف مقدمہ واپس لے لیا گیا

لاہور ۸ جنوری۔ مسٹر عبد الرحمن روزنامہ اخبار "شوکت" کے خلاف قانون ضابطہ فوجداری کی دفعہ ... کے ماتحت مقدمہ دائر کیا گیا تھا ... مقدمہ واپس لے لیا گیا۔

"مجلس علمی" ڈابھیل کا گرانقدر علمی کارنامہ

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی (قدس سرہ)

کی دوسری نادر تالیف طبع ہو گئی!

... یہ ضخیم کتاب بڑی تقطیع کے ... صفحات پر ... ایک روپیہ بارہ آنہ ...

فہرست مطبوعات "مجلس علمی" کی مفت طلب فرمائیے۔ ملنے کا پتہ

سید احمد رضا ناظم مجلس علمی، قاضی محلہ بجنور

دماغی کام کرنے والے "شمیم" استعمال کرتے ہیں

"شمیم" ہندوستان کے تازہ اور خوشبودار پھولوں، بوٹیوں اور معطرات سے بنایا ہوا تیل ہے جو بالوں کو بڑھاتا اور سیاہ کرتا ہے ... دماغی کام کرنے والوں، عورت، مرد، دونوں کے لئے اس کے فوائد بہت مفید ثابت ہوئے ہیں۔

ایک شیشی کی قیمت ایک روپیہ (عے) علاوہ محصولڈاک

دی ینگ انڈیا فارمیسی دہلی

عید مبارک کی خوشی میں
مونگھیر میں اسلامی اکھاڑہ

عیدالفطر اور عیدالضحیٰ کے موقع پر دس سال سے مسلمانان مونگھیر اسلامی اکھاڑے نکال کر عید کی خوشی مناتے ہیں

تاکہ اس مسرت کے ضمن میں لکڑی کا فن مسلمانوں میں باقی ہے چنانچہ اس سال بھی مسلمانان مونگھیر نے عید کے روز اور عید کے دوسرے روز جشن مسرت بڑی شان و شوکت سے منایا۔ ہر محلے کے اسلامی اکھاڑوں نے مجتمع ہو کر لاٹھی، بانا، بیٹا اور تلواروں کے ساتھ بڑے اس طریقے سے جلوس اور باجے کے اللہ اکبر کا نعرہ بلند کرتے ہوئے سارے شہر

کا حافظہ بحال ہونا نیوہ ٹیسٹ ہوا ہے کہ انجمن سخت مالی مشکلات میں مبتلا ہے۔ لہٰذا یہ جلسہ عام مدرسہ اسلامیہ کی امداد کی توسیع کی استدعا ہیش کرتا ہے تاکہ انجمن اور زیادہ خدمت کرسکے۔ علمائے صوبہ متحدہ و بہار کی ہم خوشی میں دونوں تجویزیں باتفاق آرا منظور ہوئیں۔
(شرافت حسین نادری)

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی
دوسری تقریر سیرت

قارئین الجمعیۃ کیلئے یہ خبر ضرور موجب مسرت ہوگی کہ حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی دوسری تقریر سیرت جو گزشتہ دس ماہ سے الجمعیۃ کے کالموں میں بالاقساط شائع ہو رہی تھی، اب کتابی شکل میں منتقل کی جا رہی ہے۔ یہ تقریر سیرت پہلی تقریر سیرت سے ضخامت میں بہت زیادہ ہے اس کا حجم پہلی تقریر سے ڈیوڑھا بلکہ اس سے بھی زائد ہوگا۔ تین سو صفحات سے زیادہ کی ضخامت پر پھیلے گی جو آخری حصہ الجمعیۃ میں شائع نہیں ہوا ہے وہ بھی اس کتاب میں شامل کیا جائے گا۔ کتابت شروع ہو چکی ہے اور اس کے بعد طباعت کا اہتمام شروع ہو جائے گا۔
جو حضرات پہلی تقریر سیرت کو ملاحظہ فرما چکے ہیں انھیں اس تقریر کی ہمہ گیری، جامعیت، اور سلاست و لطافت کا کچھ اندازہ ہو سکتا ہے اس کے تمام مضامین جدید ہیں، اور پیرایہ بیان حضرت مولانا کی تمام خصوصیات کا حامل ہے یہی وجہ ہے کہ پہلی تقریر سیرت کو جو مقبولیت عام حاصل ہوئی ہے اس کے پیش نظر یہ امید کی جاتی ہے کہ یہ دوسری تقریر سیرت اپنی مزید ضخامت اور بہتر کتابت و طباعت کے باعث اس سے بھی زیادہ مقبول ہوگی اور اس کا پہلا ایڈیشن جلد ہاتھوں ہاتھ فروخت ہو جائیگا۔ اس تقریر کے اہم مضامین و عنوانات حسب ذیل ہیں:-

دوسری تقریر سیرت کے مضامین

حضرت عبداللہ بن عمر و محمد رسول اللہ — حضرت مقداد کا واقعہ — محمد رسول اللہ — رسول کسے کہتے ہیں
عمار بن یاسر کی تقریر — عمار بن یاسر کی تعریف — اپنے کلچر کی حفاظت — مصطفیٰ کمال اور رضا شاہ پہلوی
اصحاب کہف کا واقعہ — پست اقوام کے لیڈر کا ایک قصہ — نو دس مسلمانوں کی تعریف — مہاتما گاندھی کا فلسفہ و حکمت — ابتلا کی مصلحت و حکمت
حضرت عثمان، حضرت علی اور حضرت عائشہ — مسجد نبوی کا ایک واقعہ — علی اور معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما
سیدنا ابراہیم اور یحییٰ کے متعلق — ایک نکتہ — عزیز اور حکیم کے معنی — خلف وعید کا مسئلہ
منافق صاحب القاء اللہ احب اللہ لقاءہ — ایک ارشاد کا جواب — حضرت موسیٰ علیہ السلام کا قصہ — حاکم اللہ خدا سے شکوہ

[illegible]

کفار کا مطالبہ — کفار کی دعا کا جواب — گمراہی کا خاصہ — حضرت معاویہ کی تقریر — ابن السکیت اور خلیفہ متوکل — حضرت عائشہ کا واقعہ
حضرت حق کی جانب سے تسلی — مختلف کا ایک واقعہ — حضرت فاطمہ زہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا ایک واقعہ — حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعا — ایک جاہل میلاد خواں کا واقعہ
انطاکیہ والوں کا قصہ — اسلام میں عورت کا درجہ — عورت کا مرتبہ اور اس کا اعزاز — نماز میں آنکھوں کی ٹھنڈک — اصحاب کرام کی محبوب ترین اشیاء — ایک شبہ کا جواب
جاہل صوفی اور جاہل پیر — حضرت ابو یزید بسطامی کا قول — لفظ یقین کی تشریح — ایک جاہل پیر کا واقعہ — عیدی اور واقعی کپڑے کی حالت — حضرت علی اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم
دلہن کا گھونگھٹ — جنازے کی نمازیں ودعا — حدیبیہ کے اونٹوں کا واقعہ — دو بھائی کے گھر کی پہلی رات — صورت کی بجائے دل کا سوال — حضرت حق کا تردد و تامل
نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم — نوجوانوں سے آخری خطاب — ہندوؤں سے خطاب — نمرودی طاقت کا مقابلہ

دوسری تقریر سیرت کی قیمت (عہ/) دو روپیہ مع محصولڈاک ہوگی جس میں آٹھ آنے محصولڈاک کے شامل ہوں گے۔ لیکن جو حضرات طباعت سے قبل **دوسری تقریر سیرت** کی قیمت پیشگی بھیج دیں گے ان سے قیمت مع محصولڈاک صرف (عہ/) ایک روپیہ آٹھ آنہ لی جائے گی ایسے خریداروں کا ایک رجسٹر علیحدہ کھول دیا گیا ہے اور ان کے نام درج رجسٹر کرنے کا مخصوص انتظام کیا گیا ہے تاکہ ہر خریدار کو جس کی پیشگی رقم عہ/ وصول ہو گئی ہو کتاب چھپتے ہی رجسٹرڈ پارسل کے ذریعہ ارسال کر دی جائے۔ جو حضرات پانچ کتابوں کی رقم پیشگی یکمشت ارسال کریں گے اور پارسل ایک ہی پتہ پر منگائیں گے، انہیں محصولڈاک میں مزید تخفیف ہو جائے گی اور پانچ کتابوں کیلئے ساڑھے سات روپیہ کے بجائے صرف چھ روپیہ مع محصولڈاک ارسال کرنے ہوں گے۔

منیجر الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

انجمن اسلامیہ گورکھپور کے عظیم الشان اجلاس میں راجہ غضنفر علی صاحب کے بل کی حمایت
اور شہنشاہ دکن کی خدمت میں مبارکباد

گورکھپور ۳۱ دسمبر تا یکم جنوری ۱۹۳۶ء کو انجمن اسلامیہ گورکھپور کے تبلیغی اجلاس بڑے پیمانے پر منعقد ہوئے جن میں ہزاروں مسلمان شریک ہوتے رہے صوبہ متحدہ و بہار کے مشاہیر حضرات علمائے زبردست تقاریر فرمائیں۔ یکم جنوری ۱۹۳۶ء کو جناب شیخ مرتضیٰ حسین صاحب میونسپل کمشنر کی صدارت میں آخری اجلاس منعقد ہوا۔ حضرت مولانا عبدالحامد صاحب قادری بدایونی نے اپنی فاضلانہ تقریر کے ساتھ ذیل کی تجویزیں پیش کیں۔
(۱) انجمن اسلامیہ گورکھپور کا یہ نیسواں عظیم الشان اجلاس جس میں صوبہ متحدہ اور بہار وغیرہ کے علماء اور اضلاع کے کافی مسلمان شریک ہیں اس حقیقت کا اعتراف کرتا ہے کہ مسلم اوقاف کی حالت قابل اصلاح ہے۔
اسلامی ہند کے سب سے بڑے مرکزی آستانہ غریب نواز اجمیر شریف کے وقف کی حالت عرصہ سے قابل درستی تھی اسی لئے راجہ غضنفر علی صاحب نے کونسل آف اسٹیٹ میں جو بل پیش کیا ہے یہ جلسہ اس بل کی پرزور تائید کرتا ہوتے ممبران کونسل آف اسٹیٹ سے اپیل کرتا ہے کہ وہ اس بل

صاحب صدر جمعیۃ الاطفال مرتب ہو جس نے ایک گھنٹہ تک تمام اطراف گشت کیا۔ بچے کانگریس زندہ باد، آزادی ہند پائندہ باد کے نعرے لگا رہے تھے۔
بچاس بچوں کا یہ منظم جلوس بالآخر مسجد کے پاس آکر منتشر ہو گیا۔
عبدالغفار خاں ہمو ضلع سملہ ڈاکخانہ قاسمہ ضلع گیا۔

سملہ ضلع گیا میں کانگریس گولڈن جوبلی

سملہ ضلع گیا کے مسلمانوں نے پورے جوش و خروش کے ساتھ ۲۸ دسمبر کو کانگریس کی گولڈن جوبلی منائی جس کی تفصیل درج ذیل ہے۔
۸ بجے صبح کو مولانا حکیم محمد صاحب نے سملہ میں کانگریس کا جھنڈا بلند کیا۔ بستی کے نوجوان جھنڈا اڑنے کی رسم میں شریک تھے۔ بعد نماز عید ۳ بجے خانقاہ کے میدان میں ایک جلسہ زیر صدارت خواجہ محمد خلیل صاحب ناظم رئیس سملہ و صدر جمعیۃ الاطفال منعقد ہوا۔ آپ کی صدارت کی تحریک مسٹر عبدالرحمن صاحب نے کی تھی۔ بلار، بسنت، انجولیا، اکوڑھوا، پیپلو وغیرہ بستیوں کے بکثرت مسلمان شریک تھے۔ تلاوت قرآن کے بعد اظہر صاحب نے جوش ملیح آبادی کی ایک نظم جو غلامی کی مذمت میں تھی پڑھکر سنائی۔ جناب صدر کے حکم سے شاہ محمد صاحب عثمانی کھڑے ہوئے آپ نے دیر تک حاضرین کو کانگریس کی تاریخ کا، کانگریس کی خدمات، کانگریس سے مسلمانوں کا تعلق، آزادی وطن کی راہ میں مسلمانوں کی قربانیاں بتاتے رہے جس کا جلسہ میں بہت اچھا اثر لیا گیا۔ بعد ازاں شاہ محمد عیسیٰ صاحب عثمانی نے ایشار، شیدا اور بہی خواہان آزادی کی تعریف کرتے ہوئے حسب ذیل تجویز پیش کی۔
اہلیان سملہ در جوار کا یہ جلسہ ان لوگوں کی خدمات میں مبارکباد پیش کرتا ہے جنہوں نے آزادی ہند اور دفاع ظلم کی خاطر ہر قسم کی آزمائشوں اور مصائب کا مردانہ وار مقابلہ کیا اور اپنوں اور غیروں کی پیدا کی ہوئی شدید مشکلات کے باوجود اپنے پائے ثبات میں لغزش نہ آنے دی۔
صدر کے استفسار پر حاضرین نے اس تجویز کو بالاتفاق منظور کیا اس کے بعد مولانا حکیم محمد صاحب نقیب امارت

کڑوال

قدیمی مشہور دوکان

ہندوستان کی مشہور واحد خوشبوئیں

جشن کا نقشہ

خالد کمپنی ۹ چھتہ لال میاں دہلی



معجون برہمی

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

کانگریس جوبلی میں حکومت کی مداخلت
تحریک التواء پیش کی جائے گی

کلکتہ ۳ جنوری۔ مسٹر اکھل چندر دت ڈپٹی پریزیڈنٹ اسمبلی نے آئندہ اجلاس اسمبلی میں تحریک التوائے اجلاس پیش کرنے کا نوٹس دیا ہے تاکہ حکومت ہند کی، لوگل گورنمنٹوں کا کانگریس گولڈن جوبلی کی تقریبات میں مخل ہونے سے منع نہ کرنے کے رویہ پر بحث کی جائے۔

اذان پر افسوسناک تنازعہ

لائلپور ۳ جنوری۔ راج اپڈ یشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کی عدالت میں الہ دتہ اور منیع محمد کا قتل کے الزام میں چالان ہوا۔ واقعہ اس طرح بیان کیا جاتا ہے کہ ماہ رمضان میں ۱۲ اکتوبر کو غلام رسول نے گاؤں کی ایک مسجد میں اذان کہی۔ مقتول خوشی محمد نے اس بات پر اعتراض کیا کہ اذان بہت دیر میں دی گئی۔ اس پر جھگڑا ہو گیا۔ اور مقتول ایک آلہ سے مجروح ہوا جو اگلے دن فوت ہو گیا۔

مسلمانان ڈیرہ دون کا عظیم الشان جلسہ
عیسائی ہیڈ معلم محمڈن گرلز اسکول ڈیرہ دون کے خلاف صدائے احتجاج

بتاریخ ۲۰ دسمبر ۱۹۳۵ء جامع مسجد دہامالہ ڈیرہ دون میں بعد نماز جمعہ مسلمانان ڈیرہ دون کا ایک عظیم الشان جلسہ زیر صدارت عالی جناب حاجی محمد اکرم الحق صاحب رئیس منعقد ہوا۔ چند مقررین کی دلولہ انگیز تقاریر کے بعد مندرجہ ذیل ریزولیوشن بالاتفاق منظور ہوئے۔
(۱) مسلمانان ڈیرہ دون کا یہ جلسہ عام محمڈن گرلز اسکول ...

انتقال پرملال

قانون انفساخ نکاح
مجوزہ مسودہ کی ایک دفعہ پر فوری توجہ کی ضرورت

(از جناب حاجی محمد نجیب صاحب لکھنؤ، راوبیہ مدرسہ قانون)

مسودہ انفساخ نکاح اس زمانہ کا ایسا اہم مسئلہ ہے جس پر آج کل قوم کے تمام اکابر دانشمند خاص طور پر غور و خوض فرما رہے ہیں اور جب سے ہندوستان کی مختلف ہائی کورٹوں نے یہ نظریہ قائم کیا ہے کہ محض ارتداد ہی سے مسلم عورت کا نکاح فسخ ہو جاتا ہے اور عدالتوں کو تنسیخ نکاح کی ڈگری دیتے ہوئے یہ دیکھنے کی ضرورت نہیں کہ آیا مرتد با مرتدہ واقعی طور پر نیک نیتی سے اسلام کو چھوڑ رہی ہے یا انہوں نے صرف تنسیخ نکاح کے لئے ارتداد کو ایک بہانہ بنایا ہے۔ اس وقت سے تنسیخ نکاح بذریعہ ارتداد کی ایک عام وبا اطراف ملک میں پھیل گئی ہے اور تمام وہ عورتیں جو اپنے شوہر کی تبدیلی کی شوقین ہیں یا خاوند کے ظلم و جور اور بے اعتنائی سے تنگ آکر نکاح منسوخ کرانا چاہتی ہیں تبدیلی مذہب کا پردانہ ہاتھ میں لئے ہوئے انگریزی عدالتوں کی طرف دوڑ رہی ہیں اور نہایت آسانی سے اور دھڑا دھڑ تنسیخ نکاح کی ڈگریاں حاصل کر رہی ہیں۔

اینگلو محمڈن لا اور مسئلہ خلع

جہاں تک دیکھا گیا ہے ... عیاشی یا کسی قسم کی کسی اور بنا پر بذریعہ ارتداد نکاح منسوخ کرانے والی عورتوں کی تعداد ان عورتوں سے بہت کم ہوتی ہے جو فی الحقیقت خاوند کے طرز عمل اور بدسلوکی کی وجہ سے طلاق حاصل کرنے کی شرعاً مستحق ہیں اور جن کے لئے قانون اسلام میں کافی امداد موجود ہے۔ مگر اینگلو محمڈن لا بصورت موجودہ ان کی کوئی امداد نہیں کرسکتا۔ اور

قرار پائی کہ عورت کو اس کا حق خلع اپنی مکمل صورت میں دیدیا جائے۔ اور وہ تمام راہیں جو اینگلو محمڈن لا نے اپنی مصلحت کے لئے مسدود کر دی گئی ہیں پوری طرح کھول دی جائیں۔ اس مقصد کی تکمیل کے لئے قانون بنانے کی ضرورت تسلیم کی گئی اور آخر کار مولانا نیرنگ اور مولانا کاظمی کا مسودہ انفساخ نکاح اسمبلی میں پیش کرنے کے لئے تیار کیا گیا جس کو پیش کرنے کی اجازت بھی حضور والا نے دیدی ہے اور جو عنقریب پیش بھی ہونے والا ہے۔
اس سے قبل ریاست ہائے بھوپال و حیدرآباد اپنی اپنی مملکت میں اس قسم کے قانون حقوق زوجین کے تحفظ کے لئے نافذ کر چکی ہیں اور ملک کے دکن میں آج کل دو مسودے زیر غور ہیں۔ ایک مسودہ تو خلیق الزماں صاحب کا اور دوسرا مجلس علماء کا ... ان قوانین اور مسودوں کو بھی ضرور ملاحظہ فرمایا ہوگا۔

ارتداد اور فسخ نکاح والی دفعہ

بہرحال موجودہ مسودہ میں برائے شرع اسلام عورت کے لئے جس قدر سہولتیں بہم پہنچائی گئی ہیں وہ اس کے لئے کافی ہیں یا نہیں اور ان میں اس کے تمام درد دل کا مداوا بہم کر دیا گیا ہے یا نہیں یا بالفاظ دیگر شریعت حقہ نے جس قدر حقوق ایک زوجہ کو معاملہ انفساخ نکاح میں عطا فرمائے ہیں اس مسودہ میں بطور حق قانوناً اسے بخشے گئے ہیں ...

مکہ معظمہ سے عازمین حج کا پیغام
راستے بالکل صاف اور فضا پرامن ہے

مولانا سید سلیمان ندوی کی صحت

الحمدللہ ہفتہ عشرہ سے جناب سید صاحب قبلہ کی صحت کی رفتار بہت بہتر ہے، حرارت صبح کو ۹۷ اور شام کو ۹۸ تک رہتی ہے، مرض تقریباً زائل ہو چکا ہے، لیکن ابھی ضعف باقی ہے، جس کی وجہ سے سردست لکھنؤ کا سفر ملتوی کر دیا گیا ہے، اگر صحت کی یہی رفتار قائم رہی تو انشاء اللہ آخر جنوری تک جب کہ سردی کی شدت بھی ختم ہو جائے گی، مزید اطمینان اور تبدیل آب و ہوا کے لئے لکھنؤ کا سفر ہوگا۔
(مسعود علی ندوی)

دارالعلوم ضیاء الاسلام کا افتتاح

مسلم انڈیپنڈنٹ پارٹی کی تشکیل کا قیام
(بسلسلہ صفحہ ۳)

... کو مجبور کیا اور اس سے بھی زیادہ کام پارٹی کو اپنے مخلص کارکنوں کے ذریعہ پارٹی کے باہر انجام دینا ہے۔ مسلمان اس وقت کئی قسم کی غلامی میں گرفتار ہیں لہٰذا اقوام اور وطن کو غلامی سے آزاد کرنا ہمارا سب سے پہلا نصب العین ہے۔ مسلمانوں میں بیکاری عام طور پر پھیلتی جا رہی ہے جس کا مسلمانوں کی اقتصادی حالت پر بہت بڑا اثر پڑ گیا ہے۔ لہٰذا مسلمانوں سے بیکاری کی لعنت کو دور کرنا بھی پارٹی کے مقاصد میں شامل ہے ہم اپنے مقاصد کے حصول کے لئے دوسری قوموں سے اشتراک عمل بھی کریں گے جیسا کہ ہوتی اور اشتراک عمل ہمیشہ مسلمانوں کا شیوہ رہا ہے۔ خود رسول اللہ صلعم نے مدینے کے یہودیوں اور دوسرے قبائل سے اشتراک عمل کیا ہے اور انہیں اپنا حلیف بنایا ہے۔
جدید انڈیا ایکٹ میں مسلمانوں کے ساتھ انصاف نہیں کیا گیا ہے اور ان کے مطالبات مسخ کر دیئے گئے ہیں لیکن جو کچھ حاصل ہو چکا ہے اسے بچانا بھی پارٹی کے فرائض میں داخل ہے مسلمانوں میں ایک مسئلہ تعلیم کی خرابی کا بھی ہے۔ لہٰذا مسلمانوں کو بہتر سے بہتر دینی و دنیاوی تعلیم سے بہرہ ور کرنا اس جماعت کے پروگرام کا ایک اہم جزو ہے۔
آپ کو معلوم ہے کہ مسلمانوں کا سارا علمی ذخیرہ زبان اردو میں ہے علاوہ ازیں کچہریوں میں اردو کے رواج نہ ہونے سے مسلمانوں کو بہتیرے نقصانات اٹھانے پڑے ہیں مسلمانوں کیلئے اردو رسم الخط کا تحفظ ضروری ہے ...

حکومت ہندوستانیوں کے گاڑھے پسینے کی کمائی اعلیٰ حکام اور عہدیداروں کو بڑی بڑی تنخواہیں دینے میں صرف کر دیتی ہے۔ ... جب قوم کا روپیہ اعلیٰ عہدیداروں کو بڑی بڑی تنخواہیں دینے میں صرف کر دیا جائے تو قومی ضروریات پر صرف کرنے کو کہاں سے آئے۔ ہندوستان جیسا غریب ملک اس بار گراں کو ہرگز برداشت نہیں کر سکتا۔ اس لئے ہم لوگوں نے اعلیٰ عہدیداروں کی تنخواہوں کی تخفیف اپنے مقصد کا ایک اہم جزو رکھا ہے۔
سلمانوں نے اسلام کی رسی پکڑ کر ترقی کی ہے۔ دینی و دنیاوی ہر قسم کی ترقی کا دارومدار مذہب پر ہے۔ مذہب سے بے نیازی ہمارے لئے سخت نقصان دہ ہے۔ ...

مولوی محمد عمر صاحب۔ حافظ علی حسن صاحب حکیم ... صاحب وغیرہ۔
جلسہ ختم ہونے کے بعد وفد دوسرے روز سہسرام روانہ ہو گیا ... عام اعلان کرکے ۷ بجے دن کو حسن سور کی مسجد میں مسلمانان سہسرام کا ایک عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا۔ جلسے میں ایک ہزار آدمی سے زیادہ موجود تھے جس میں مندرجہ ذیل مقامی حضرات خاص طور پر قابل ذکر ہیں:-
شاہ منیر الدین صاحب آنریری مجسٹریٹ، مولوی حکیم واحد علی صاحب، مولوی محمد صدیق صاحب مہتمم مدرسہ خیریہ سہسرام، ظہور احمد خاں صاحب ریٹائرڈ سب انسپکٹر، حکیم عبدالحمید خاں صاحب، ظہور احمد خاں صاحب، شیخ علی حسین صاحب، ... صاحب، مولوی قمر علی خاں ...
شیخ کرامت علی صاحب، مسٹر نظام الدین صاحب بیرسٹر۔
مسٹر نظام الدین صاحب کی تحریک اور شاہ منیر الدین صاحب کی تائید پر حضرت مولانا ابوالمحاسن محمد سجاد صاحب نے صدارت قبول فرمائی۔
خطاب صدر کی بصیرت افروز تقریر کے بعد شاہ مسعود احمد صاحب اور الحاج مسٹر محمد یونس نے تقریریں کیں۔
آخر میں مسٹر نظام الدین بیرسٹر اور ڈاکٹر زین العابدین ... کی تحریک پر یہ تجویز منظور ہوئی کہ ... مسلم انڈیپنڈنٹ پارٹی کی ایک شاخ سہسرام میں قائم کی جائے۔
اس کے بعد مسٹر محمد یونس نے مندرجہ ذیل عہدیداران ... کے انتخاب کی تجویز پیش کی جو بالاتفاق منظور ہوئی۔
مسٹر نظام الدین خاں بیرسٹر (صدر) مولانا حکیم واحد علی ...
شیخ کرم علی صاحب، حکیم عبدالحامد صاحب، مولوی محی الدین صاحب، مولانا محمد صدیق صاحب (مہتمم مدرسہ خیریہ) سید شبیر الدین احمد صاحب، مسٹر فرید خاں صاحب وغیرہ۔

SEMI-WEEKLY
Aljamiat, DELHI.
الجمعیۃ دہلی
رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳
ایڈیٹر۔ ہلال احمد زبیری (ایم۔اے)
فی پرچہ ایک آنہ
جلد ۲۳ | دہلی۔ یوم دوشنبہ ۱۷ر شوال المکرم ۱۳۵۴ھ ہجری۔ مطابق ۱۳ر جنوری ۱۹۳۶ء | نمبر ۳

جبشیوں نے اٹلی کی مشین گنوں ٹینکوں اور سامان جنگ پر قبضہ کرلیا

اطالوی فوجیں شکست کھا کر بھاگ گئیں

اٹلی سے مزید کمک طلب کی جا رہی ہے

ریاست دھار کی جامع مسجد میں رات کے وقت تاریکی

قندیلیں اکھاڑ لی گئیں روشنی ضبط کر لی گئی

مسلمانان دھار کی مظلومی اور ریاست کی مذہبی مداخلت

کانگریس کے سابق صدر اور موجودہ نائب صدر جسمانی منتقلات کے متعلق جدید تصریح

وائسرائے کے دفاتر میں حادثہ

ہوا کو گرم اور ٹھنڈا کرنے کی چمنی پھٹ گئی

اطالوی سپاہیوں نے میسولینی کی تصویر پھاڑ کر پھینک دی

اٹلی کی فوج میں بغاوت پھیل گئی

دہلی میں شدید سردی کی لہر

دہلی ۱۲ر جنوری

کل صبح سے نہایت شدید سردی پڑ رہی ہے بادل گھرا ہوا ہے اور کچھ ترشح بھی ہو رہا ہے۔ لیکن اچھی طرح کھل کر بارش نہیں ہوئی۔ آسمان ابر آلود ہے۔

جبش میں موسم برسات شروع ہوگیا

اٹلی کی فوجی مہم پر پانی پڑ گیا

سکھوں کے نویں جتھے کی گرفتاری

وہی ایک دن کی سزا

الجمعیۃ بک ڈپو کی طبی کتابیں!

ضیاء الحکمت

پانچسو صدری مجرب نسخے

دستور العلاج

ملنے کا پتہ: الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

SEMI-WEEKLY
Aljamiat, DELHI.
VOL. 23 | DELHI THURSDAY The 9th JANUARY 1935. | No. 2

الجمعیۃ کا ماہوار اڈیشن
اگر آپ مہینے بھر کے بہترین سیاسی و مذہبی مضامین پڑھنا چاہتے ہیں تو الجمعیۃ کا ماہوار اڈیشن خریدئے جو ہر مہینہ کی ۱۰ر تاریخ کو شائع ہوتا ہے

ہر قسم کی کتابیں
الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران۔ دہلی سے ہر قسم کی کتابیں اور قرآن مجید و حمائلیں معریٰ و مترجم ارزاں اور رعایتی قیمتوں پر خریدی جا سکتی ہیں

مجلس احرار دہلی کا جلسہ عام

معاہدۂ حجاز اور فتنۂ مشرقی کے خلاف تقریریں

آل انڈیا مومن کانفرنس

تلاش گمشدہ

مظلومین کوئٹہ کیلئے

مدرسہ حیات الاسلام جوہانسبرگ کی امداد

پولیس نے قاہرہ میں گولیاں چلا دیں

انجمن مدرسہ الہیات جالندھر کا جلسہ

جمعیۃ علماء تحصیل چارسدہ کا جلسہ

بے تصدیق بات پر شک ممکن ہے

آتشک ٹکہ فارسی جام نگر کاٹھیاواڑ

خضاب چھوڑ دو

ہال کالا اسٹورس کنسی سری در بھنگہ

الجمعیۃ بک ڈپو کی سیاسی و اقتصادی کتابیں

سیاسیات ہند

نہرو رپورٹ

پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ

مالیات عامہ

سکہ و شرح تبادلہ

مبادی معاشیات

آزادی

ملنے کا پتہ: الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

مفت

سہ رنگا باتصویر دیواری کیلنڈر اور شاہی جنتری ۱۹۳۶ء

درود شریف

الجمعیۃ بک ڈپو کے ادبی اصلاحی افسانے

اختر و ضیعہ

نقش آخر

نیم شب

نسیمہ نول

آفتاب دمشق

طوفان حوادث

ملنے کا پتہ: الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم دوشنبہ ۱۷ شوال المکرم ۱۳۵۴ھ

مسودۂ قانون انفساخ نکاح
مکمل غور و خوض کی ضرورت

ہندوستان میں اسلامی نظام شیرازہ منتشر ہونے کے بعد ظالم و جابر شوہروں نے مسلمان عورتوں کی زندگی جس طرح تلخ کر رکھی ہے اس کا سد باب کرنے کے لئے موجودہ مجالس مقننہ کے ذریعہ اسلام کے قانون انفساخ نکاح کا نفاذ اب نہایت ضروری بلکہ لازمی ہو گیا ہے ...

اس پر پوری پوری طرح بحث ہونے کی ضرورت ہے تاکہ کسی قسم کی خامی یا کوتاہی باقی نہ رہے اور جو مسودہ مسلمانوں کی عام حمایت اور پوری تائید کے ساتھ پیش ہو وہ ہر حیثیت سے صحیح اور شرعی اصولوں کے مطابق ہو ...

یورپ پر جنگ کی گھنگور گھٹائیں
مصر کے لئے اٹلی کے حملہ کا خطرہ
روزنامہ البلاغ کی اہم تصریحات

قاہرہ کے مشہور قومی اخبار البلاغ نے "مصر جنگ کے دروازہ پر" کے عنوان سے ایک زبردست مقالہ تحریر کیا ہے جس کا ترجمہ درج ذیل ہے۔

اٹلی کا پہلا حملہ

مجلس اقوام عنقریب یہ فیصلہ کرنے والی ہے کہ اٹلی کے خلاف تعزیری تدابیر کو سخت کر دیا جائے، اور آخری حد تک اطالیہ کی سیاست کا مقابلہ کیا جائے ...

مصر کی باری

ہندوستان صرف ہندوؤں کیلئے ہے

ہندو مہاسبھا کے گزشتہ اجلاس منعقدہ پونا میں جس کی کارروائی پنڈت مالویہ کے زیر صدارت انجام پذیر ہوئی تھی یہ اعلان یہ نعرے لگائے گئے کہ "ہندوستان صرف ہندوؤں کے لئے ہے" ...

فریضۂ حج اور مسلمانان ہند

حوادث و احکام

استفتاء

الجواب

ہندوستان کا طرز تعلیم

ممالک اسلامیہ کی خبریں

ترکی کی جدید مردم شماری

انجمن ہلال احمر پر بمباری کے خلاف احتجاج

قاہرہ - ڈاگا بور میں مصر کی انجمن ہلال احمر پر بمباری کی خبر سے قاہرہ میں ہیجان و اضطراب کی لہر دوڑ گئی ہے اور جمعیۃ اقوام کے نام شاہزادہ عمر و دیگر عمائد کی طرف سے ایک احتجاجی مکتوب بھیجا گیا ہے ...

ترکی میں فوجی افسروں کی عزت افزائی

قدیم نقرئی سکوں کا استعمال بند

انقرہ - وزارت مالیہ سے ایک حکم نافذ ہوا ہے کہ چاندی کے پرانے سکے جو اب تک معاہدہ ترکیہ میں رائج تھے ان کا استعمال یکم فروری ۱۹۳۶ء سے بند کیا جا رہا ہے ...

مصطفیٰ کمال پاشا پر حملے

بندرگاہ استنبول کی تعمیر

عراق اور روس میں تجارتی معاہدہ

یمن کو اٹلی کی طرف سے حملہ کا اندیشہ

عراق میں کھجور کی تجارت

شریعت حقہ کی روشنی میں مسلم قانون انفساخ نکاح پر ایک مفصل و مدلل بحث

حضرت مولانا ابوالمحاسن محمد سجاد صاحب نائب امیر شریعت کا مکتوب

مولوی محمد احمد کاظمی اور سید غلام بھیک نیرنگ کے نام

ارتکاب معصیت اور ارتداد حقیقی

ارتداد اور انفساخ نکاح

تعلقات زن و شوہر

دوسرا خطرناک پہلو

ارتداد کی دو صورتیں

مندرجہ ذیل آپ مفت حاصل کر سکتے ہیں

لیکچر ہندوستانیوں کی جسمانی کمزوری

رسالہ ملیریا بخار

فہرست ادویات

سو سالہ عجیب کیلنڈر مفت!

امرت دھارا لاہور

مزار کاکو شاہ کے انہدام کا مقدمہ

پولیس انسپکٹر کا بیان

تعزیرات ہند کی مزید سماعت ہوئی اور ایک درجن کے قریب گواہان صفائی کے بیانات قلمبند کئے گئے۔

۲۶ جنوری کو تمام ہندوستان میں یوم آزادی منایا جائے

صوبجاتی کمیٹیوں کو صدر کانگریس کی ہدایات

احمد آباد ۸ جنوری۔ بابو راجندر پرشاد صدر کانگریس نے ایسوسی ایٹڈ پریس کے ذریعہ قوم سے مندرجہ ذیل اپیل کی ہے۔ ہم نے حال ہی میں کانگریس جوبلی کا جشن منایا ہے لیکن یہ نہ بھولنا چاہیے کہ لاہور کانگریس کے وقت سے ہم ۲۶ جنوری کو یوم آزادی مناتے ہیں اور اس روز کانگریس کے منزل مقصود یعنی مکمل آزادی حاصل کرنے کے لئے اپنے عہد کو تازہ کرتے ہیں۔ مجھے امید ہے کہ قوم اس سال بھی اس یوم کو اسی دھوم دھام سے منائے گی جس طرح کہ گذشتہ سالوں میں مناتی رہی ہے۔ کانگریس ورکنگ کمیٹی پراونشل کانگریس کمیٹیوں کو یوم منانے کے متعلق ہدایات جاری کرے گی مجھے امید ہے کہ قوم جوش...

شاہجہان کی معمارفن تعمیر کا اعتراف

ایک انگریز سیاح کے خیالات

دہلی ۸ جنوری۔ شاہ جہان نئی دہلی کے نقشہ بنانے والے سے زیادہ دانشمند اور ہوشیار ماہر فن تعمیر تھا۔ یہ رائے ہے جو مشہور انگریز نارسٹ میجر الف اٹیز براؤن نے دوران ملاقات میں ظاہر کی۔

کانگریس جوبلی منانے کا جرم

شیخوپورہ میونسپلٹی کے ممبران کو نوٹس

قصبہ کوہلا میں خوفناک آتشزدگی

ایک لاکھ روپیہ کا نقصان

فوجی گوروں کی اپیل خارج کردی گئی

نفرت انگیز سلوک قابل مذمت ہے

کوئٹہ کے مظلومین

دہلی میں کمبلوں کی تقسیم

ڈبے میں تین بم

ملزم مفرور

ابھی زلزلے آرہے ہیں

نئی دہلی میں مکمل تاریکی

جب چاند گرہن ہو رہا تھا تو نئی دہلی میں ایک عجیب نظارہ دیکھنے میں آیا۔ نئی دہلی میں بجلی ... پانچ منٹ تک ...

صوبہ سرحد کے احتجاج کا حکومت پر اثر

شراب سازی کا کارخانہ نہیں کھل سکے گا

پشاور ۹ جنوری۔ سرحد کے اخبارات میں خبر شائع ہوئی تھی کہ صوبہ سرحد کی اقتصادی بدحالی کو دور کرنے کے لئے حکومت ایک کمیٹی بنانے کی اسکیم پر غور کر رہی ہے۔ اس اسکیم پر غور کر رہی ہے اس اسکیم میں شراب سازی کا کارخانہ جاری کرنے کی تجویز بھی بیان کی گئی تھی۔ یہ خبر شائع ہوتے ہی سارے صوبہ سرحد میں احتجاج کی لہر دوڑ گئی۔ اور عوام کی طرف سے گورنمنٹ سے مطالبہ کیا جا رہا ہے کہ شراب کا کارخانہ جاری کرنے کے لئے لائسنس نہ دیا جائے۔

نہایت معتبر ذریعہ سے معلوم ہوا ہے کہ حکومت اعلیٰ پر احتجاج کا بے حد اثر ہوا ہے اور خیال کیا جاتا ہے کہ لائسنس نہیں دیا جائے گا۔

غیر ملکی ہوائی ڈاک کی روانگی

کراچی ۹ جنوری۔ غیر ملکی ہوائی ڈاک آج صبح کراچی سے روانہ ہوگئی۔

بلدیہ پشاور کے انتخاب

پیر بخش ایم۔ ایل۔ سی کی کامیابی کا امکان

پشاور ۹ جنوری۔ آج بلدیہ پشاور کے انتخابات شروع ہوگئے پہلے دن کے پولنگ میں خاص دلچسپی اور ہنگامہ کا اظہار کیا گیا۔ اگرچہ مخالف جماعتوں نے کشمکش کا سلسلہ جاری رہا۔ لیکن پولیس کے انتظامات کے پیش نظر تمام امور خاطر خواہ طریقہ پر سرانجام پائے۔

آج پولنگ کے سات سٹیشن تھے۔ کل چار ہوں گے۔ چونکہ مسلم امیدواروں میں سے چھ بلا مقابلہ منتخب ہوگئے ہیں۔ چھ ہندو اور دو سکھ تین اور ایک نشست کا مقابلہ رہے ہیں۔

پیر بخش ایم۔ ایل۔ سی اور ڈاکٹر فضل حسین کا مقابلہ سخت تھا۔ لیکن عین وقت پر پیر بخش صاحب کے حق میں سمجھوتہ ہوگیا۔ اگرچہ برائے نام پولنگ کل ہوگا۔

دوسرا سخت مقابلہ مظفر شاہ اور سیر داود شاہ صاحب کے درمیان ہے۔ یہ حلقہ گذشتہ موسم گرما میں مذہ آتش ہوگیا تھا۔

ہندوؤں میں امرناتھ مہرہ اور ... داس کے درمیان زبردست مقابلہ ہے۔

لدھیانہ کی مسجدوں میں چوریاں

لدھیانہ ۹ جنوری۔ شہر کے مختلف حصوں سے معمولی اعمال چوریوں کی وارداتوں کی اطلاعات ہو رہی ہیں۔ نقصانات کوئی غیر معمولی نہیں بلکہ مسجدوں کی صفیں چٹائیاں اور لیمپ ہی چرائے گئے ہیں۔ پولیس مصروف تفتیش ہے۔

الجمعیۃ بک ڈپو کے ادبی اصلاحی افسانے

اختر اور رضیہ ... **نقش احساس** ... **نیم شب** ... **صید زبوں** ... **آفتاب دمشق** ... **طوفان حوادث** ...

ملنے کا پتہ: الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

"مجلس علمی" ڈابھیل کا گرانقدر علمی کارنامہ

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی (قدس سرہٗ)

کی دوسری نادر تالیف طبع ہوگئی!

قیمت ایک روپیہ بارہ آنہ ... تاجروں کو معقول کمیشن دیا جائے گا۔

فہرست مطبوعات "مجلس علمی" کی مفت طلب فرمائیے۔ ملنے کا پتہ

سید احمد رضا ناظم "مجلس علمی" قاضی محلہ بجنور

اٹلی کے مقابلہ میں حبشیوں کی فتوحات

ڈاک کے ذریعہ سے صحیح خبریں

بذریعہ ڈاک (ہوائی ڈاک) اس امر کی تصدیق ہوگئی ہے کہ ... کے مقابلے میں راس آئیلو اور راس عمرو کی عظیم الشان ... اطالویوں کے بے شمار سپاہی ہلاک ہوئے اور بے شمار اسلحہ اور ذخیرہ چھوڑ کر بھاگ گئے۔

دونوں جانب سے حملہ جاری کرنے کو ہیں۔ گمان غالب ہے کہ یہ قلعہ بھی عنقریب سر ہو جائے گا۔

معلوم ہوا ہے کہ حبشی فوج میں بے شمار لوگ ... اور سپاہی جہازوں کو ...

جنوب میں اٹلی کی شکست

حبشیوں کی تیمنا

بحر روم میں فرانس کے جنگی جہازوں کا گشت

اٹلی پر ستارہ مریخ کی کارفرمائیاں

پیرس ۸ جنوری۔ جیسا کہ ۸ جنوری کو جنیوا میں بین الاقوامی لیگ کی سب کمیٹی کا اجلاس اٹلی کے خلاف پابندیاں لگانے پر غور کرنے کے لئے منعقد ہوگا فرانس کے بحری بیڑہ کے بہترین جہاز بحرہ روم اور ساحل مراکش سے کچھ فاصلہ پر لنگر انداز ہوں گے۔ فرانسیسی جہازوں کی نقل و حرکت اور اجتماع کی وجہ یہ ہے کہ فرانس نے برطانیہ کی امداد کرنے کا وعدہ کرلیا ہے اور برطانیہ کو اٹلی کے حملہ کا سخت خطرہ ہے۔ اس لئے مقابلہ کی تیاریاں شروع کردی گئی ہیں۔ ...

ہندوستان صرف ہندوؤں کیلئے

بھائی پرمانند کا ہذیان

کرپان کی پابندی پر سکھوں کا ...

حکومت ہند غور کررہی ہے

سکھوں کے پانچویں جتھے کی گرفتاری

دو مسلمانوں کو مزید نوٹس

شہید گنج کانفرنس میں حصہ نہ لو

اٹلی میں ایک زبردست انقلاب کے آثار

تعزیرات کی وجہ سے نازک صورت حالات

اعلیٰ حضرت حضور نظام کی سلور جوبلی

۲۴ فروری سے ۲ مارچ تک منائی جائیگی

حیدرآباد دکن ۱۰ جنوری۔ مندرجہ ذیل سرکاری کمیونیک شائع کیا گیا ہے:-

کچھ عرصہ سے اس قسم کی افواہیں پھیل رہی ہیں کہ حضور نظام کی سلور جوبلی پھر ملتوی ہو جائے گی۔ عوام کی اطلاع کے لئے یہ اعلان کیا جاتا ہے کہ اس افواہ میں کوئی صداقت نہیں ہے کہ جوبلی کے لئے پیشتر جو تاریخیں مقرر کی گئی تھیں ...

حضور نظام کی جوبلی

حیدر آباد کے سکھوں کا فیصلہ

حضور نظام علیگڑھ یونیورسٹی کا معائنہ کرینگے

عدالت کے کمرہ میں بموں کا دفینہ

نکلتے ہی پھٹ گئے

جلوس کے لائسنس کی شرائط کی خلاف ورزی

راولپنڈی کے سکھوں کے خلاف مقدمہ

ایک سو روپے کا جعلی نوٹ

امپیریل بنک میں پکڑا گیا

... کی نزم کی جانب سے ان کے بنک میں ایک سو روپے کا کرنسی نوٹ موصول ہوا ہے جو جعلی معلوم ہوتا ہے۔ پولیس نے اس سلسلہ میں زیر دفعہ ۴۸۹ ب تعزیرات ہند مقدمہ درج کیا ہے۔ تفتیش جاری ہے۔

اسی وقت ان کے پاس لاٹھیاں موجود تھیں اور سکھوں کا بیان ہے کہ اس وقت جلوس پرانی ہیں پڑی تھیں۔

اس کے بعد مقدمہ کی مزید سماعت ۲۵ جنوری تک ملتوی کردی گئی تاکہ صفائی کی شہادت کی سماعت کی جا سکے۔

چین کے زبردست زلزلہ سے تباہی

عوام میں خوف و ہراس

کراچی ۹ جنوری۔ کراچی کے ایک مقامی اخبار کو جیکب آباد سے بذریعہ ٹیلیفون اطلاع ملی ہے کہ سی۔ پی سے چین تک زلزلہ آیا جس میں بہت سی عمارتیں گر گئیں۔ مگر نقصان جان نہیں ہوا لوگ اس سردی کے موسم میں کھلے میدانوں میں پڑے ہوئے ہیں۔ خطوں کے ذریعہ بھی اس خبر کی تصدیق ہوئی ہے کہ چین میں زلزلہ آیا۔

برطانیہ میں خوفناک طوفان

متعدد ہلاک اور مجروح

میکالے کے جنوب میں حبشیوں کی فتح

اطالویوں کی وحشت و بربریت

ہڑتالیوں نے لیڈر کو گولی سے اڑا دیا

تین افراد ہلاک متعدد مجروح

تفصیلات مظہر ہیں کہ ہڑتالیوں نے ریلوے کے ٹریفک کو درہم برہم کر دیا۔ انہوں نے ... اور موٹر بسوں پر پتھر پھینکے۔ عورتوں کے ایک گروہ نے پولیس کو راستہ میں روک کر اس پر سنگباری کی ...

ابھی تک کل ۵ افراد ہلاک اور بہت سے مجروح ہوئے ہیں۔ ۱۸ ہڑتالی گرفتار کرلئے گئے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ انہوں نے ٹرام گاڑیوں میں آگ لگا دی۔

مصر کا مطالبہ آزادی

برطانوی وزیر خارجہ کا ہمدردانہ غور

لندن ۹ جنوری۔ ۱۹۳۰ء کے معاہدہ کے مسودہ پر گفت و شنید کرنے کے لئے مصر کے متحدہ محاذ نے جو مسئلہ اٹھایا ہے اس پر مسٹر ایڈن وزیر خارجہ برطانیہ ذاتی طور پر غور کر رہے ہیں اس میں شبہ نہیں کہ حکومت برطانیہ اس مطالبہ پر ہمدردانہ غور کرے گی جیسا کہ مسٹر ایڈن نے سر مائلز لیمپسن کو کہا تھا کہ برطانی کیبنٹ کے اس مسئلہ پر غور کرنے سے پہلے وہ خود اس مسئلہ پر اچھی طرح غور کرنا چاہتے ہیں۔ حکومت برطانیہ سر مائلز لیمپسن سے خط و کتابت کر رہی ہے جو نسیم پاشا سے تبادلہ خیالات کر رہے ہیں اور تمام ...

دماغی کام کرنے والے "شمیم" استعمال کرتے ہیں

شمیم ہندوستان کے تازہ اور خوشبودار پھولوں، بوٹیوں اور مغزیات سے بنایا ہوا تیل ہے جو بالوں کو بڑھانا اور گرنے سے روکتا ہے۔ اور بالوں کو سفید نہیں ہونے دیتا اور جو بال قبل از وقت سفید ہوگئے ہوں "شمیم" کے مسلسل استعمال سے سیاہ ہو جاتے ہیں "شمیم" کے استعمال سے دماغ میں قوت اور آنکھوں میں روشنی آتی ہے۔ نیند خوب لاتا ہے۔ دماغی کام کرنے والوں، طلباء اور عورتوں کے لئے اس کے فوائد بہت مفید ثابت ہوئے ہیں۔

ایک شیشی کی قیمت ایک روپیہ (عہ) ملنے کا پتہ

دی ینگ انڈیا فارمیسی دہلی

حضرت مولانا ابو المحاسن محمد سجاد صاحب نائب امیر شریعت کا مکتوب

(بسلسلہ صفحہ ۲)

پر ہندوستان میں عمل درآمد ہی ہوگا - اور یہ معلوم ہے کہ یہ شرعاً جائز نہیں ہے اور اگر نفی میں جواب دیا گیا تو یہ بات کس قدر مضحکہ خیز ہوگی کہ اسلام ایک عورت کو ایک مرد کے ماتحت رکھتا ہے - مگر عورت کے حقوق ... سلب کرتا ہے - کیا ہم اس طریقہ سے اسلام کی کوئی خدمت کریں گے اور اس حکم کے اظہار کے بعد ہمیں یقین ہے کہ یہ دفعہ قطعاً منظور نہیں ہوگی مگر اسلام کی بدنامی ہو جائیگی

کس قدر نا انصافی ہوگی اس کو آپ حضرات بخوبی سمجھ سکتے ہیں۔

تصریحات شرعیہ

۵۔ دفعہ ۵ پر یہ سب اعتراضات اس مفروضہ کی بنا پر ہیں کہ اسلام کا قانون یہ صحیح تسلیم کر لیا جائے کہ ارتداد مسلمہ موجب فسخ نکاح نہیں ہے ورنہ یہ مسئلہ میرے نزدیک صحیح نہیں ہے۔ ائمہ اربعہ بلکہ تمام ...

حاصل نہیں ہو سکتا جیسا کہ میں نمبر ۱ میں لکھ چکا ہوں - الغرض محض ایک مصلحت کو مد نظر رکھ کر علماء فسخ نکاح کا فتویٰ اگرچہ ... دیا تھا مگر اسی کے ساتھ مخالطت کو حرام قرار دیا تھا - گویا عورت کو حکومت کے محبس میں محبوس رکھنے کے بجائے ایک شخص کے گھر میں اس طرح محبوس کیا جانا تجویز کیا گیا تھا جو اس دور میں ایک حد تک مفید تصور کیا جا سکتا تھا۔ نہ یہ کہ حقیقتہً ارتداد مسلمہ سے عند اللہ و عند الرسول بھی اس کا نکاح فسخ ہو جاتا ہے - اس لئے میرے نزدیک نصوص اور اقوال ائمہ عظام و اکابر فقہائے ملت کو پیش نظر رکھ کر نیز بر بنائے رعایت مصالح شرعیہ یہ فتویٰ اس قابل نہیں ہے کہ اس پر عمل کیا جائے ... جائے اسلئے میری رائے ہے کہ اس مسودہ قانون سے دفعہ ۶ ...

...

قضاء قاضی

۹۔ اس قانون کے ... کی صورت ...

(سلسلہ کیلئے ملاحظہ ہو صفحہ ۸)

... قانون کے بعد اس نکاح کو ناجائز کر دیگا - حالانکہ فقہ حنفی کے رو سے یہ نکاح لازم ہے۔

بے تصدیق بات پر شک ممکن ہے

لیکن جب لاکھوں اشخاص تصدیق کر چکے ہیں اور ڈنکے کی چوٹ کہہ رہے ہیں کہ مقویات ستارہ عالم آتنک نگرہ گولیاں - قبض بدہضمی خون دنی کی خرابی وکمی جریان - احتلام سرعت انزال - رقت منی کی لاثانی علاج ہیں تو اب شک کس لئے آپ بھی ایک دفعہ آزمائش کر کے دیکھیں۔

قیمت	فی ڈبیہ	۳۲ گولیاں	ایک روپیہ (عہ)

آتنک نگرہ فارمیسی جام نگر کاٹھیاواڑ

قدیمی مشہور دکان

اس نامی مشہور دکان نے ہندوستانی کاروبار کا اپنا اعتبار ... قائم رکھا ہے تازہ اور طبی شرائط کے مطابق ادویات خوردہ اور رخفوک مناسب قیمت پر خریداروں کو بہم پہنچانے کا فیصلہ کیا ہے اس کے علاوہ ہماری دکان سے اچار مربہ جات ورق نقرہ وغیرہ ... نہایت سستے خرید کر روانہ کئے جاتے ہیں۔

محمد اسحٰق محمد یحیٰ بازار کھاری باؤلی دہلی

مفت

سہ رنگا باتصویر دیواری کیلنڈر اور شاہی جنتری سنہ ۱۹۳۶ء

مختلف مقامات کے ... لکھئے ... کیلنڈر اور جنتری دونوں مفت طلب فرما دیں - ملنے کا پتہ:

لے شیر اینڈ کمپنی جالندھر شہر (پنجاب)

نئے سال کے گاہکوں کو عجیب تحفہ



ہماری مشہور دوا ... کو ہر طرح کی کھجلی ... بھی ... سال ... کمپنی پوسٹ بکس ... کلکتہ

درود شریف

ہر بانی کہ مسلمانوں کی ... موجودہ ادبار و تنزل کے رفع کرنے کی غرض سے جو مسلمان اس اشتہار کے ... جس قدر ہو سکے درود شریف پڑھ کر خاکسار راقم کو اطلاع بخشے اور جو صاحب رسالہ صوفی مفت پڑھنا چاہیں ... پیکیں ہزار کی تعداد درود شریف پڑھکر ہمیں اطلاع دیں رسالہ صوفی ایک سال کے لئے مفت جاری کر دیا جائیگا ہر ایک صاحب جو بطور خود درود شریف پڑھیں یا صوفی مفت لینے کے لئے وہ اسلام کی ترقی اور نفع کے لئے اور مسلمانوں کی اصلاح کے لئے بھی دعا فرماویں۔

منیجر صوفی پنڈی بہاؤ الدین ضلع گجرات

گپت منتر

یک صد روپیہ انعام

...

SIDH MANTAR ASHRAM
No. 29/1, KATRISARAI (GAYA)

الجمعیۃ بک ڈپو کی بچوں کیلئے کتابیں

تعلیم الاسلام — مسلمان بچوں کی مذہبی معلومات کے لئے حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب کی بہترین تصنیف جو کثرت سے اسلامی مدارس کے ابتدائی نصاب میں داخل ہو چکی ہے پیرایہ بیان نہایت مختصر اور جامع ہے اس کتاب کے چار حصے اور ایک قاعدہ ہے قیمت کمل سٹ ۱۲ محصول ڈاک علیحدہ۔

سہ رنگا ہاف ٹون ... خوشنما سرورق ... آرٹ کا غذ ... تصویریں ... صرف ... اسکول اڈیشن ... محصول ڈاک ...

اربعین — حضرت علامہ مولانا سید فخر الدین صاحب شیخ الحدیث جامعہ قاسمیہ مدرسہ شاہی مراد آباد کی تصنیفات ...

بچوں کی اسلامی ... — اس کتاب کی زبان نہایت ...

بچوں کی بوستان

بچوں کی گلستان

طلسمی قاعدہ

اخلاقی سبق

بچوں کا تحفہ

مکتبہ جامعہ

الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

الجمعیۃ بک ڈپو کی سیاسی و اقتصادی کتابیں

سیاسیات ہند

نہرو رپورٹ

پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ

مالیات عامہ

سکہ و شرح تبادلہ

مبادی معاشیات

آزادی

الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

کیا ارتداد کے بعد نکاح قائم رہ سکتا ہے؟

مسودہ قانون انفساخ نکاح کے متعلق ایک سوال

(از مرزا عظیم بیگ صاحب چغتائی بی۔ اے۔ ایل ایل بی ...)

اشاعت ... میں مرزا عظیم بیگ صاحب کے جس مضمون کا ذکر کیا گیا تھا وہ ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔

حضرت سید غلام بھیک صاحب نیرنگ و دیگر اصحاب کی طرف سے مسودہ فسخ نکاح شائع ہوا ہے اور اس کی ایک شق یہ ہے کہ محض ارتداد فسخ نکاح کے لئے کافی نہ ہوگا۔

بظاہر یہ ان تعدادات سے متاثر ہو کر کیا گیا ہے - جہاں چند بد قماش عورتوں نے اسلام سے روگردانی کرکے لئے شوہر سے ...

مقابلہ کا گناہ ناممکن اور بجز زندہ کا زوجہ رہنا - اور اس طرح ... میں شوہر کا مرنا ... زوجیت کی بنا پر جانداد کا کچھ حصہ ... اسلام اور مسلمان شوہر پر ستم ہے ... یہ نکلے گا کہ زوجہ مرتد ہو گئی اور شوہر نے طلاق نہیں دی مگر شوہر کے مرنے کا جو حصہ ... حصہ جائیداد کا دعوے کیا کہ مجھے شوہر نے باوجود میرے ارتداد کے مرتے دم تک طلاق نہیں دی - طلاق کا ہاں ثبوت خود ...

...

الجمعیۃ بک ڈپو کی عورتوں کیلئے کتابیں

خانہ داری

جمال ہمنشین

خواتین اسلام

پیکر وفا

عصمتی دسترخوان

مزرعۃ العروس

عصمتی شہید

ایامی

سیدہ کا لال

گرفتار قفس

اتالیق نسواں

سمرنا کا چاند

الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کی

دوسری تقریر سیرت

قارئین الجمعیۃ کے لئے یہ خبر سرور موجب مسرت ہوگی کہ حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کی دوسری تقریر سیرت جو گزشتہ دس ماہ سے الجمعیۃ کے کالموں میں بالاقساط شائع ہوئی تھی اب کتابی شکل میں منتقل کی جارہی ہے۔ یہ تقریر سیرت پہلی تقریر سیرت سے ضخامت میں بہت زیادہ ہے - اس کا حجم پہلی تقریر سے ڈیوڑھا یا اس سے بھی زائد ہوگا - تین سو صفحات سے زیادہ کی ضخامت پر پھیلے گی اور جو آخری حصہ الجمعیۃ میں شائع نہیں ہوا ہے وہ بھی اس کتاب میں شامل کیا جائے گا کتابت شروع ہو چکی ہے اور اس کے بعد بہت جلد طباعت کا اہتمام ہو جائے گا

جو حضرات پہلی تقریر سیرت کو ملاحظہ فرما چکے ہیں انہیں اس تقریر کی ہمہ گیری، جامعیت، اور سلاست و لطافت کا کچھ اندازہ ہو سکتا ہے۔ اس کے تمام مضامین جدید ہیں اور پیرایہ بیان حضرت مولانا کی تمام خصوصیات کا حامل ہے - یہی وجہ ہے کہ پہلی تقریر سیرت کو جو مقبولیت عام حاصل ہوئی ہے اسکے پیش نظر یہ امید کی جاتی ہے کہ دوسری تقریر سیرت اپنی مزید ضخامت اور بہتر کتابت و طباعت کے باعث اس سے بھی زیادہ مقبول ہوگی اور اسکا پہلا ایڈیشن بہت جلد ہاتھوں ہاتھ فروخت ہو جائے گا - اس تقریر کے اہم مضامین وعنوانات حسب ذیل ہیں:-

دوسری تقریر سیرت کے مضامین

محمد عبد اللہ اور محمد رسول اللہ — حضرت حماد کا واقعہ — محمد رسول اللہ — رسول کسے کہتے ہیں — ... — گمراہی کا محاصرہ — پست اقوام کے لیڈر کا ایک واقعہ — ٹوڈی مسلمانوں کی تعریف — میاں فضل حسین کی غلط پالیسی

سیٹ سلمان کی اقتداء ہند کا ... — حضرت عمار بن یاسر اور حضرت عائشہ — مسجد نبوی کا ایک واقعہ — علی اور معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما — حضرت معاویہ کی تقریر

ابن السکیت اور خلیفہ متوکل — حضرت عائشہ کا واقعہ — عمار بن یاسر کی کوفہ میں تقریر — عمار بن یاسر کی تعریف — ... — حضرت حق کی جانب سے تسلی — محبوں کا ایک واقعہ — حضرت فاطمہ زہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا ایک واقعہ

حضرت موسیٰ علیہ السلام کی اولاد — ایک جاہل میلاد خواں کا واقعہ — اصحاب کہف کا واقعہ — ... — لفظ یقین میں تحریف — ایک جاہل پیر کا واقعہ — عبدی اور امتی کہنے کی ممانعت — حضرت علی اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم

سیدنا ابراہیم اور عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق ایک نکتہ — عزیز اور حکیم کے معنی — ... — حدیبیہ کے اونٹوں کا واقعہ — دولہا کے گھر کی پہلی رات — عورت کی بجائے دل کا سوال ہے — حضرت حق کا تردد و تامل

سن اجب لقاء اللہ احب اللہ لقاءہ — ایک اور شبہ کا جواب — حضرت موسیٰ علیہ السلام کا ایک قصہ — ... — نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا آخری فعل — نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ابتدائی کلمہ — نوجوانوں سے آخری خطاب — ہندوؤں سے خطاب

دوسری تقریر سیرت کی قیمت (عگر) دو روپیہ مع محصول ڈاک ہوگی جس میں آٹھ آنے محصول ڈاک کے شامل ہونگے لیکن جو حضرات طباعت سے قبل دوسری تقریر سیرت کی قیمت پیشگی بھیجدینگے ان سے قیمت مع محصول ڈاک صرف (عہر) ایک روپیہ آٹھ آنے لی جائیگی - ایسے خریداروں کا ایک رجسٹر علیحدہ کھول دیا گیا ہے - اور انکے نام درج رجسٹر کرنے کا مخصوص انتظام کیا گیا ہے تاکہ ہر خریدار کو جس کی پیشگی رقم عہر وصول ہوگی ہو کتاب چھپتے ہی رجسٹرڈ پارسل کے ذریعہ ارسال کر دی جائے - جو حضرات پانچ کتابوں کی رقم پیشگی یکمشت ارسال کرینگے اور پارسل ایک ہی پتہ پر منگائینگے انہیں محصول ڈاک میں مزید تخفیف ہو جائیگی اور پانچ کتابوں کیلئے ساڑھے سات روپیہ کے بجائے صرف چھ روپیہ مع محصول ڈاک ارسال کرنے ہونگے۔

منیجر الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی



SEMI-WEEKLY
Aljamiat, DELHI.

الجمعیۃ دہلی

فی پرچہ ایک آنہ

ایڈیٹر۔ ہلال احمد زبیری (ایم۔اے)

جلد ۲۶ | دہلی۔ یوم پنجشنبہ ۲۰ر شوال المکرم ۱۳۵۴ھ ہجری۔ مطابق ۱۶ر جنوری ۱۹۳۶ء | نمبر ۴

اٹلی کے ہوائی جہازوں پر زمین سے حبشیوں کی گولہ باری

مسولینی کا بیٹا بال بال بچ کر فرار ہوگیا

۲۰ر جنوری کو حبش کا زبردست حملہ شروع ہو جائیگا

اسمرہ ۱۴ر جنوری۔
سینیور مسولینی کا بیٹا وٹوریو ایک ہوائی جہاز میں سوار حبشیوں پر گولے برسا رہا تھا کہ نیچے سے ایک توپ کا گولہ ہوائی جہاز میں لگا اور اندر جا کر پھٹ گیا۔ ہوائی جہاز کی مشین گن مجروح ہوگئی اور سینیور مسولینی کا بیٹا بال بال بچ گیا۔

ہوائی جہاز کے چلانے والے طیارچی نے راہ فرار اختیار کی اور وہ بمشکل اپنی مشین کو اطالوی کیمپ تک واپس لا سکا۔

دوسرے بھی متعدد ہوائی جہاز اسی طرح حبشیوں کی گولیوں کا نشانہ بنے ہیں۔

ادیس ابابا کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ:-
ہوائی جہازوں نے تمام محاذوں پر جو بے حال دوبارہ شروع کر دی ہے اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ حبشیوں پر دوبارہ سخت گولہ باری کی جانے والی ہے۔
دسیئی جہاں کہ آج کل شہنشاہ حبش رہتے ہیں اس گولہ باری کے لئے خاص طور پر منتخب کیا گیا ہے۔

پیرس ۱۴ر جنوری۔
ادیس ابابا سے جو خبریں آئی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ ۲۰ر جنوری کو افواج میکالے کو حاصل کرنے کے لئے ایک زبردست حملہ کریں گی۔ اور اس حملہ میں خود شہنشاہ حبش بھی حصہ لیں گے۔
اسی دن جمعیۃ اقوام کا جنیوا میں اجلاس بھی ہوگا اور اس میں حبش کا مسئلہ زیر بحث آئے گا۔

مشرقی ایشیا کے اسلامی ممالک کا اتحاد

بین الاقوامی مسائل میں باہمی تعاون

ترکی، عراق، ایران اور افغانستان کی شرکت

انگورہ ۱۳ر جنوری۔
معلوم ہوا ہے کہ ترکی، عراق، ایران اور افغانستان کی وزارت خارجہ نے یہ تجویز پیش کی ہے کہ مشرقی ایشیا کی ان حکومتوں کا ایک اتحاد قائم کیا جائے۔ چاروں حکومتوں کے وزراء عنقریب بغداد میں جمع ہو کر اس معاہدہ پر دستخط کریں گے جو جنیوا میں تیار ہو چکا ہے اور جس کے مطابق ان میں سے ایک دوسرے کے خلاف جنگ نہ کرنے کا عہد کیا گیا ہے۔

مارشل لا کا اعلان

کینٹن میں طلباء کی باہمی جنگ

تمام شہر پر فوج کا قبضہ

کینٹن ۱۴ر جنوری۔

ریاست جے پور میں آرڈیننس

باشندگان ہلست پر تشدد

دہلی کا ریڈیو اسٹیشن

دہلی ۱۴ر جنوری۔ دہلی ریڈیو اسٹیشن اپنے عملہ پروگرام کے اچھے آرٹسٹ اور سلاست زبان کے لحاظ سے ہندوستان کے تمام ریڈیو اسٹیشنوں سے زیادہ دلچسپ ثابت ہو رہا ہے اس کے ذریعہ اردو زبان اور علم و ادب کی گراں بہا خدمات انجام پا رہی ہیں۔

اٹلی کے مقابلہ میں برطانیہ کی تیاریاں

فرانس کے معاہدے

لندن ۱۴ر جنوری۔

بم برسانے والا جہاز ٹوٹ گیا

اسمرہ ۱۴ر جنوری۔

سلہٹ میں زبردست بلوہ

گیارہ اشخاص زخمی ہوئے

سلہٹ ۱۳ر جنوری۔ مولوی بازار قریب ایک زبردست بلوہ ہو گیا جس میں فریقین کے پانچ سو آدمی شریک تھے اور اس بلوہ میں بندوق بھی استعمال کی گئی۔ گیارہ اشخاص زخمی ہوئے۔ جن میں تین کو سخت چوٹیں آئیں۔ یہ جھگڑا ایک بند کے تصفیہ کے متعلق ہوا۔ زخمیوں کو ہسپتال بھیجدیا گیا ہے۔
تحقیقات جاری ہے۔

حبش کیلئے جاپان کی امداد

سپاہیوں کو سامان رسد پہنچانے کی پیشکش

کرپان مورچہ کیلئے ایک اور جتھہ

امرتسر ۱۳ر جنوری۔

چوبیس گھنٹے کے اندر دہلی چھوڑ دو

دو نوجوانوں کو امتناعی نوٹس

دہلی ۱۴ر جنوری۔

دہلی کا ماتمی جلسہ

دہلی ۱۴ر جنوری۔

الجمعیۃ بک ڈپو کی دولت پیدا کرنیوالی کتابیں

صدائے تصور
اسکول ماسٹر
آسان کاروبار
اتالیق خطوط
کون کپڑے نہیں پہنتا

الجمعیۃ بک ڈپو۔ بلیماران دہلی

الجمعیۃ کا ماہوار ایڈیشن
اگر آپ مہینے بھر کے بہترین سیاسی و مذہبی مضامین پڑھنا چاہتے ہیں تو الجمعیۃ کا ماہوار ایڈیشن خریدیے جو ہر مہینہ کی ۲۸ تاریخ کو شائع ہوتا ہے۔

SEMI-WEEKLY
Aljamiat, DELHI.

ہر قسم کی کتابیں
الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی سے ہر قسم کی کتابیں اور قرآن مجید و حمائلیں مصری اور مترجم ارزاں اور رعایتی قیمتوں پر خریدی جا سکتی ہیں

Vol. 23 | DELHI MONDAY 13th JAN: 36. | No. 3

مولانا سجاد صاحب نائب امیر شریعت کا مکتوب

(دلسلسلہ صفحہ ۲)

راجہ غضنفر علی خاں کا مسودہ قانون

ریاست اودے پور میں تائید

الجمعیۃ بک ڈپو کی تاریخی کتابوں کا نایاب ذخیرہ

رحمۃ للعالمین
اشاعت اسلام
بلاغ مبین
تاریخ تبلیغ اسلام
حالات انبیاء
تذکرۃ الصلحاء
خواتین اندلس
اسلامی عقائد و احکام
اور اسلامی تاریخ
تاریخ المشاہیر
عشرہ مبشرہ
اصحاب بدر
نشر الطیب فی ذکر الحبیب
حیات حافظ رحمت خاں
خلافت صدیقی
خلافت فاروقی
ضیاء الدین برنی
خلافت عثمانی
خلافت حیدری

الجمعیۃ بک ڈپو۔ بلیماران دہلی

برص و پھلبہری کی نایاب دوا

کرٹیول

ہندوستان کی واحد خوشنویس

امساک کی گولیاں

ابی سینیا کا مفصل نقشہ

قیمت صرف دس آنہ (۱۰)
خالد کمپنی ۹۲ چھتہ لال میاں دہلی

خضاب چھوڑ دو

بال کالا اسٹورس کنسی سری در بھنگہ

اسلامی جنتری مع ڈائری ۱۹۳۶ء

اردو میں چھپ کر تیار ہوگئی

جذام و برص کا شرطیہ علاج

سفوف جذام
سفوف برص

مولانا مولوی محمد ابراہیم صاحب ڈاکخانہ چھتر ضلع ہزارہ باغ

معجون برہمی

دماغی کام کرنیوالوں کیلئے اکسیر ہے
حکیم عبدالرحیم جلال آباد ضلع مظفر نگر (یو۔ پی)

(جید برقی پریس دہلی میں باہتمام ہلال احمد زبیری پرنٹر و پبلشر چھپ کر دفتر الجمعیۃ دہلی سے شائع ہوا)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم پنجشنبہ ۲۰ شوال المکرم ۱۳۵۴ھ

دہلی کے قومی و سیاسی حلقوں میں صف ماتم

مولانا عارف ہسوی کا انتقال

ایثار و قربانی اور عزم و استقلال کی بےمثال زندگی

تمام ہندستان میں یہ خبر انتہائی رنج و افسوس کے ساتھ سنی جائیگی کہ ۱۲ جنوری ۱۹۳۶ء کو ۵ بجے شام کے وقت دہلی کے مایۂ ناز قومی لیڈر مولانا عارف ہسوی صاحب کا ایک طویل علالت کے بعد انتقال ہوگیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

فاضل مرحوم ایک نہایت پکے اور راسخ العقیدہ قوم پرور مسلمان ...

ہجرت تحریک کی ناکامی کے بعد ۱۹۱۹ء سے انہیں سیاسیات میں حصہ لینے کا موقع ملا اور وہ کانگریس میں شریک ہوتے رہے۔ ۱۹۱۹ء میں دہلی تشریف لائے اور اس وقت سے برابر دہلی کے ہو رہے۔

۱۹۱۹ء میں ملا واحدی صاحب کے مشورہ سے آپ نے ...

... متمول خاندان سے تعلق رکھتے تھے۔ فارسی اور اردو کی تعلیم اپنے والد محترم مولانا عبدالخالق صاحب مرحوم کے زیر اثر پائی یہی وجہ ہے کہ اردو ادب میں ان کا ذوق نہایت ستھرا تھا اور نظم و نثر میں ان کا قلم یکساں قدرت رکھتا تھا۔ اردو کے قدیم شعراء پر ان کی ...

... لئے سوائے اس کے اور کیا چارہ کار ہے کہ ہم حق تعالیٰ کی درگاہ میں دعا کریں کہ وہ ان کی روح کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین۔

شہید گنج کانفرنس

پنجاب کی مسلم سیاسیات کا افسوسناک منظر

لاہور کی مسجد شہید گنج کے سلسلہ میں اب تک جو کچھ ہوا ہے اس نے نہایت واضح طور پر یہ ثابت کر دیا ہے کہ پنجاب کے مسلمانوں میں کافی جوش و خروش اور احساس مذہبی ولی کے باوجود اس چیز کی انتہائی کمی ہے جو کسی قوم کو منزل مقصود تک پہنچاتے اور کامیاب بنانے ...

... کا امکان نہیں ہے۔ کوئی ان کی صحیح رہنمائی کرنے والا نہیں ہے۔ کوئی جماعت ان کی سرپرستی کے لئے سرگرم عمل نظر نہیں آ رہی ہے۔ مجلس احرار کو ابتدائی واقعات ہی نے علیحدہ کر دیا۔ مجلس اتحاد ملت محض اخبارات کے کالموں میں اپنا وجود رکھتی ہے، عوام ...

مولانا ظفر علی خاں کی نظربندی

متحدہ محاذ

مسودہ مسلم قانون انفساخ نکاح

(بسلسلہ صفحہ ۲)

کی رو سے فیصلہ کرتے ہیں۔ اور اگر کسی معاملہ میں کسی دوسرے امام کے فقہ پر عمل کرنے کی ضرورت لاحق ہوئی تو فقہ حنفی کے اصول کے ماتحت دوسرے امام کے قول پر عمل کرنے کا دروازہ کھلا ہوا تھا۔ حکومت اسلامیہ کی طرف سے باضابطہ محکمۂ قضا اسلام اور دارالافتاء قائم تھے، اس لئے مسلمان عورتیں اپنے تمام حقوق اپنے شوہروں سے قضاۃ اسلامیہ کی موجودگی کے باعث حاصل کر سکتی تھیں۔ ...

تو ایک طرف دوسری طرف مسلمانوں میں جہل زیادہ پھیل گیا، اسلامی معاشرت اور خشیت الٰہی کا انحطاط شروع ہوگیا۔ اس دوگونہ انحطاط کا نتیجہ یہ ہوا کہ آج ہندستان کی لاکھوں مظلوم عورتیں ظالم و بےرحم اور ناخدا ترس شوہروں کے پنجۂ ظلم میں گرفتار ہیں ... اور اس تباہ کن حالت کے پیدا ہونے اور عورتوں کے پنجۂ ظلم ...

مسودہ مسلم قانون انفساخ نکاح

مرتبہ حضرت مولانا ابوالمحاسن محمد سجاد صاحب نائب امیر شریعت صوبہ بہار

تمہید

ہرگاہ کہ مسلمان عورتوں کو اپنے شوہروں سے جدائی اختیار کرنے کا حق شریعت اسلامیہ نے جن وجوہ پر دیا ہے اس بارہ میں کچھ تو فقہ حنفی کے بعض جزئی مسائل کی وجہ سے اور کچھ بعض دیگر اسباب کی وجہ سے حنفی مسلمان عورتیں اپنے اس شرعی حق سے برطانوی حکومت میں فائدہ اٹھانے سے اس وقت تک محروم ہیں جب تک کہ ان عورتوں کے اس شرعی حق کے تحفظ کے لئے کوئی قانون نافذ نہ کیا جائے، اس لئے حسب ذیل قانون نافذ کیا جاتا ہے۔

باب مبادیات

دفعہ ۱۔ اس قانون کا نام "مسلم قانون انفساخ نکاح" ہوگا۔

دفعہ ۲۔ یہ قانون تمام برطانوی ہند میں نافذ ہوگا۔

دفعہ ۳۔ جس روز یہ قانون منظور ہوگا اسی روز سے تمام برطانوی ہند میں قابل عمل ہوگا۔

دفعہ ۴۔ اس قانون میں مراد ہے ...

ہند کا کوئی قانون یا ریگولیشن یا آرڈیننس جو موجودہ قانون اور ریگولیشن اور آرڈیننس اس قانون پر یا اس کی کسی دفعہ کے حق میں غیر مؤثر ہوگا۔

باب اختیارات

دفعہ ۵۔ مسلمان حنفی عورت یا اس کے شرعی ولی حسب ذیل وجوہ میں سے کسی ایک یا چند کی بنا پر دعویٰ انفساخ نکاح کر سکتے ہیں:

(الف) (۱) جبکہ اس کا شوہر مفقود الخبر ہو۔ (۲) یا یہ کہ شوہر غائب ہو۔ (۳) یا یہ کہ اس کا شوہر اس کو نفقہ نہ دیتا ہو۔ (۴) یا یہ کہ اس کا شوہر جذام یا برص یا جنون میں مبتلا ہو یا بشرطیکہ امراض سخت قسم کے ہوں۔ (۵) یا یہ کہ اس کا شوہر اس کو مسلسل ایذا دیتا ہو یا تکلیف پہونچاتا ہو۔ (۶) یا شوہر کی مفقود الخبری یا اسارت طویلہ یا تعنت کی وجہ سے عورت کو ارتکاب زنا کا سخت خوف ہو۔

(ب) اور (۱) جبکہ عورت کو خیار بلوغ حاصل ہو (۲) یا یہ کہ اس کا نکاح فاسد منعقد ہوا ہو یا کسی وجہ سے فاسد ہوگیا ہو ...

وجوہات

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی

دوسری تقریر سیرت

قیمت
اشاعت سے قبل
۱۲
معہ محصولڈاک

قیمت
اشاعت کے بعد
۱۲
معہ محصولڈاک

قارئین الجمعیۃ کے لئے یہ خبر ضرور موجب مسرت ہوگی کہ حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی دوسری تقریر سیرت جو گزشتہ دس ماہ سے الجمعیۃ کے کالموں میں بالاقساط شائع ہو رہی تھی اب کتابی شکل میں منتقل کی جا رہی ہے۔ یہ تقریر سیرت پہلی تقریر سیرت سے ضخامت میں بہت زیادہ ہے۔ اس کا حجم پہلی تقریر سے ڈیوڑھا بلکہ اس سے بھی زائد ہوگا تین سو صفحات سے زیادہ کی ضخامت پر پھیلے گی اور جو آخری حصہ الجمعیۃ میں شائع نہیں ہوا ہے وہ بھی اس کتاب میں شامل کیا جائے گا۔ کتابت شروع ہو چکی ہے، اور اس کے بعد بہت جلد طباعت کا اہتمام ہو جائے گا۔

جو حضرات پہلی تقریر سیرت کو ملاحظہ فرما چکے ہیں انہیں اس تقریر کی ہمہ گیری، جامعیت، اور سلاست و لطافت کا کچھ اندازہ ہو سکتا ہے۔ اس کے تمام مضامین جدید ہیں اور پیرایہ بیان حضرت مولانا کی تمام خصوصیات کا حامل ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پہلی تقریر سیرت کو مقبولیت عام حاصل ہوئی ہے۔ اس کے پیش نظر امید کی جاتی ہے کہ یہ دوسری تقریر سیرت اپنی مزید ضخامت اور بہتر کتابت و طباعت کے باعث اس سے بھی زیادہ مقبول ہوگی اور اس کا پہلا ایڈیشن بہت جلد ہاتھوں ہاتھ فروخت ہو جائے گا۔ اس تقریر کے اہم مضامین و عنوانات حسب ذیل ہیں:

دوسری تقریر سیرت کے مضامین

حضرت شعیب کا واقعہ ... حضرت ابراہیم علیہ السلام ... انبیاء علیہم السلام اور خلفاء ... عورت کا مرتبہ اور اس کا اعزاز ... حضرت علی اور نکاح ثانی ... حضرت موسیٰ علیہ السلام کی ادائے ... سود خوار اور ایذا رساں ... حدیث قدسی کا ایک آخری حصہ ... دلہن کا زیور اور جہیز ... سعید روحوں کا استقبال ...

دوسری تقریر سیرت کی قیمت دو روپیہ معہ محصولڈاک ہوگی جس میں آٹھ آنے محصولڈاک کے شامل ہونگے۔ لیکن جو حضرات طباعت سے قبل دوسری تقریر سیرت کی قیمت پیشگی بھیج دینگے ان سے قیمت معہ محصولڈاک صرف ایک روپیہ آٹھ آنے لی جائیگی۔ ...

منیجر الجمعیۃ بک ڈپو۔ بلیماران۔ دہلی

حوادث و احکام

استفتاء

الجواب

استفتاء

الجواب

یورپ کی آئندہ جنگ اور بین الاقوامی سیاسیات

برطانیہ کی ہوائی قوت میں اضافہ

بحری کانفرنس اور جاپان

اٹلی اور حبش میں صلح کی کوشش پھر شروع ہوگئی

کیا مولینی کا دماغ اب صحیح ہوگیا ہے

روس پر حملہ کیلئے جرمنی کی تیاریاں

دس لاکھ فوج اور سامان جنگ

جرمنی اور جاپان کا فوجی اتحاد

جرمنی ایک فوجی کیمپ ہے

برطانیہ کی طرف سے حبش کی امداد؟

خفیہ رازوں کا انکشاف

ایرانی لشکر کی مانگ

دواخانہ رشیدیہ دیوبند

مصفی

کی حیرت انگیز ایجاد

جوہر جیلانی

منیجر دواخانہ رشیدیہ دیوبند

لاہور میں ایک مسلمان پر قاتلانہ حملہ

حملہ آور موقع پر گرفتار کرلیا گیا

پولیس کے زبردست انتظامات

(مسلم نیوز سروس)

مزید تفصیلات

ظفر علی کا بیان

مصری طبی امدادی جماعت پر گولہ باری

شہزادہ اسمٰعیل داؤد کا تار

مصری کونسل کی طرف سے تصدیق

موجودہ دنیا کی بے نظیر توپ

برطانیہ کی تازہ ایجاد

مصر میں مدافعانہ تیاریاں

ریلوے لائن کی تعمیر

الجمعیۃ کا ماہوار ایڈیشن

ایجنٹوں اور مشتہرین کیلئے ایک نادر موقع

الجمعیۃ کا ماہوار ایڈیشن ۲۲×۲۹ سائز پر اسی شان کے ساتھ جیسا کہ گولڈن جوبلی نمبر شائع ہوا تھا ۲۸ جنوری ۱۹۳۶ء کو شائع ہوگا۔ اس نمبر میں آرٹ پیپر کا ٹائٹل پیج ہوگا اور متعدد بلاکوں کے علاوہ بہترین مضامین درج کئے جائیں گے جو اس کی کثیر اشاعت اور عام مقبولیت کے ضامن ہونگے۔ قیمت باوجود تمام خوبیوں کے وہی ایک آنہ رہے گی جو اس وقت الجمعیۃ کی ہے۔

ایجنٹوں کو فوراً اپنے آرڈر بھیجنے چاہئیں اور جن حضرات کی ایجنسیاں بذریعہ ڈاک جاتی ہیں انہیں بھی اپنے ریلوے اسٹیشن کا پتہ لکھ دینا چاہئے تاکہ زیادہ تعداد میں پرچے پارسل سے بھیجے جاسکیں۔

اشتہار کا بہترین ذریعہ

الجمعیۃ کا ماہوار ایڈیشن اشتہارات کی اشاعت کیلئے ایک بہترین ذریعہ ہوگا جو مشتہرین الجمعیۃ کے عام نمبروں میں اشتہار نہیں دیتے انہیں بھی ماہوار ایڈیشن میں اشتہار دے کر فائدہ حاصل کرنا چاہئے اور مستقل مشتہرین بھی اس نمبر میں اپنی جگہ کو ٹرا دینا چاہئے۔ الجمعیۃ کا ماہوار ایڈیشن خریداران الجمعیۃ کے علاوہ ایجنٹوں اور ممالک غیر میں بکثرت جائے گا۔

منیجر الجمعیۃ ۔ بلیماران ۔ دہلی

بھائی پرمانند کی خرافات کا دندان شکن جواب

پنجاب ہندو سیوک سبھا کا صداقت آمیز بیان

ہندوستان تمام قوموں کا وطن ہے

سر آغا خاں پھر ہندوستان تشریف لائیں گے

نئے دستور اساسی کی حمایت کا پروپگنڈا

بہار مسلم انڈیپنڈنٹ پارٹی کی شاخیں

باڑھ ضلع پٹنہ میں تاسیسی اجلاس

لارڈ ولنگڈن کا نیا عہدہ

بصرہ اور بغداد کے درمیان ٹیلیفون

یمن اور ہندوستان سے تجارتی سلسلہ

دو امریکی جریدہ نگار ایران میں

پروفیسر عنایت اللہ کی طلبی

شہید گنج کانفرنس

پیر جماعت علی شاہ صاحب کا دوسرا اعلان عظیم

دہلی میں صوبجاتی حکومتوں کی کانفرنس

حکومت مدراس کے نمائندہ کی روانگی

ڈاکٹر امبیدکر تبدیل مذہب کا قطعی ارادہ کرچکے ہیں

ہندوستان کا مستقبل اچھوتوں کے طرز عمل پر موقوف ہے

سر آغا خاں کو کراچی آنے کی دعوت

حاجی عبداللہ ہارون کا تار

ہندوستان میں متحدہ محاذ قائم کرنیکی تجویز

دہلی میں ایک کنونشن

مولوی غلام محی الدین قصوری کا استعفا

شہید گنج کانفرنس کا پوسٹر

مجلس اتحاد ملت کے سکریٹری کی گرفتاری

ایک نوجوان کی خودکشی

ایک ممبر اسمبلی کو نوٹس

اپنے حلقہ میں تقریر مت کرو

بہاولپور کے ہندوؤں کی ہڑتال

یلّا

بٹالہ (پنجاب)

مجلس علمی ڈابھیل کا گرانقدر علمی کارنامہ

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی (قدس سرہ)

کی دوسری نادر تالیف طبع ہوگئی!

سید احمد رضا ناظم مجلس علمی قاضی محلہ بجنور

بادشاہی مسجد لاہور میں مسلمانوں کی بے نظمی کا دردناک منظر

شہید گنج کانفرنس کو ملتوی کرنے سے اضطراب و ہیجان

پیر جماعت علی شاہ کی مخالفت

لاہور ۔۔ جنوری ۔ آج کا نفرنس کا انعقاد ۔۔۔ مسلمانوں کی گمزوری کا ثبوت ہے ۔ چنانچہ ہم نے اس امر کو تسلیم کر کے آج کی کانفرنس کا اعلان ۔۔۔

میں ڈالنے کی سخت مخالفت کرتے ہوئے ان لوگوں کی سخت مذمت کی جنہوں نے اس قسم کی دعوت دی تھی ۔ آپ نے ان لوگوں کو جن کی طرف سے یہ دعوت دی گئی تھی ۔ متنبہ کیا کہ وہ مسلمانوں کو ہلاکت میں نہ ڈالیں ۔ اگر ان کا مقصد کچھ اور ہے تو وہ ۔۔۔

اپیل پر عمل کیا گیا ۔ اور دعا کے بعد حاضرین منتشر ہو گئے آخر میں چوہدری مولا بخش نے بھی مسلمانوں سے درخواست کی کہ ایک غلطی کی بنا پر آپ کو تکلیف دی گئی ہے ۔ آئندہ کانفرنس امرتسر میں ہوگی ۔

کی پورے زور سے تائید کی لیکن مسلمانوں کی لیڈر گردی نے تمام کام کو تباہ کر دیا اور اس قسم کے واقعات پیدا ہو گئے کہ مسلمانوں میں سخت انتراق ہو گیا اور پیر صاحب کو جا کر کہا گیا کہ جو کچھ ۔۔۔

پروفیسر عنایت اللہ کی تقریر

اجلاس میں گڑبڑی

مختصر جلسہ کا انعقاد

پوسٹر شائع کرنے کی ذمہ داری

میاں فیروز الدین احمد کی مخالفت

جہانگیر ہونے اور جناب نواب صاحب قبلہ دام اقبالہم جو اس ضلع کے رئیس اعظم ہیں دلی متمنی ہیں کہ خان بہادر صاحب قبلہ کا دورہ ضلع شیخوپورہ کامیاب و مبارک ثابت ہوا ہے ۔

(راقم الحروف محمود خان حقی عنہ بمقام سانسوانے ہلّی)

لاہور کی ایک شاہی مسجد کے راستے میں رکاوٹ

ڈپٹی کمشنر سے علماء لاہور کی درخواست

لاہور ۱۱ جنوری ۔ لاہور کے بعض علماء کی جانب سے ایک درخواست بحضور صاحب ڈپٹی کمشنر کر دی گئی ہے ۔ جس میں اس امر کی طرف توجہ مبذول کرائی گئی ہے ۔ کہ محلہ ولی اللہ لاہور کی شاہی مسجد کا راستہ ۱۹۳۱ء سے مسدود ہے ۔ حالانکہ حکومت اس بارہ میں مسلمانوں کی شکایات کو صحیح تسلیم کر چکی ہے ۔

لاہور میونسپل کمیٹی نے باتفاق رائے یہ ریزولیوشن پاس ۔۔۔

ایجنٹ صاحبان فوراً توجہ فرمائیں

الجمعیۃ کے جن ایجنٹوں کے نام ماہ دسمبر کے بل گئے ہوئے ہیں ان میں سے بعض نے اپنی واجب الادا رقوم ابھی تک دفتر میں ارسال نہیں کی ہیں ۔ اسلئے ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ فوراً دسمبر تک اپنا حساب صاف کر دیں ورنہ ایجنسی بند کر دی جائے گی ۔

منیجر الجمعیۃ ۔ بلیماران ۔ دہلی

کرنا ہے وہ عنایت اللہ کرتا ہے ۔ اس ضمن میں آپ نے حسیب ذیل ثبوت حاضرین کے روبرو پیش کرنے چاہیے کہ کس طرح ہندوؤں کی صورت میں سازش کی گئی اور پیر صاحب کو فریب دیا گیا ۔ اس پر حاضرین میں گڑبڑ پیدا ہو گئی بہت سے اصحاب مصر تھے کہ وہ نام پیش کئے جائیں لیکن بہت سے اختلاف رکھتے ہوئے اس امر پر مصر رہے تھے کہ مسلمانوں ۔۔۔

میسور مسلم سکالر شپ فنڈ کیلئے ایک لاکھ روپیہ

مسلمانان میسور کی تعلیمی پستی کو دور کرنے کے لئے میسور اسٹیٹ مسلم کانفرنس کی زیر سرپرستی ایک لاکھ روپے میسور مسلم سکالر شپ فنڈ کا اجرا کیا گیا ہے ۔ اس سے ہر اخبار میں طلبہ ۔۔۔

کوششوں سے سولہ ہزار روپیہ جمع ہو چکے ہیں اس چندہ کی ادائیگی کے لئے اب تک ضلع شیخوپورہ میں نہایت اضطراب کے ساتھ انتظار ہو رہی تھی ۔ الحمد للہ کہ اب رہبران قوم کا نزول بہ جلال بدین مقصد اس ضلع میں ہو گیا ہے اور ۔۔۔

ملک صاحب نے اصرار کیا کہ آپ واقعات کے چہرہ سے نقاب اٹھنے دیں تاکہ آپ کی تسلی ہو جائے ۔ لیکن حاضرین ۔۔۔

صاحبان محمد محمد شاہ قلعہ گوجر سنگھ ۔۔۔ انعام دین لنگے منڈی ۔ محمد اسمٰعیل اکبری دروازہ ۔ مولانا ۔۔۔ احمد ۔ مولانا ۔۔۔ نار کلی ۔ خیر دین نیلہ گنبد ۔ مولانا ۔۔۔

راولپنڈی میں ایک ہندو ڈاکٹر پر حملہ

راولپنڈی ۔۔ جنوری ۔ محلہ کرتار پورہ میں ایک ہندو ڈاکٹر مجروح ہوا ۔ اور اسے ہسپتال پہنچایا گیا ۔ بیان کیا جاتا ہے کہ جب ڈاکٹر مذکور علی الصبح سیر کو نکلا تو کسی نے جو تلوار سے مسلح تھا پیچھے سے اس پر حملہ کر دیا ۔ حملہ آور سے کشمکش میں ڈاکٹر کا کان بھی کٹ گیا ۔ اور جسم کے متعدد حصوں پر زخم بھی آئے ۔

دماغی کام کرنے والے "شمیم" استعمال کرتے ہیں

"شمیم" ہندوستان کے تازہ اور خوشبودار پھولوں ، بوٹیوں اور مغزیات سے بنایا ہوا تیل ہے جو بالوں کو بڑھاتا اور گرنے سے روکتا ہے ۔ اور بالوں کو سفید نہیں ہونے دیتا اور جو بال قبل از وقت سفید ہو گئے ہوں "شمیم" کے مسلسل استعمال سے سیاہ ہو جاتے ہیں "شمیم" کے استعمال سے دماغ میں قوت اور آنکھوں میں روشنی آتی ہے ۔ نیند خوب لاتا ہے ۔ دماغی کام کرنے والوں ، طالب علموں اور عورتوں دونوں کے لئے اس کے فوائد بہت مفید ثابت ہوئے ہیں ۔

ایک شیشی کی قیمت ایک روپیہ ۔۔۔ ملنے کا پتہ

دی ینگ انڈیا فارمیسی دہلی

مفت

سہ رنگا باتصویر دیواری کیلنڈر اور شاہی جنتری ۱۹۳۶ء

مختلف مقامات کے متعدد ہے ۔ معزز صاحبان کے مکمل پتے بھیج کر کیلنڈر اور جنتری کے نمونے مفت طلب فرمائیں ۔ ملنے کا پتہ :۔

اے شیر اینڈ کمپنی جالندھر شہر (پنجاب)

معجزہ کلام ربانی

پرانے حکیم اے ایس دعوے میں بالکل حق بجانب ہیں کہ ایک معجزنما ۔۔۔

حافظ سید محمد شیر ۔۔۔ فراش خانہ ۔۔۔ دہلی

الجمیعۃ بک ڈپو کی عورتوں کیلئے کتابیں

خانہ داری معاشرت کی اصلاح اور خانہ داری کے موضوع پر اس وقت اس سے بہتر تصنیف موجود نہیں اس کتاب میں اہم مضامین ہیں جو خانہ داری کی تمام ضروریات پر حاوی ہیں قیمت ایک روپیہ آٹھ آنہ محصول ڈاک بذمہ خریدار

کو ایک دلچسپ قصے کے پیرایہ میں بیان کیا گیا ہے کتاب اردو سے آخر تک پڑھنے کے قابل ہے قیمت ایک روپیہ چار آنے علاوہ محصول ڈاک ۔

اتالیق نسواں عورتوں کی علمی کام اور انتظام خانہ داری سکھانے ۔۔۔

خواتین اسلام

مرأۃ العروس

عصمتی دسترخوان

سید کلال

ایامیٰ

گرفتار قفس

الجمیعۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

الجمیعۃ بک ڈپو کے اوراد و وظائف

طب روحانی علام باعمل اور مصنف بے بدل جناب مولانا مولوی حکیم محمد ابراہیم صاحب ۔۔۔ نے جس کتاب کو تالیف فرمایا ہے اس میں اسمائے حسنیٰ اللہ تعالیٰ کے ناموں کی شرح لکھی گئی ہے جس کو پڑھنے اور اس پر عمل کرنے سے مسلمانوں کی روحانی طاقت میں ترقی ہو سکتی ہے ۔۔۔

احسن الوظائف تصوف کے متعلق ایک مایہ ناز کتاب ہے ۔۔۔ اولیا کی پہچان ۔۔۔ اوراد اسماء الحسنیٰ ۔۔۔ درود شریف ۔۔۔

دلائل الخیرات

رسول کی نمائیں

دعائے مستقبل

حل مشکلات

الجمیعۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

کیا ارتداد کے بعد نکاح قائم رہتا ہے

سید غلام بھیک صاحب نیرنگ کا جواب

اگر سودہ زیر بحث کی دفعہ (۵) منظور ہو ۔۔۔ اور آئندہ بھی علماء دین یہی قرار دیتے رہیں کہ زوجہ مرتدہ کا نکاح ارتداد سے فسخ ہو جاتا ہے تو پھر بھی وہ مرتدہ قانون ۔۔۔ کی رو سے اپنے شوہر کے سوا باقی ہر ایک متوفی مورث کی وراثت میں حصہ پا سکتی ہے ۔ مثلاً بیٹی کی حیثیت سے اپنے باپ اور ماں کے ترکہ میں حصہ پائے گی اور اسی طرح جس جس کی وارث بحالت اسلام ہو سکتی ہو بحالت کفر بھی اس کی وارث ہوگی ۔ جو منکوحہ مسلمان عورت کی حالت ہو گی کوئی مسلمان مرد یا عورت مرتد ہو جائے تو برطانوی ہندوستان کے قانون کی رو سے اس کا حق وراثت زائل نہیں ہوتا ۔ اگر کوئی ہندو یا پارسی یا کوئی اور غیر مسلم مسلمان ہو جائے یا کوئی اور مذہب اختیار کرلے تو وہ بھی اپنے خاندانی حقوق وراثت سے محروم نہیں ہوتا ۔ ان حالات میں چغتائی صاحب غور فرمائیں کہ اس دفعہ ۔۔۔

کو وہ بذریعہ قانون حاصل ہو جائے تو محض اصول معدلت کے بھروسے پر کسی منکوحہ مسلمان عورت کو کبھی بھی مرتد ہونے کی ہمت ہو گی ۔ ۔۔۔ ان کو جائز طور پر دوسری شادی کرنے اور دوسرے شوہر کے پہلو میں جا بیٹھنے کی امید ہے ۔ جب یہ امید منقطع ہو جائے گی تو ارتداد بھی بند ہو جائے گا ۔

تاریخ اسلام میں فرق ضالہ کا سلسلہ

مرزائیت کی بنیاد کیا ہے

(از سید اختر احسن بی اے بی ٹی ہیڈ ماسٹر ایم بی ہائی سکول ۔۔۔)

عام طور پر ۔۔۔ کو یہ کہتے سنا گیا ہے کہ جناب مرزا صاحب نے اپنے نئے مذہب کی بنیاد ان کے اصولوں پر رکھی ہے ۔ یا مرزا موصوف نے ان کی نقل میں نئے ۔۔۔

برانے کپڑے پہننا اور موٹی جھوٹی خوراک کھانا مناسب خیال فرماتے تھے تاکہ وہ اپنے وجود با وجود کو اپنی رعایا کے غریب ترین ۔۔۔ کے برابر لاسکیں ۔ اپنے نفس کو جذبہ حیوانی ۔۔۔

سے اس نئے مذہب کا مطالعہ فرمائیں اور پھر اس نتیجہ پر پہنچیں گے کہ تاریخ اپنے آپ کو دہراتی ہے ۔ اور ایک ہزار سال کے بعد پھر وہی واقعات ہمارے سامنے پیش آ رہے ہیں ۔

دماغ کے سوالات

ماہواری

الجمیعۃ بک ڈپو کی مذہبی کتابوں کا نایاب ذخیرہ

ترجمان القرآن حضرت مولانا ابوالکلام آزاد نے قرآن حکیم کا مطالب اردو زبان میں ایک خاص انداز و ترکیب سے ۔۔۔ سورۂ فاتحہ کی ایک نہایت فصیح و بلیغ تفسیر لکھی ہے ۔ حواشی آپ ہی نے لکھے ہیں ۔ لکھائی چھپائی نہایت دیدہ زیب ۔۔۔

میں جمع کر دی گئی ہیں جس کے متعلق ہندوستان کے اکثر مشہور اخبارات اور رسائل نے بہترین آراء کا اظہار کیا ہے ۔ یہ ایڈیشن قریب الختم ہے جو حضرات فوراً نہ منگا سکیں گے انھیں دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا ۔ پوری کتاب دو سو صفحات پر مشتمل ہے ۔۔۔

جنت کی کنجی

تفسیر بیان القرآن

دوزخ کا کھٹکا

البیان فی علوم القرآن

پاک زندگی

ترجمہ و تفسیر قرآن ۔ تفسیر قادری

معارف الاسمیٰ

الجمال والکمال

مجالس الابرار

صحیح بخاری

فتاویٰ اشرفیہ

فلسفہ تعلیم اسلام

فتاویٰ رشیدیہ

بہشتی زیور مکمل مجلد

تقریر سیرت

ملنے کا پتہ : الجمیعۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

SEMI-WEEKLY
Aljamiat, DELHI.

الجمعیۃ دہلی

ایڈیٹر:- ہلال احمد زبیری (ایم-اے)

فی پرچہ ایک آنہ

جلد ۲۳ | دہلی- یوم دوشنبہ ۲۴ شوال المکرم ۱۳۵۴ہجری- مطابق ۲۰ جنوری ۱۹۳۶ء | نمبر ۵

جاپان کی پیش قدمی سے برطانیہ کو خطرات
ہندوستان اور آسٹریلیا کا مسئلہ زیر غور ہے

روم ۱۸ جنوری۔ اخبار گیورنالے ڈی اٹیلیا رقمطراز ہے کہ مشرق بعید میں صورت حالات پیچیدہ ہوتی جا رہی ہے۔ ...

جنوبی حبش کے سپاہیوں نے مشین گنوں سے ٹینکوں کا زبردست مقابلہ کیا
چار دن تک برابر جنگ جاری رہی

روم ۱۸ جنوری۔ ...

جامع مسجد کے عظیم الشان جلسہ میں مسلمانوں کی متفقہ آواز
صوبہ دہلی کیلئے معیار رائے دہندگی کو زیادہ سے زیادہ وسیع کیا جائے
مسلمان حق رائے دہی کو صرف سرمایہ داروں تک محدود رکھنا نہیں چاہتے

...

حرکت قلب بند ہو جانے سے مسٹر سکلتوالا کا اچانک انتقال
برطانوی پارلیمنٹ کے سابق رکن اور اشتراکیوں کے حامی

لندن ۱۷ جنوری۔ ...

میرٹھ کی سڑک پر لاری کا ایک اور حادثہ
نہر میں گر کر ڈوب گئی

غازی آباد ۱۷ جنوری۔ ...

برطانوی ہوائی جہاز پر فائر
دہلی اور گلگت کے درمیان گولی چلائی گئی

نئی دہلی ۱۸ جنوری۔ ...

چند معززین شہر کی قمار بازی کا مقدمہ
جو اس طرح پکڑا گیا
استغاثہ کے گواہ کا بیان

دہلی ۱۷ جنوری۔ ...

جوٹ کے کارخانہ میں ہڑتال
۴۰۰۰ کاریگر بیکار

کلکتہ ۱۸ جنوری۔ ...

ایک سوشلسٹ کے مکان کی تلاشی
کتابوں اور مسودات پر قبضہ

لاہور ۱۸ جنوری۔ ...

رائسی نخضیر میں آگ لگ گئی
بہت سا فرنیچر اور سامان جل گیا

...

ایک صراف کی دوکان میں چوری

دہلی ۱۸ جنوری۔ ...

ایک نامعلوم سکھ کی نعش

لاہور ۱۸ جنوری۔ ...

چوری کے جرم میں سزائے بید

دہلی ۱۸ جنوری۔ ...

SEMI-WEEKLY
Aljamiat, DELHI.
دہلی کے مشہور محمد نور خاں صاحب سادہ کار مالک فرم محمد مختار خاں محمد نور خاں نے دو نہری تحفے گاندھی جی اور مسٹر جواہر لال نہرو کی خدمت میں پیش کئے ہیں۔ محمد نور خاں صاحب نے اپنے کارخانے کے دو بابلی جوڑے پہلے ہی گاندھی جی کی خدمت میں پیش کئے تھے اس دفعہ جب گاندھی جی دہلی تشریف لائے تو ڈاکٹر انصاری صاحب نے محمد نور خاں صاحب کا یہ تحفہ گاندھی جی کی خدمت میں پیش کیا۔

دوسرا تحفہ مسٹر جواہر لال نہرو کی خدمت میں ڈاکٹر انصاری صاحب نے اس دعوت کے موقع پر پیش کیا جو ان کی کوٹھی پر مسٹر جواہر لال نہرو کے اعزاز میں دی گئی تھی۔ محمد نور خاں صاحب کی یہ صنعت چونکہ دیسی صنعت تھی اس لئے گاندھی جی اور مسٹر جواہر لال نہرو نے اس کو نہایت خوشی کے ساتھ قبول کر لیا اور محمد نور خاں صاحب سے بڑی دیر تک ان تحفوں کی ساخت کے متعلق گفتگو کرتے رہے۔ گاندھی جی کے تحفے پر یہ عبارت کندہ تھی (خدا تعالیٰ ہمارے مہاتما کو ہمیشہ ہمیشہ زندہ اور تندرست رکھے تاکہ وہ ہمارے ملک کی سیوا کرتے رہیں) مسٹر جواہر لال نہرو کے تحفہ پر یہ عبارت کندہ تھی۔ (خدا سے ہماری یہ دعا ہے کہ وہ ہمارے ملک کو آزاد کرے تو ہم سب موتی اور جواہر بنیں) تحفوں کی دوسری جانب محمد نور خاں صاحب کی فرم کا پتہ تھا تحفے کی دونوں عبارتیں محمد نور خاں صاحب نے تحفے پیش کرتے وقت خود پڑھ کر سنائیں۔ جس وقت ڈاکٹر صاحب نے یہ تحفے پیش کئے ہیں تو گاندھی جی اور مسٹر جواہر لال نہرو نے اپنی دلی مسرت کا اظہار کیا اور محمد نور خاں صاحب کا دونوں بزرگوں نے شکریہ ادا کیا۔ (نامہ نگار)

اجتماع کا تازہ پرچہ شائع ہوگیا
ماہوار کے بجائے ہفتہ وار کر دیا گیا

اجتماع کا تازہ پرچہ پہلے سے زیادہ حسن و خوبی کے ساتھ شائع ہوگیا ہے۔ طباعت و کتابت دیدہ زیب، کاغذ چکنا اور خوشنما، ٹائٹل دو رنگا بلاک آرٹ پیپر پر، اور مزید اضافہ کے ساتھ پانچ صفحات کی تصویریں مختلف رنگوں میں شائع کی گئی ہیں۔ مضامین کی فہرست حسب ذیل ہے:-

(۱)	مقالہ افتتاحیہ	صوبوں کے انتخابات	(۶)	ترک جمود (نظم)	شاعر انقلاب حضرت جوش ملیح آبادی کی ایک ولولہ انگیز نظم	(۱۱)	ایک اجنبی دوست کے نام (نظم)	جناب مولوی حفیظ الرحمان صاحب آصف دہلوی
(۲)	واقعات و آراء	مختلف امور ملکی و خارجی پر بحث	(۷)	اعتراف گناہ	ایک مکمل اور طویل افسانہ خاص اجتماع کے لئے	(۱۲)	طوفان اور شاعر (نظم)	جناب اشتیاق حسین قریشی - ایم - اے
(۳)	عزادار شہید کربلا کا نوحہ (نظم)	جناب سالک کی ایک نظم	(۸)	نوروز	مولوی شبیر حسین صاحب شبیر مارہروی	(۱۳)	انتقادات	نئی کتابوں پر تنقیدیں
(۴)	عید قربان	ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب شیخ الجامعہ جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی	(۹)	رباب شکستہ	(مسلسل غزل) جناب کاظم حسین صاحب ایم اے	(۱۴)	تفریحات	لطائف و ظرائف اور کارٹون
(۵)	ایران کی دستوری حکومت کا نشو و ارتقاء	پروفیسر شفیق حسین صاحب قریشی، ایم - اے استاذ دہلی یونیورسٹی و سیاح ایران	(۱۰)	غالب	جناب فخر الاسلام صاحب زبیری	(۱۵)	مختصرات	مہینے بھر کی اہم خبروں کے خلاصے

ان مضامین کے علاوہ صفحہ ۱، ۲، ۴، ۵، ۶، ۷ پر رنگین تصاویر ہیں -

اسی پرچہ میں یہ اعلان کیا گیا ہے کہ اجتماع بجائے ماہوار کے ہفتہ وار شائع کرے گا - اور اس کا سالانہ چندہ ہندوستان میں ستے اور بیرون ہند کیلئے پانچ شلنگ ہوگا - یہ رعائتی شرح صرف آخر مئی تک رہیگی اسکے بعد سالانہ چندہ ہندوستان کیلئے للعہ اور بیرون ہند کیلئے سات شلنگ کر دیا جائے گا - ماہوار اجتماع کے جو خریدار اس مدت میں سالانہ چندہ ... نہ کر دیں گے انہیں رعائتی شرح پر سال بھر کیلئے ہفتہ وار کا مستقل خریدار بنالیا جائے گا۔

جو حضرات اجتماع کے خریدار بن چکے ہیں انہیں اپنا سالانہ چندہ وضع کرکے باقی رقم بھیجدینی چاہیے - ان کی مدت خریداری ماہ اپریل سے شمار کی جائے گی۔

تازہ پرچہ کا نمونہ منگانے والوں کو چاہئے کہ ۲ کے ٹکٹ ارسال فرمائیں بغیر اسکے نمونہ نہیں بھیجا جائیگا مقامی ایجنٹوں سے بھی یہ پرچہ ۲ میں خریدا جا سکتا ہے - حسب ذیل مقامات پر ایجنٹ اخبارات سے اجتماع طلب کرنا چاہیے:
بمبئی، کراچی، احمد آباد، سورت، اجمیر، جبلپور، پشاور، الہ آباد، رڑکی، سہارنپور، دہرہ دون، بنارس، چھپرہ، آگرہ، جالندھر، اجین، سمستی پور، بھوپال، مراد آباد، گورکھپور، گیا، رنگون، کلکتہ، سیالکوٹ، لاہور، بانکی پور۔

منیجر اجتماع بلیماران دہلی

جمعیۃ پرنٹنگ پریس دہلی میں باہتمام ہلال احمد زبیری پرنٹر و پبلشر چھپکر دفتر اخبار الجمعیۃ دہلی سے شائع ہوا۔

SEMI-WEEKLY Aljamiat DELHI.
الجمعیۃ دہلی
رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳
ایڈیٹر: ہلال احمد زبیری (ایم۔اے)
جلد ۲۳ — دہلی۔ یوم پنجشنبہ ۲۳ محرم الحرام ۱۳۵۵ھ ہجری۔ مطابق ۱۶ / اپریل ۱۹۳۶ء — نمبر ۲۶

ممالک اسلامیہ میں کیا ہو رہا ہے

مصر کی قسمت پر ٹرکی کی نظر
برطانیہ اور مصر کی گفت و شنید سے دلچسپی لی جا رہی ہے

شام اور ٹرکی کے مابین تجارتی گفتگو
فرانسیسی نمائندوں کی آمد

ٹرکی کے فوجی بجٹ میں اضافہ
سال گزشتہ سے ۱۲ ملین پونڈ زیادہ کی منظوری

ٹرکی کا عظیم الشان جنگی جہاز

یمن کے طلباء عراقی اداروں میں

مملکت ترکیہ میں سڑکوں کا جال
آئندہ پندرہ سال کا پروگرام

مصری نوجوان قابو سے باہر ہو گئے
آزادی مصر کا مطالبہ

عراق میں فوجی تعلیم لازمی قرار دیدیا گیا
نوجوانوں میں فوجی تربیت کیلئے بیتابی

ایرانی شہروں کی آرائش کا مسئلہ

ٹرکی کی مجلس وزراء کا اہم اجتماع
موجودہ حالات میں ٹرکی کے رویہ پر غور

حکومت عراق اور ... کے مابین گفت و شنید
بنک کے قیام پر غور

عراق میں دیہاتیوں کے لئے تعلیم کا انتظام

عراقی طلباء کی ٹرکی اور انگلستان کو روانگی

اتحاد بلقان سے ٹرکی کی دلچسپی

ٹرکی میں بنکوں کیلئے نیا قانون

مسلم جانباز سے خطاب

بساطِ ارض پر چھا جا خدارا آسماں ہو کر
عیاں ہو گنبدِ گردوں پہ مہرِ ضوفشاں ہو کر
جلادے اپنے پرتو سے زمیں کے ذرے ذرے کو
مٹا دے ظلمتِ گیتی ہلالِ آسماں ہو کر
کہاں گم ہو گئی سطوت کہاں کھوئی گئی ہمت
اکڑ آیا ہی پسپائی پہ کیونکر کامراں ہو کر؟
کیا ہی تنگ داماں کیوں؟ نہیں ہوتا پریشاں کیوں؟
چھلک اے چشمۂ ایماں تو بحرِ بیکراں ہو کر
چڑھا تا کیوں نہیں چلّہ پہ اپنے تیرِ ہمت کو
جھکا جاتا ہے پستی کی طرف کیوں خم و کماں ہو کر
سرِ تسلیم خم کرنا ہے تو خم کر درِ حق پر
پڑا ہے در پہ کیوں غیروں کے سنگِ آستاں ہو کر
سکونِ قلب کیوں اغیار کے حلقے میں کھو بیٹھا
عبث پھر دامنی ٹوٹ پڑ گوہ گراں ہو کر
سمندر کی طرح جل کر حیاتِ تازہ کر حاصل
یہ جلنا کوئی جلنا ہے کہ رہ جائے دھواں ہو کر
خدارا عظمتِ پارینۂ اسلام قائم کر
ذرا اے مسلم جانباز فاروقِ جہاں ہو کر
زمانہ در پئے ایلائے ایجادات ہے تو بھی
جہاں میں نام پیدا کر اسی کے ہمعناں ہو کر
اگر شیدائے حق کو داد ملتی ہے تو ملتی ہے
ہمیشہ نطق کے بل پر سدا جادو بیاں ہو کر

(از جناب عبد الرشید احمد صاحب شیدا۔ لودھیانوی)

جلوۂ افکار

نگاہ نیچی کئے مسکرائے جاتے ہیں
وہ صبر و ہوش کی دنیا مٹائے جاتے ہیں
شبِ فراق یہ آواز کس نے دی یا رب
ذرا ٹھہر دلِ مضطر وہ آئے جاتے ہیں
کسی کے حسن کے آثار رنگ و بو بنکر
تمام عالمِ امکاں پہ چھائے جاتے ہیں
یقین یہ ہے شبِ انتظار ہر لمحہ
وہ آ رہے ہیں وہ آتے ہیں آئے جاتے ہیں
یہ فرطِ شوق کا عالم ہے راہِ الفت میں
نفس نفس پہ قدم ڈگمگائے جاتے ہیں
شبِ فراق کی بیتابیاں معاذ اللہ
کہ جیسے قلب و جگر منہ کو آئے جاتے ہیں
پہونچ کے منزلِ مقصود کے قریب فضا
یہ حال ہے کہ قدم لڑکھڑائے جاتے ہیں

(از جناب فضل اللہ آبادی)

خریداران الجمعیۃ کو چاہئے کہ جواب طلب امور کیلئے جوابی کارڈ یا پانچ پیسے کے ٹکٹ ضرور ارسال فرمایا کریں۔ (منیجر)

SEMI-WEEKLY Aljamiat, DELHI.
Vol 23 — DELHI MONDAY 13th April 1936 — No. 25

یہ جگہ اشتہار کیلئے خالی ہے

ہر قسم کی کتابیں
الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی سے ہر قسم کی کتابیں اور قرآن مجید حمائلیں مصری اور مترجم ارزاں اور رعایتی قیمتوں پر خریدی جاسکتی ہیں۔

قرآن کریم مترجم و محشی

حضرت شیخ الہند کا ترجمہ ... قرآن شریف مع تفسیر ...

ملنے کا پتہ: منیجر الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

پادری کی لڑکی

اسپین کے ایک جلیل القدر پادری کی لڑکی نے جب اسلامی تعلیمات کا مطالعہ کیا اور مسلمانوں کے مذہب اور ان کے اعمال کو غور سے دیکھا تو اس کے دل میں اسلام کی صداقت و حقانیت جاگزیں ہو گئی جب عیسائیوں کو اس کی خبر ہوئی تو تمام پادریوں نے ملکر اس لڑکی پر بیشمار مظالم ڈھائے اور اس غارت جاں گداز اور صبر آزما مصائب میں مبتلا کیا کہ دیکھنے والوں کے رونگٹے کھڑے ہونے لگے مگر وہ لڑکی اسلام پر ثابت قدم رہی اور اس نے بالآخر تمام پادریوں کی شاندار مجلس میں اسلام کی حقانیت پر ایک بصیرت افروز مناظرہ کیا فضیلت اسلام اور رد عیسائیت کے جس قدر دلائل ممکن تھے وہ تائید الٰہی سے اس لڑکی نے پادریوں کے مقابلہ میں اس خوش اسلوبی کے ساتھ پیش کئے کہ سامعین حیرت و استعجاب کے سمندر میں غرق ہو گئے اور پادریوں سے کوئی جواب بن نہ پڑا اور وہ لڑکی ہمیشہ کے لئے اسلام ہی سے وابستہ ہو گئی اس کا نام ازبیلا تھا۔ اور اس کی زندگی کے واقعات ایک کتاب میں قلم بند کر دئے گئے ہیں۔ اگر آپ کو گزشتہ اسلامی عظمت و سطوت کا مطالعہ کرنا ہے اور عیسائیت کے مقابلہ میں اسلام کی حقانیت کے بے شمار دلائل سے واقفیت حاصل کرنے کا شوق ہے اور آپ اس کتاب کے ذریعہ تبلیغ اسلام کا فریضہ ادا کرنا چاہتے ہیں تو فوراً طلب کیجئے قیمت فی جلد ۱۲ علاوہ محصول ڈاک تبلیغی مقاصد کے لئے بیس یا بیس سے زائد جلدوں کے خریدار کو پچیس فی صدی کمیشن دیا جائیگا۔

ملنے کا پتہ: الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

گاندھی جی اور مسٹر جواہر لال نہرو کی خدمت میں ایک مخلص مسلمان کا ہدیہ

دہلی کے مشہور محمد نور خاں صاحب سادہ کار مالک فرم محمد نثار خاں محمد نور خاں نے دو تحفے گاندھی جی اور مسٹر جواہر لال نہرو کی خدمت میں پیش کئے ہیں۔ محمد نور خاں صاحب نے اپنے کارخانہ کے دو جوڑے پہلے بھی گاندھی جی کی خدمت میں پیش کئے تھے اس دفعہ جب گاندھی جی دہلی تشریف لائے تو ڈاکٹر انصاری صاحب نے محمد نور خاں صاحب کا یہ تحفہ گاندھی جی کی خدمت میں پیش کیا۔

دوسرا تحفہ مسٹر جواہر لال نہرو کی خدمت میں ڈاکٹر انصاری صاحب نے اس دعوت کے موقع پر پیش کیا جو ان کی کوٹھی پر مسٹر جواہر لال نہرو کے اعزاز میں دی گئی تھی۔ محمد نور خاں صاحب کی یہ صنعت چونکہ دیسی صنعت تھی اس لئے گاندھی جی اور مسٹر جواہر لال نہرو نے اس کو نہایت خوشی کے ساتھ قبول کر لیا اور محمد نور خاں صاحب سے بڑی دیر تک ان تحفوں کی ساخت کے متعلق گفتگو کرتے رہے۔ گاندھی جی کے تحفے پر یہ عبارت کندہ تھی (خدا تعالےٰ ہمارے دیا تا کو ہمیشہ ہمیشہ زندہ اور تندرست رکھے تاکہ وہ ہمارے ملک کی سیوا کرتے رہیں) مسٹر جواہر لال نہرو کے تحفہ پر یہ عبارت کندہ تھی۔ (خدا سے ہماری یہ دعا ہے کہ وہ ہمارے ملک کو آزاد کرے تو ہم سب بھائی اور جواہر بنیں) تحفوں کی دوسری جانب محمد نور خاں صاحب کی فرم کا پتہ تھا تحفے کی دونوں عبارتیں محمد نور خاں صاحب نے تحفے پیش کرتے وقت خود پڑھکر سنائیں جس وقت ڈاکٹر صاحب نے یہ تحفے پیش کئے ہیں تو گاندھی جی اور مسٹر جواہر لال نہرو نے اپنی دلی مسرت کا اظہار کیا اور محمد نور خاں صاحب کا دونوں بزرگوں نے شکریہ ادا کیا۔ (نامہ نگار)

اجتماع کا تازہ پرچہ شائع ہو گیا
ماہوار کے بجائے ہفتہ وار کر دیا گیا

اجتماع کا تازہ پرچہ پہلے سے زیادہ حسن و خوبی کے ساتھ شائع ہو گیا ہے۔ طباعت و کتابت عمدہ زیب، کاغذ چکنا اور خوشنما، ٹائٹیل دو رنگا بلاک آرٹ پیپر پر، اور مزید اضافہ کے ساتھ پانچ صفحات کی تصویریں مختلف رنگوں میں شائع کی گئی ہیں۔ مضامین کی فہرست حسب ذیل ہے:۔

نمبر	مضمون	تفصیل
(۱)	مقالہ افتتاحیہ	صوبوں کے انتخابات
(۲)	واقعات و آراء	مختلف امور ملکی و خارجی پر بحث
(۳)	عزادار شہید کربلا (نظم)	جناب سالک کی ایک نظم
(۴)	عید قربان	ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب شیخ الجامعہ جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی
(۵)	ایران کے دستور حکومت کا نشوو ارتقا	پروفیسر اشتیاق حسین صاحب قریشی ایم۔اے استاذ دہلی یونیورسٹی و سیاح ایران
(۶)	ترک جمود (نظم)	شاعر انقلاب حضرت جوش ملیح آبادی کی ایک دلدوز نظم
(۷)	اعتراف گناہ	ایک کل اور طویل افسانہ خاص اجتماع کے لئے
(۸)	نوروز	مولوی شبیر حسین صاحب شبیر بارہروی
(۹)	رباب شکستہ	(مسلسل ڈرامہ) جناب کلیم حسین صاحب راز ایم۔اے
(۱۰)	غالب	جناب فخر الاسلام صاحب زبیری
(۱۱)	ایک اجنبی دوست کے نام (نظم)	جناب مولوی حفیظ الرحمن صاحب آصف دہلوی
(۱۲)	طوفان اور شاعر (نظم)	جناب اشتیاق حسین قریشی۔ ایم۔اے
(۱۳)	انتقادات	نئی کتابوں پر تنقیدیں
(۱۴)	تفریحات	لطائف و ظرائف اور کارٹون
(۱۵)	مختصرات	مہینے بھر کی اہم خبروں کے خلاصے

ان مضامین کے علاوہ صفحہ ۱، ۲، ۱۴، ۱۵ اور ۲۷ پر رنگین تصاویر ہیں۔

اسی پرچہ میں یہ اعلان کیا گیا ہے کہ اجتماع بجائے ماہوار کے ہفتہ وار شائع کرے گا۔ اور اس کا سالانہ چندہ ہندوستان میں ۴ روپے اور بیرون ہند کیلئے پانچ شلنگ ہوگا۔ یہ رعایتی شرح صرف آخر مئی تک رہیگی اسکے بعد سالانہ چندہ ہندوستان کیلئے للعہ اور بیرون ہند کیلئے سات شلنگ کر دیا جائے گا ماہوار اجتماع کے جو خریدار اس مدت میں سالانہ چندہ ادا نہ کر دیں گے انہیں رعایتی شرح پر سال بھر کیلئے ہفتہ وار کا مستقل خریدار بنا لیا جائیگا۔

جو حضرات اجتماع کے خریدار بن چکے ہیں انہیں اپنا ماہوار چندہ وضع کر کے باقی رقم بھیجدینی چاہئے۔ ان کی مدت خریداری ماہ اپریل سے شمار کی جائے گی۔

تازہ پرچہ کا نمونہ منگانے والوں کو چاہئے کہ ۲ کے ٹکٹ ارسال فرمائیں بغیر اسکے نمونہ نہیں بھیجا جائیگا۔ مقامی ایجنٹوں سے بھی یہ پرچہ ۲ میں خریدا جا سکتا ہے۔ حسب ذیل مقامات پر ایجنٹ اجتماع طلب کرنا چاہئے:
بمبئی، کراچی، احمد آباد، سورت، اجمیر، جبلپور، پشاور، الہ آباد، رڑکی، سہارنپور، دہرہ دون، بنارس، چھپرہ، آگرہ، جالندھر، اجین، مستی پور، بھوپال، مراد آباد، گورکھپور، گیا، رنگون، کلکتہ، سیالکوٹ، لاہور، بانکی پور۔

منیجر اجتماع بلیماران دہلی

(جید برقی پریس دہلی میں باہتمام ہلال احمد زبیری پرنٹر و پبلشر چھپکر دفتر اخبار الجمعیۃ دہلی سے شائع کیا)

مسجد شہید گنج کے دیوانی مقدمہ کی مزید سماعت

سکھ گواہوں کے بیانات ختم ہوگئے

لاہور ۱۰ اپریل آج مسٹر سبل ڈسٹرکٹ جج لاہور کے روبرو مسجد شہید گنج کے دیوانی مقدمہ کی مزید سماعت ہوئی۔ آج متعدد گواہان مدعا علیہم کے بیانات قلمبند کئے گئے۔ مدعیان کی طرف سے ڈاکٹر شیخ محمد عالم ملک برکت علی ایڈوکیٹ اور میاں نور الدین بیرسٹر پیروکار تھے۔ مدعا علیہم کی طرف سے مسٹر گورچرن سنگھ ایڈوکیٹ۔ نرندر سنگھ پلیڈر اور رائے بہادر بدری داس پیروی کر رہے تھے۔ کمرہ عدالت سامعین و متعلقین ...

رندھیر سنگھ گرنتھی کا بیان

رندھیر سنگھ گرنتھی گوردوارہ شہید گنج نے بیان کیا ہیں ۱۸ جنوری ۱۹۳۵ء سے گوردوارہ شہید گنج کا گرنتھی ہوں جبکہ گوردوارہ پربندھک کمیٹی نے رکھا تھا۔ تین گنبدوں والی عمارت لوکل گوردوارہ کمیٹی کا قبضہ ۲۲ دسمبر ۱۹۳۴ء کو ہوا تھا۔ تین گنبدوں والی جگہ میں گرنتھی رہتے تھے جن کو میں نے وہاں سے نکال دیا۔ تین گنبدوں والی عمارت پر کسی جگہ قرآن کی آیتیں یا کلمہ وغیرہ نہیں لکھا تھا۔ یہ عمارت میری موجودگی میں گرائی گئی اور وہاں سے ہڈیاں نکلیں۔ ہڈیاں عمارت کی بیرونی دیوار کی بنیادوں سے (اس اثناء میں گواہ نے لفظ مسجد استعمال کیا۔ عدالت ...

گواہ نے ست گرہ شاہ آباد کی عمارت کی پچھلی دیوار میں سے بڑی ہوئی ایک محراب بتا کر دکھلاتے ہوئے کہا۔ یہ محراب بھی اس گوردوارہ کی مغرب کی طرف ہے۔ گواہ نے ایک فوٹو دوبارہ پنڈوالی ضلع گوجرانوالہ کا پیش کرتے ہوئے کہا۔ اس کی پشت کی دیوار بھی مغرب کی طرف ہے۔ اور اس دیوار میں سے محراب نکلی ہوئی ہے۔ دونوں گوردواروں اور دربار کا منہ مشرق کی طرف تھا۔ ...

...

حسینۂ صحرا

(۴)

جن بدنصیب ہستیوں کو کبھی کسی سے محبت کرنے کا موقعہ ہی نہیں حاصل ہوا وہ کیا جانیں کہ شمع کے گل ہونے سے پروانہ کے دل پر گل کے فراق میں بلبل کے دل پر کیا کچھ نہیں گزر جاتی۔ حسن نے ابھی شباب کی ابتدائی منازل میں قدم رکھا تھا۔ محبت اور فلسفۂ محبت کی پیچیدگیوں سے وہ اچھی طرح واقف بھی نہیں تھا۔ اس کی فطرت معصومانہ انداز حسن لطیف کے ہر دلپذیر نقش عمل کو قبول کرنے کے لئے تیار تھی۔ فلارنس کی ہمدردی اور بے لوث محبت نے اسے ایک ایسے عالم پہنچا دیا تھا جس سے وہ کسی طرح جدا ہونا نہیں چاہتا تھا۔ ...

کوارٹرس میں صاحب پاشا ایک میز پر جنگی نقشوں کے نقشے پھیلائے حبشی کمانداروں کو ہدایات دینے میں مشغول تھے۔ اتنے میں ایک سپاہی نے ایک نوجوان کا ملاقاتی کارڈ لا کر دیا۔

"حسن مصری" نام پڑھتے ہی وہاب پاشا نے نوجوان کو کیمپ میں طلب کیا۔ حسن خاکی لباس پہنے ہوئے جنرل وہاب پاشا کے سامنے آ کھڑا ہوا۔ مصری طریقہ سے سلام کیا۔ سامنے پڑی ہوئی کرسی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے ترکی جنرل نے نوجوان مصری کو بیٹھنے کو کہا۔ حسن دوبارہ سلام کرتے ہوئے بیٹھ گیا۔

وہاب پاشا نے حسن پر سرسری نظر ڈالتے ہوئے یہ اندازہ ...

...

زخمی اور مجروح سپاہیوں کی تیمارداری ہی پر اکتفا نہیں کر سکتی بلکہ اس کا دل مجبور کرتا ہے کہ خود فوج میں بھرتی ہو کر حبش کی سرزمین کی مدافعت میں حصہ لے اور ممکن ہو تو اہل حبش کی حمایت میں اپنا خون بھی بہا دے۔ (باقی آئندہ)

شربت اکسیر (رجسٹرڈ)

اگر تندرستی میں فرق ہے تو زندگی بیکار ہے

اگر آپ اشتہاری ادویات سے بدگمان ہوگئے ہوں تو صرف ایک روپیہ اور بھی خرچ کر کے ہمارے کارخانے کا شربت اکسیر استعمال کر کے قدرتِ خدا کا تماشہ دیکھیے۔

۱ کیا آپ جوان مرد بننا چاہتے ہیں۔!
۲ کیا اپنی زندگی خوش گزارنا چاہتے ہیں۔!
۳ کیا آپ گھر والی کی خفگی دور کرنا چاہتے ہیں۔!
۴ تو شربت اکسیر خرید کر استعمال کرنا شروع کردیں۔

آپ کا دل لطف اور لذت سے مسرور ہو جائیگا۔

جریان ... اور ضعف باہ کا پیچھا کیسا ہی پرانا کیوں نہ ہو شربت اکسیر کے استعمال سے جڑ سے جاتا رہتا ہے۔ جسم میں کمزوری۔ پیشاب کے قبل یا بعد سفید سفید دھات کا گرنا۔ سستی کاہلی۔ چہرے پر بالکل بے رونقی۔ خون کا بدن میں نہ پیدا ہونا۔ ان سب مہلک امراض کے لئے شربت اکسیر نہایت ہی مفید ثابت ہوا ہے۔ ... قیمت فی شیشی ایک روپیہ۔ تین شیشی کی قیمت دو روپیہ بارہ آنہ۔

تازہ سرٹیفکیٹ! جناب جمیل الدین صاحب شہر جھانسی سے تحریر فرماتے ہیں۔ کہ جناب کا شربت اکسیر واقعی اپنے فائدہ میں اکسیر ہے۔ ...

جواب کے وقت اخبار الجمعیۃ کا حوالہ ضرور دیجئے۔!!!

ملنے کا پتہ۔ ایس۔ اے۔ بی۔ بخشی کمپنی کھڑی والی کوٹھی نمبر ۳۲ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ

الحاد و دہریت کا سیلاب

وہ معرکۃ الآرا تصنیف جس کا بیحد شوق ... اب شائع ہوگئی ہے ... ہر مسلمان کا فرض ہے کہ اس کتاب کو خود پڑھے اور اپنے متعلقین کو پڑھائے ...

ملنے کا پتہ۔ الجمعیۃ بک ڈپو گلی قاسم جان دہلی

دواخانہ رشیدیہ دیوبند

مصفّد

مسیح الملک ثانی حکیم محمد احمد خاں صاحب دہلوی کی حیرت انگیز ایجاد

جوہر جیلانی

... قیمت ایک شیشی دو روپیہ (عہ)

منیجر دواخانہ رشیدیہ دیوبند

اعلانِ عام

جملہ بیوپاریاں و کارخانہ داران کو اطلاع دی جاتی ہے کہ ہم نے ایک کارخانہ سوت گولی بنیک کا جاری کیا ہے اور ہمارے رجسٹری شدہ ٹریڈ مارک حسب ذیل ہیں کوئی صاحب ان مارکوں کے بنانے کا قصد نہ فرماویں ورنہ نقصان اٹھائینگے۔ گولہ ویل ... مارکہ۔ طلیعہ الدار مارکہ بوٹ مارکہ۔ لیمپ مارکہ۔ ... مارکہ۔ چپل مارکہ۔

المشتہران

اکرام اللہ خاں۔ حافظ انعام اللہ خاں

کلاتیون سوت والے صدر بازار دہلی

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ڈیرہ اسمٰعیل خاں میں ایک محلہ میں ایک مسجد ویران پڑی ہے۔ مسلمان اپنے مکان فروخت کر کے مسجد کو غیر آباد چھوڑ دیا۔ اب اسی مسجد میں ایک حجرہ بھی ہے۔ اسی میں ایک شخص حجام اب وہ درزی کا کام کرتا ہے۔ ایک لڑکی کے ساتھ زنا کرتا ہوا پکڑا گیا ہے۔ ہندو صاحبان نے رپورٹ کر کے حوالہ پولیس کر دیا ہے۔ پولیس والوں نے لڑکے کو حوالات میں دے دیا ہے۔ اور لڑکی کا ملاحظہ کرایا گیا ہے۔ ...

... کر سکتا ہے۔ منکوحہ اس کے زنا سے حاملہ ہو خواہ نہ ہو اور زانی کے ماسوا دوسرا کوئی شخص بھی حاملہ من الزنا سے نکاح کر سکتا ہے لیکن دوسرا شخص بعد از نکاح قبل از وضع حمل کے اپنی منکوحہ کو وطی نہیں کر سکیگا ورنہ گنہگار ہوگا۔ اور نکاح کے وقت زنا کار عورت اگر حاملہ نہ ہوگی اور نکاح کے بعد چھ ماہ گزر جانے کے بعد بچا پیدا ہوگا تو یہ بچا حلال کا ثابت النسب ہوگا۔ ہاں اگر چھ ماہ سے قبل بچہ پیدا ہوگا تو یہ بچا حرام کا ہوگا۔ اور نکاح خواں کے پیچھے نماز بغیر کراہت کے جائز ہوگی کیونکہ حاملہ من الزنا اور زنا کار عورت سے نکاح ... جائز ہے۔ ...

...

یہودی اور جرمنی

(از حبیب الرحمٰن صاحب قریشی سکریٹری جماعت اسلامیہ برلن)

ایک عرصۂ عظیم سے جرمنی تمام دنیا کا شکار بنا ہوا ہے کہ وہ یہودیوں پر ایسے ایسے مظالم کرتا ہے کہ جس کا نام و نشان ایک مہذب ملک میں ملنا بہت دشوار ہے اسی پر اکتفا نہیں کی جاتی بلکہ یہاں تک بیان کیا جاتا ہے کہ قتل و خون ہو رہا ہے اور جرمنی میں کسی یہودی کی زندگی خیر میں نہیں۔ یہ باتیں وہ ہیں جو ہر وقت اور ہر موقع پر فرانسیسی برطانوی اخبارات میں نکلتی رہتی ہیں لیکن اگر اس کی وجہ دریافت کی جائے تو صاف معلوم ہو جائے گا کہ آخر یہ کیوں کیا جا رہا ہے اس کا جواب یہ ہے کہ اول تو دنیا کے اکثر اخبارات پر یہودیوں کا قبضہ ہے اور اگر قبضہ نہیں ہے تو کم از کم اتنا اثر ضرور ہے کہ جو چاہیں کسی دوسرے ملک ...

...

وہ ملک جہاں ساٹھ سال میں چالیس کروڑ انسان ہلاک ہو چکے ہیں

اسکے باوجود بڑھتی ہوئی آبادی پریشان کر رہی ہے

روس، امریکہ، فرانس، انگلستان سے چین کا مقابلہ

(ترجمہ خصوصی برائے الجمعیۃ)

جن اشخاص کو دنیا ئے عالم پر نظر رکھنے کا موقعہ ملا ہے ان کو احساس ہوگا کہ موجودہ تمدن دنیا میں شاید چین ہی وہ بدنصیب ملک ہے جسے اپنی بے شمار آبادی، لاتعداد وسائل معاش اور قسم قسم کی اقتصادی سہولتوں کے باوجود گزشتہ نصف صدی کے عرصہ میں ...

پروفیسر مذکور کے خیال میں آبادی کو تنازع میں لانے سے پہلے عوام کے دماغوں کو ہموار کرنے کی ضرورت ہے تاکہ بلند فکر بزرگوں کی رائے اور تجویز کو وہ صحیح طور پر سمجھ تو لیا کریں ظاہر ہے کہ عوام کو تعلیم یافتہ بنا کر ہی ان کے دل و دماغ کو ...

... تولید کا انسداد تجویز کیا گیا تو بھی اس سے کچھ فائدہ حاصل نہیں کیا جا سکیگا، بلکہ کم تعلیم اور جہالت کی وجہ سے سخت خرابیاں پیدا ہو جائیں گی اور موجودہ تہذیب سوسائٹی کا نظام درہم و برہم ہو جائے گا۔

جاپانی عوام روس کے جنگل میں

بغاوت جاپان کے اسرار کا انکشاف

(ترجمہ خصوصی برائے الجمعیۃ)

پچھلے دنوں جاپان میں جو فوجوں نے بغاوت کر کے متعدد ذمہ دار افراد حکومت کو موت کے گھاٹ اتار دیا تھا اس کے صحیح اسباب سے ابتک عام طور پر دنیا بے خبر ہے۔ انگلستان کے مشہور اخبار "مارننگ پوسٹ" میں کپتان کینیڈی نے محققانہ طور پر ان حالات انکشاف کیا ہے جن کی وجہ سے جاپان میں یہ فوجی بغاوت رونما ہوئی۔ ہم ناظرین کی معلومات کیلئے اسے ذیل میں درج کرتے ہیں:—

جاپان کی گزشتہ بغاوت کی فوجی حیثیت پر بحث کرنے سے ...

...

بار بار صلیب پر چڑھنے کے باوجود ہماری آزادی کی روح زندہ ہے

نظم اتحاد اور باہمی قربانی نشانہ ہونے پائے

کانگریس کے کھلے اجلاس میں ہندوستان کے شیر کی گرج

موتی نگر ۱۲ اپریل۔ منظر۔ پنڈت جواہر لال نہرو کی جے اور گاندھی جی کی جے کے نعروں سے گونج اٹھی جب کہ آٹھ شام صدر کانگریس پنڈت جواہر لال نہرو دوسرے مقتدر لیڈروں کی ہمراہی میں کانگریس کے پنڈال میں داخل ہوئے پنڈال قومی موٹو اور قومی لیڈروں کے فوٹو سے آراستہ اور قومی جوش و خروش کا گہوارہ بن گیا۔ جب کہ کانگریس کا ۴۹ واں کھلا اجلاس شروع ہوا۔ پنڈال کے باہر قومی والنٹیر اپنے کمانڈر کی زیر سرکردگی دو رویہ قطاروں میں کھڑے ہوئے تھے۔ پنڈت جواہر لال نہرو کے آتے ہی انہیں سلامی دی گئی۔ پنڈال ڈیلیگیٹوں اور وزیٹروں سے کھچا کھچ بھرا ہوا تھا۔ ڈائس پر بابو راجندر پرشاد سردار ولبھ بھائی پٹیل، مولانا ابو الکلام آزاد، ڈاکٹر انصاری اور دیگر ممتاز لیڈر بیٹھے ہوئے تھے۔ بابو شری پرکاش جی کے استقبالیہ ایڈریس کے بعد جو کہ غیر معمولی طور پر مختصر تھا ...

قومی علم کے وقار کیلئے جان تک لڑنے کا قول

ایک لاکھ سے زیادہ افراد کے ہجوم میں جھنڈا لہرا گیا

موتی نگر کیمپ ۱۲ اپریل۔ یہ جھنڈا ہمارے جذبات، ہماری منزل مقصود، مصائب انگیزیوں ہماری قربانیوں کی نشانی ہے اور ہمارا فرض ہے کہ ہم ہر حالت میں اور ہر صورت میں خواہ اس کے لئے ہمیں اپنی جان تک قربان کرنا پڑے اس کے وقار اور پریسٹیج کو قائم رکھیں گے۔ ان الفاظ کے ساتھ پنڈت جواہر لال نہرو صدر کانگریس نے موتی نگر میں آج قومی جھنڈا لہرایا۔ جہاں کہ ایک لاکھ سے زیادہ اشخاص جمع تھے ...

اصلاحات اور عہدوں کے متعلق ورکنگ کمیٹی کا رزولیوشن پاس ہو گیا

غیر ملکی مصنفوں کی تحریر پر ہندستان کی قسمت کا فیصلہ نہ کرو

سوشلسٹوں کو راجندر بابو کی تنبیہ

لکھنؤ ۱۱ اپریل۔ انڈین نیشنل کانگریس کی سبجکٹس کمیٹی کا گزشتہ اجلاس شام منعقد ہوا جس میں کئی گھنٹے کی بحث کے بعد جس میں بعض اصحاب نے حصہ لیا نئے گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ کے متعلق ورکنگ کمیٹی کا رزولیوشن ۵۰ ووٹوں کے مقابلہ میں ۸۰ ووٹوں کی کثرت سے پاس ہو گیا۔ اس طریقہ پر عہدے قبول کرنے کا مسئلہ ملتوی کر دیا گیا۔

سوشلسٹوں کی جانب سے جو ترمیمیں پیش کی گئیں وہ تمام بھاری کثرت رائے سے مسترد ہو گئیں جس سے سوشلسٹوں کی مکمل شکست اور گاندھی جی کے منہاج طبقہ کی زبردست فتح ہوئی۔

پنڈت جواہر لال نہرو کی رائے

بابو راجندر پرشاد کا جواب

مجلس عاملہ سے استعفیٰ نہیں دے جائیگے

پنڈت جواہر لال نہرو کا اعلان

دہلی ۲ اپریل۔ آج شب سبجکٹس کمیٹی کا اجلاس شروع ہوا ...

غلامی کا پٹہ غلاموں کیلئے کوئی قانون نہیں ہو سکتا

برطانی سلطنت کے اندر حقیقی آزادی حاصل ہونا محال ہے

کانگریس کے اجلاس میں پنڈت جواہر لال نہرو کا خطبہ صدارت

غلامی کا پٹہ غلاموں کے لئے کوئی قانون نہیں ہو سکتا اور اگرچہ ہم فی الحال اپنی مجبوری کے باعث اسکو آرڈیننس کی حکومت نیز ایسی ہی دوسری ذلیل کن باتوں کو گوارا کر لیں گے لیکن اس جبریہ اطاعت میں اس کے خلاف بغاوت کرنے اور اسے ختم کرنے کا حق اور خواہش لابدی طور پر موجود رہے گی۔ ان الفاظ میں پنڈت جواہر لال نہرو نے نئے آئین کی مذمت کی جب کہ آپ نے انڈین نیشنل کانگریس کے ۴۹ ویں اجلاس منعقدہ لکھنؤ میں اپنا خطبہ صدارت پڑھا ...

حوصلہ افزا پیغام

جاپانی عوام روس کے چنگل میں

(بقیہ صفحہ ۳ کالم ۵)

جائز مطالبات میں کانگریس ریاستی لوگوں کی پشت پر ہے

ورکنگ کمیٹی کی میٹنگ

کھوئی ہوئی دولت کیلئے ہی نہیں کھوئی ہوئی روح کیلئے آزادی چاہیے

ایک منظم طاقت کا مقابلہ کرنے کیلئے اپنی تنظیم کرنا پڑے گی

صدر مجلس استقبالیہ کا ایڈریس

لکھنؤ ۱۳ اپریل۔ ہمارے سامنے جو کام درپیش ہے وہ بہت اہم اور مشکل ہے۔ ہم آزادی کے متلاشی ہیں۔ ہمارے لئے آزادی کے معنی فقط یہی نہیں ہیں کہ ہم اپنی کھوئی ہوئی دولت واپس کر لیں بلکہ یہ بھی ہیں کہ ہم اپنی کھوئی روح حاصل کریں۔ ہم آزادی اس لئے چاہتے ہیں کہ ہم اپنی زندگی کو اپنی مرضی کے مطابق بنا سکیں ... ایک ایسی قوم کے افراد کی حیثیت سے جو کہ واقعی عظیم اور واقعی آزاد ہو۔ دنیا میں حرکت کر سکیں۔

بہ زریں الفاظ اس خطبہ کا جزو ہیں جو بابو سری پرکاش جی نے کانگریس کے ۴۹ ویں اجلاس میں استقبالیہ کمیٹی کے چیرمین کی حیثیت سے پڑھا۔

سوویٹ روس کی ہولناک جنگی تیاریاں

۲ ہزار جہاز ران تیار ہیں۔ ۸ ہزار مزید طیارے تیار ہو رہے ہیں

ماسکو ۱۳ اپریل۔ آج ایک رزمی تقریب کے دوران میں جمعیت نوجوانان اشتراکیہ کے ناظم عمومی کو سرونے واضح کیا کہ سوویٹ روس کے اندر ہوائی درسگاہوں میں پچھلے سال ۵۰۰ محفوظ ہوا بازوں کو تعلیم دی جا چکی ہے ... آپ نے مزید فرمایا کہ حکومت اس سال ۸۰۰۰ ہوا بازوں کی ترتیب کا ارادہ رکھتی ہے۔ آپ نے صاف صاف کہہ دیا کہ اگر سوویٹ حکومت پر دشمنوں نے حملہ کیا ... سوویٹ کے نوجوان جنگ کے لئے بالکل تیار ہیں لیکن انہیں اور زیادہ تیاری کرنا چاہئے۔

ادیس ابابا پر اطالوی طیاروں کی پرواز

تمام آبادی شہر چھوڑ گئی۔ جنوبی و شمالی محاذ پر اٹلی کی بمباری

ادیس ابابا ۱۳ اپریل۔ آج صبح مشرق کی طرف سے ۹ اطالوی جنگی ہوائی جہاز آسمان پر نمودار ہوئے۔ اور شہر کے اوپر منڈلانے لگے۔ غیر ملکی افراد نے قونصل خانوں میں جا کر پناہ لی اور تمام غیر ملکی قونصل خانے بھر گئے۔ ایک اطالوی بمبار انداز ہوائی جہاز مغرب سے شہر پر چکر لگانے کے بعد بلندی پر اڑنے لگا تمام آبادی کو اطلاع دیدی گئی اور فاناً فاناً شہر خالی ہو گیا۔

یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ ... اطالوی طیاروں نے ... بمباری کی ...

ترکوں کا ہر قدم پہلے قدم سے آگے بڑھ رہا ہے

وزیر اعظم ترکی نے فیصلہ سے مطلع کر دیا

پیرس ۱۱ اپریل۔ حکومت ترکی نے درہ دانیال کے معاہدہ کو ترمیم کرانے کے لئے قدم بڑھانا شروع کر دئے ہیں اس بارے میں جنیوا میں انقرہ سے خبریں موصول ہوئی ہیں۔ وزیر اعظم ترکی نے پارلیمنٹری گروپ اور پبلک پارٹی کو اس بارے میں فیصلوں کی اطلاع دیدی ہے ان پارٹیوں نے اسے منظور کر لیا ہے۔ یہ فیصلہ ان حکومتوں کے سپرد کیا جائے گا جو معاہدہ لوزین کے دستخط کنندوں میں ہیں۔

قبول وزارت کے فیصلہ کا التوا منظور ہو گیا

کانگریس کیمپ پر سناتنیوں کے حملہ کی افواہ

لکھنؤ ۱۳ اپریل۔ کانگریس کے آج شام کے اجلاس گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ پر بحث ہوئی قبول وزارت کے بارہ میں فیصلہ فی الحال ملتوی کر دینے کی بابو راجندر پرشاد کی تجویز زبردست کثرت رائے سے پاس ہو گئی۔ سبجکٹس کمیٹی میں جن چار ترمیموں کو نامنظور کر دیا گیا تھا انہیں پیش کرکے بحث و تمحیص کی گئی یہ تجاویز قبول وزارت کو رد کر دینے کے فوری فیصلہ اور کمیونسٹ اداروں کے بارہ میں ... تین تجاویز تو نمبر تقسیم آراء کے ہی رد کر دی گئیں۔ ... قبول وزارت کی سٹر ... کی تجویز ۵۵ ووٹ ... کے مقابلہ میں ۴۸۷ آراء سے مسترد کر دی گئی۔

کھلا اجلاس شروع ہونے سے ذرا پہلے ہی یہ وحشت اثر افواہ اڑ گئی کہ ایک سناتنی لیڈر اپنے کئی ہزار ہمراہیوں کے ساتھ ... کانگریس پر حملہ کرنے والا ہے ...

حکومت روس تمام جنگی سامان معمولی قیمت پر ادا کرنے کو تیار ہے

قاہرہ کی خبر ہے کہ اناطولیہ کے مختلف حصص سے جو اطلاعات موصول ہوئی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ حکومت جمہوریہ ترکی مستقبل قریب کے پردہ میں ایک بہت بڑی جنگ کا خطرہ دیکھ رہی ہے۔ چنانچہ تمام حربی شعبوں کی از سر نو اصلاح ہو رہی ہے فوجی سپاہیوں کو ہر وقت ڈیوٹی پر حاضر رہنے کا حکم دیا گیا ہے ...

دو اسلامی حکومتوں کا نزاع ختم ہو گیا

ایران و افغانی سرحدی جھگڑوں کا فیصلہ

پشاور ۱۱ اپریل۔ کابل کے اخبار اصلاح نے ایک خبر شائع کی ہے کہ افغانستان اور ایران کی سرحد پر ستون نصب کئے گئے ہیں۔ اب ایران اور افغانستان کے درمیان سرحد کا جھگڑا ...

تین لاکھ سرفروش ترک درہ دانیال میں موجود ہیں

برطانوی حکومت میں کھلبلی

لندن ۱۱ اپریل۔ حکومت ترکیہ کے اس اعلان سے کہ ترک معاہدہ لوزان کی پرواہ نہ کرتے ہوئے درہ دانیال اور گیلی پولی ...

اطالوی اور حبشی افواج میں خونریز جنگ

ادیس ابابا ۱۲ اپریل۔ جنوبی محاذ پر گیمبر وارا کے قریب ... خونریز جنگ ہو رہی ہے ... لیکن جنگ کا نتیجہ ابھی تک معلوم نہیں ہو سکا۔

ایک مفرور ڈاکو سادھو بنا ہوا جلسہ کی صدارت کرتا ہوا گرفتار

سپرنٹنڈنٹ پولیس اور کانسٹیبل سکھوں کے لباس میں جلسہ میں موجود تھے

موگا ۱۳ اپریل۔ ضلع فیروز پور کے ایک مشہور مفرور بدمعاش کی بابت اطلاع ملی ہے کہ وہ ریاست بیکانیر میں گرفتار ہو گیا ہے۔ کہا جاتا ہے چھ سال سے اس مفرور کی تلاش تھی۔

ریاست کے ایک گوردوارہ میں یہ شخص سادھو کے لباس میں ایک دیوان (جلسہ) کی صدارت کر رہا تھا اسے یہ خبر ہی نہ تھی کہ حاضرین میں موگا کا سپرنٹنڈنٹ پولیس اور متعدد کانسٹیبل سکھوں کے لباس میں موجود ہیں۔ جب اسے پہچان لیا تو پولیس کے آدمیوں نے گوردوارہ کو حصار میں لے لیا اور اسے گرفتار کر لیا۔ معلوم ہوا ہے کہ اس مفرور ڈاکو نے ۱۹۳۰ء میں دو کانسٹیبل جان سے مار ڈالے تھے اور متعدد ڈکیتیوں میں ماخوذ تھا۔

ممالک یورپ نے ساتھ نہ دیا تو فرانس اکیلا ہی جرمنی سے لڑے گا

فرانسیسی جرائد کی شدید نکتہ چینی

پیرس ۱۵ اپریل۔ حکومت فرانس کی ایک سرکاری آرگن رقمطراز ہے کہ جرمنی نے رائن لینڈ میں فوجیں بھیج کر بین الاقوامی معاہدات کی خلاف ورزی کی ہے ...

دول عربیہ کے معاہدہ پر جشن منانے کا فیصلہ

اتحاد عرب پر مسرت و خوشی

... ۱۰ اپریل۔ حجاز، عراق اور یمن کے درمیان جو معاہدہ حال ہی میں پایہ تکمیل کو پہنچا ہے۔ اس پر تمام عرب میں اظہار خوشنودی و مسرت ہو رہا ہے۔ تینوں حکومتوں نے اس سلسلے میں ایک جشن منانے کا فیصلہ کیا ہے۔

مکہ معظمہ میں ایک مسلمان جاسوس کی گرفتاری

فرقہ سنوسیہ کا جوش جہاد

حبش و اطالیہ کی جنگ کا طرابلس الغرب پر اثر

ایک عربی اخبار کا بیان ہے کہ اٹلی اور ابی سینیا کی جنگ کا اطالیہ زیر مقبوضات پر خاص اثر پڑ رہا ہے ...

ایک آوارہ گرد عیسائی کا جوش مذہب پرستی

عدالت میں بوجہ حلف نہیں اٹھایا کہ انجیل جائز نہیں

آئرلینڈ پرائسٹر ایک پھونسے اور تھپڑ کی جھگڑا

ممبر پارلیمنٹ بھی نہ بچ سکے

جوان بن جاؤ

قدیمی مشہور دوکان

آلۂ نامردی

SEXUAL SCIENCE BUREAU

W. A. D.

گھر بیٹھے سینما دیکھئے

خضاب چھوڑ دو

معجون شباب آور

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

لمٹن کرونومیٹر



LIMTON WATCH CO.
RADHA BAZAR STREET
CALCUTTA.

گپت منتر

SIDH MANTAR ASHRAM
29/1 KATRI SAPAI
GAYA.

ضرورت

ضرورت نکاح

بچوں کی اکسیر دوا

بال جیون گھٹی

راجہ غضنفر علی خاں کا بل خلاف مذہبی الزام کے ماتحت نہیں آسکتا

وقف کے خاندان کا کوئی متولی بلکہ وقف اخراج بحق تو وقف نکل لیا واجب ہوتا ہے

بل درگاہ اجمیر شریف کے متعلق حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب کا فتویٰ

(۱) وقف خاص اور وقف عام شرعی اصطلاحیں نہیں ہیں اور اس حقیقت کو پیش نظر رکھتے ہوئے کہ وقف کے لئے تابید شرط ہے اور اگر ابتدا میں کسی خاص فرد یا مخصوص خاندان کے لئے اس کے فوائد منافع محصور بھی کردیئے جائیں تاہم ضروری ہے کہ آخر میں وہ جہتہ غیر منقطعہ کے واسطے وقف ہو جائے۔ اور عام فقراء و مساکین کے لئے کردیا جائے اور اس بنا پر یہ کہنا کہ ہر جہت کے لئے مآلاً عام ہونا لازم ہے ویجعل آخرہ لجھۃ قربۃ لا تنقطع (تنویر الابصار) والصحیح ان التابید شرط اتفاقاً لکن ذکرہ لیس بشرط عند ابی یوسف وعند محمد لا بد ان ینص علیہ (رد المختار)

لیکن چونکہ قانونی طور پر موقوف علیہ کے محصور ہونے یا غیر معین ہونے کی حیثیت سے وقف خاص اور وقف عام کی اصطلاحیں مشہور ہو گئی ہیں تو اس حیثیت سے ہم اگر حسب بیان سائل واقف نے وقف نامے میں یہ عبارت لکھی ہے ... نیز متعلق جہات کے لئے ہونے میں کوئی شک و شبہ نہیں ہوسکتا۔

موجودہ کی معاونت سے اوقاف کی حفاظت کریں کیونکہ جو اسلامی امور قضاۃ اسلام سے تعلق رکھتے تھے مثلاً صوم و افطار کا حکم کرنا جمعہ و عیدین کی نماز و جماعت قائم کرنا وہ بتصریح فقہاء قضاۃ اسلام اور حکومت اسلامیہ کی غیر موجودگی میں مسلمانوں کے ہاتھ آگئے ہیں۔

یقیمھا (الجمعۃ) امیر البلد ثم الشرطی ثم القاضی ثم من ولاہ قاضی القضاۃ ونصب العامۃ الخطیب غیر معتبر (در مختار) فلو الولاۃ کفاراً یجوز للمسلمین اقامۃ الجمعۃ ویصیر القاضی قاضیاً بتراضی المسلمین ویجب علیھم ان یلتمسوا والیاً مسلماً (رد المختار)

(۳) اگر وقف کی آمدنی کے متعلق اس امر کا ظن غالب یا یقین ہو کہ وہ غیر مصارف میں خرچ کی جاتی ہے یا اس میں خیانت اور تغلب ہو رہا ہے یا بدانتظامی کی وجہ سے وقف تباہ و برباد ہو رہا ہے تو مسلمانوں پر لازم ہے کہ وہ وقف کو غیر مصرف میں خرچ ہونے اور خیانت و تغلب اور تباہی و بربادی سے بچانے کی ...

(۴) اوقاف کی نگرانی اور حفاظت اور ان کو خائنوں کی دستبرد سے بچانا اور مستحقین کو ان کے حقوق پہنچانا بے شبہ قضاۃ اسلام کا کام تھا۔ اب اسلامی سلطنت قائم موجود نہ ہونے کی وجہ سے قضاۃ اسلام بھی موجود نہیں اور ان حالات میں مسلمانوں کا فریضہ ہے کہ وہ خود یا حکومت ...

[illegible]

(۵) راجہ غضنفر علی خاں کا بل ... بنیادی ہے جو عنقریب اس بل پر تفصیلی بحث و تنقید کرکے ترمیم و اصلاح کردے گی اور راجہ صاحب کی و دیگر ممبران کونسل آف اسٹیٹ کی خدمت میں بھیجدے گی۔

کتبہ محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ
۱۳ ذی الحجہ ۱۳۵۵ھ

سنہری مشورہ

اگر آپ تھوڑے عرصہ میں اور قلیل سرمایہ سے مالدار بننا چاہتے ہیں تو مانچسٹر کی تیار کردہ کٹ پیس کی تجارت کیجئے اور اگر آپ کم قیمت میں انگلش کپڑے کا لباس تیار کرانا چاہتے ہیں تو ۵ گز کے ۵۱ تھان ۳ پونڈ قیمت ... فوراً طلب کیجئے یا ہماری ایجنسی لے کر فائدہ اٹھایئے تو خط ایجنسی مفت طلب کیجئے۔

نوٹ۔ آرڈر کے ہمراہ چہارم قیمت آنا لازمی ہے۔

چیپ کٹ پیس ہاؤس بی آئی ٹی
بلاک ۶۔ فلاٹ ۳۔ بمبئی ۳



[illegible] انٹرنیشنل ٹریڈنگ کمپنی پوسٹ بکس نمبر ... کلکتہ (سکشن اے۔ ڈی)

انتہائی رعایت کا اعلان

۲۷ مُہری صحت نما قرآن مجید

ہدیہ سب سے کم اور خوبیاں بیشمار

فی جلد مجلد چرمی نقرئی جالدار ۵؍ (محصولڈاک ۱۱)	فی جلد مجلد پارچہ ۱۳؍ (محصولڈاک ۱۱)	فی جلد غیر مجلد ۱۱؍ (محصولڈاک ۱۱)
دس جلد مجلد چرمی نقرئی جالدار ... (علاوہ محصول ریل)	دس جلد مجلد پارچہ ... (علاوہ محصول ریل)	دس جلد غیر مجلد ... (علاوہ محصول ریل)

ایسی تنگی میں بہت کفایت ہوگی غرباء کو تقسیم کرنے کیلئے اس سے بہتر اور کوئی قرآن مجید نہیں ہو سکتا جس کا ہدیہ انتہائی کم ہے

۲۷ عالموں کی ایک جماعت کا صحت کیا ہوا نہایت صحیح بہت سستا اور مقدمہ ترغیب القرآن و اختلاف قرأت ہے۔ یہ تمام ہندوستان میں مقبولیت کی نظر سے دیکھا جارہا ہے اور ہر مکتب میں پڑھایا جانے لگا ہے۔ ثواب حاصل کرنے والے یہ قرآن مجید زکوٰۃ کے روپے سے زیادہ تعداد میں منگا کر یتیم بچوں اور غریب مسلمانوں کو تقسیم کرتے ہیں، مدارس، خانقاہوں اور مسجدوں میں رکھتے ہیں۔

صحت نما ۲۷ مُہری قرآن شریف کے پڑھانے والے استادوں کیلئے آدھی محنت رہ گئی ہے بچے خوشی خوشی پڑھتے ہیں، کیونکہ رموز اور تمام اعراب قرینے سے لگے ہوئے ہیں، حروف صاف صاف الگ الگ ہیں ... [illegible]

ہر قسم کے قرآن مجید و کتابیں الجمعیۃ بکڈپو بلیماران دہلی سے طلب کیجئے

ہر قسم کی جسمانی طاقت اور قوت مردمی کیلئے

AMLCO TONIC

امیکو ٹانک

لاثانی دوا ہے جو اپنے اثرات میں سو فیصدی کامیاب ہے ملک کے ہر طبقہ میں کافی شہرت حاصل کر چکی ہے ہزاروں کہنہ اور مایوس مریض اس دوا کے استعمال سے اچھے ہوگئے۔

جریان — اور مرض ہے جو انسان کی صحت کو بالکل برباد کر دیتا ہے مرض جریان کیلئے امیکو ٹانک نہایت مجرب و اکسیر ہے۔ اس کے استعمال سے جریان ... رفع ہوجاتی ہے۔

نامردی — کے لئے امیکو ٹانک بے مثل دوا ہے۔ اس کا استعمال قوت مردمی کو بڑھاتا ہے ... اعضاء رئیسہ اور تمام جسمانی پرزوں کی اصلاح کرتی ہے۔

امیکو ٹانک ... [illegible]

جذام کوڑھ سن بہری کا مجرب علاج

جذام خواہ کسی درجہ کا ہو حتیٰ کہ کوڑھ تک پہنچ گیا ہو انگلیاں خراب صورت خوفناک چہرہ اور کان ناک وغیرہ پھول کر بیٹھ گیا ہو غرضیکہ مریض کی کیسی ہی ناگفتہ بہ حالت ہوگئی ہو اس فقیری نایاب اکسیر سے معجون کو ... استعمال کریں ... ایک مرتبہ اس مجرب دوا کا تجربہ فرمائیں گے اگر ایک ہفتہ کے اندر فائدہ نہ ہو تو کل قیمت واپس۔ اعتبار نہ ہو تو اقرار نامہ لکھالیں۔ قیمت ہر دو دوا مع رعایتی نو روپے دو آنہ

منیجر دفتر اکسیر جذام نمبر ۵ لہر یا سرائے دربھنگہ

بحکم مسٹر محمد ابو الزماں صاحب بہادر فاروقی منصف دیوبند

بدست عوام فروخت کے لئے ...

[illegible]

مسجد شہید گنج کے مقدمہ کی غیر حاضریاں

(بسلسلہ صفحہ ۲)

مولوی سید پرتھی پال سنگھ کا بیان

مولوی سید پرتھی پال سنگھ نے بیان کیا میں نے خاندان سادات میں جنم لیا تھا۔ میں نے منشی فاضل کا امتحان پاس کیا ہوا ہے۔ اگر کوئی مسجد ویران یا خراب ہو جائے تو اس کے متعلق فتاوے عالمگیری اور دیگر کتب عربی قرآن مجید سیرۃ النبی سے میں متعدد فقرات پیش کرتا ہوں کہ وہ مسجد دوسری صورت میں تبدیل یا منتقل ہو سکتی ہے۔ در مختار مشارق الانوار کے فقرے پیش کرتا ہوں۔ میں نے جو فقرے پیش کئے ہیں وہ بزبان عربی بالکل درست ہیں اور ان کا ترجمہ بھی درست ہے۔ میں عربی پڑھا ہوا ہوں۔ گواہ نے کہا مولوی ثناء اللہ کے دو فتووں کی عبارت کے ترجمے درست ہیں۔ لیکن اس میں ترجمہ سے زائد عبارت درج ہیں۔

بجواب جرح کہا کہ میں نے فارسی منشی فاضل کی ڈگری حاصل کی ہے۔ میں نے پرائیویٹ طور پر عربی پڑھی ہے۔ عربی پڑھانے والے مولوی کا نام یاد نہیں ہے۔ پیر جماعت علی شاہ کے مدرسے میں تعلیم حاصل کی تھی۔ میں نے کتاب ہدایت سے شروع کرکے شرح وقایہ تک کتابیں پڑھی ہیں۔ میں نے خود عربی نہیں پڑھائی ... سال کا تھا کہ میں ...

[illegible]

خریداران الجمعیۃ کو چاہئے کہ خط و کتابت کے وقت اپنے نمبر خریداری کا حوالہ ضرور دیا کریں۔

(مینیجر الجمعیۃ دہلی)

اجودھیا کی ایک سعادتمند روح

اجودھیا کی ایک لڑکی کا قرآن مجید سننا، اس کی کشش سے متاثر ہونا، اسلام کی محبت کو اپنے دل میں پرورش کرنا۔ تاریک ماحول سفیانہ اور ظالمانہ ... کے زہرہ گداز مظالم کو صبر و استقامت کے ساتھ برداشت کرنا اور بالآخر اسلام کی حقانیت کا اعلان ... یہ سب کچھ کردکھایا ... اور کیا تھا جن حضرات نے ابھی تک اس کتاب کو نہیں پڑھا ہے ان کے لئے ضروری ہے کہ اس کی ایک جلد منگا کر اپنے پاس رکھیں ممکن نہیں کہ ایک مرتبہ شروع کرنے کے بعد اس کتاب کو ختم کرنے پر مجبور نہ ہو جائیں۔

اس کتاب کی مقبولیت کا یہ عالم ہے کہ پہلا ایڈیشن بہت جلد ختم ہوگیا۔ اب دوسرا ایڈیشن پہلے کی نسبت زیادہ تعداد میں چھپوایا گیا ہے۔ جو حضرات فوراً فرمائش بھیجیں ... نہیں تو تیسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔ قیمت صرف آٹھ آنہ (۸) علاوہ محصولڈاک۔

الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

جذام اور دمہ کا شرطیہ علاج

بہوں توان امراض کی صدہا دوائیاں ایجاد ہو چکی ہیں اور ان کے فوائد کا اندازہ تو ہو ہی چکا ہے۔ میری یہ دوائیں تجربی ہیں اور ان میں ہزاری باغ ضلع کے جنگلوں میں جڑی بوٹیوں سے کام لیا گیا ہے۔ ہر موسم میں استعمال کیا جاتا ہے۔ فائدہ نہ ہونے کی صورت میں قیمت واپسی کی شرط لکھالیں۔

سفوف جذام — خواہ کیسا ہی کوڑھ ہو ... ایک ہفتہ میں انتہا چالیس روز میں اس دوا سے بالکل نیست و نابود ہو جاتا ہے۔ قیمت چالیس روز کی دوا کے لئے ساڑھے پانچ روپے (۵؍۸) نمونہ کی شیشی جس میں دس روز کی دوا ہوگی ... محصول معاف۔

سفوف دمہ — دمہ کے لئے مشہور ہے کہ دم کے ساتھ جاتا ہے مگر اس دوا کے حیدہ یوم انتہا چالیس یوم کے استعمال سے مرض بالکل دور ہو جاتا ہے گویا کہ نئی زندگی ہو جاتی ہے۔ قیمت چالیس روز کی دوا کے لئے ڈھائی روپے (۲؍۸) نمونہ کی شیشی جس میں دس روز کی دوا ہوگی ... محصولڈاک معاف۔

(نوٹ) ترکیب استعمال کا پرچہ ہمراہ دوا کے ہوگا۔ پتہ اپنا صاف خوشخط لکھیں۔

(مولانا) مولوی محمد ابراہیم صاحب ڈاکخانہ چترا ضلع ہزاری باغ

یہ تو ہمارا اخلاقی فرض ہے

[illegible]

آتنک نگرہ فارسی۔ جام نگر کا ٹھیاواڑ

برص و سفیدی کی نایاب دوا

[illegible]

ڈاکخانہ کشری سرائے (گیا)

جوہر وسمہ مہندی کے متعلق دنیا کا متفقہ فیصلہ

فاضل اجل بلند اقبال حضرت صاحبزادہ حافظ محمد حسین شاہ صاحب نقشبندی علی پوری مد ظلہ خلف الرشید حضرت امیر ملت محدث علی پوری مد ظلہ العالی: جوہر وسمہ لاجواب ایجاد ہے۔ حضرت امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ صاحب بخاری: چند شیشیاں ... سفید بالوں کو قدرتی سیاہی بلا تکلیف آجاتی ہے ... جناب ڈاکٹر خلیفہ شجاع الدین صاحب بیرسٹر ایٹ لا لاہور ... جناب چوہدری غلام حیدر خاں صاحب ... جوہر وسمہ مہندی ... [illegible]

[illegible]

صوفی اینڈ کو رجسٹرڈ دیا کٹرہ راجہ بازار (آزاد منزل) راولپنڈی شہر

ایجنٹ: میاں فضل کریم نور محمد جنرل مرچنٹس بازار کلاں سمبڑیال ضلع سیالکوٹ

سرمہ نور

[illegible]

مولانا نور الدین بہاری بیری والا باغ دہلی

مجموعہ عاشق کے قدموں پر

مدینہ میں عظیم الشان رعایت

[illegible]

فضل شاہ عاشق علی سوداگران کوچہ چیلان دہلی

SEMI-WEEKLY
Aljamiat DELHI.

الجمعیۃ دہلی

(ایڈیٹر - ہلال احمد زبیری ایم - اے)

فی پرچہ ایک آنہ

جلد ۲۶ | دہلی - یوم دوشنبہ ۲۷ محرم الحرام ۱۳۵۵ھ ہجری - مطابق ۲۰ اپریل ۱۹۳۶ء | نمبر ۲۷

سرزمین موتی نگر میں پنڈت جواہر لال نہرو کی درافشانی

مرکز اودھ میں کانگریس کا انچاسواں سالانہ شاندار اجلاس

شیر وطن کا بصیرت افروز خطبہ صدارت

گزشتہ اشاعت کا الجمعیۃ نقریباً کل ہو چکا تھا کہ صدر کانگریس پنڈت جواہر لال نہرو کا خطبہ صدارت موصول ہوا اور جگہ نہ رہنے کی وجہ سے اس اشاعت میں شریک نہ کیا جا سکا۔ اس اشاعت میں خطبہ صدارت شامل کر دیا گیا ہے۔

ہمارا ماضی وحال

کیا ہے کب تہہ خنجر بھی خوف دشمناں ہم نے
سنائی ہے سر مقتل دلوں کی داستاں ہم نے

رنگے ہیں خون سے اپنے ہزاروں گلستاں ہم نے
رہ حق میں بھی خود کو کر دیا بے نشاں ہم نے

بتوں کی یاد تو کر لیتا ہے اپنا دل شیدا
نہ کی ہر قوم کی حالت کبھی دل سے بیاں ہم نے

نہ تھا ہمسر کوئی اپنا بھی میدان ترقی میں
زمانے سے کبھی آگے رکھا تھا کارواں ہم نے

کٹا کر سر کو سجدے میں رسول پاک کی خاطر
بنائی ہے زمین کربلا رشک جناں ہم نے

کبھی علم و ہنر میں تھی ہمیں پوری خوشی حاصل
کیا اندر رقیباں اب عیش جاوداں ہم نے

نہیں ملتا شریعت سے کوئی طرز عمل اپنا
اصول دین کو کیسا کیا ہے رائیگاں ہم نے

ہوئے اغیار مالک آج تہذیب و تمدن کے
کیا طرز عمل اپنا نصیب دشمناں ہم نے

شگفتہ نام احمد کا اگر اقبال ہے غالب
کیا ہے ورنہ اپنے کو تو رسوائے جہاں ہم نے

(از جناب شگفتہ صاحب امروہوی)

فکر رنگیں

عنایت کی تمنا ہے مجھے اس چشم پر فن سے
نہ جسکو دوست سے مطلب نہ جسکو کام دشمن سے

ہوا کے ساتھ یہ اڑ کر لپٹ جاتی ہے دامن سے
جو ممکن ہو تو وہ دامن بچالیں خاک مدفن سے

قفس کی تیلیوں کے کام آیا آشیاں اپنا
وہ بجلی لے گئی جو بچ رہے تنکے نشیمن سے

جھجکتا ہی رہا قاتل سرکتا ہی رہا قاتل
نہ چھوٹا ہاتھ سے دامن نہ چھوٹا ہاتھ دامن سے

سنا دو قصہ موسیٰ دکھا دو طور کا جلوہ
نقاب چہرۂ روشن الٹ دو روئے روشن سے

قفس میں یاد کیا کیا سیر گلشن کی دلاتے ہیں
وہی دو چار تنکے بچ رہے ہیں جو نشیمن سے

صفا کس سے نہ ملئے اور ملئے کس سے دنیا میں
جسے سمجھے ہوئے تھے دوست وہ بڑھکر ہے دشمن سے

(از جناب صفا صاحب الہ آبادی)

SEMI-WEEKLY
Aljamiat, DELHI.

Vol 23 — DELHI THURSDAY APRIL 16 1936 — No. 26

یہ جگہ اشتہار کیلئے خالی ہے

ہر قسم کی کتابیں
الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی سے ہر قسم کی کتابیں اور قرآن مجید حمائلیں مصری اور مترجم ارزاں اور رعایتی قیمتوں پر خریدی جاسکتی ہیں۔

جرمنی نے پوری آزادی حاصل کرلی

پادری کی لڑکی

حضرت شیخ الہند کی ترجمہ کی قرآن شریف کا قلم ایسا ہے

قرآن کریم مترجم و محشی

رئیس المحدثین امام المفسرین حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسن رح و حضرت مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی استاذ اعلیٰ حدیث و تفسیر جامعہ اسلامیہ ڈابھیل (سورت)

اس قرآن پاک کا ترجمہ حضرت شیخ الہند رحمۃ اللہ علیہ نے بزمانہ اسیری جزیرہ مالٹا میں بہت تحقیق و تدقیق اور غور و فکر کے ساتھ بڑی مدت میں مکمل فرمایا تھا۔ اور فوائد کی تحریر کا کام شروع تھا کہ ۱۹۲۰ء میں آپ کا وصال ہو گیا اور فوائد کے باقی پارے آپ کے تلمیذ رشید حضرت مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی نے ساڑھے تین سال کی محنت شاقہ کے بعد مکمل فرمائے۔ اب اردو زبان میں قرآن کریم کے ترجمہ مفہوم اور مطالب کا ایک ایسا مستند و منظم مجموعہ مرتب ہو گیا ہے کہ جس کے ذریعہ ہر ارد و داں قرآن حکیم سے پوری پوری واقفیت حاصل کر سکتا ہے۔ اس قرآن حکیم کے متعلق حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند تحریر فرماتے ہیں "قرآن مجید مترجم بترجمہ سیدی و مولائی حضرت شیخ الہند قدس سرہ العزیز و محشی بفوائد تفسیریہ مولفہ افضل المفسرین مولانا مولوی شبیر احمد صاحب عثمانی مد فیضہم پہنچکر موجب امتنان ہوا حضرت مترجم طاب اللہ ثراہ کے ترجمہ کے متعلق کچھ کہنا آفتاب کو چراغ دکھانا ہے فوائد تفسیریہ کے متعلق اس عرض کر دینا کافی ہوگا کہ معارف قرآنیہ کو اردو زبان میں اس خوبی و خوشنمائی و شگفتگی، متانت، سلاست، فصاحت، بلاغت ... تقطیع مناسب خط موزوں، وضع تحریر خوشنما اور دلپسند ہے۔ ... المسلمین بہ نفعاً کثیراً - آمین
فقیر محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ - دہلی - ... رجب ۱۳۵۲ھ

ہدیہ :- غیر مجلد پانچ روپے (صہ) مجلد کرم طلائی چھ روپے (ستے) محصول ڈاک مجلد دو روپے (دعہ) غیر مجلد ... پیکنگ ہے جو بہر صورت خریدار کے ذمہ ہوگا اور ایک ہزار میل تک ڈاک کے بجائے ریل کے ذریعہ منگانے میں سستا پڑے گا۔

ملنے کا پتہ :- منیجر الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

اجتماع کا تازہ پرچہ شائع ہو گیا

ماہوار کے بجائے ہفتہ وار کر دیا گیا

اجتماع کا تازہ پرچہ پہلے سے زیادہ حسن و خوبی کے ساتھ شائع ہو گیا ہے۔ طباعت و کتابت دیدہ زیب، کاغذ چکنا اور خوشنما، ٹائٹل دو رنگا بلاک آرٹ پیپر پر، اور مزید اضافہ کے ساتھ پانچ صفحات کی تصویریں، مختلف رنگوں میں شائع کی گئی ہیں۔ مضامین کی فہرست حسب ذیل ہے :-

(۱)	مقالہ افتتاحیہ	صوبوں کے انتخابات	(۶)	تحریک جمہوریت (نظم)	شاعر انقلاب حضرت جوش ملیح آبادی کی ایک ولولہ انگیز نظم	(۱۱)	ایک اجنبی دوست کے نام (نظم)	جناب مولوی حفیظ الرحمان صاحب آصف دہلوی
(۲)	واقعات و آراء	مختلف امور ملکی و خارجی پر بحث	(۷)	اعتراف گناہ	ایک مکمل اور طویل افسانہ خاص اجتماع کیلئے	(۱۲)	طوفان اور شاعر (نظم)	جناب اشتیاق حسین قریشی ایم اے
(۳)	عزادار شہید کربلا (نظم)	جناب سالک کی ایک نظم	(۸)	نوروز	مولوی شبیر حسین صاحب شبیر راہرودی	(۱۳)	انتقادات	نئی کتابوں پر تنقیدیں
(۴)	عید قربان	ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب شیخ الجامعہ جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی	(۹)	رباب شکستہ	(مسلسل ڈرامہ) جناب کاظم حسین صاحب رازی ایم اے	(۱۴)	تفریحات	لطائف و ظرائف اور کارٹون
(۵)	ایران کے دستور حکومت کا نشو و ارتقا	پروفیسر اشتیاق حسین صاحب قریشی ایم اے استاذ دہلی یونیورسٹی و سیاح ایران	(۱۰)	غالب	جناب فخر الاسلام صاحب زبیری	(۱۵)	مختصرات	مہینے بھر کی اہم خبروں کے خلاصے

ان مضامین کے علاوہ صفحہ ۱، ۲، ۷، ۱۴، ۱۵، ۱۶ اور ۲۷ پر رنگین تصاویر ہیں۔

اسی پرچہ میں یہ اعلان کیا گیا ہے کہ اجتماع بجائے ماہوار کے ہفتہ وار شائع ہوا کرے گا۔ اور اس کا سالانہ چندہ ہندوستان میں سے اور بیرون ہند کیلئے پانچ شلنگ ہو گا۔ ریاعیتی شرح صرف آخر مئی تک رہے گی اسکے بعد سالانہ چندہ ہندوستان کیلئے للعہ اور بیرون ہند کیلئے سات شلنگ کر دیا جائے گا۔ ماہوار اجتماع کے جو خریدار اس مدت میں سالانہ چندہ روانہ کریں گے انہیں رعایتی شرح پر سال بھر کیلئے ہفتہ وار کا مستقل خریدار بنا لیا جائے گا۔

جو حضرات اجتماع کے خریدار بن چکے ہیں انہیں اپنا سالہ چندہ وضع کر کے باقی رقم بھیجدینی چاہئے۔ ان کی مدت خریداری ماہ اپریل سے شمار کی جائے گی۔

تازہ پرچہ کا نمونہ منگانے والوں کو چاہئے کہ ۲ کے ٹکٹ ارسال فرمائیں بغیر اسکے نمونہ نہیں بھیجا جائے گا۔ مقامی ایجنٹوں سے بھی بہ پرچہ ۲ پیسہ خریدا جا سکتا ہے۔ حسب ذیل مقامات پر ایجنٹ اخبارات سے اجتماع طلب کرنا چاہئے:-

بمبئی، کراچی، احمد آباد، سورت، اجمیر، جبلپور، پشاور، الہ آباد، رڑکی، سہارنپور، دہرہ دون، بنارس، بچھرہ، آگرہ، جالندھر، اجین، ستی پور، بھوپال، مراد آباد، گورکھپور، گیا، رنگون، کلکتہ، سیالکوٹ، لاہور، بانکی پور۔

منیجر اجتماع بلیماران دہلی

(جمعیۃ برقی پریس دہلی میں باہتمام ہلال احمد زبیری پرنٹر و پبلشر چھپکر دفتر اخبار الجمعیۃ دہلی سے شائع ہوا)

بہرحال کانگریس کی جماعتوں میں اتحاد ضروری ہے

آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے ارکان سے صدر کا خطاب

لکھنؤ کانگریس کیمپ ۵ اپریل۔ آج صبح آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے ارکان کے سامنے تقریر کرتے ہوئے پنڈت جواہر لال نہرو نے کہا کہ مجلس عاملہ کے جلسہ پر غور کرنے کے لئے مجھے کافی وقت نہیں مل سکا چونکہ کانگریس کی سرگرمیوں کے سلسلہ میں مجلس عاملہ کو ملک بھر میں نہایت اہم اور ذمہ دارانہ فرائض انجام دینے پڑیں گے۔ اس لئے میرے خیال میں یہ مجلس اس قسم کی ہونی چاہئے جو کانگریس کی طرف سے تیار کردہ پروگرام کو انجام دینے کے لئے مستعد رہے۔ ساتھ ہی سال بھر کام کریگی۔ مجلس عاملہ کو مرتب کرنے سے پہلے مجھے کانگریس کے ان تمام ترقی پسند عناصر کا جائزہ لینا پڑیگا جو موجودہ حالات کا مقابلہ کر سکیں گے۔

اس کے بعد پنڈت جی نے کانگریس کی دو جماعتوں کے درمیان خیالات کے تصادم کا تذکرہ کرتے ہوئے کہا کہ ابھی میں جیل ہی میں تھا کہ مجھے معلوم ہو گیا تھا کہ کانگریس کے اندر کانگریس سوشلسٹ پارٹی کے نام سے ایک نئی جماعت پیدا ہو گئی ہے۔ یورپ سے واپس پہنچنے پر اس پارٹی کے ارکان سے تبادلہ خیالات کرنے کا اتفاق ہوا ہے۔ ذاتی طور پر میں اس جماعت کا خیر مقدم کرتا ہوں۔ خیالات کا تصادم ایک مبارک فال ہے۔ …

دعوت کے وقت میزبان والیان ریاست کو متوجہ کیا

سیاسیات میں آپ کا حصہ ہے۔ فیڈریشن میں حصہ لیجئے

نئی دہلی ۵ اپریل۔ گذشتہ رات بعض والیان ریاست کی جانب سے ہز اکسلنسی وائسرائے ہند کو امپیریل ہوٹل میں الوداعی دعوت دی گئی۔ وائسرائے ہند نے تقریر کرتے ہوئے کہا کہ ہندوستان میں والیان ریاست کی موجودگی عضو معطل کی طرح نہیں ہے بلکہ میری دانست میں سیاسیات ہند میں ان کا بے حد اثر و رسوخ ہے۔ …

غلامی سے گھبرا کر جان دیدی

ایک بنگالی نظر بند کی لاش دریا میں ملی

میمن سنگھ ۷ اپریل۔ آج ایک نظر بند مسٹی نی گوپال چکرورتی کی لاش جو کچھ عرصہ سے اپنے کوارٹر سے غائب تھا سڑی ہوئی حالت میں ایک جھیل میں سے تیرتی ہوئی ملی۔ … لاش کا پوسٹ مارٹم بھی ہو چکا ہے۔

یتیم بچوں اور بیواؤں کی حفاظت کے نام پر ان کی خرید و فروخت

دہلی میں جرائم کی سالانہ رپورٹ

دہلی ۲ اپریل۔ صوبہ دہلی کی گذشتہ سال کی جرائم کی رپورٹ سے پتہ چلتا ہے کہ اس سال صوبہ ہذا کو دہلی میں جتنے جرائم کئے گئے …

اتحاد عرب کی تحریک میں انگریزوں کا ہاتھ ہے

سینٹ برائس کا عربی ممالک کی تنظیم پر تبصرہ

پیرس ۱۲ اپریل۔ جنرل میں سینٹ برائس لکھتے ہیں:۔ کہ اطالوی پالیسی کا مقابلہ کرنے کے لئے برطانیہ مغربی ممالک کی تنظیم کی کوشش کر رہا ہے۔ آپ مزید لکھتے ہیں کہ ایران اور عراق کے درمیان اور ایران اور افغانستان کے درمیان پہلے سے ہی معاہدہ موجود ہے اور اب عراق اور سعودی عرب کے درمیان نیا معاہدہ ہوا ہے جس میں یمن بھی شریک ہو گیا ہے اور مصر نے بھی شامل ہونے پر رضامندی ظاہر کی ہے۔ سینٹ برائس دریافت کرتے ہیں کہ اس تحریک کے پیچھے کون کام کر رہا ہے۔ جواب میں آپ فرماتے ہیں کہ اس کا ذمہ دار برطانیہ کے سوا کون ہو سکتا ہے۔ کیونکہ برطانیہ نے اپنی ایسے وقت میں جب کہ اٹلی کی طاقت بڑھتی جا رہی ہے۔ عربی ممالک کو متحد کرنا غنیمت خیال کیا۔

خان عبد الغفار خان اور سبھاش بابو نئی ورکنگ کمیٹی میں

پانچ ممبر سوشلسٹ پارٹی سے لئے گئے

لکھنؤ ۱۰ اپریل۔ پنڈت جواہر لال نہرو صدر انڈین نیشنل کانگریس نے اپنی کیبنٹ کے لئے مندرجہ ذیل ممبر منتخب کئے ہیں:۔ …

کیبنٹ کا پہلا اجلاس

شاہ افغانستان کی ہندو پروری

مندروں کی مرمت کیلئے چودہ ہزار روپیہ کی منظوری

پشاور ۱۰ اپریل۔ اطلاع موصول ہوئی ہے کہ ہز مجسٹی شاہ ظاہر شاہ والی افغانستان نے افغانستان کے ہندوؤں کے مندروں کی اصلاح و مرمت کی غرض سے چودہ ہزار روپیہ منظور کیا ہے۔

کارپوریشن کے ایڈریس کا جواب

نئے وائسرائے بمبئی پہنچ گئے

رخصتی وائسرائے سے ملاقات

ہندوستانیوں کی وفاداری کی تعریف

بمبئی ۱۷ اپریل۔ ہندوستان کے نئے وائسرائے لارڈ لنلتھگو معہ لیڈی آج گیٹ آف انڈیا پر جہاز سے اترے۔ عین اسی وقت انہیں ۳۱ توپوں کی سلامی دی گئی۔ …

کانگریس کی دونوں پارٹیوں میں صلح

ورکنگ کمیٹی کے متعلق کانگریسی حلقوں میں اطمینان

حسینۂ صحرا

(۵)

حسن کی تقریر سے اس کے دلی خلوص اور جوش کا اظہار ہوتا تھا۔ واہب پاشا اس کی بے لوث باتوں سے متاثر ہوئے جاتے تھے۔ کچھ دیر توقف کے بعد انہوں نے کہا "میرے بچے حسن خدا تمہیں اس نیک ارادہ کا اجر دے۔ مگر میرا خیال ہے کہ اگر تم ڈاکٹر کی حیثیت سے ہی فوجی خدمات انجام دیتے رہے تو تمہیں وہی ثواب ہوگا جو جنگ میں مصروف سپاہی کو حاصل ہوتا ہے۔ سپاہی ملک و قوم کی حفاظت کے لئے اپنی جان کی بازی لگانے پر آمادہ رہتا ہے اور تم اس زندگی کو سلامت رکھنے میں کوشاں ہو جو ملک و قوم کا قیمتی سرمایہ ہے۔"

"درست ہے حضور لیکن میں جوان ہوں۔ فنون حرب سے اچھی طرح واقف ہوں۔ مسلمان ہوں جس کے ریشہ ریشہ اور رگ رگ میں حبش اور اہل حبش کا احسان سرایت کئے ہوئے ہے۔"

حسن نے اپنی تقریر جاری رکھتے ہوئے کہا۔ اس کے خیالات میں زبردست انقلاب نظر آتا تھا۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ اس وقت وہ ایک مسلمان کی حیثیت سے حبش اور صرف حبش کے لئے اپنی جان …

تکمیل کی۔ اس کے بعد میں فرانس ڈاکٹری پڑھنے چلا گیا اور وہیں سے میں نے ڈاکٹری پاس کی۔"

"تم فرانس سے کب آئے نوجوان؟"

"مجھے صرف دو ماہ ہوئے جناب۔"

"دو ماہ ..." حیرت سے واہب پاشا نے بات کاٹتے ہوئے کہا۔ "واپس آ کر آپ مصر میں نہیں ٹھہرے؟"

"میرا ارادہ تھا کہ وطن میں قیام کروں مگر میں ایک ترک بزرگ کا ممنون ہوں کہ انہوں نے مجھے میرے فرض سے آگاہ کیا۔"

رشدی بے کے چہرہ پر مسکراہٹ طاری تھی وہ حسن کو اچھی طرح پہچان گئے تھے مگر حسن ابھی تک انہیں نہیں پہچان سکا تھا۔ رشدی بے نے واہب پاشا کو کچھ اشارہ کیا اور حسن کو قیام کرنے کو کہدیا گیا۔ اسے بتا دیا گیا کہ دو چار دن میں اسے فوج میں داخل کر دیا جائے گا۔

حسن کو واہب پاشا کے قریب ہی ایک کیمپ میں ٹھہرا دیا گیا۔ حسن کے چلے جانے کے بعد جنرل واہب پاشا رشدی بے کی طرف متوجہ ہوئے۔ …

(باقی صفحہ ہذا کالم ۵ کے نیچے ملاحظہ فرمائیے)

حکومت کا طرز عمل

برطانوی ملوکیت کا تنزل

(سلسلہ صفحہ ہذا کالم ۵)

ملوکیت وسرمایہ داری

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند

کی

دوسری تقریر سیرت

قارئین الجمعیۃ کیلئے یہ خبر ضرور موجب مسرت ہوگی کہ حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی دوسری تقریر سیرت جو گذشتہ دس ماہ سے الجمعیۃ کے کالموں میں بالاقساط شائع ہو رہی تھی اب کتابی شکل میں منتقل کی جا رہی ہے۔ یہ تقریر سیرت پہلی تقریر سیرت سے ضخامت میں بہت زیادہ ہے۔ اس کا حجم پہلی تقریر سے ڈیوڑھا یا اس سے بھی زائد ہوگا۔ تین سو صفحات سے زیادہ کی ضخامت پر چھپے گی اور جو آخری حصہ الجمعیۃ میں شائع نہیں ہوا ہے وہ بھی اس کتاب میں شامل کیا جائے گا کتابت شروع ہو چکی ہے اور اس کے بعد بہت جلد طباعت کا اہتمام ہو جائے گا۔

جو حضرات پہلی تقریر سیرت کو ملاحظہ فرما چکے ہیں انہیں اس تقریر کی ہمہ گیری، جامعیت اور سلاست و لطافت کا کچھ اندازہ ہو سکتا ہے۔ اسکے تمام مضامین جدید ہیں اور پیرایہ بیان حضرت مولانا کی تمام خصوصیات کا حامل ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پہلی تقریر سیرت کو جو مقبولیت عام حاصل ہوئی ہے اس کے پیش نظر یہ امید کی جاتی ہے کہ یہ دوسری تقریر سیرت اپنی مزید خوبیوں اور بہتر کتابت۔ طباعت کے باعث اس سے بھی زیادہ مقبول ہوگی۔ اور اس کا پہلا ایڈیشن بہت جلد ہاتھوں ہاتھ فروخت ہو جائے گا۔

دوسری تقریر سیرت کی قیمت دو روپیہ معہ محصولڈاک ہوگی جس میں آٹھ آنے محصولڈاک کے شامل ہونگے لیکن جو حضرات طباعت سے قبل دوسری تقریر سیرت کی قیمت پیشگی بھیجدینگے ان سے قیمت مع محصولڈاک صرف ایکروپیہ آٹھ آنے لی جائیگی۔ ایسے خریداروں کا ایک رجسٹر علحدہ کھول دیا گیا ہے۔ اور انکے نام درج رجسٹر کرنے کا مخصوص انتظام کیا گیا ہے تاکہ ہر خریدار کو جس کی پیشگی رقم عہ وصول ہوگی ہو کتاب چھپتے ہی رجسٹرڈ پارسل کے ذریعہ ارسال کردی جائے۔ جو حضرات پانچ کتابوں کی رقم پیشگی یکشت ارسال کرینگے اور پارسل ایک ہی پتہ پر منگائیں گے انہیں محصولڈاک میں مزید تخفیف ہو جائیگی اور پانچ کتابوں کے لئے ساڑھے سات روپیہ کے بجائے صرف چھ روپیہ معہ محصولڈاک ارسال کرنے ہونگے۔

منیجر الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

دواخانہ رشیدیہ دیوبند

مصفی

کی حیرت انگیز ایجاد

جوہر جیلانی

مہتمم دواخانہ رشیدیہ دیوبند

اجودھیا کی ایک سعادتمند روح

یہ مجموعہ آپ کو آتشکدے کی شعلہ افشانیوں، اسلامی شان و حریت کے خون کھولا دینے والے واقعات، بادۂ سرجوش کی سرمستیوں اور گلہائے رنگا رنگ فطرت کے روح پرور نغموں سے لطف اندوز ہونے کا موقع دیگا۔ یہ شاعر انقلاب کا لافانی شاہکار ہے اور غیر مطبوعہ کلام سے مرصع ہے۔ قیمت تین روپے۔ خریداری کے لئے فوراً درخواست کیجئے۔

ملنے کا پتہ
کلیم بک ڈپو فتحپوری دہلی

پارٹی کا مجوزہ دستور العمل

ایک اور لطیفہ

سب سے بڑی خوبی یا سب سے بڑا نقص

محبوب عاشق کے قدموں پر

بہ ہیں عظیم الشان رعایت

فضل شاہ عامل گلی راجان کوچہ چیلان دہلی

یہ تو ہمارا اخلاقی فرض ہے

یاد رکھئے؟

جوہر ملتا ہے — ہر جگہ ملتا ہے

بیتاب دہلوی

مینوفیکچرر جوہر رام جوہر حیات رجسٹرڈ بازار لال چاہ دہلی

ضرورت

ڈائریکٹر آل ٹیلیگراف ریلوے

مسلم یونیورسٹی علی گڈھ

اشتہار

تمام کلاسیں کھلیں گی

دستخط صاحب رجسٹرار
مسلم یونیورسٹی علی گڈھ

جذام و برص کا شرطیہ علاج

سفوف جذام

سفوف برص

(مولانا) مولوی محمد ابراہیم صاحب ڈاکخانہ چیستہ ضلع ہزاری باغ

گپت منتر

ایک صد روپیہ انعام

SIDH MANTAR ASHRAM
29/1 Katrie Saran
GAYA

SEMI-WEEKLY Aljamiat DELHI.

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

الجمعیۃ دہلی

ایڈیٹر :- ہلال احمد زبیری (ایم - اے)

فی پرچہ ایک آنہ

جلد ۲۳ | دہلی - یوم دوشنبہ ۱۰ ربیع الاول ۱۳۵۵ھ ہجری - مطابق یکم جون ۱۹۳۶ء | نمبر ۳۸

ہندی کیلئے گاندھی جی کا پروپیگنڈا

بھارتیہ ساھتیہ پرشد کی اصل حقیقت

مولوی عبدالحق صاحب سکرٹری انجمن ترقی اردو کا بیان

بہت سے اصحاب اس جملے کے معنی نہیں سمجھیں گے اور اس عنوان کو پڑھکر انہیں الجھن ہوگی۔ اس لئے سب سے اول یہ بتا دینا ضروری ہے کہ اس کے معنی ہیں "ہندوستان بھر کی ادبیات کی انجمن"...

SEMI-WEEKLY Aljamiat, DELHI.

یہ جگہ اشتہار کیلئے خالی ہے

Vol 23 | DELHI SUNDAY & THURSDAY 24 & 28th MAY 1936 | No. 36, 37

ہر قسم کی کتابیں

الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی سے ہر قسم کی کتابیں اور قرآن مجید حمائلیں معری اور مترجم ارزاں اور رعایتی قیمتوں پر خریدی جاسکتی ہیں۔

انجمن خادم الاسلام الور کا جلسہ عام

انجمن سیف الاسلام کا جلسہ تعزیت

ڈاکٹر انصاری کی وفات پر اظہار افسوس

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند

کی

دوسری تقریر سیرت

قارئین الجمعیۃ کیلئے یہ خبر ضرور موجب مسرت ہوگی کہ حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی دوسری تقریر سیرت جو گزشتہ دس ماہ سے الجمعیۃ کے کالموں میں بالاقساط شائع ہو رہی تھی اب کتابی شکل میں منتقل کی جا رہی ہے۔ یہ تقریر سیرت پہلی تقریر سیرت سے ضخامت میں بہت زیادہ ہے اس کا حجم پہلی تقریر سے ڈیوڑھا بلکہ اس سے بھی زائد ہوگا۔ تین سو صفحات سے زیادہ کی ضخامت پر چھپے گی اور جو آخری حصہ الجمعیۃ میں شائع نہیں ہوا ہے وہ بھی اس کتاب میں شامل کیا جائے گا۔ کتابت شروع ہوچکی ہے اور اس کے بعد بہت جلد طباعت کا اہتمام ہوجائے گا۔

جو حضرات پہلی تقریر سیرت کو ملاحظہ فرما چکے ہیں انہیں اس تقریر کی ہمہ گیری، جامعیت اور سلاست و لطافت کا کچھ اندازہ ہوسکتا ہے۔ اسکے تمام مضامین جدید ہیں اور پیرایۂ بیان حضرت مولانا کی تمام خصوصیات کا حامل ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پہلی تقریر سیرت کو جو مقبولیت عام حاصل ہوئی ہے اس کے پیش نظر یہ امید کی جاتی ہے کہ یہ دوسری تقریر سیرت اپنی مزید ضخامت اور بہتر کتابت، طباعت کے باعث اس سے بھی زیادہ مقبول ہوگی۔ اور اس کا پہلا ایڈیشن بہت جلد ہاتھوں ہاتھ فروخت ہوجائے گا۔

دوسری تقریر سیرت کی قیمت دو روپیہ معہ محصولڈاک ہوگی جس میں آٹھ آنے محصولڈاک کے شامل ہونگے لیکن جو حضرات طباعت سے قبل دوسری تقریر سیرت کی قیمت پیشگی بھیجدینگے ان سے قیمت مع محصولڈاک صرف ایک روپیہ آٹھ آنے لی جائیگی۔ ایسے خریداروں کا ایک رجسٹر علیحدہ کھول دیا گیا ہے۔ اور انکے نام درج رجسٹر کرنے کا مخصوص انتظام کیا گیا ہے تاکہ ہر خریدار کو جس کی پیشگی رقم وصول ہوگئی ہو کتاب چھپتے ہی رجسٹرڈ پارسل کے ذریعہ ارسال کردی جائے۔ جو حضرات پانچ کتابوں کی رقم پیشگی یکمشت ارسال کرینگے اور پارسل ایک ہی پتہ پر منگائیں گے انہیں محصولڈاک میں مزید تخفیف ہوجائیگی اور پانچ کتابوں کے لئے ساڑھے سات روپیہ کے بجائے صرف چھ روپیہ معہ محصولڈاک ارسال کرنے ہونگے۔

منیجر الجمعیۃ بک ڈپو۔ بلیماران دہلی

انٹرنیشنل ٹریڈنگ کمپنی پوسٹ بکس نمبر ۱۴۱ ہ، کلکتہ

دس گیارہ چنے ہوئے بے نظیر افسانے

صرف ایک آنہ میں

ملاحظہ فرمائیے۔ اخبار روزانہ وطن دہلی کا پندرہ روزہ افسانہ ایڈیشن طلب کیجئے۔ ایک مرتبہ دیکھنے کے بعد آپ ہمیشہ کیلئے اس کے دل دادہ ہوجائیں گے۔

مفت نمونہ کے لئے منیجر کو لکھئے

منیجر روزنامہ اخبار وطن دہلی

برص و پھلبہری کی نایاب دوا

پتہ: ویدیا راج اکھل کشوری رام نمبر ۲۹/۱ ڈاکخانہ لشکری سرائے دربھنگہ

خضاب چھوڑ دو

بال کالا اسٹورس کمپنی سمری دربھنگہ

ضرورت نکاح

ایک نکتی اسید تعلیم یافتہ، تمام گھریلو امور سے واقف کے لئے نوجوان حنفی المذہب تعلیم یافتہ برسر روزگار رشتہ کی ضرورت ہے۔ نکاح شریعت کے سادہ طریق پر ہوگا۔ خط و کتابت کا پتہ:-

الف۔ غ۔ معرفت منیجر الجمعیۃ۔ بلیماران دہلی

عید میلادالنبی کی خوشی میں رعایتی

اعلان

ملنے کا پتہ: منیجر اخبار مسلمان سوہدرہ ضلع گوجرانوالہ (پنجاب)

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجمعیۃ دہلی
یوم دوشنبہ ۱۰ ربیع الاول ۱۳۵۵ ہجری

گاندھی جی کدھر جارہے ہیں

اردو اور ہندی کا سوال

۲۴ و ۲۵ اپریل کو ناگپور میں ہندوستانی ادبیات کے متعلق ایک اجلاس منعقد کرکے اردو کے مقابلہ میں ہندی کے لئے جو راستہ صاف کیا گیا تھا اور کانگریس کے بعض نہایت ذمہ دار زعماء نے جو طریق کار اختیار کیا تھا اس پر اخبارات میں کافی احتجاج کیا جاچکا ہے مگر گاندھی جی برابر اپنے طرز عمل کی حمایت میں مضامین لکھتے رہے ہیں اور انہوں نے اپنی اکثر تحریروں میں مولوی عبدالحق صاحب سکریٹری انجمن ترقی اردو …

گاندھی جی خواہ پہلے زبان کے معاملہ میں کتنے ہی ہندی پرست کیوں نہ رہے ہوں مگر جب سے انہوں نے ہندوستان کی قومی سیاسیات میں قدم رکھا … انہوں نے قومی زبان کے لئے ہندوستانی کا لفظ استعمال کرنا شروع کردیا … مگر اب ایک عرصہ کے بعد گاندھی جی پھر ہندوستانی کو چھوڑ کر ہندی کا لفظ اختیار کررہے ہیں …

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں … ایک مولوی صاحب حنفی المذہب … قرآن کریم …

الجواب

اگر بیوی زندہ اور نکاح میں موجود ہے تو بیوی کی خالہ سے نکاح کرنا حرام ہے یعنی خالہ بھانجی کو نکاح میں جمع کرنا حرام ہے۔

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ، دہلی

استفتاء

…

مکتوب جرمنی

مسلمانوں پر فرانس کے مظالم

تمام اسلامی ممالک اس حقیقت سے آگاہ ہیں کہ فرانس مراقش، تیونس، الجزائر اور شام کے غریب مسلمانوں پر طرح طرح کے ظلم کررہا ہے … فرانس نے اپنی بربریت کا ثبوت مزید کہ شہر دمشق پر گولہ باری اور مسجدوں کو شہید کرکے دیا تھا …

(حبیب قریشی - برلن)

ضروری تصحیح

الجمعیۃ مورخہ ۲۸ مئی ۱۹۳۶ء کے صفحہ ۳ کالم ۳ میں میراث کا ایک فتویٰ شائع ہوا ہے جس میں زینب کو اس کی پھوپی کے ترکہ میں سے … مولانا نورالحق صاحب خطیب مسجد … کی توجہ دلانے کی وجہ سے … بے شک غلطی ہے۔

تصحیح شدہ جواب

…

انتقادات

پیشوا کا رسول نمبر

ایڈیٹر سید … حسن نظامی … قیمت صرف آٹھ آنہ، چندہ سالانہ ایک روپیہ … ملنے کا پتہ: منیجر رسالہ پیشوا جامع مسجد دہلی

ہندوستان کے اکثر مسلم رسائل ہر سال رسول نمبر شائع کیا کرتے ہیں …

اسلام

…

مسولینی کے ہاتھوں عیسائیت کی شکست

تبلیغ مسیحیت کا نزل

عیسائی مبلغ یورپ اور امریکہ میں ایک قسم کی تبلیغ کرتے ہیں اور ہندوستان میں اور مشرقی ممالک میں دوسری قسم کی …

اطالیہ کے مانند ایک عیسائی مملکت ہے …

(ترجمان القرآن) (باقی آئندہ)

عریانی و بے حجابی مغربی تہذیب کا جزو لاینفک

یورپ میں تعلیم پانے والی لڑکیوں کی آزادروی

از زعیم اسلام امیر شکیب ارسلان

(مترجمہ جناب حکیم شکیب احمد صاحب)

…

الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

ہمارے پستول پر گورنمنٹ ہند کی طرف سے کوئی لائسنس نہیں لگایا گیا

پستول منگاؤ پستول چلاؤ

… منیجر انچارج یونائیٹڈ میڈیکل سروس دریاگنج دہلی

دواخانہ رشیدیہ دیوبند

مصفد

امیر الہند حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی … جناب حکیم محمد احمد خان صاحب دہلوی کی

حیرت انگیز ایجاد

… منیجر دواخانہ رشیدیہ دیوبند ضلع سہارنپور

سرمہ نور

… (مولانا نورالدین بہاری بیری نالا باغ دہلی)

پنڈت جواہر لال نہرو کا فلسطینی عربوں سے اظہار ہمدردی

عرب برطانیہ کی ملوکیت پرستی کے خلاف جہاد کر رہے ہیں

الہ آباد ۲۹ مئی۔ معلوم ہوا ہے کہ فلسطین کے متعلق برطانیہ کی حکمت عملی کے خلاف احتجاج کرنے کے لئے ایک جلسہ منعقد کرنے کی تیاریاں ہو رہی ہیں۔ جواہر لال نہرو نے ایک استفسار پر فلسطین کے عربوں سے گہری ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔ کیونکہ وہ ملوکیت پسندانہ طاقت کے خلاف جنگ کر رہے ہیں۔ آپ نے فرمایا میرے خیال میں فلسطین دوسرا محاذ ہے جہاں حصول آزادی کے لئے ملوکیت کے خلاف جنگ کی جا رہی ہے۔ ... اظہار کرتے ہیں۔

قتل و خونریزی کی کثیر واردات

ہڑتالیوں اور فوج میں تصادم

بیت المقدس ۳۰ مئی۔ ...

فلسطین میں برطانیہ کیا کر رہی ہے

حضرت العلامہ مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند کا بیان

فلسطین میں زیادہ تر آبادی عربوں کی ہے۔ تمدن، کلچر، زبان سب عربی ہے عیسائی بھی عربی تہذیب اور عربی زبان کے دلدادہ اور عربی کے بڑے بڑے فاضل اور ادیب ہیں۔ ...

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ۔ دہلی

عراق میں بغاوت

فوج اور طیاروں کی روانگی

فلسطین میں مشین گنوں کا استعمال

مزید افواج کی آمد

اتلاف جان

سپاہی کی ہلاکت

مزید فوج کی آمد

مسٹر ہیرالال گاندھی آغوش اسلام میں

جمعیۃ اقوام سے ارجنٹائن کی درخواست

تعزیرات کو موثر بنانے پر اصرار

ہولناک آتشزدگی

ڈیڑھ لاکھ روپے کے نقصان کا اندازہ

مسئلہ فلسطین اور مسجد شہید گنج کے متعلق

مسلمانان دہلی کا عظیم الشان اجتماع

ترکی شامی سرحد پر ڈاکوؤں اور ترکی فوج کا مقابلہ

تین ڈاکو ہلاک اور متعدد مجروح ہوئے

نیویارک میں اغوائے مقدمہ کا فیصلہ

مجرم کو ۷۰ سال قید بامشقت کی سزا

اعلان تعطیل

بتقریب عید میلاد دفتر الجمعیۃ ... تعطیل رہے گی۔ ...

نیجر اخبار الجمعیۃ

وزیر ہند پر نو لاکھ روپے کا دعویٰ

احمد آباد میونسپلٹی کا نوٹس

سر فضل حسین وزیر تعلیم مقرر ہوگئے

بلجیم میں نئی کابینہ کی تشکیل

شمالی چین میں اسلحہ کی درآمد

جمہوریہ امریکہ اور برطانیہ کی طرف سے احتجاج

لارڈ لائڈ کی استنبول میں آمد

صدر جمہوریہ ترکیہ سے ملاقات

ملک معظم کا جشن تاجپوشی

۱۲ مئی ۱۹۳۷ء کو منایا جائے گا

آل انڈیا مسلم لیگ کی کونسل کا اجلاس

۹ جون کو لاہور میں منعقد ہوگا

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

حبش کی ترقی کی کوشش

اطالوی کابینہ نے ایک رقم خطیر منظور کی

کیا اطالیہ مین پر حملہ کرے گا؟

ایک جرمن اخبار کا انکشاف

حبش میں سڑکوں کا جال

مسجد شہید گنج اور مزار حضرت کاکو شاہ کے فیصلے کے متعلق

حضرت نائب امیر شریعت مولانا ابو المحاسن محمد سجاد صاحب بہاری کا اہم بیان

ملک کی موجودہ فضا اور عدالتی انتظامی محکموں کے موجودہ نظام کو ملحوظ رکھتے ہوئے مسجد شہید گنج اور مزار حضرت کاکو شاہ کے مقدمات کا وہ فیصلہ جو ۵ مئی کو لاہور کے ایک انگریز فاضل جج نے سنایا کوئی خلاف توقع امر نہیں ہے۔ ...

مسجد شہید گنج اور مزار حضرت کاکو شاہ کے فیصلہ پر سر فضل حسین کا بیان

لاہور ۲۹ مئی۔ میاں سر فضل حسین نے مسجد شہید گنج اور مزار حضرت کاکو شاہ کے مقدمہ کا فیصلہ سننے کے بعد حسب ذیل بیان اشاعت کے لئے ارسال کیا ہے:-

(۱)

(۱) مسلمانوں نے خود فیصل عدالتوں سے دادرسی کا فیصلہ کیا تھا؟ ...

مسجد شہید گنج اور مزار پیر کاکو شاہ کا فیصلہ

حضرت العلامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب کا بیان

مسجد شہید گنج اور پیر کاکو شاہ صاحب کے مزار کے انہدام کے مقدمات کا فیصلہ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج لاہور نے ۵ مئی کو سنا دیا۔ ...

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ۔ دہلی

فلسطین میں فساد کی رفتار

یہودی خبر رساں ایجنسی کی غلط بیانیاں

عرب عورتوں اور برطانوی فوج کا مقابلہ

لوٹ مار

برطانوی سپاہی کی ہلاکت

پولیس سے تصادم

عربوں اور پولیس میں مقابلہ

عرب مقتولین کی نعشیں اٹھا کر بھاگ نکلے

میں برطانیہ کو ہر طرح خوش کرنے کیلئے تیار ہوں

سائنور مسولینی کا تازہ بیان

طیارہ ٹوٹنے سے ۷ آدمی ہلاک ہوگئے

شہنشاہ حبش انگلستان روانہ ہوگئے

ڈاکٹر انصاری کی وفات پر پھلواری شریف کا اہم اجتماع اور اظہار تعزیت

جلسہ تعزیت

جلسۂ تعزیت

ڈاکٹر انصاری کا ماتم

"فضل حسین"

میلاد نمبر

"عبرت" ہفتہ وار کا "میلاد نمبر" ماہ جون ۱۹۳۶ء میں شائع ہو جائیگا ...

اخبار الجمعیۃ کے لئے ہر شہر و قصبہ میں ایجنٹوں کی ضرورت ہے

مسجد شہید گنج کو مسجد تسلیم کرنے کے باوجود مسلمانوں کا دعویٰ خارج کر دیا گیا

مزار کا کوشاہ کا وجود بھی تسلیم نہیں کیا گیا

عدالت کے فیصلوں کا خلاصہ

لاہور ۵ مئی۔ آج مسٹر سیں ڈسٹرکٹ و سیشن جج لاہور نے دیوانی مقدمہ شہید گنج اور فوجداری مقدمہ مزار حضرت پیر کا کوشاہ رحمۃ اللہ علیہ کا فیصلہ کرتے ہوئے دونوں مقدمات خارج کر دئے۔

فیصلہ ۳۰ صفحات پر مشتمل ہے

دیوانی مقدمہ شہید گنج کا فیصلہ ٹائپ شدہ، فلسکیپ سائز کے ۳۰ صفحات پر مشتمل تھا جس میں جج نے واقعات اور قانونی نکات پر طویل بحث کی تھی۔ شہید گنج ایجی ٹیشن کا ذکر کرتے ہوئے آپ نے لکھا کہ امر مسلمہ ہے کہ ۷ جولائی ۳۵ء سے پہلے جائے متنازعہ پر ایک ۳ گنبدوں والی عمارت کھڑی تھی جسے ...

کیٹی کے کاغذات میں لگاتار جائے متنازعہ کو مسجد درج کیا گیا ہے۔ جائے متنازعہ قتل گاہ نہیں تھی۔ اسکے علاوہ آپ نے محراب کی ہستی اور عمارت کی شکل کو تسلیم کرتے ہوئے پرانی حوالوں کا ذکر کرتے ہوئے اس نتیجہ پر فیصلہ دیا کہ جائے متنازعہ شروع میں مسجد تھی اور سکھوں کے قبضہ میں آنے تک بطور مسجد استعمال ہوتی رہی۔ آپ نے سکھوں کے اس نظریہ کو ناقابل تسلیم قرار دیا کہ جائے متنازعہ قتل گاہ تھی۔ آپ نے کہا کہ سکھوں کی طرف سے ...

مزار حضرت کا کوشاہ کا فیصلہ

لاہور ۵ مئی۔ آج صبح مسٹر سپیشل سیشن جج لاہور کی عدالت میں ...

دار العلوم دیوبند کے دو حضرات کا اظہار اعتماد

ہندی کیلئے گاندھی جی کا پروپیگنڈا

(بسلسلہ صفحہ اول)

اس کے بعد جن الفاظ کے ... کی ضرورت ہو ... اصطلاحات بنانا مقصود ہو ... تو وہ ایک ایسی کمیٹی کے مشورے سے ہو جس میں دونوں زبانوں کے نمائندے ہوں۔ لیکن موجودہ حالات دیکھ کر معلوم ہوتا ہے کہ اس قسم کی تمام کوششیں بے سود ہیں۔

سے قریب آنے کے لئے اپنی زبانوں کو سنسکرت آمیز بنانے کی ضرورت ہے۔ علاوہ اس کے صرف اردو ہندی سے ہمیں بحث نہیں بلکہ ہماری بحث شمالی ہند کی زندہ زبان اور محاورات سے ہے۔ اگر یہ زندہ زبان مشترکہ زبان کی بنیاد قرار دی جائے تو مسلمان پوری طرح اس کا ساتھ دینے کے لئے آمادہ ہیں لیکن سنسکرت کی طرف رجعت کرنے کے یہ معنی ہیں کہ وہ (مسلمان) اور ان کی تمام خدمات جو انہوں نے ہندی، بنگالی اور گجراتی کے حق میں کی ہیں ناقابل لحاظ ہیں۔ ان حالات میں ہم سے شرکت کی درخواست کرنا گویا ہماری ہلاکت میں خود ہماری شرکت کی استدعا کرنا ہے۔

پروفیسر محمد مجیب کا خط

میں ایک بات کہنی بھول گیا وہ یہ کہ پہلے دن کے اجلاس میں پروفیسر محمد مجیب (جامعہ ملیہ دہلی) کا ایک خط انگریزی زبان میں گاندھی جی کے نام وصول ہوا۔ یہ خط نہایت معقول اور مدلل ہے اور بہت ادب اور خلوص سے گاندھی جی سے اپیل کی ہے کہ وہ نیشنل کانگریس کے فیصلے پر قائم رہیں جس نے ملک کی زبان "ہندوستانی" قرار دی ہے۔

(۵) اصطلاحی الفاظ خاص کر سیاسی اصطلاحات کے انتخاب میں سنسکرت کی اصطلاحات کو ترجیح نہ دی جائے بلکہ اردو ہندی اور سنسکرت کی مصطلحات کے فطری انتخاب کی ہی گنجائش رکھی جائے۔

(۶) دیوناگری اور عربی رسم خط دونوں مسلم خیال کئے جائیں اور ان تمام اداروں میں جن کی پالیسی ہندوستانی کے حامیوں کے ہاتھ میں ہو دونوں خطوں کے سکھانے کی سہولت بہم پہنچائی جائے۔

پنڈت جواہر لال نہرو کا طرز عمل

گاندھی جی کا انحطاط

قلب ماہیت کا سبب

Change of ...

گپت منتر

ایک صد روپیہ انعام

SRI MANTAR ASHRAM
29/1 KATRI SARAI
GAYA

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کی

دوسری تقریر سیرت

قارئین الجمعیۃ کیلئے یہ خبر ضرور موجب مسرت ہوگی کہ حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی دوسری تقریر سیرت جو گزشتہ دس ماہ سے الجمعیۃ کے کالموں میں بالاقساط شائع ہوتی تھی اب کتابی شکل میں منتقل کی جارہی ہے۔ یہ تقریر سیرت پہلی تقریر سیرت سے ضخامت میں بہت زیادہ ہے اس کا حجم پہلی تقریر سے ڈیوڑھا اس سے بھی زائد ہوگا ...

منیجر الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

سوئس کے مشہور معروف کارخانہ کی بنائی ہوئی اصلی فوکن ہفت روزہ کو اٹی لیور مشین پاکٹ واچ بموجب نقشہ گارنٹی پانچ سال اصلی قیمت آٹھ روپے رعایتی قیمت چار روپیہ (للعمر) محصولڈاک ۸۔ ۳ گھڑی کی خریداری پر محصولڈاک معاف۔

کامرڈ ٹریڈنگ ایجنسی پوسٹ بکس ۲۵ کلکتہ

طوفان حوادث

اردو زبان کے مشہور ادیب و افسانہ نگار مولوی شبیر حسین صاحب ناہری کا ایک بہترین افسانہ ...

ملنے کا پتہ:- الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

اجودھیا کی ایک سعادت مند روح

اجودھیا کی ایک لڑکی کا قرآن مجید سننا، اسی کی کشش سے متاثر ہونا، اسلام کی محبت کو اپنے دل میں پرورش کرنا ...

ملنے کا پتہ
الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

یہ تو ہمارا اخلاقی فرض ہے

آتنک نگرہ فارمیسی جام نگر کاٹھیاواڑ

ضرورت

اخبار الجمعیۃ کے لئے ایک تجربہ دو کلرکوں اور چند کاتبوں اور دفتری کی ضرورت ہے۔ جو ہوشیار اور محنتی ہوں۔ منیجر کو انگریزی سے بھی واقفیت ہونی چاہیے۔ امیدواروں کو تقرر سے قبل موجودہ پتہ پر گفتگو کرنی چاہیے۔

مولانا نور الدین بہاری
بہار شوز فیکٹری۔ باڑہ ہندو راؤ
دہلی

برص اور چنبل کی نایاب دوا

ملنے کا پتہ: ... راج افضل کشور ... رام لمبر ۲۹/۱۰
ڈاکخانہ کٹھری سرائے در بھنگہ

خضاب چھوڑ دو

بال کالا اسٹورس کٹنی سمری در بھنگہ

ضرورت

امیدوار ... اسٹیشن ماسٹری کے لئے ضرورت ...

ڈائرکٹر رائل ٹیلیگراف و ریلوے
ٹیوٹی کالج بمبئی نمبر ۱۲

جرمن ڈاکٹر مینگ جاچ کا جوان بنانے کا دعویٰ

فروخت کنندہ:- بی کے برادرس اینڈ کو فولاد خاں اسٹریٹ دہلی

مسلم یونیورسٹی علی گڈھ

اشتہار

اس یونیورسٹی میں سیشن ۳۷-۱۹۳۶ء کا داخلہ تاریخہائے ذیل سے شروع ہوگا۔ بی۔ ٹی کلاس میں داخلہ کی درخواستیں موصول ہونے کے لئے آخری تاریخ یکم جون ۳۶ء ہے۔

تمام کلاسوں کے بورڈر — ۷ جولائی ۱۹۳۶ء
(سوائے ایم۔ اے، ایم۔ ایس سی، بی۔ ٹی)
تمام کلاسوں کے ڈے سکالر — ۸ جولائی ۱۹۳۶ء
(سوائے ایم۔ اے اور ایم۔ ایس۔ سی)
ایم۔ اے اور ایم۔ ایس۔ سی کلاسز — ۱۴ جولائی ۱۹۳۶ء
(بورڈر اور ڈے سکالر دونوں)

(نوٹ) (۱) جو طالب علم بی۔ ٹی کلاس میں داخلہ کے لئے منتخب ہوں گے ان کے ساتھ آخری انتخاب کے لئے ۸ جولائی ۱۹۳۶ء کو ٹریننگ کالج میں انٹرویو کیا جائے گا (۲) سیشن ۳۷-۱۹۳۶ء کے لئے پراسپکٹس رجسٹرار سے دستیاب ہو سکتے ہیں۔

دستخط صاحب رجسٹرار
مسلم یونیورسٹی علی گڈھ

اپنے انجام کا فکر کیجئے

مسلمانو! دنیا چند روزہ ہے آپ اس چند روزہ دنیا اور فانی زندگی کے لئے کس قدر جد و جہد کرتے ہیں ...

"جنت کی کنجی"

... اس میں ایک ہزار دو سو پینتیس (۱۲۳۵) حدیثوں کا ترجمہ ہے ... اور پوری کتاب دو سو چوبیس (۲۲۴) صفحات پر مشتمل ہے۔ قیمت صرف ... علاوہ محصولڈاک

ملنے کا پتہ:- منیجر دینی بک ڈپو۔ کوچہ ناہر خاں دہلی

SEMI-WEEKLY
Aljamiat DELHI.
الجمعیۃ دہلی
رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳
چندہ اخبار الجمعیۃ
تاریخ اشاعت اخبار الجمعیۃ
فی پرچہ ایک آنہ
ایڈیٹر۔ ہلال احمد زبیری
جلد ۲۳ | دہلی۔ یوم شنبہ ۱۸ ربیع الاول ۱۳۵۵ھ ہجری۔ مطابق ۹ جون ۱۹۳۶ء | نمبر ۳۶

دنیائے اسلام کے اہم کوائف

حکومت ترکیہ کی اصلاحی سرگرمیاں

فلسطین میں یہودیوں کا کامل مقاطعہ

عراق اور ایران کے درمیان گفت وشنید

استنبول میں عراقی قونصل جنرل کا تقرر

فلسطینی عربوں کی تحریک کا اثر

امیر شرق الاردن کا مکتوب ہائی کمشنر فلسطین کے نام

ثانوی تعلیم

ترکی میں جدید ریلوے

عراق اور پولینڈ کا تجارتی معاہدہ

مکہ معظمہ میں براڈکاسٹنگ اسٹیشن کا قیام

دردانیال

اعلان التوا

حسب ہدایت مولانا نورالدین صاحب رکن مجلس عاملہ جمعیۃ علماء ہند یہ اعلان کیا جاتا ہے کہ بعض ناگزیر و نامساعد حالات کی بنا پر اخبار الجمعیۃ کی اشاعت کو فی الحال ملتوی کردینے کا فیصلہ کر لیا گیا ہے۔ یہ التوا بحالت موجودہ کم سے کم چھ اشاعتوں تک ممتد رہے گا اس کے بعد اس امر کی سعی کی جائے گی کہ بہتر انتظامات کے ساتھ الجمعیۃ کو دوبارہ شائع کیا جائے۔

ترے بغیر

جلد آ کہ زندگی ہے پریشاں ترے بغیر
اب زہر ہے یہ چشمۂ حیواں ترے بغیر
مضطر ہے روح لالہ و نسریں ترے لئے
برہم ہے زلف سنبل و ریحاں ترے بغیر
جس کا ہر ایک شعبہ تھا گل بانگ صد نشاط
شیون ہے اب وہ لحن ہزاراں ترے بغیر
چھٹتی ہے نبض سیر چمن تیری یاد میں
ڈستا ہے ابر کوہ و بیاباں ترے بغیر
پھیکا ہے رنگ لالہ و گل تیرے ہجر میں
گونگے ہیں طائران خوش الحاں ترے بغیر
دامن ہے پارہ پارہ نہ دھوئیں چمن چمن
کیا کیا بہار ہے نہوں پشیماں ترے بغیر
جلد آ کہ شوق دید میں لیلائے زندگی
بھولی ہوئی ہے جنبش مژگاں ترے بغیر
اے فتنۂ زمانہ و آشوب روزگار
سونی پڑی ہے انجمن جاں ترے بغیر
لرزاں تھی جس کے پنجۂ وحشت سے کائنات
اب وہ جنون ہے سر بہ گریباں ترے بغیر
اک اشک خون ہے تیری جدائی میں نجم صبح
اک شام غم ہے صبح بہاراں ترے بغیر
اک زخم و شنہ ہے تری فرقت میں تیغ گل
اک داغ تازہ ہے مہ تاباں ترے بغیر
اے پیکر شگفتگی، اے نبت ابر و باد
کیوں کر کٹے گا موسم باراں ترے بغیر

(از جناب جوش ملیح آبادی)

تیرے بغیر

آہ کہ دل اب زیست سے بیزار ہے تیرے بغیر
ہر نفس چلتی ہوئی تلوار ہے تیرے بغیر
یہ سہانی رات اور تجھ سے جدائی ہائے ہائے
ہر شکن بستر کی نوک خار ہے تیرے بغیر
راز الفت وائے مجبوری ہوا جاتا ہے فاش
حال دل شرمندۂ اظہار ہے تیرے بغیر
اب کہاں وہ کیف کی راتیں وہ دلچسپی کے دن
زندگی اک مستقل آزار ہے تیرے بغیر
چشم نرگس تک ہی کچھ محدود بیتابی نہیں
گلستاں کا گلستاں بیمار ہے تیرے بغیر
آہ کہ زہد و معصیت کی محفلیں ویران ہیں
رونق دنیا و دیں بیکار ہے تیرے بغیر
صبح کے آغوش میں نورس شگوفوں کی چٹک
طبع افسردہ پہ کتنی بار ہے تیرے بغیر
ڈھونڈتا ہے پھر کسی موضوع رنگیں کو خیال
فکر ماہر تشنۂ اشعار ہے تیرے بغیر!

(از جناب ماہر القادری)

SEMI-WEEKLY
Aljamiat, DELHI.
Vol 23 | DELHI MONDAY 1st JUNE 1936 | No. 38

یہ جگہ اشتہار کیلئے خالی ہے

الجمعیۃ بکڈپو بلیماران دہلی سے ہر قسم کی کتابیں اور قرآن مجید مع ترجمہ ... بارعایتی قیمت پر خریدی جاسکتی ہیں۔

مسلمانان چھاؤنی ملتان کا جلسہ

داخلہ مسلم یونیورسٹی

انجمن محمدیہ اشاعت اسلام کا سالانہ اجلاس

مدرسہ عربیہ نورالعلوم کا پرجوش اجتماع

جوہر وسمہ مہندی کے متعلق دنیا کا متفقہ فیصلہ

صوفی اینڈ کو رجسٹرڈ دنیا کٹڑہ راجہ بازار (آزاد منزل) راولپنڈی شہر
ایجنٹ:۔ میاں فضل کریم نور محمد جنرل مرچنٹ بازار کلاں پسرور ضلع سیالکوٹ

عمل مشکل کشا

ہوالکل — یا معین

بے روزگاروں کو برسر روزگار کر دے گا ملازمت پیشہ صاحبان پر بالا افسروں کو مہربان کرکے ترقی دلائے گا تجارت میں کثیر منافع ہوگا ...

غرض یہ کہ عمل مشکل کشا ہر مشکل میں مشکل کشا ہی ثابت ہوگا

قرآن شریف کا مجرب المجرب عمل ہے اس میں شک کرنا کفر ہے ...

صرف دس آنہ

... براہ کرم پتہ اردو یا انگریزی میں خوشخط لکھیں ...

عامل وظیفہ مشکل کشا
پوسٹ بکس ۳۲ نئی دہلی

چند ضروری اطلاعات

قارئین الجمعیۃ کو یہ اطلاع دی جاتی ہے کہ اشاعت ہذا کے بعد سے مسٹر ہلال احمد زبیری (ایم۔اے) کا پتہ حسب ذیل ہوگا۔ جو حضرات موصوف سے خط و کتابت کرنا چاہیں وہ اسی پتہ پر کریں
دفتر اجتماع گلی قاسم جان دہلی

نیز جملہ مشتہرین و ایجنٹ صاحبان کو بھی مطلع کیا جاتا ہے کہ ۹ جون ۱۹۳۶ء تک کی جس قدر رقوم ان کے ذمہ واجب الادا ہیں وہ براہ کرم ہلال احمد صاحب زبیری ایم اے ایڈیٹر اجتماع کے نام ارسال فرمائیں۔

دوسری تقریر سیرت

الجمعیۃ میں حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی دوسری تقریر سیرت کے متعلق جو اعلان شائع ہوتا رہا ہے۔ اس اعلان کے مطابق جن حضرات نے پیشگی قیمت ارسال فرمائی ہے انہیں بھی اطلاع دی جاتی ہے کہ وہ اطمینان فرمائیں۔ کتاب مذکور بہت جلد شائع ہونے والی ہے اور اشاعت کے بعد ان کی خدمت میں اجتماع بک ڈپو گلی قاسم جان دہلی سے ارسال کی جائے گی۔ اس کے علاوہ منیجر اجتماع بک ڈپو سے پہلی تقریر سیرت اور دیگر مطبوعات خاص دعاء ہی حسب ضرورت طلب کی جا سکتی ہیں۔

الجمعیۃ دہلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یوم سہ شنبہ ۱۸ ربیع الاول ۱۳۵۵ ہجری

زندگی کے تیرہ سال

میں نے اپنی زندگی کے بہترین تیرہ سال جمعیۃ علمائے ہند اور اخبار الجمعیۃ کی خدمت میں صرف کئے ہیں اور مجھے اس پر فخر ہے کہ اس طویل عرصہ میں انتہائی مصائب و مشکلات کے باوجود میرا قدم کبھی ایک لمحہ کے لئے نہیں ڈگمگایا اور میں نے کبھی اس خیال کو اپنے دماغ میں نہیں آنے دیا کہ میں اپنے ذاتی مفاد اور دنیاوی عیش و آرام کی خاطر قومی خدمت کا راستہ چھوڑ کر تن آسانی کا طریقہ اختیار کروں۔

ہندوستان کی آزادی اور ملت اسلامیہ کا تحفظ میرے سیاسی و مذہبی عقائد میں داخل ہیں اور میں نے اس موضوع پر الجمعیۃ کے کالموں میں جو کچھ لکھا ہے وہ میرے ذاتی خیالات اور دلی جذبات کا بھی اسی قدر آئینہ دار ہے جیسا کہ جمعیۃ علمائے ہند کی پالیسی اور اس کے اصول اساسی سے مطابقت رکھتا ہے۔ اس لئے یہ بالکل ظاہر ہے کہ اگر بعض ناگزیر واقعات کی بنا پر جو میرے حیطہ اختیار سے باہر ہیں مجھے اس تیرہ سالہ زندگی کو یکایک ختم کرنا یا دوسرے قالب میں ڈھالنا پڑے تو یہ میرے واسطے کس قدر تکلیف اور رنج و ملال کا موجب ہوگا۔

مجھے میرے گزشتہ تلخ تجربات نے جو باوجود مسلسل و پیہم جد و جہد کے آئے دن کی انتظامی تبدیلیوں کے باعث مجھے حاصل ہوتے رہے ہیں اس خیال کو راسخ کر دیا ہے کہ اگر اس قدر کوشش میں اپنے ذاتی اخبار پر کرتا تو آج بہت زیادہ استقلال و اطمینان کے ساتھ ملک و قوم کی خدمت کر سکتا تھا اور اس مقصد عظیم کو جو ہر اخبار نویس کا نصب العین ہونا چاہئے زیادہ فائدہ پہنچ سکتا تھا۔ اس اذعان و یقین کے بعد اب میں اپنی تمام کوششیں ایک ایسے ہی اخبار پر صرف کرنا چاہتا ہوں جو میرا ذاتی اخبار ہو۔ جس کے انتظامات مستقل اور دیرپا ہوں اور جس کے نظم و نسق میں مجھے پوری طرح دخل ہو تاکہ میں اپنے حلقۂ اشاعت کو ہر طرح مطمئن اور مستقل رکھ سکوں۔

جمعیۃ علمائے ہند کے ساتھ میری وابستگی صرف الجمعیۃ کی وجہ سے نہیں ہے بلکہ مسلمانوں کی ایک صحیح الخیال سیاسی و مذہبی جماعت ہونے کی حیثیت سے وہ بدستور قائم رہے گی۔ اور میری خدمت کا ذریعہ خواہ کوئی اخبار ہو میں جمعیۃ کی ترجمانی اس وقت تک کرتا رہوں گا جب تک کہ وہ اپنے موجودہ آزاد و حریت نواز مسلک پر قائم ہے۔ بالخصوص حضرت العلامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند کی ذات گرامی سے مجھے جو عقیدت و ارادت ہے اور میں اپنے ذاتی تجربات و مشاہدات کی بنا پر حضرت ممدوح کی اصابت رائے اور خلوص نیت اور جذبۂ ایثار و قربانی کا جس حد تک قائل ہوں اس کی بنا پر یقین کے ساتھ یہ کہہ سکتا ہوں کہ جب تک جمعیۃ کی پالیسی ممدوح کی قیادت و ہدایات کے ماتحت ہے میری تائید و حمایت اس کے لئے وقف ہوگی۔

آخر میں میں ان تمام حضرات کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے اس زمانہ میں جب کہ میں انتہائی نامساعد حالات کے اندر الجمعیۃ کو چلا رہا تھا میرا ہاتھ بٹایا اور درمے، قدمے، سخنے میری امداد فرمائی۔ حقیقتاً اس مقصد کو تقویت پہنچائی جو میرے اور ان کا مشترک مقصد ہے اور جس کا مفاد یہ ہے کہ ہندوستان میں مسلمانوں کو ہر قسم کی غلامی سے آزاد کرایا جائے اور اس نازک دور میں جب کہ ہر لحظہ نئے سیاسی انقلابات رونما ہو رہے ہیں ان کی صحیح رہنمائی کر کے انہیں راہ مستقیم سے بھٹکنے نہ دیا جائے۔ مجھے امید ہے کہ جس طرح ان حضرات نے گزشتہ زمانہ میں اپنی ہمدردی اور دلسوزی کا ثبوت بہم پہنچایا ہے آئندہ بھی اپنی توجہات خصوصی کو جاری رکھیں گے اور اگر ان ہی اصولوں پر جو الجمعیۃ کی ادارت کے دوران میں میرے پیش نظر رہتے تھے میں نے مسلمانوں کی صحیح ترجمانی کے لئے کوئی اخبار جاری کیا تو اس کی اشاعت میں حتی الامکان سعی فرمانے سے دریغ نہ کریں گے۔

ہلال احمد زبیری

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں ...

الجواب

...

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہٗ، دہلی

بغداد اور قاہرہ کے مابین ہوائی نقل و حمل

صدر جمہوریہ ترکیہ کے محافظ خاص کی فوتیدگی

فلسطینی نوجوانوں کا اعلان حق

بچوں کا تحفہ

مسجد شہید گنج کے مقدمہ کا فیصلہ قانون و آئین کے خلاف ہے

ہائی کورٹوں اور پریوی کونسل کے نظائر

ایک بے لاگ تبصرہ

لاہور ۴ جون۔ روزنامہ ... ایک نامہ نگار کی طرف سے مسجد شہید گنج کے مقدمہ کے فیصلہ کے متعلق ایک مضمون شائع ہوا ہے ...

زمین کے قبضہ کے لئے درخواست کی تھی مگر انجمن کی اس درخواست کو سکھ گوردوارہ ایکٹ اور گوردوارہ ٹریبونل کے فیصلہ کے مطابق مسترد کر دیا گیا تھا۔ اس جگہ یہی سوال پیدا ہوتا ہے کہ اگر گوردوارہ ٹریبونل کے ایک فیصلے نے ایک اسلامی وقف کو گوردوارہ کی ملکیت قرار دے دیا ہو تو کیا اس صورت میں اسلامی قانون مسلم وقف پر عائد نہیں ہو سکے گا؟ ...

متعدد فیصلوں کی نقول

پریوی کونسل کا حکم

ہائی کورٹ میں اپیل

مسلم وقف اور گوردوارہ ٹریبونل

مسجد شہید گنج اور مزار کاکوشاہ کے فیصلہ پر علمائے کرام کا فتویٰ

مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب اور مولانا محمد سجاد صاحب کے ارشادات گرامی

معاصر زمیندار کا تبصرہ

مسجد شہید گنج کے مقدمے کا جو افسوسناک انجام ہو چکا ہے اس پر جملہ پہلوؤں سے بحث کر چکے ہیں۔ اس کی قانونی حیثیت ...

(سلسلہ کے لئے ملاحظہ ہو صفحہ ۵)

ثبوت تک پہنچ جائے گا کہ ڈسٹرکٹ جج کا متنازعہ فیصلہ زیادہ تر غلط دلائل پر مبنی ہے اور یہ حقیقت بھی قانونی نقطۂ نگاہ سے واضح ہو جائے گی کہ اسلامی وقف سے متعلقہ امور کے فیصلہ کے لئے اسلامی شریعت ہی معتبر قرار دی جانی چاہئے اور قانون اور سماعت اور گوردوارہ ایکٹ جیسے توہین اسلامی قانون کے مفاد کے راستے میں حائل نہیں ہو سکتے۔

شربت اکسیر رجسٹرڈ

زندگی بیکار ہے

اگر آپ اشتہاری ادویات سے بدگمان ہو گئے ہوں تو صرف ایک روپیہ اور بھی خرچ کر کے ہمارے کارخانے کا شربت اکسیر استعمال کر کے قدرت خدا کا تماشہ دیکھئے۔

سنئے جناب! یہ شربت اکسیر جس کا اشتہار آپ کے پیش نظر ہے اس کا نسخہ مجھے ایک کہنہ مشق امریکن ڈاکٹر سے ملا ہے اور شربت اکسیر کا اشتہار دینے کے قبل صدہا مریضوں پر جب مجھے کامل اطمینان ہو گیا تو یہ اشتہار آپ کے سامنے پیش کیا جاتا ہے۔ اگر میری تحریر کو لغو نہ سمجھیں تو ایک شیشی شربت اکسیر منگا کر ضرور استعمال فرمائیے۔ میری تحریر کی صداقت آپ کو فوراً ہو جائے گی۔

جریان — پرانا کیوں نہ ہو شربت اکسیر کے استعمال ...

یقیناً اسناٹوجن آپ کو پھر قوی اور توانا بنا دیگی

آپ کا نظام جسمانی بہت خراب ہو چکا ہے لیکن سناٹوجن اس کو جلد ہی درست کر دیگی۔ اس میں قوت و صحت کا راز پوشیدہ ہے۔ اگر آپ اس کو چند ہفتے مسلسل استعمال کریں تو آپ کو سناٹوجن صحت و مسرت بخش دیگی۔

SANATOGEN

سرمۂ نور

(مولانا) نور الدین بہاری بیری والا باغ دہلی

ضرورت

امیدواروں کی تار اور اسٹیشن ماسٹری کے لئے ضرورت ہے ...
ڈائرکٹر رائل ٹیلیگراف و ریلوے

دس فیٹ اونچائی سے گرا دیجئے یہ گھڑی بند نہیں ہوگی

ولایت والوں کی صناعی کا حیرت انگیز نمونہ

آج آپ کو ایک ایسی حیرت انگیز دستی گھڑی سے روشناس کرایا جاتا ہے جس کے حالات سنکر آپ بھی دنگ رہ جائیں گے ... اس گھڑی کو دس فیٹ اونچائی سے زمین پر پھینک دیجئے ہرگز بند نہیں ہوگی ...

ہندوستان میں گھڑیوں کے بڑے سوداگر — یونائیٹڈ میڈیکل سروس دریا گنج دہلی

دیکھا آپ نے اتنی حیرت انگیز گھڑی کتنی مضبوط اور کتنی کم قیمت پر مل رہی ہے!

حیدرآباد میں جعلی نوٹ بنانیکے کارخانہ پر پولیس کا کامیاب چھاپہ!

بہت سے جعلی نوٹ اور نوٹ بنانے کے سانچے پولیس کے قبضہ میں آگئے

چھ متمول ہندوؤں کی گرفتاری۔ سنسنی خیز انکشافات کی توقع

حیدرآباد دکن ۵ جون۔ کچھ عرصے سے پولیس کو اس قسم کی شکایتیں موصول ہورہی تھیں کہ شہر میں جعلی نوٹ چلائے جارہے ہیں۔ ان کے نتیجے کے طور پر ایک سنسنی خیز انکشاف ہوا ہے۔ کل خفیہ پولیس کے انسپکٹر ... نے ایک مکان پر چھاپہ مارا جہاں کچھ لوگوں نے جعلی نوٹ بنانے کا کارخانہ قائم کر رکھا تھا۔ پولیس نے وہاں سے ایک کروڑپتی ہندو ساہوکار اور پانچ دیگر متمول اصحاب کو گرفتار کرلیا اور دس دس روپے کے ۵۰۰ نوٹ، دس ہزار کے نوٹ کے کاغذ، جعلی نوٹ بنانے کی مشین، چار سانچے اور جعلی نوٹ بنانے کے دیگر اوزار برآمد کئے۔

بیان کیا جاتا ہے کہ پولیس کو جب اس کارخانہ کا پتہ چلا تو وہ کانسٹیبل سے چھاپہ مارنے کے لئے روانہ ہوئے۔ نہایت ہوشیاری سے مکان کا محاصرہ کرلیا اور اس کے بعد اس پر چھاپہ مارا۔ چھاپہ مارنے کے وقت گرفتار شدگان مکان ہی کے اندر موجود تھے۔

ابھی گرفتاری سے شہر کے تجارتی حلقوں میں بڑی سنسنی پھیل گئی ہے۔ پولیس ہنوز تحقیقات میں مصروف ہے۔ مزید انکشافات کی توقع کی جاتی ہے۔

مدراس ساؤتھ مرہٹہ ریلوے کے ملازموں کی کانفرنس

مسٹر جمنا داس مہتہ کی تقریر

حبشہ کو کوئی خارجی سلطنت تباہ نہیں کرسکتی

ملکہ سبا کی پیشین گوئی

لندن ۵ جون۔ لندن کے ایک اخبار نے ایک مضمون شائع کرکے ظاہر کیا ہے کہ ملکہ سبا کی وہ پیشینگوئی جو ... آج پوری ہوئی ہے۔ یہ پیشگوئی حبشہ کے شاہی خاندان سے تعلق رکھتی ہے۔ ملکہ سبا ہی حبشہ کے شاہی خاندان کی بانی تصور ہے کیونکہ حضرت سلیمان علیہ السلام سے ملاقات کے بعد ... حبش کا شہنشاہ پیدا ہوا ...

بیان کیا جاتا ہے کہ ملکہ کی پیشینگوئی کے جو الفاظ تھے ... کوئی خارجی سلطنت حبش پر قابض نہیں ہوسکے گی۔

بجلی سے ایک شخص کی موت

روس اور انگلستان کے درمیان بحری معاہدہ

حکومت برطانیہ کا اعتراف

کلکتہ میں زبردست طوفان باد

۱۳ آدمی مجروح ہوئے

لندن میں مہاراجہ میسور کی سالگرہ

ہندوستان میں پیدائش اموات کے اعداد و شمار

مختلف شہروں کی رپورٹ

... مسجد شہید گنج

مسلمانوں سے مولانا ظفر علی کی اپیل

جرمنی کے لئے تجارتی منڈیوں کی تلاش

ڈاکٹر شاخت کا دورہ

جنیوا میں مزدور کانفرنس

ہندوستان سے نمائندوں کی روانگی

آفریدیوں کا حکومت کیخلاف اقدام

ایک فوجی افسر پر حملہ

ضلع باریسال میں خانہ تلاشیاں

چین کے فوجی افسروں کی طرف سے جاپانیوں کیخلاف کارروائی کرنیکا مطالبہ

حکومت کینٹن کے حق میں ساٹھ فوجی افسروں کا اعلان

افغانستان اور روس کے مابین تجارتی معاہدہ

تین کروڑ روپیہ سالانہ کی تجارت

دہلی میں تباہ کن آندھی

ریلوے کی آمدنی میں اضافہ

لاہور میں جعل سازی کا واقعہ

امتحان میں ناکام ہونیکی وجہ سے خودکشی کی

ڈوک آف یارک کی ہندوستان آمد

کانگرس کی تاریخ پر اعتراض

کافی کی کاشت کیلئے حکومت ... کی امداد

ترکی کے قوانین میں ترمیم

آئین کو جمہوری بنادیا جائے

خان عبدالغفار خاں ... ہوجائیگے

آسٹریلیا کے ایک ہوا باز کی ہلاکت!

تین ہندو نوجوانوں کا قبول اسلام

اطالیہ میں جنگ عظیم کی زبردست تیاریاں

سکول اور کالج بند کردیے گئے

بحری اور بری فوج حرکت میں یوگوسلافیہ اور فرانس کی سرحدوں پر اجتماع

جنیوا ۵ جون۔ بیگ کے حلقوں میں اطالیہ سے حسب ذیل جنگی اطلاعات موصول ہونے پر حد درجہ پریشانی کا اظہار کیا جارہا ہے۔

(۱) شمالی اطالیہ کے تمام سکول عام تعطیلات سے بیشتر ایک ماہ کے لئے بند کرکے فوجی استعمال کے لئے عمارات خالی کردینے کا حکم دے دیا گیا ہے۔

(۲) بحری بیڑے کے مخصوص حصہ کو طلب کرلیا گیا ہے۔

(۳) شمالی فوج کی مخصوص ... دستوں کو تیار رہنے کا حکم بھیج دیا گیا ہے۔

(۴) جنیوا کے تمام اطالویوں کو اطلاع دے دی گئی ہے کہ وہ فوج میں بھرتی کے لئے تیار رہیں۔

(۵) یوگوسلافیہ اور فرانس کی سرحدوں پر فوجی سرگرمیاں شروع ہوگئی ہیں۔

فلسطین میں زبردست خوف و ہراس

پولیس اور فوج پر گولیوں کی بارش

برطانوی قوانین اور فوج کی ناکامی

یروشلم ۳ جون۔ فلسطین میں جدید قوانین کا نفاذ اور برٹش فوج کی موجودگی کے باوجود بھی دہشت انگیزی جاری ہے۔ آج صبح سویرے بیسان کے قریب ریل ... اڑادئے گئے ...

مسجد شہید گنج اور ... علما کا ...

مزدوروں کو سہولتیں بہم پہنچانیکا ارادہ

دریائے سندھ کا بند ٹوٹ گیا

فرانس میں ہڑتال نے خطرناک صورت حالات پیدا کردی

انقلاب کے امکانات

جاپان کے خلاف تباہ کن جنگ

ہنگامی صورت حالات پر تیار رہنے کا حکم

چین نے جاپان کیخلاف اعلان جنگ کردیا

قادیانیوں کے مقابلہ میں مسلمانوں کی شاندار فتح

فلسطین کی صورت حالات

دہشت انگیزی کی سرگرمیاں

دہشت انگیزوں پر ... عدالت میں مقدمے

میرٹھ کے وکلا کا فیصلہ

شہنشاہ حبش سے مسٹر ایڈن کی ملاقات

فرانسیسی چیمبر کا نیا صدر

سیرت نبویؐ کو دو بے نظیر رسائل مفت

دردانیال کا مسئلہ التوا میں

اردو زبان کا کثیر الاشاعت معیاری صحیفہ

ہفتہ وار مصور

اجتماع

ہندوستان کے مشہور اخبار نویس جناب ... احمد صاحب زبیری ... کی زیر ادارت ہر ہفتہ نہایت آب و تاب کے ساتھ دہلی سے شائع ہوتا ہے ...

اجتماع کے مضمون نگاروں کا حلقہ خصوصی

اجتماع کے بعض مضامین

... منیجر اجتماع بلیماران دہلی

جذام و برص کا شرطیہ علاج

دمولانا مولوی محمد ابراہیم صاحب ڈاک خانہ حیدرا ضلع ہزاری باغ

مسجد شہید گنج کے فیصلے کے خلاف احتجاج

اعلان

ہندوستانی اکیڈمی ... الہ آباد

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی

دوسری تقریر سیرت

قارئین الجمعیۃ کیلئے یہ خبر ضرور موجب مسرت ہوگی کہ حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی دوسری تقریر سیرت جو گذشتہ دس ماہ سے الجمعیۃ کے کالموں میں بالاقساط شائع ہوتی تھی اب کتابی شکل میں منتقل کی جا رہی ہے۔ یہ تقریر سیرت پہلی تقریر سیرت سے ضخامت میں بہت زیادہ ہے۔ اس کا حجم پہلی تقریر سے ڈیوڑھا بلکہ اس سے بھی زائد ہوگا۔ تین سو صفحات سے زیادہ کی ضخامت ہو جائے گی اور جو آخری حصہ الجمعیۃ میں شائع نہیں ہوا ہے وہ بھی اس کتاب میں شامل کیا جائے گا۔ کتابت شروع ہو چکی ہے اور اس کے بعد بہت جلد طباعت کا اہتمام ہو جائے گا۔

جو حضرات پہلی تقریر سیرت کو ملاحظہ فرما چکے ہیں انہیں اس تقریر کی ہمہ گیری، جامعیت اور سلاست و لطافت کا کچھ اندازہ ہو سکتا ہے۔ اسکے تمام مضامین جدید ہیں اور پیرایہ بیان حضرت مولانا کی تمام خصوصیات کا حامل ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پہلی تقریر سیرت کو جو مقبولیت عام حاصل ہوئی ہے اس کے پیش نظر یہ امید کی جاتی ہے کہ یہ دوسری تقریر سیرت اپنی مزید ضخامت اور حسن کتابت و طباعت کے باعث اس سے بھی زیادہ مقبول ہوگی۔ اور اس کا پہلا ایڈیشن بہت جلد ہاتھوں ہاتھ فروخت ہو جائے گا۔

دوسری تقریر سیرت کی قیمت دو روپیہ مع محصولڈاک ہوگی جس میں آٹھ آنے محصولڈاک کے شامل ہونگے لیکن جو حضرات طباعت سے قبل دوسری تقریر سیرت کی قیمت پیشگی بھیجدینگے ان سے قیمت مع محصولڈاک صرف ایک روپیہ آٹھ آنے لی جائیگی۔ ایسے خریداروں کا ایک رجسٹر علیحدہ کھول دیا گیا ہے۔ اور انکے نام درج رجسٹر کرنے کا مخصوص انتظام کیا گیا ہے تاکہ ہر خریدار کو جس کی پیشگی رقم وصول ہوگی ہو کتاب چھپتے ہی رجسٹرڈ پارسل کے ذریعہ ارسال کر دی جائے۔ جو حضرات پانچ کتابوں کی رقم پیشگی یکمشت ارسال کرینگے اور یہ پارسل ایک ہی پتہ پر منگائیں گے انہیں محصولڈاک میں مزید تخفیف ہو جائیگی اور پانچ کتابوں کے لئے ساڑھے سات روپیہ کے بجائے صرف چھ روپیہ مع محصولڈاک ارسال کرنے ہونگے۔

منیجر الجمعیۃ بک ڈپو۔ بلیماران دہلی

کامرٹ ٹریڈنگ ایجنسی پوسٹ بکس ... کلکتہ

اپنے انجام کا فکر کیجیے

"جنت کی کنجی"

الجمعیۃ بک ڈپو ... دہلی

یہ تو ہمارا اخلاقی فرض ہے

خضاب چھوڑ دو

اجودھیا کی ایک سعادت مند روح

ملنے کا پتہ
الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

گپت منتر
یک صد روپیہ انعام

SIDH MANTAR ASHRAM
29/1 Katri Sarai
GAYA

ایلوپیتھک ڈپلومہ

حاصل کر کر گورنمنٹ آف انڈیا کی انگریزی ادویاتوں کی پریکٹس و انجیکشن و سرجری وغیرہ کا کام خلاصہ بغیر کسی خوف و خطر کے کیجیے۔
تعلیم و امتحان بذریعہ خط و کتابت ہوگا۔ پراسپکٹس ایک آنہ کے ٹکٹ پر پتہ ذیل ہے۔ صرف ایک متعدد اشخاص لیکر داخلہ بند ہو جائیگا لہذا جلد کوشش کی جائے۔

DR. H.U. SANDOW. P.O. SHILLONG (INDIA).

چاہ مراج گرگس جلسہ تعزیت

مسلمانان لائلپور کا اہم اجتماع

اساتذہ و طلبہ جامعہ ڈابھیل کا جلسہ

انجمن سعادت بخارا و ترکستان کے پیام کا جواب

مجنون عاشق کے قدموں پر

بے بہترین عظیم الشان رعایت

فضل شاہ ... گلی راجان کوچہ چیلان دہلی

جرمن ڈاکٹر سینگ جارج کا جوان بنانے کا دعویٰ

سو برس کے بوڑھے جوان بن رہے ہیں

ٹیسٹوجن

فروخت کنندہ دہلی کے برادرس اینڈ کو فولاد خاں اسٹریٹ دہلی

مسلم یونیورسٹی علی گڈھ
اشتہار

اس یونیورسٹی میں سیشن ۳۷-۱۹۳۶ء کا داخلہ تاریخہائے ذیل سے شروع ہوگا۔ بی۔ ٹی کلاس میں داخلہ کی درخواستیں موصول ہونے کے لئے آخری تاریخ یکم جون ۳۶ء ہے۔

تمام کلاسوں کے بورڈر ... ۸ر جولائی ۱۹۳۶ء
(سوائے ایم۔ اے۔ ایم۔ ایس سی و بی۔ ٹی)
تمام کلاسوں کے ڈے سکالر ... ۱۱ر جولائی ۱۹۳۶ء
(سوائے ایم۔ اے اور ایم۔ ایس۔ سی)
ایم۔ اے اور ایم۔ ایس۔ سی کلاسز ... ۱۴ر جولائی ۱۹۳۶ء
(بورڈر اور ڈے سکالر دونوں)

(نوٹ) (۱) جو طالب علم بی۔ ٹی کلاس میں داخلہ کے لئے منتخب ہوں گے۔ ان کے ساتھ آخری انتخاب کے لئے ۸ر جولائی ۱۹۳۶ء کو ٹریننگ کالج میں انٹرویو کیا جائے گا۔ (۲) سیشن ۳۷-۱۹۳۶ء کے لئے پراسپکٹس رجسٹرار سے دستیاب ہو سکتے ہیں۔

دستخط صاحب رجسٹرار
مسلم یونیورسٹی علی گڈھ



EROS SOZAN NO 413

MUFARRAH MUSHKIN

مفرح مشکین

... دواخانہ یونانی دہلی

طوفان حوادث

ملنے کا پتہ۔ الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

داخلہ

طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی علی گڈھ میں نئے طلباء کا داخلہ ۲۸ر جولائی ۳۶ء سے ۱۴ر اگست ۳۶ء تک ہوگا۔ لہذا داخلہ کی درخواستیں بنام پرنسپل طبیہ کالج علی گڈھ ۱۵ر جولائی ۳۶ء تک پہونچ جانی چاہئیں۔ امیدوار کو دفتر کی جانب سے مقرر کی ہوئی تاریخ پر کالج میں حاضر ہونا چاہئے۔ مقررہ تعداد کے پورا ہونے کے بعد کسی طالب علم کا داخلہ نہ کیا جائے گا۔
پراسپکٹس پرنسپل طبیہ کالج کے دفتر سے مفت طلب کیجیے۔

عطاء العدبٹ پرنسپل طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی علیگڈھ

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی — ٹیلیفون نمبر ۵۳۴۵

یداللہ علی الجماعۃ

الجمعیۃ دہلی

سہ روزہ

نگران: مولانا نورالدین بہاری

ادارہ: مسئول: ابوالبیان اویسی، محی الدین قاسمی

قیمت فی پرچہ ایک آنہ

جلد (۲۴) — دہلی یوم یکشنبہ ۱۵ ربیع الثانی ۱۳۵۵ھ مطابق ۵ جولائی ۱۹۳۶ء — نمبر (۱)

Molvi Mahdi Hasan
Mufti
P.O. Rander
Distt Surat.
28-8-35

اسلامی دُنیا

عربی، ترکی اور فارسی جرائد کے تراجم

حکومت ترکیہ اپنی حفاظت آخر دم تک کرے گی

مجلس کبیر ترکی میں وزیر خارجہ کی تقریر

مونٹرو کے اجتماع میں ترکی کی فتح

کمال پاشا کا نصب العین

مورس ہائم کا زبردست مقالہ

مشرقی میثاق کی تکمیل

انگورہ میں سفیر ایران کی تصریحات

ترکی اور بلغاریا کا اتحاد

شاہراہ حیات

(از مولانا حامد الانصاری غازی مدیر مدینہ)

بفیض قدس و حرم راز آشنا ہوں میں
ہزار باتوں کی اک بات ہے یہ میری بات
جو اس زمین کے اوپر ہے مرد راہ طلب
اسی کے قدموں کے نیچے ہے شاہراہ حیات

تجدید حیات

جمعیۃ اقوام کو فنا ہوجانا چاہیے

ترکی اخبار جمہوریت کا تبصرہ

رومانیا میں ترکی فوج کی یادگار

جنگ عظیم کے ترک شہداء کی آرامگاہیں

امریکن اور یورپی جرائد کے نام مصری لجنۃ الفلسطینیہ کا رقعہ

برطانیہ کا تحقیقاتی کمیشن بےکار ہے

عربی پولیس ہڑتال کردیگی؟

مطالبات تسلیم کرانے پر اصرار

تین عربی اخبار بند کردیئے گئے

مصر سے اور تازہ فوج پہونچ گئی!

فلسطین کے ایک عرب مبحی پر تزلہ

پولیس نے ایک مرد اور ایک عورت کو قتل کردیا

قدس کی عرب خواتین کا مظاہرہ

وطن زندہ باد کے نعرے

میونسپل ممبروں کی طرف سے ہڑتال کی حمایت

آٹھ میونسپلیٹوں کا متفقہ فیصلہ

ارضروم۔ آذربائیجان ریلوے

[illegible]

SEMI-WEEKLY
Aljamiat, DELHI.

Vol 23 — Delhi Tuesday 9th June 1936 — No. 39

یہ جگہ اشتہار کیلئے خالی ہے

ہر قسم کی کتابیں
الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی سے ہر قسم کی کتابیں
اور قرآن مجید حمائلیں مصری اور مترجم وغیرہ
مناسب قیمتوں پر خریدی جاسکتی ہیں

آلہ نامردی

بنام ٹوبیلر ساختہ جرمنی و دیگر آلات نامردی امریکہ، فرانس وغیرہ ... سکسول سائینس بیورو دفتر علوم تولید رسائل رجسٹرڈ
SEXUAL SCIENCE BOREAU
... انارکلی ... لاہور

بواسیر

چونکہ معدہ، جگر اور آنتوں کی خرابی سے پیدا ہوتی ہے ... مفت طبی مشورہ کیجیے
پتہ: حکیم عبدالرحیم جلال آباد ضلع مظفر نگر

برص و پھلبہری کی نایاب دوا

... دیدیا رام انگلش کشوری رام نمبر ۲۹/۱ ڈاکخانہ کٹری سرائے دربھنگہ

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجیے

اخبار الجمعیۃ کیلئے ہر شہر و قصبہ میں ایجنٹوں کی ضرورت ہے

اسلامیہ ہائی اسکول اٹاوہ

عنقریب کالج ہونے والا ہے
ہندوستان کے ہر حصہ کے مسلمان طلبہ کیلئے بہترین درسگاہ
...
ہیڈ ماسٹر اسلامیہ ہائی اسکول اٹاوہ (یوپی)

جوہر وسمہ مہندی کے متعلق دنیا کا متفقہ فیصلہ

... جناب چودھری غلام حیدر خاں صاحب ایڈیٹر روزنامہ زمیندار لاہور ... جناب ڈاکٹر غلام المرسلین شہید مقدس ایران ... جناب لالہ بھگت رام صاحب ... جناب بابو دیس راج صاحب ... حضرت محمد عبدالخالق صاحب ... [illegible]

صوفی اینڈ کو رجسٹرڈ دنیا کٹرہ راجہ بازار (آزاد منزل) راولپنڈی شہر

ایجنٹ: میاں فضل کریم نور محمد جنرل مرچنٹ بازار کلاں پسرور ضلع سیالکوٹ

کبھی نیند کا لطف اٹھائیے

[illegible]

عمل مشکل کشا

[illegible]

عامل وظیفہ مشکل کشا پوسٹ بکس ... دہلی

[illegible]

الجمعیۃ دہلی

یوم یکشنبہ ۱۵ ربیع الثانی ۱۳۵۵ ہجری

۵ جولائی ۱۹۳۶ء

الجمعیۃ کا دور جدید

(از جناب مولانا نورالدین صاحب بہاری نائب ناظم جمعیۃ علمائے ہند)

ربنا ھب لنا من لدنک رحمۃ وھیئ لنا من امرنا رشدا

اے ہمارے رب ہم پر اپنی جناب سے رحمت نازل فرما اور ہمارے کام کی کامیابی کے اسباب مہیا فرما دے

جب ہم اس بات کا تصور کرتے ہیں کہ ہندوستان کے مخلص اور درد مند علماء کے ترجمان خصوصی "الجمعیۃ" نے تیرہ سال کی مدت میں اپنی بے بضاعتی، حالات کی عدم مساعدت اور حقیقی انصار کی قلت کے باوجود دین مقدس اسلام اور وطن عزیز کی جس جوش، جس استقامت اور جس اصابت رائے کے ساتھ خدمات انجام دی ہیں اور حق و اصول کی خاطر جہاد آزادی میں جو دلیرانہ قدم اٹھایا ہے تو ہماری گردنیں اس معبود برحق کے آستانہ احدیت پر جھک جاتی ہیں جس کو کائنات کی ہر چیز سجدہ کرتی ہے ...

... اور اس کے ترجمان "الجمعیۃ" کو اعتدال اور صحیح مسلک کے مطابق شریعت اور حریت وطن کا علم بلند کرنے کی توفیق بخشی ...

ہو جیں اور انہوں نے اخبار کا ایک ایسا خاکہ تیار کر لیا ہے کہ انشاء اللہ ایک طرف صوری و معنوی محاسن کے اعتبار سے ممتاز اور توقعات کو پورا کرنے والا ہوگا اور دوسری طرف اخبار کی ترقی و بقاء کا ضامن بھی ثابت ہوگا۔ وما ذالک علی اللہ بعزیز۔

ایک غلط فہمی کا ازالہ

یہاں اس حقیقت کا اظہار بھی ضروری ہے کہ چونکہ اخبار میں اس قسم کا کوئی اعلان نہیں کیا گیا تھا کہ "الجمعیۃ" ایک سال کیلئے ایڈیٹر صاحب کی ذاتی ملکیت میں دیدیا گیا ہے اسلئے اس دور میں جو لئے اعتدالیاں ہوئیں اور جمعیۃ علماء کے زریں مسلک کے خلاف جو چیزیں ظہور میں آئیں ان کو غلطی سے براہ راست جمعیۃ علماء کی طرف منسوب کر دیا گیا ...

میری مشکلات

چنانچہ "الجمعیۃ" کے دور جدید کا چارج مجھے دیدیا گیا اور اس حالت میں دیا گیا کہ نہ تو اخبار کی مدیں ایک پیسہ موجود تھا ...

شاہ حبش اور جمعیۃ اقوام

بین الاقوامی لیگ کی اسمبلی کے اجلاس میں مظلوم شاہ حبش نے جو درد انگیز تقریر کی ہے وہ اسی اشاعت میں کسی دوسری جگہ درج ہے۔ شاہ حبش نے تقریر نہیں کی ہے بلکہ اپنے وطن عزیز کا رقت انگیز مرثیہ پڑھا ہے اور جگر کے ٹکڑے باہر نکال کر رکھدئے ہیں۔ اس میں کس کو شبہ ہوگا کہ حبش کو صرف جمعیۃ اقوام اور اس کے جھوٹے اقتدار نے تباہ کیا۔ اسی کی بدولت ہزاروں حبشیوں کا خون پانی کی طرح بہایا گیا اور اسی کی بیچارگی نے تین ہزار برس کی قدیم سلطنت کا خاتمہ کیا۔ شاہ حبش مظلوم ہیں، بے یار و مددگار ہیں ...

... شاہ کی کوئی حقیقی مدد کریں گے، مایوسی کا وہ مقام ہے جہاں بڑے سے بڑے انسان بھی بہک جایا کرتے ہیں اور جس کے لئے ہم شاہ حبش کو معذور تصور کرسکتے تھے، بہتر ہوتا کہ شاہ حبش سلطنت کھونے کے بعد اپنا تعلق خدا سے قائم رکھتے اور حق و انصاف کی روحانی عدالت پر نظر رکھتے۔

لیگ پارلیمنٹری بورڈ کا مقابلہ

مسلم لیگ کی طرف سے مسٹر جناح نے اسمبلی کے آئندہ انتخابات کے لئے جو پارلیمنٹری بورڈ بنایا ہے اس کی مخالفت کے لئے وہ قوتیں منظر عام پر آ رہی ہیں جو بورڈ میں نہ کوئی اثر استعمال نہیں کر سکیں اور جن کو سیدھے میدان میں اپنی شکست و پسپائی کا پورا یقین ہو گیا ہے۔ نینی تال کی ایک خبر ہے کہ وہاں اسمبلی اور صوبہ کی کونسل کے چند مسلم ارکان کا ایک جلسہ سر محمد یعقوب صاحب کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اور اس میں اس رائے کا اظہار کیا گیا کہ چونکہ بورڈ کی تشکیل قابل اعتراض ہے اس لئے ۲۵ جولائی سے قبل صوبہ کی اسمبلی میں "حقیقی" نمائندوں کے انتخاب کے لئے مسلمانوں کا ایک نمائندہ جلسہ طلب کیا جائے۔

ہمیں معلوم ہے کہ سر محمد یعقوب اور انکے ہم مشربوں کے نزدیک "حقیقی" نمائندوں سے کیا مراد ہے ...

کسانوں کے مطالبات

ضلع پولیٹیکل کانفرنس الہ آباد کے اجلاس میں سرمایہ میں کسانوں کی جانب سے جو مطالبات پیش کئے گئے ہیں وہ اس قابل ہیں کہ زمینداروں کے طبقہ اور حکومت کو کھلے دل سے ان کی حمایت کرکے مزارعین کی شکایات اور تکالیف کو دور کرنا چاہئے۔ مطالبات کی فہرست پر نظر ڈالنے سے معلوم ہو سکتا ہے کہ ان میں سے کوئی مطالبہ بھی ایسا نہیں ہے جو ناقابل قبول ہو اگر ان کو اب منظور نہ کیا گیا تو ایک دن آئے گا کہ حکومت کو ان کے سامنے سر جھکانا پڑے گا اور آبادی کے ایک ضروری عنصر کی جانب توجہ کی جائے گی ...

فلسطین سے ایک سبق

فلسطین کا جہاد آزادی شباب پر ہے۔ عربوں نے اپنی منظم قوت سے برطانیہ کو جو سبق دیا ہے اس کے نتائج انشاء اللہ ظہور میں آئینگے اور اندازہ کیجئے ... اقوام عالم میں حریتوں کی فطری آزادی اور ان کے بلند عزائم کا علم بلند کر دیا ہے اور محکوم اقوام کو یہ سبق دیا ہے کہ آزادی کی راہ میں اتحاد اور قربانی ہی کامیابی کی پہلی شرط ہے۔ کیونکہ عرب اپنے مقصد کو جلد حاصل کر لیں گے۔

موج در موج

کون کہتا ہے کہ ہندوستان غلام اور محکوم ہے؟ آخر اس ظلم کا بھی کوئی ٹھکانا ہے کہ اس برّاعظم میں "نبی" اور "مہدی" پیدا ہوتے چلے جا رہے ہیں مگر ہم شکر ادا کرنے کے بجائے یہی رونا روتے رہیں کہ ہندوستان ذلیل و خوار ہے، آزادی کی نعمت سے محروم ہے ... یہ صرف کانگریس جیسی باغی جماعت اور جمعیۃ علماء جیسے سرپھرے ادارہ کا غلط اور بے بنیاد پروپیگنڈا ہے ...

مکتوب گرامی کا اہم اقتباس حسب ذیل ہے :-

... اس مکتوب گرامی پر ہماری گزارشات کا خلاصہ یہ ہے کہ جناب نے اپنی والدہ محترمہ کے ساتھ اپنے والد بزرگوار کا نام کیوں ظاہر نہ فرمایا؟ اگر آپ ایسے ہی مجہول النسب ہیں تو محترم مطور بہا سے مشورہ کر کے کوئی فرضی نام کیوں تجویز نہ کر لیا ...

سبحان اللہ! حکومت سے تعاون، آپکے دعویٰ کی جان ہے، بیچارے مہدی سوڈانی کا جو حشر ہوا وہ آپ جیسے باخبر کو ضرور معلوم ہوگا ...

اے مسلمانو! خدارا اٹھو اور اس مرد بیباک کا کان پکڑ کر باہر نکال دو ...

مباحث امروز

برطانیہ اور مسئلہ فلسطین

اعراب فلسطین کی تحریک حریت جو ہر روز طلوع آفتاب کے بعد جو خونین منظر پیش کرتی ہے وہ اپنے نتائج کے اعتبار سے برطانیہ کے لئے نہایت اہم اور خطرناک ہیں۔ عربوں کی یہ تحریک اپنے ابتدائی دور میں تحریک آزادی، جذبہ استقلال اور وطنیت کے مرادف تھی۔ یہ جذبات بذات خود کوہ شگاف قوتیں اپنے اندر پنہاں رکھتے تھے اور دنیا کی کسی قہرمانی طاقت کے زور سے ناپید اور فنا ہونے والے نہیں تھے جس کا اندازہ فلسطین کی موجودہ کشاکش اور آویزش میں برطانیہ کو کافی ہو چکا ہے اور روزانہ ہو رہا ہے۔ عربوں کے سینوں کو گولیوں کا نشانہ بنایا جا رہا ہے ...

... حکومت برطانیہ کے لئے یہی صورت حالات کیا کم پریشانی افزا تھی کہ اس پر مزید اضافہ یہ ہوا کہ ایک طرف مصریوں نے فلسطین اور مصر کو ایک ہی خطہ بنایا ... دوسری طرف شرق اردن کے بدوؤں کے قلوب میں بے چینی پیدا کی ...

اطالوی ریشہ دوانیاں

بساط فلسطین پر حکومت برطانیہ کے خلاف شرح ہی دو مہرے جو پیٹے ہوئے نظر نہیں آتے ہیں بلکہ ایک اور طوفان بپا ہو رہا ہے ...

برطانیہ کا سیاسی زوال

وزیر ہند کی گیدڑ بھبکی

مقصد سیاسی رائے عامہ کو دبانا اور قومی تحریکات کو پسپا کرنا تھا۔ اس قسم کے نظام حکومت کا لازمی اثر یہ ہوا کہ محکمہ پولیس میں گوناگوں خرابیاں پیدا ہو گئیں اور پبلک اور حکومت کے مابین گہری منافرت قائم ہو گئی ...

لارڈ لوتھین کا یہ مشورہ نہایت دانشمندانہ اور مفید تھا اور درحقیقت اس کا منشا تھا کہ حکومت اس کو بصدق دل قبول کرکے کسی مناسب پالیسی کا اعلان کرتی ...

رجعت پسندوں کا مغالطہ

وزیر ہند کی یہ دھمکی حکومت برطانیہ کی موجودہ روش کے پیش نظر کچھ بعید از قیاس اور غیر متوقع نہیں ہے ... معلوم ہے کہ گورنر اپنے مخصوص اختیارات کو ضرور استعمال کریں گے ...

حکومت کی نازک پوزیشن

جیسا کہ قرائن و حالات بتا رہے ہیں اگر کانگریس آئندہ انتخابی مہم میں کامیاب ہو گئی اور اپنے اپنی پالیسی پر عمل پیرا ہو خروج کر دیا تو ...

آج کی خبریں

فلسطین کے جہاد حریت پر کانگریس کی طرف سے مبارکباد

کانگریس نیشنلسٹ پارٹی سے اتحاد عمل کی تجاویز

آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے آفس کیلئے ۱۰ ہزار روپیہ کی منظوری

... خیال کیا جاتا ہے کہ اس کمیٹی میں پنڈت جواہر لال نہرو کے حالیہ سلسلۂ تقاریر و ان کے اثرات پر بھی گفت و شنید ہوئی ہے اور یہ طے پایا ہے کہ آئندہ انتخابات کیلئے کانگریس کا پروگرام واضح طور پر جلد مرتب کر دیا جائے۔

کانگریس کی انتخابی مہم کا آغاز

پنڈت گوبند ولبھ پنت کی بصیرت افروز تقریر

ہندوستان کی مصیبتوں کا درد انگیز نقشہ

کانپور یکم جولائی۔ آج پنڈت گوبند ولبھ پنت نے آئندہ مجالس مقننہ کیلئے کانگریس کی انتخابی مہم کا آغاز کانپور میں کر دیا ہے اور ایک عظیم الشان جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے یہ امید ظاہر کی ہے کہ جس طرح سابقہ اسمبلی کے انتخابات کی مہم آپ نے کانپور سے شروع کرکے کامیابی حاصل کی تھی اسی طرح آج بھی یہ یقین ہے کہ صوبائی انتخابات میں بھی نمایاں کامیابی حاصل ہوگی۔

آپ نے مزید فرمایا کہ ہندوستان کے لئے یہ امر کس قدر شرمناک ہے کہ ... جس قدر خرچ کیا جاتا ہے اس قدر روٹی کھانے کے لئے نصیب نہیں ... ان تمام نحوستوں کا واحد سبب بدیشی راج ہے اور کانگریس اس بدیشی تسلط کو ختم کرنے کیلئے آج تک مصروف رہی ہے اور آئندہ رہیگی ... اسکے بعد آپ نے سامعین سے اپیل کی کہ وہ آئندہ انتخابات کی اہم مہم میں کانگریس کی ہر ممکن امداد کریں اور اسمبلیوں میں کانگریسی امیدوار بھیجیں۔

کانگریس نیشنلسٹ پارٹی سے اشتراک عمل

قومی جدوجہد میں متحدہ محاذ کی تعمیر

وارداء یکم جولائی۔ جنرل سکریٹری کانگریس نے نیشنلسٹ پارٹی سے اشتراک عمل کے متعلق حسب ذیل بیان شائع کیا ہے :-

پنڈت جواہر لال نہرو صدر کانگریس نے کمیٹی کے سامنے وہ تمام خط و کتابت پیش کر دی ہے جو ان کے اور پنڈت مالویہ کے مابین ہوئی ہے ... کانگریس کا عمومی نظریہ اور اس کا طریق عمل پنڈت جی اپنے بیانات مورخہ ۲ و ۸ جون میں وضاحت کے ساتھ ظاہر کر چکے ہیں۔

اس مسئلہ کے متعلق جو غلط فہمیاں پیدا ہو گئی ہیں ان کو دور کرنے کے لئے کمیٹی نے یہ طے کیا ہے کہ وہ اپنے انتخابی مینیفسٹو میں جس کو آل انڈیا کانگریس کمیٹی مرتب کرکے مناسب وقت پر شائع کرنے والی ہے، کانگریس کی پوزیشن قطعی طور پر صاف کر دیگی ...

کونسل آف اسٹیٹ کی نشست کے لئے جدوجہد

لالہ جگدیش پرشاد کی حمایت میں مینیفسٹو

الہ آباد یکم جولائی۔ مسٹر چنتامنی، سر تیج بہادر سپرو، ... اور چند دیگر اصحاب کی طرف سے ایک مینیفسٹو شائع ہوا ہے۔ جس میں یوپی کے شمالی غیر مسلم حلقہ کی طرف سے کونسل آف اسٹیٹ کی امیدواری کے لئے آنریبل رائے بہادر لالہ جگدیش پرشاد کی تائید کی گئی ہے۔

سر فیروز خاں نون ہائی کمشنر ہند کی مسند پر

لندن یکم جولائی۔ آج سر فیروز خاں نون نے ہائی کمشنر انڈیا کا چارج لیا ہے اور اپنی ذمہ داریاں سنبھال لی ہیں۔ انڈیا ہاؤس کے بڑے کمیٹی روم میں تمام اسٹاف موجود تھا ...

سوئز کینال اور مصر کی حفاظت کا مسئلہ

مصری وفد اور ہائی کمشنر کے مابین گفت و شنید

لندن ۲۸ جون۔ ... ہائی کمشنر مصر سر مائلز لیمپسن کی مراجعت مصر کے بعد فوراً ہی مصری وفد و تعلیم اور آپکے مابین گفت و شنید کی توقع کی جا رہی ہے ...

قضیۂ رگھو پاتر کے متعلق یوپی کونسل میں سوال

ہوم ممبر کی طرف سے پولیس کی صفائی

نینی تال ۳۰ جون۔ آج یوپی کونسل کا آخری سیشن ختم ہو گیا ...

کراچی میں آگ و پانی کی تباہ کاریاں

ریلوے لائن کٹ گئی

کراچی یکم جولائی۔ تازہ اطلاع مظہر ہے کہ طوفانی ہوا کے بعد زور و شور سے بارش شروع ہو گئی اور گزشتہ شب سے آج دوپہر تک مسلسل پانی برستا رہا جس کی وجہ سے تمام نشیبی علاقوں میں پانی بھر گیا اور بیرونی علاقوں میں دو مکان بیٹھ گئے ... آگ لگ جانے کی وجہ سے ... ہزار روپیہ کا نقصان ہوا ہے۔

ایک چوکیدار کا وحشیانہ قتل

پولیس افسر کی قاتلانہ بے رحمی

مسٹر ... سپرنٹنڈنٹ پولیس آگرہ نے تھانہ ... کے اسٹیشن افسر مسٹر ... کو ایک بینہ قتل کے سلسلہ میں گرفتار کر لیا ہے ...

دارالخلافہ

قرول باغ کی نئی حالی
سڑکوں اور گلیوں میں پانی

دہلی میں تانگے والوں کی کل ہڑتال
رشوت ستانی اور بدسلوکی کے خلاف احتجاج

پیدائش و اموات
ہفتہ وار رپورٹ

فلسطین میں فوج اور عربوں میں پھر گولی چلی
تین برطانوی سپاہی مجروح - ایک شہر پر جرمانہ کر دیا گیا
ہڑتال جاری رکھنے کیلئے لیڈروں کا فیصلہ

"الجمعیۃ" جمعیۃ علماء ہند کی آواز ہے
مسلمانان ہندوستان پورے جوش و ہمت سے استقبال کرینگے
حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کی اپیل

فقیر احمد سعید کان اللہ لہٗ

ملک فیصل کی صاحبزادی
عیسائی ہونیکی خبر بے بنیاد ہے

ایک سکھ نوجوان کا قبول اسلام

مرکزی محکمۂ مالیات کا سکرٹری

بحرہ روم کی ملکیت کا سوال
مسولینی کے دعوی ترکی اور برطانیہ کو تشویش

سرمہ نور

دمولانا نورالدین بہاری بیری والا مالی دہلی

خضاب چھوڑ دو

بال کالا اسٹورس کشمیری دروازہ دہلی

ہوالکل — یاسمین
عمل مشکل کشا

صرف دس آنہ

عامل وظیفہ مشکل کشا
پوسٹ بکس ۳۲۰ نئی دہلی

ہر وبا کے موقعہ پر
ہیضہ کیواسطے
"امرت دھارا"
بہترین کامیاب علاج ہے

امرت دھارا اوشدھالیہ لاہور

برطانیہ اور فرانس کا فیصلہ
جنوبی اٹلی کی فتح کو تسلیم نہیں کیا جائے گا
شاہ جش لیگ کے اجلاس میں پیش ہونگے

جش میں اطالویوں کے انتظامات
میکالے کے فاتح کو شاہ اطالیہ کی طرف سے خطاب

پنڈت جواہر لال نہرو کو پاسپورٹ
برطانوی پارلیمنٹ میں سوال

الجمعیۃ کا دور جدید
ناظرین و معاونین سے تعاون پسندیدگی حاصل کریگا
حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند کا ارشاد

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہٗ

چین کی خانہ جنگی اور جاپان

سرحدی کسانوں کا مطالبہ

جرمنی عورتوں کیلئے جبری محنت

شاہ فاروق کی نسبت قرار پا گئی !!

محبوب عاشق کے قدموں پر
ہمیشہ عظیم الشان رعایت

فضل شاہ مالی گلی۔ اجمان کرچیاں دہلی

کٹ پیس منگوانے والو
اس سے اچھا موقعہ آپکو نہیں ملیگا
دھرم اور ایمان کا سودا

آل انڈیا کانگریس کمیٹی کی مجلس عاملہ کا اجلاس
طول و عرض ہند کے کانگریسی لیڈروں کی شرکت
نیشنلسٹ پارٹی سے تعاون کے مسائل پر بحث

دوسرے اہم امور

اجلاس کی اہمیت

کانگریس اور سوشلزم
گاندھی جی سے مشورے

ہمیں بھی کلکٹر اور کمشنر بنایا جائے
سیلون کی خواتین کا مطالبہ

شمالی ہند میں پھر زلزلہ آیا
خوف سے لوگ گھروں سے باہر نکل آئے

لیگ ایک اور ملک علیحدہ ہوگیا

"میری مغلوب و پامال رعایا کو بچاؤ"

خدا کے دربار میں اور تاریخ میں تمہارا فیصلہ یادگار رہے گا

جمعیتہ اقوام میں شاہ حبش کی دردناک اپیل

فاروق مصر فاروق اعظم کے نقش قدم پر

جشن میلاد نبوی میں شاہ فاروق والی مصر نے نہایت عقیدت و محبت سے شرکت کی جب وقت آپ ... میں تشریف لائے تو ہجوم کے باعث کسی نے بھی آپ کو شناخت نہیں کیا اور آپ تمام مجلس کا چکر کاٹتے اور لوگوں سے ... کے ساتھ گفتگو فرماتے رہے مجلس کے اختتام پر جب آپ باہر تشریف لیجانے لگے تو ایک نوجوان نے کاغذ کا ایک پرزہ آپکی خدمت میں پیش کیا۔ باڈی گارڈ نے نہایت سرعت سے نوجوان کو گرفتار کرنا چاہا مگر جلالۃ الملک نے فرمایا کہ اسکو چھوڑ دو شاید یہ مظلوم ہے پھر آپنے تحریر کو بغور پڑھا اور حکم دیا کہ اس تحریر کو کل ہمارے سامنے پیش کیا جائے تاکہ تحقیقات کے بعد نوجوان کی دادرسی کی جاسکے۔

دنیائے اسلام

عربی، ترکی اور فارسی جرائد کے تراجم

یمن کے خلاف ایک خطرناک سازش

اٹلی پر حملہ کرنے کیلئے حبش سے معاہدہ

امام یحییٰ بال بال بچ گئے

ارجنتائن کے عربی اخبار ”الفطرۃ الاسلامیہ“ نے حکومت یمن کے خلاف ایک نہایت خطرناک سازش کا انکشاف کیا ہے اخبار مذکور لکھتا ہے کہ حبشی اور اطالوی جنگ کے دوران میں انگریزوں کی طرف سے امام یحییٰ والی یمن پر زور ڈالا گیا کہ وہ حبش سے ایک ایسا معاہدہ کرلیں جس کی رو سے دونوں حکومتیں اٹلی پر حملہ کرنے کیلئے مجبور ہوں۔ یمنیوں کو سمجھایا گیا کہ اگر یمن بھی اٹلی کا مقابلہ کرے اور حبش کو بچانے کے لئے امام یحییٰ خود میدان میں نکل آئیں۔ اگر یہ سازش کسی حد تک بھی کامیاب ہوجاتی اور امام صاحب اطالوی فوج کے مقابلہ میں اپنی افواج کو جنگ کرنے کے لئے روانہ کردیتے تو یمن کا آج وہی حشر ہوتا جو حبش کا ہوا ہے۔ اور اس کا نتیجہ یہ ہوتا کہ ایک بہت بڑی قوت یمن پر مسلط ہوجاتی یا اسکو اپنا محکوم بنالیتی۔ خدا بھلا کرے امام یمن کا کہ انہوں نے اس سازش کو فوراً تاڑ لیا اور معاہدہ کی سلسلہ جنبانی کرنیوالوں کو صاف جواب دیدیا کہ اسوقت حبش کی سیاست متزلزل ہے اسلئے اس سے کوئی ایسا معاہدہ نہیں کیا جاسکتا جو کسی دوسری حکومت کیلئے ہجوم و اقدام کا موجب ہو جب فضا صاف ہوجائیگی تو معاہدہ صداقت و اتحاد کے انعقاد میں کوئی مضائقہ نہ ہوگا۔

یمن کے حدود پر قلعوں کی تعمیر

فوج کی نئی تنظیم، اسلحہ کی فراہمی

البلاغ کا نامہ نگار مقیم صنعاء لکھتا ہے کہ حبش کے خلاف اٹلی کے جارحانہ اقدام نے حکومت یمن کی آنکھیں کھولدی ہیں۔ اور نہایت عجلت کے ساتھ حدود یمن پر قلعوں اور فوجی چھاؤنیوں کی تعمیر ہو رہی ہے۔ دیگر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ یمنی فوج کی از سر نو تنظیم کے لئے ترکی فوجی افسروں کی ایک معقول تعداد کمال پاشا سے طلب کی گئی ہے۔ اسلحہ کی فراہمی کے سلسلہ میں معلوم ہوا ہے کہ حکومت یمن نے ایک بہت بڑی رقم اس کے لئے مخصوص کرلی ہے اور کئی ہوائی جہازوں، کثیر بندوقوں اور بم کے گولوں کے لئے بعض اسلحہ ساز کارخانوں کو آرڈر دیدیے ہیں۔ امام صاحب نے حکم دیدیا ہے کہ یمنی اور اطالوی حدود پر ہر وقت ۴ ہزار فوج کو تیار رہنا چاہئے۔

فلسطین یا ارض شہداء

اخبار ”السیاست“ کا دردانگیز مقالہ

مصر کا اخبار السیاست ”فلسطین کے عربوں کے جہاد وطن پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتا ہے کہ یہودی اور انگریز فلسطین میں جس قدر چاہیں مال و دولت خرچ کرلیں اور جس قدر چاہیں باشندوں کو ذلیل و خوار کرلیں مگر یاد رکھیں کہ فلسطین کا قضیہ انسانیت کا قضیہ ہے اور انسانیت کے مددگار اس کی مدافعت آج بھی کریں گے اور کل بھی فلسطین کا معاملہ مقامی نہیں ہے بلکہ مشرق و مغرب کا معاملہ ہے۔ یقیناً تاریخ میں باشندگان ارض قدس کی قربانیوں اور مظلومی کی دردانگیز داستانوں کو سنہری حرفوں میں لکھا جائیگا۔

اہل فلسطین ہر سال ایک دو دفعہ بلاؤں میں گرفتار ہوتے ہیں گویہ مطمئن ہیں کہ ان کی تکالیف کا منشا صدق و حقیقت کی حمایت ہے وہ اس طرح شہید ہو رہے ہیں اس جہاد آزادی میں وطن پر قربان ہوئے ہیں ان کا سرخ خون اہل فلسطین کے دلوں میں ڈھارس پیدا کر رہا ہے۔ ارض قدس ارض شہداء ہے اور آج اور کل بھی حسب ضرورت فلسطین ارض شہداء ہی رہے گا۔

تین عرب خواتین کی گرفتاری

حکومت کو رہائی پر مجبور ہونا پڑا

جیفا میں تین عرب خواتین کو ہڑتال کی ترغیب دینے کے الزام میں پولیس نے گرفتار کرلیا۔ دوسرے روز باشندوں نے بطور احتجاج اتنا زبردست مظاہرہ کیا کہ حکومت کے ہوش اڑ گئے تیسرے روز پھر مظاہرہ ہوا جس میں فوج نے گولی چلائی کئی آدمی اور تین سپاہی سخت زخمی ہوگئے۔ اسکے بعد حکومت کو مجبوراً تینوں کی رہائی پر مجبور ہونا پڑا۔

فلسطین میں ایک جدید حرکت

فوجی موٹروں کو بیکار کرنیکی نئی ترکیب

فلسطین کے عربوں نے ایک نئی تحریک شروع کی ہے جسکے ذریعے انہوں نے سڑکوں اور شاہراہوں پر کیلیں اور گوکھرو ڈالکر فوجی موٹروں کو بیکار کردیا ہے۔ جو فوجی موٹریں سڑکوں سے گذرتی ہیں ان کے پہیوں میں پنکچر ہوجاتا ہے اور سپاہی باہر نکل کر حریفوں کے حملوں کا نشانہ بنتے ہیں۔ کئی روز سے فوج، پولیس اور موٹر کمپنی کے یہودی عمال سڑکوں کو صاف کرنے اور کیلوں کو چننے میں لگے ہوئے ہیں۔ اس کے باوجود بہت سی سرکاری موٹروں کو سڑکوں پر خاموشی کے ساتھ کھڑے ہونے کے لئے مجبور ہونا پڑا ہے۔ اب یہ حال ہے کہ موٹر ہلکی چال سے سڑکوں پر گشت کرتی ہے اور فوجی سپاہی کیلیں کو تلاش کرتے ہوئے سڑکوں پر مارے مارے پھر رہے ہیں۔ پولیس نے ایک موٹر ڈرائیور کو سڑکوں پر کیلیں ڈالنے کے الزام میں گرفتار کرلیا ہے۔ ملزم کا نام فائز کب اور یسی ہے۔

کمال پاشا دردانیال پر

چار روز تک جنگی مناورات کا معائنہ

مصطفےٰ کمال اتاترک دفاعی اور جنگی مناورات کے معائنہ کیلئے دردانیال پر تشریف لائے۔ آپ کی تشریف آوری کیلئے خاص انتظامات کئے گئے تھے۔ آپنے توپ خانہ کی درسگاہ کا بھی معائنہ فرمایا اور فوجی افسروں کو خصوصی ہدایات سے نوازا۔ البلاغ کے نامہ نگار مقیم استانبول کا بیان ہے کہ کمال پاشا چار روز تک دردانیال کے مناورات کا معائنہ کرنے کے لئے تشریف لاتے رہے۔

ترکی بحری فوج کو نیا حکم

مشتبہ جہازوں کی تلاشی

ترکی حکومت نے دردانیال کی ساحلی فوج کے نام ایک حکم نامہ جاری کیا ہے جس میں مذکور ہے کہ جس غیر ملکی جہاز کو مشکوک دیکھو فوراً اس کی تلاشی لیلو۔ اس حکم کی رو سے مشتبہ جہازوں کو گرفتار کرنے کی اجازت بھی فوجی حکام کو دیدی گئی ہے۔

زبردستی دوکانیں کھلوانے کا حکم

عربوں نے قتل کی دھمکی دے دی

”البلاغ“ مظہر ہے کہ حکومت فلسطین نے ایک اعلان شائع کیا ہے جس کی رو سے حکام کو دوکانیں زبردستی کھلوانے کے اختیارات دیدیئے گئے ہیں۔ اس اعلان کے فوراً ہی بعد عربوں نے دیواروں پر اپنی طرف سے پوسٹر چسپاں کردیا جس میں باشندوں کو ہدایت کی گئی کہ ہڑتال ہرگز ختم نہ کی جائے۔ حکومت کو بھی پوسٹروں میں متنبہ کردیا گیا ہے کہ اگر زبردستی دوکانیں کھلوانے کی کوشش کی گئی تو جو لوگ دوکانوں کو ہاتھ لگائیں گے ان کو فوراً قتل کردیا جائیگا۔

مسجد اقصیٰ کا خطیب گرفتار

حکومت سے جنگ کرنیکی تلقین

حکومت ہڑتال کو ختم کرنے کے لئے سخت سے سخت تدابیر اختیار کر رہی ہے۔ یافا سے اخبار ”الدفاع“ کے ایڈیٹر کو عو جا میں نظر بند کردیا گیا ہے۔ قدس سے سید حسن عز، سید عریضہ اور مجلس قومی کے رکن اعظم سید عبدالباری کو خارج کردیا ہے۔

پولیس نے سید عبوسی کو اس جرم میں گرفتار کرلیا ہے کہ انہوں نے مسجد اقصیٰ میں ایک پر جوش تقریر کرکے برطانیہ کے خلاف حاضرین کو جنگ کے لئے ابھارا تھا اور لوگوں کو جہاد کی ترغیب دی تھی۔

(باقی صفحہ ہذا کالم ۳ کے نیچے ملاحظہ فرمایئے)

Regd No L 1793.

The Aljamiat

Vol. 24 No 2 — Delhi Thursday 9th July 1936 — Price one Anna

کانگریس میں کوئی اختلاف نہیں ہے

اخبار ”احرار“ ... کا نامہ نگار لکھتا ہے کہ مسٹر بابو راجندر پرشاد نے ... کانگریس میں پھوٹ پڑجانے کے متعلق قیاس آرائیاں کر رہے ہیں۔ ... کانگریس کے اصولوں ... کوئی معاہدہ نہیں ہوسکتے ہیں۔ ... پنڈت جواہر لال نہرو کے ...

نیشنلسٹ پارٹی سے سمجھوتہ کرنے کی تجویز

کانگریس کے جنرل سکریٹری نے کانگریس نیشنلسٹ پارٹی سے سمجھوتہ کرنے کے بارے میں ... بیان شائع کیا ہے ... پنڈت جواہر لال نہرو صدر کانگریس نے اس ... کمیٹی کے ...

بمبئی میں کمسن لڑکیوں کی خرید و فروخت

بمبئی ... پولیس نے ... کمسن لڑکیاں ... ہندوستان کے ... مختلف شہروں میں فروخت کرنے کی تجارت کرتے تھے ... گرفتار کرلیا ... پولیس نے ایک مخبری کی بنا پر ... مکان کے ایک کمرے ...

مسولینی جنگ کیلئے تیار ہے

روم ... جولائی۔ اخبار ”انجین ہیرالڈ“ ... کا نامہ نگار مقیم روم اپنے اخبار کو ... اطلاع دیتا ہے کہ ... سرکاری حلقوں میں ... مسولینی ... ۴ جولائی ... جمعیت اقوام ... سائٹرو مسولینی ... اس کے لئے ...

دشمن کے دھوکہ میں لڑکی کو مار ڈالا

لاہور ... جولائی۔ ... ایک سکھ لڑکی کے افسوسناک قتل کی اطلاع موصول ہوئی ہے۔ ... سردار ... سنگھ جب کہ لاہور گیا ہوا تھا تو اس کی بیوی نے ... مکان کے اندر ... لڑکی کو قتل کردیا۔

الجمعیۃ بکڈپو کی چند مذہبی اور اصلاحی کتابیں

مذہبی کتابیں

دلائل الخیرات مترجم ... تفسیر ... فلسفۂ تعلیم اسلام ... تقریریں ... جنت کی کنجی ... خلافت فاروقی ... بہشتی زیور مکمل مجلد

دوزخ کا کھٹکا — پاک زندگی — فتاویٰ اشرفیہ — فتاویٰ رشیدیہ

اوراد و وظائف

طب روحانی — دعائے مقبول — احسن الوظائف — حل مشکلات — رسول کی دعائیں

معمولات مشائخ

عملیات کا ایک ضخیم اور قیمتی مجموعہ

... صفحات ۵۷۸ ... قیمت ...

عورتوں اور بچوں کی کتابیں

خانہ داری — خواتین اندلس — سیدہ کا لال — تعلیم الاسلام — بچوں کا تحفہ — اربعین

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

... پادری کی لڑکی ... اسلام کا مطالعہ کرکے ... مسلمان ہونے کا اعلان کردیا ...

محصول ڈاک و پیکنگ کا خرچ ہر حالت میں بذمہ خریدار ہوگا۔ — منیجر

منیجر الجمعیۃ بکڈپو بلیماران دہلی

جمعیۃ ... پرنٹر و پبلشر ... نے ... پریس دہلی میں چھپوا کر دفتر الجمعیۃ دہلی سے شائع کیا۔

Regd. No. L 173
بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجمعیۃ
دہلی
یوم دوشنبہ ۲۳ ربیع الثانی ۱۳۵۵ ہجری

تحریک صیہونیت کا خونیں انجام

تحریک صیہونیت جو آج مسلمانوں کے قبلہ اول ارض فلسطین میں انسانی خون سے گلکاری کر رہی ہے۔ انیسویں صدی کے اواخر میں معرض وجود میں آئی

حریفوں کی تحریک آزادی

ایک سرخ خطرہ

صیہونی کانگریس

برطانیہ کے متضاد وعدے

وزراء کی انتخابی سرگرمیاں

جس وقت سے ہندوستان کی مختلف جماعتوں نے انتخابی مہم کو سر کرنے کیلئے جدوجہد کا آغاز کیا ہے

تحفظ مصر اور برطانیہ

الیکشن اور حکومت ہند

موج در موج

مباحث امروز

مولانا ابوالکلام اور قادیانیت

ایڈورڈ پارک میں مذہبی کشتیاں

گمراہی کے مخرج پر گرفت

اشخاص کی حیثیت

شاہ عراق کی ہمشیرہ

انتقادات

پاک زندگی

گلدستہ صد احادیث نبوی

افکار و اخبار

مولانا ابوالکلام آزاد کا تشریحی مکتوب
حدیث نزول مسیح کی نفی نہیں کی گئی ہے

حضرت مولانا کا مکتوب

دنیا کی دوبارہ تقسیم

مسلمانوں کی عسکری تنظیم

بے روزگاری کی انتہا

میاں فضل حسین کی مفارقت

Regd No L 1793

یو۔پی میں انتخابی مہم کا آغاز

سینکڑوں جلسوں کا پروگرام۔ لاکھوں پمفلٹ اور پوسٹر تقسیم کرنیکی تجویز

ہر شہر اور قصبہ میں انتخابی دفتر قائم کئے جائینگے

افق ہند پر حسرت و ماتم کے خونین آثار

پنجاب کے ایک زبردست رہنما کی دائمی مفارقت

میاں سر فضل حسین کا انتقال پر ملال

لاہور ۹ جولائی۔ انتہائی رنج و غم کے ساتھ یہ خبر دی جاتی ہے کہ کل شب بارہ بجکر ۵ منٹ پر آنریبل خان بہادر میاں سر فضل حسین کے۔ سی۔ آئی۔ ای، کے۔ سی۔ ایس۔ آئی لیڈر پنجاب یونینسٹ پارٹی ایک ہفتہ کی علالت کے بعد انتقال فرما گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ انتقال کے وقت ان کے صاحبزادے اور صاحبزادیاں موجود تھیں۔

مطالبات کی منظوری کی خوشی میں تین میل لمبا جلوس

عمال حکومت کو تنبیہ

مسٹر لگلانے کی تجویز کے خلاف احتجاج

چھ جگہوں کیلئے پونے سات سو درخواستیں

ہندوستان اور جاپان کے مابین تجارتی گفت و شنید

پیچیدہ نکات پر غور و خوض

الجمعیۃ کی اعانت قومی فریضہ ہے

"الجمعیۃ" آزادی کا بیڑا اٹھانے والی جماعت جمعیۃ العلماء ہند کا آرگن ہے

جانشین شیخ الہند حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی کا ارشاد گرامی

ننگ اسلاف حسین احمد غفرلہ

کانگرس کا آئندہ اجلاس موضع فیض پور ضلع پونہ میں ہو گا

کانگرس ہر طبقہ سے امیدوار کھڑے کریگی

۱۳ جولائی تک امیدواروں کے نام پہونچ جانے چاہئیں

لیگ کے خلاف یوم احتجاج منایا جائے

۷۸۶ — ہو الکامل — یا معین

عمل مشکل کشا

غرض یہ کہ عمل مشکل کشا ہر مشکل میں مشکل کشا ہی ثابت ہو گا

صرف دس آنہ

عامل وظیفہ مشکل کشا
پوسٹ بکس نمبر ۲۳ نئی دہلی

ہائی کمشنر فلسطین کا تازہ اعلان

بلوہ فرو کرنے کے لئے فوجی طاقت کے استعمال میں دریغ نہیں کیا جائیگا

فوج بڑھانے کی تجویز

دردانیال کانفرنس میں تازہ ہنگامہ

برطانیہ پر عیارانہ دو عملی کا الزام

رومانیہ اور برطانیہ میں چپقلش

جبوتی عدیس ابابا ریلوے لائن کاٹ دی

ڈاکوؤں کی تہلکہ خیزیاں

اطالوی ہوائی جہازوں پر حملہ

نو اطالوی افسر ہلاک ہوگئے

فلسطین میں چلتی لاری پر حملہ

ایک یہودی ہلاک اور دو مجروح

صوبہ متحدہ میں خوفناک سیلاب

مکانوں کے گرنے سے متعدد اموات

لکھنؤ کے دفتر احرار پر پولیس کا چھاپہ

دو اشخاص گرفتار کر لئے گئے

برطانیہ کو نازی وزیر کی دھمکی

جرمن نو آبادیات کو واپس لینے کا اعلان

قارئین و معاونین الجمعیۃ کی خدمت میں

الجمعیۃ کے صفحات میں اضافہ کی تجویز

اٹلی کی فوج کے ایک لاکھ سپاہی حبش میں آباد ہونگے

سرکاری احکام جاری ہوگئے

برطانیہ اور روس کے درمیان اختلاف رائے

روس کی جانب سے کانفرنس کو چھوڑنے کی دھمکی

ایک معزز ہندو خاندان مشرف بہ اسلام ہو گیا

قرص جریان

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی — ٹیلیفون نمبر ۵۷۷

یہ تو ہمارا اخلاقی فرض ہے

آتنک نگرہ فارمیسی جام نگر کاٹھیاواڑ

امریکہ میں یوم آزادی کی برکات

ایک دن میں دو سو پچاس اشخاص کی جانیں عدم آباد کی نذر

ترکی زبان کی کانگرس

کمال اتاترک شریک ہوں گے

قاہرہ سے فوجیں ہٹا دی جائینگی

اسمعیلیہ میں فوجی چھاؤنی کا قیام

فلسطین میں پھر ہنگامہ

دو برطانوی فوجی افسروں پر فیر کئے گئے

ایک ہزار فسطوں کی گرفتاری

اسلامیہ ہائی اسکول اٹاوہ

عنقریب کالج ہونے والا ہے

ہندوستان کے ہر حصہ کے مسلمان طلبہ کیلئے بہترین درسگاہ

ہیڈ ماسٹر اسلامیہ ہائی اسکول اٹاوہ (یو۔پی)

Regd No L 1793

اسلامیات

عبادات

(از جناب مولانا مولوی نورالدین صاحب بہاری)

(بسلسلہ اشاعت گزشتہ)

یہ حال ان تعلیم یافتوں کا تھا جو اس زمانہ میں تعلیم یافتہ کہے جاتے تھے تو اس بیچارے عرب کے جاہل بدوی کا کیا حال ہوگا خود ہی اندازہ کر لیجئے۔ یہ ضرور تھا کہ یہ بدوی درجاہل الذہبی کی ہستی کے قائل تھے اور اس نام سے آشنا تھے مگر اس کے طریق عبادت و پرستش سے نا آشنا تھے۔ ہاں اگر واقف تھے تو اپنے قبائل کے بڑے بڑے بتوں سے۔ ان ہی کے سامنے اپنی آرزوئیں پیش کرتے قربانی کرتے۔ سال کے مختلف اوقات میں مختلف مناور کے سامنے میلے لگاتے اور رنگ رلیاں مچاتے۔ دنیا کے کسی گوشہ میں اللہ واحد کی پوجا نہ ہوتی تھی لیکن دیوی دیوتاؤں کی مورتیاں ان کی پڑیاں ان کی مصنوعی یادگاریں پوجی جایا کرتی تھیں۔ ایران نے آگ کے سامنے اپنی پیشانی ٹیک دی۔ ہندوستان اور چین بودھ کی مورتیوں اور ملی ہوئی ہڈیوں کی پوجا ہوتی تھی خصوصاً ہندوستان تو ...

تھا مگر اس اندھیری دنیا میں ریگستان کے ایک گوشہ سے آواز بلند ہوئی یا ایہا الناس اعبدوا الذی خلقکم۔ لوگو اپنے اس پیدا کرنے والے کی پوجا کرو جس نے تم کو پیدا کیا ...

فتاوی

استفتاء

چہ فرمایند علماء دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ایک عورت ہے جو کہ نابالغ اور بالکل نادان تھی اس کا باپ فوت ہوگیا۔ صرف ایک ماں ہے۔ اور اس کا بھائی ہے جو کہ عاقل بالغ مسلمان ہے۔ اس لڑکی کا اس کی ماں کی اجازت سے ایک عورت نے قاضی مقرر ہو کر بحاضری دو عورتوں کے نکاح پڑھوا دیا ... اس مسئلہ ...

الجواب

اس لڑکی نابالغہ کا نکاح ماں کا پڑھایا ہوا صحیح نہیں ہوا۔ لہٰذا اس نکاح کا ہونا نہ ہونے کے برابر ہوگا ...

معربسما رحل ہلکذا فی فتاوی قاضیخان۔ جلد اول صفحہ ۴۶۲

حبیب المرسلین عفی عنہ

نائب مفتی مدرسہ امینیہ۔ دہلی

الجواب صحیح :۔ بندہ محمد یوسف عفی عنہ

مدرسہ امینیہ۔ دہلی

سو برس تک زندہ رہنے کی ترکیب
اپنی دماغی قوتوں کو بیدار کرلو

زرنب (برہمی بوٹی) روح کو فرحت اور لطافت بخشتی ہے۔ دل و دماغ جگر و معدہ کو قوت بخشتی ہے۔ کھانسی۔ دمہ۔ بلغم کو زائل کرتی عصبی مرضوں مثلاً جنون۔ مرگی۔ سکتہ۔ دغشی وغیرہ میں بے حد فائدہ پہنچاتی ہے۔ خون کو صاف کرتی پیشاب لاتی اور جریان۔ احتلام اور سرعت کو دفع کرتی ہے۔ ایک خاص خوبی اس دوائی میں یہ ہے کہ علاوہ مقوی معدہ ہونے کے قبض کا بھی ازالہ کرتی ہے طالب علمی کے زمانہ میں جہاں بڑے بڑے مذہبی ریفارمر اس بوٹی کا استعمال کرتے تھے وہاں جناب فیضی رکن اعظم دربار شہنشاہ اکبر کے متعلق لکھا ہے اور مشہور ہے کہ دربار اکبری میں پہنچ کر حضرت فیضی کی موجودگی میں اگر کوئی شاعر شہنشاہ اعظم کی شان میں کوئی منظوم قصیدہ پڑھتا تھا تو فیضی صاحب سنتے ہی فرماتے کہ یہ قصیدہ میرے ہی دیوان کا چرایا ہوا ہے۔ اگر فیضی صاحب کی زبانی سننے کی کوئی جرأت بھی کرلیتا تو خواہ قصیدہ کتنا ہی طویل ہوتا فیضی بلا روک ٹوک فوراً الفظ بلفظ سنا دیتے۔ دربار میں چاروں طرف تحسین و آفرین کی صدائیں بلند ہوجاتیں اور سب ہی کو یقین ہوجاتا کہ کلام در حقیقت فیضی کے دماغ اور رشحات قلم کا نتیجہ ہے۔ ایسے اسرع و اعلی دماغ کی موجودگی میں شعراء و فضلاء کو بہت کم جرأت ہوتی کہ وہ اپنا کلام پیش کرسکیں۔ روشن دماغ فیضی کو صدہا کتابیں ازبر تھیں اور وہ اکثر علوم کے پورے حافظ تھے اس قدر بلند دماغی کی ایک وجہ یہ بھی تھی کہ جناب فیضی تمام بڑی بڑی یاقوتیوں کو چھوڑ کر صرف زرنب یعنی برہمی بوٹی کا استعمال کرتے تھے۔ کتاب سشرت مولفہ پنڈت دھنونتری میں جو ہر زرنب کے متعلق لکھا ہے کہ اگر جوہر زرنب یعنی

برہمی بوٹی

کو ایک ہفتہ استعمال کیا جائے تو انسان بہت عقلمند ہوجاتا ہے۔ اگر دو ہفتہ استعمال کیا جائے تو انشا پردازی اور مضمون نگاری کا ملکہ وسیع ہوجاتا ہے اور پڑھے ہوئے اکثر مضامین یاد آجاتے ہیں۔ اگر تین ہفتہ استعمال کرے تو شعر و سخن اور مشکل عبارتوں کو صرف دو تین دفعہ پڑھنے سے حفظ کرسکے تین ہفتہ کے استعمال سے چہرہ با رونق ہوجائے اور انسانی عمر ایک سو سال سے زیادہ ہو۔

اسی طرح دیگر ویدک کتابوں نے بھی برہمی بوٹی کی تعریف بہت لکھی ہے۔ غرض کہ طب یونانی۔ ویدک اور ہومیوپیتھک کا متفقہ فیصلہ یہ ہے کہ عقل و حافظہ کو بڑھانے کے لئے زرنب یعنی برہمی بوٹی ایک اکسیر صفت دوائی ہے۔

کئی لاکھ انسان جو برہمی بوٹی کا نام ہی جانتے تھے مگر اس کے طریقہ استعمال سے ناواقف تھے اور ان کو یہ بھی معلوم نہ تھا کہ اس بوٹی کا کونسا جوہر استعمال کیا جاتا ہے اور اس کے بنانے کا طریقہ کیا ہے اب مطمئن ہوگئے جب انہوں نے سن لیا کہ برہمی بوٹی کا خوش ذائقہ اصل جوہر مع فیصلہ طاقت ہمارا تیار ہوگیا۔ اگر آپ بھی دماغ اور دل اور جملہ اعضائے رئیسہ کو طاقتور اور ذہین بنانا چاہتے ہیں تو اس بوٹی کا جوہر

مانٹ ولین

کا استعمال شروع کردیجئے اور اپنی دماغی جولانیوں کو اور تھکی ہوئی قوتوں کو زندہ کرکے کام میں لایئے چالیس روز مانٹ ولین کے استعمال سے عقل و ذکر حافظہ خوب بڑھ جائے گا۔ دل و دماغ خوب مضبوط ہوں گے۔ ہاضمہ کی قوت کو زیادہ کریگا۔ احتلام۔ جریان۔ دور ہوجائیں گے۔ قبض رفع ہوگا۔ جگر کا فعل درست ہوجائیگا۔ بدن کا رنگ خوب صاف ہوجائے گا۔ قیمت چالیس خوراک چار روپے بیس خوراک دو روپے محصولڈاک علاوہ

ملنے کا پتہ:۔ سعید برادرس اینڈ کو کلاں محل دہلی

تار کا پتہ "میڈی سنز دہلی"

ٹیلیفون نمبر ۵۵۶۶

خون

کی خرابی سے پیدا ہونے والی ہر بیماری کیلئے مصفی ایک لاثانی دوا ہے جسکو ہندوستانی دواخانہ دہلی نے ایک خلاصہ (ایکسٹریکٹ) کی شکل میں پیش کیا ہے۔ ایک شیشی میں پانچ تولہ (دو اونس) ایکسٹریکٹ ہے جس پر بارہ خوراکوں کے نشان لگے ہوئے ہیں اور ایک خوبصورت بکس میں پیک ہے قیمت صرف آٹھ آنے (۸)

مگر خیال رہے

ایک شیشی کی فرمائش بیکار ہے خون کی اصلاح جلد نہیں ہوتی کم از کم پانچ شیشیاں طلب کیجئے جو ایک ماہ کیلئے کافی ہیں مندرجہ ذیل امراض کی

سرکوبی

خوب کرتی ہے:۔ داد کھجلی چھیپ جسم کے سیاہ داغ ایگزیما، بواسیر، نواسیر آتشک، سوزاک، برص، سفید داغ جذام، کوڑھ، عرق النساء، ایڑی کا درد، پلکوں کا گرنا (ماہنی) اگھانجنی مصفی کا استعمال جب کہ

انجکشن

بیکار ثابت ہوچکے ہوں ضرور کیجئے اور فخر کیجئے کہ ہندوستان نے ایک ایسی دوا پیش کی جسکا جواب یورپ نہیں پیش کرسکا

نوٹ:۔ ہندوستانی دواخانہ کی کوئی شاخ (برانچ) نہ دہلی میں ہے اور نہ دہلی سے باہر کسی شہر یا قصبہ میں ہے تمام کاروبار مرکز (دہلی) سے ہوتا ہے۔

منیجر ہندوستانی دواخانہ پوسٹ بکس ۲۲ دہلی

جس کو حکیم اجمل خاں صاحب نے ۱۹۰۳ء میں ملک کی خدمت کے لئے بنایا

شربت اکسیر

رجسٹرڈ

اگر تندرستی میں فرق ہے تو زندگی بیکار ہے

اگر آپ اشتہاری ادویات سے بدگمان ہوگئے ہوں تو صرف ایک روپیہ اور بھی خرچ کرکے ہمارے کارخانے کا شربت اکسیر استعمال کرکے قدرت خدا کا تماشہ دیکھئے۔

سنئے جناب! یہ شربت اکسیر جسکا اشتہار آپ کے پیش نظر ہے اس کا نسخہ مجھے ایک کہنہ مشق امریکن ڈاکٹر سے ملا ہے اور شربت اکسیر کا اشتہار دینے سے قبل صدہا مریضوں پر جب مجھے کامل اطمینان ہوگیا تو یہ اشتہار آپ کے سامنے پیش کیا جاتا ہے۔ اگر میری تحریر کو لغو نہ سمجھیں تو ایک شیشی شربت اکسیر منگا کر ضرور استعمال فرمائیں میری تحریر کی صداقت آپ پر فوراً ہوجاوے گی۔

جریان

جو نامردی اور ضعف باہ کا پیش خیمہ ہے کیسا ہی پرانا کیوں نہ ہو شربت اکسیر کے استعمال سے جڑ سے جاتا رہتا ہے۔ جسم میں کمزوری۔ پیشاب کے قبل یا بعد سفید سفید دھات کا گرنا۔ منی کا پتلا ہوجانا۔ احتلام کا ہونا۔ نطفہ کا نہ قرار پانا۔ اور دردسر کا برابر رہنا سستی۔ کاہلی چہرہ پر بالکل بے رونقی خون کا بدن میں نہ پیدا ہونا۔ ان سب مہلک امراض کے لئے۔۔۔ شربت اکسیر نہایت ہی مفید ثابت ہوا ہے۔ مقوی دل و دماغ تو ایسا ہے کہ شاید اسکے مقابلہ کی کوئی دوسری دوا ہو۔ ہاضمہ تو ایسا ہے کہ آپ ایک ہفتہ کے بعد دونی غذا نوش کرنے لگیں گے۔

قیمت فی شیشی ایک روپیہ ۳ شیشی کی قیمت دو روپیہ بارہ آنہ محصول علاوہ

تازہ سرٹیفکیٹ ...

ملنے کا پتہ:۔ ایس اے بی بخشی کمپنی

کوٹھی والی کوٹھی نمبر ۳۱ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ

مراسلات

(ایڈیٹر کا نامہ نگاروں کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

بالشویکی مظالم پر پردہ ڈالنے کی کوشش

مکرمی تسلیم!

جناب کے موقر جریدہ "الجمعیۃ" کی اشاعت مورخہ ۹ ربیع الاول ۱۳۵۵ھ میں انجمن سعادت بخارا و ترکستان" لاہور کی طرف سے ایک مضمون شائع ہوا تھا جس میں حکومت سوویٹ روس کو حکومت جمہوریہ سوویٹ محمدیہ کے نام سے موسوم کیا ہے۔

میں اس سلسلہ میں یہ عرض کرنے کی جرأت کرونگا کہ مذکورہ بالا مضمون ... مسلمانوں کو محض دھوکہ میں ڈالنے کی سعی کی ہے۔ بخارا اور دیگر روسی علاقوں میں حکومت سوویٹ محمدیہ کے نام سے کبھی کوئی حکومت قائم تھی اور نہ اس وقت ہے۔ یہ محض اشتراکی پروپیگنڈا ہے اور اس کا ثبوت اس سے زیادہ اور کیا ہوسکتا ہے کہ حکومت سوویٹ نے مذہب اور حکومت کو علیحدہ علیحدہ کرکے اول الذکر کے خلاف سخت جہاد کر رکھا ہے۔ مسلمانوں پر وہ مظالم کئے ہیں ... اور ترکستان کے علماء نے اس کے علاقہ کو دارالحرب قرار دیدیا ... ان کو بدنام کیا جارہا ہے۔

(محمد جان غفرلہ۔ صدر انجمن مرکزیہ اتحادیہ مہاجرین بخارا و ترکستان دہلی)

شاہدرہ سہارنپور ریلوے کے متعلق اسمبلی میں سوالات

قاضی محمد احمد صاحب کاظمی کی تابڑ توڑ سوالات

(د) آنریبل ممبر کا سوال منیجنگ ایجنٹ ریلوے کے پاس بھیجا جاتا ہے کہ وہ اس پر کارروائی مناسب کریں۔

میوہ کی گاڑیاں

سوال ۱۲۶۳ (الف) کیا گورنمنٹ کو اس امر کا علم ہے کہ شاہدرہ سہارنپور ریلوے پر میوہ معمولی لوہے کی گاڑیوں میں بھیجا جاتا ہے جس کی وجہ سے وہ راستہ میں خراب ہوجاتا ہے۔

(ب) کیا گورنمنٹ نے غور کیا ہے کہ یہ مناسب ہوگا کہ وہ سہارنپور شاہدرہ ریلوے کو حکم دے کہ وہ اچھی میوہ کی گاڑیاں میوہ لیجانے کے لئے بہم پہنچائے اگر نہیں تو کیوں نہیں۔

جواب۔ (الف) گورنمنٹ کو کوئی اطلاع نہیں

(ب) انہیں آنریبل ممبر کا سوال منیجنگ ایجنٹ ریلوے کے پاس بھیجا ہوں کہ وہ اس پر ضروری کارروائی کریں۔

تھرڈ کلاس کے پاخانے

سوال (الف) کیا گورنمنٹ کو معلوم ہے کہ پرانی قسم کی تیسرے درجہ کی گاڑیاں جن میں پاخانہ نہیں ہیں آجکل بھی شاہدرہ سہارنپور کی رات کی ٹرینوں میں استعمال کی جاتی ہیں جس سے مسافروں کو سخت تکلیف ہوتی ہے۔

(ب) کیا گورنمنٹ نے اس امر پر غور کیا ہے کہ یہ مناسب ہے کہ وہ کمپنی سے ایسی گاڑیاں کو نکلوادیں یا کم از کم ان میں پاخانہ بنوادیں اگر نہیں تو کیوں نہیں۔

جواب (الف و ب) شاہدرہ سہارنپور ریلوے پر جو گاڑیاں استعمال کی جاتی ہیں ان میں سے چالیس فی صدی میں پاخانوں کا انتظام ہے ...

جواب اس کا تصفیہ منیجنگ ایجنٹ کے ہاتھ میں ہے۔

سوال۔ گورنمنٹ ہند کی اس بارے میں کیا سفارش ہوگی۔

جواب۔ گورنمنٹ ہند کو اس ریلوے پر کوئی اختیار یا استثناء اس فتورٹ سے اختیار کے نہیں ہے جس کا میں تذکرہ کرچکا ہوں۔ (باقی آئندہ)

سوال ۱۲۷۲ (الف) کیا گورنمنٹ کو اس امر کا علم ہے کہ شاہدرہ سہارنپور ریلوے میں سکنڈ کلاس کی نشستیں اس قدر نیچی ہیں کہ اگر مسافر ان پر لیٹ جاویں تو ان کو کھڑکی کی ہوا نہیں لگ سکتی۔

(ب) کیا گورنمنٹ نے غور کیا ہے کہ یہ مناسب ہے کہ وہ ریلوے کمپنی سے نشستوں کو اونچا کرا کر پبلک کی شکایت کو رفع کردے۔

جواب (الف) گورنمنٹ کو کوئی اطلاع نہیں۔

برص اور پھلبہری کی نایاب دوا

یہ دوائی چند روز کے استعمال سے ہر قسم کے برص کو جڑ سے کھو دیتی ہے آپ ہزاروں حکیموں ڈاکٹروں کو دکھا چکے اور مختلف مشہوریاں کی دوائیاں استعمال کرچکے ہیں اور ہر علاج میں آپکو مایوسی ہوئی مگر ہماری دوا آپ کو صرف چند دفعہ کے استعمال میں اپنا اثر دکھائے گی۔ پانچسو روپیہ انعام اس شخص کو دیا جائیگا جو اسکو غلط ثابت کرے۔ قیمت دو روپے (عہ) ملنے کا پتہ

ویدیا راج اجمل کشوری رام نمبر ۲۹/۱۰

ڈاکخانہ کٹری سرائے گیا

ضرورت

امیدواروں کی تار اور اسٹیشن ماسٹری کے لئے ضرورت ہے الاؤنس اٹھائیس روپیہ کرایہ وردی۔ جگہ رہائش مفت۔

فارم داخلہ و قواعد کے لئے آٹھ آنہ روانہ کریں۔

ڈائرکٹر رائل ٹیلیگراف و ریلوے

گورنمنٹ کالج بمبئی نمبر ۱۴

داخلہ

طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی علی گڈھ میں نئے طلباء کا داخلہ ۲۸ جولائی ۱۹۳۶ء سے ۴ اگست ۱۹۳۶ء تک ہوگا۔ لہٰذا داخلہ کی درخواستیں بنام پرنسپل طبیہ کالج علی گڈھ ۱۵ جولائی ۱۹۳۶ء تک پہونچ جانی چاہئیں۔ امیدوار کو دفتر کی جانب سے مقرر کی ہوئی تاریخ پر کالج میں حاضر ہونا چاہئے۔ مقررہ تعداد کے پورا ہونے کے بعد کسی طالب علم کا داخلہ نہ کیا جائے گا۔

پراسپکٹس پرنسپل طبیہ کالج کے دفتر سے مفت طلب کیجئے

عطاء الدین بٹ پرنسپل طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی علی گڈھ

پت سر

ایک صدر روپیہ انعام

جس کام کو آپ کوشش و روپیہ خرچ کرکے نہیں کرسکتے اس منتر کو صرف ستارہ چنگی بجا کر سکتے ہیں کسی تکلیف یا کچھ پڑھنے کی بالکل ضرورت نہیں پڑتی اس منتر کو سدھ کرکے بھیجا جاتا ہے۔ آپ جس محبوب کو چاہیں وہ کیسا ہی سخت دل مغرور کیوں نہ ہو آپ سے خود ملنے کو بے قرار ہوگا ... وشی کرن منتر ... مقدمہ میں جیت ہوتی ہے اور کاروبار تجارت میں نفع ہوتا ہے۔ امتحان میں کامیابی ہوتی ہے ... ڈاک خرچ وغیرہ دو روپے سات آنے (عہ)

Sidh Mantar Ashram

29/1 Katri Sarai

Gaya

الہ نامردی

بنام دو ٹوٹا سا خند حرمی ...

فہرست مفت طلب کریں۔ خط و کتابت پوشیدہ رکھی جاتی ہے

سیکسوئل سائنس بیورو دفتر علوم تولید و رسائل رجسٹرڈ

Sexual Science Bureau

سول ایجنٹس (۱۰۵) انار کلی پوسٹ بکس ۱۸۷ لاہور

خضاب چھوڑ دو

اس تیل سے بال کا بکنا رک کر بکا بال کالا ہید الیکر اگر ساٹھ برس تک کالا نہ رہے تو دو ہزار دوا واپس کی شرط لکھا لیں ایک آدھ بال پکا ہو تو تین روپے اس سے زیادہ پکا ہو تو پانچ روپے نصف سے زیادہ یا بالکل پکا ہو تو للعہ کا تیل منگائیں

بال کالا اسٹورس کنسی سمری دربھنگہ

بواسیر

چونکہ معدہ، جگر اور آنتوں کی خرابی سے پیدا ہوتی ہے اس لئے جب تک ان اعضاء کا علاج نہ کیا جائے اور سبب دور نہ ہو کوئی دوا فائدہ نہیں کر سکتی ... مفت طبی مشورہ کیجئے

پتہ:۔ حکیم عبدالرحیم جلال آباد ضلع مظفر نگر (یوپی)

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

جوہر وسمہ مہندی کے متعلق دنیا کا متحدہ فیصلہ

سفید بالوں کو سیاہ کرنے کے لئے وسمہ مہندی سے بہترین چیز کسی کو میسر نہیں آئی۔ اسی طبی اصول کے پیش نظر سہتے پانی کی طرح روپیہ بہا کر بارہا سال کی جدوجہد کے بعد جوہر وسمہ مہندی بال سیاہ ظفر بریلین رجسٹرڈ تیار کرنے میں قابل فخر کامیابی حاصل کی ہے یہ جوہر نایاب تیل نہیں بلکہ تیل کی طرح استعمال سے ایک منٹ میں بالوں کو قدرتی طور پر سیاہ کردیتا ہے۔ پوری شیشی بحد کافی عرصہ تک کام دے سکتی ہے۔ قیمت ایک روپیہ (عہ) علاوہ محصول ڈاک۔

اکابرین ملک نے ذیل کے الفاظ میں جوہر وسمہ مہندی کی تعریف فرمائی ہے۔

جوہر وسمہ مہندی استعمال کیا سفید بال بغیر کسی تکلیف کے سیاہ بھنورے کی طرح ہوگئے۔ جلد خراب نہیں اور نہ ہی خارش نزلہ زکام پیدا ہوا اسلا ریب ایک نادر تحفہ ہے جس کی عامۃ الناس کو قدر کرنی چاہئے۔ ہم نے یورپ امریکہ اور جاپان کے کئی خضاب دیکھے ہیں لیکن جوہر وسمہ مہندی جیسی نایاب چیز آج تک دستیاب نہیں ہوئی۔

تعریف کنندگان کے اسمائے گرامی

فاضل اجل علامہ اقبال حضرت صاحبزادہ سید حافظ محمد حسین شاہ صاحب خلف الرشید حضرت محدث علی پوری مدظلہ العالی مجاہد اعظم حضرت مولانا ظفر علی خاں صاحب صدر مجلس مرکزیہ اتحاد ملت ... حضرت امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ صاحب بخاری ... حضرت مولانا سید حبیب شاہ صاحب ...

ملنے کا پتہ:۔

صوفی اینڈ کو رجسٹرڈ آزاد منزل نیا کٹڑا راجہ بازار راولپنڈی شہر

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳
جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان
تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی — ٹیلیفون نمبر ۵۲۴۵

الجمعیۃ دہلی

سہ روزہ
ید اللہ علی الجماعۃ
ادارہ
مسئول: ابوالبیان حامدی
محی الدین قاسمی
نگراں: مولانا نورالدین بہاری
قیمت فی پرچہ ایک آنہ

جلد (۲۴) — دہلی یوم پنجشنبہ ۲۵ ربیع الثانی ۱۳۵۵ھ مطابق ۱۶ جولائی ۱۹۳۶ء — نمبر (۴)

فریادِ جرس

(از مولانا ظفر علی خاں صاحب)

آزادیٔ وطن کے طلبگار ہیں کہاں — مشتاقِ جلوۂ رسن و دار ہیں کہاں
دنیا خرابِ بادۂ پندار ہو گئی — مخمانۂ الست کے سرشار ہیں کہاں
شیطاں کا آستانہ ہے آدم کی سجدہ گاہ — اے ربِّ کعبہ تیرے پرستار ہیں کہاں
کب سے بھٹک رہا ہے اندھیرے میں قافلہ — اسلامیوں کے قافلہ سالار ہیں کہاں
حرف آ رہا ہے عزتِ دینِ حنیف پر — ملت کی آبرو کے نگہدار ہیں کہاں
وہ ادعائے ترکِ موالات کیا ہوا — شیدائیانِ کعبہ کے اقرار ہیں کہاں
ایماں بھی سر بکف ہو جو خنجر بکف ہے کفر — لیکن ہم اس کے واسطے تیار ہیں کہاں
موت اک حیاتِ تازہ کی جس کو نوید تھی
اس زندگی کے قوم میں آثار ہیں کہاں

اسرارِ زندگی

برتر از اندیشۂ دار و رسن ہے زندگی — کشفِ اسرارِ انا و ما و من ہے زندگی
بیگئے کیڑے ہیں اور جھیں یا کیا انبیا — ہم نشیں گر اتحادِ جان و تن ہے زندگی
دور ہے اپنی ہستی کا کرانا اعتراف — جس سے پیدا یہ لیاقت ہو وہ فن ہے زندگی
زندگی ہے اس سے بھی پاکیزہ تر جذبہ کی روح — گرچہ جوشِ جذبۂ حبِّ وطن ہے زندگی
دھن ہو ل میں تو مٹ جاتا ہے فرقِ نسل و رنگ — دل کے اندر سارے عالم کی لگن ہے زندگی
پھیلتی اور پھولتی پھلتی ہوئی وہ شاخ سبز — جس سے ہو کفر کے سینے میں جلن ہے زندگی
رہ نورد کعبہ سے اسکی حقیقت پوچھ دیکھ — پاؤں کے چھالے میں کانٹے کی چبھن ہے زندگی
زندہ وہ ہے جو شہنشہ بھی ہو اور درویش بھی — پادشاہی میں فقیری کا چلن ہے زندگی
جب نقاب الٹا تو تھی اک ماکِ دیرینہ سال — یوں بظاہر اک بنی سنوری دلہن ہے زندگی
زندگی ہے گردشِ پیمانۂ جامِ الست
شیوۂ تجدیدِ پیمانِ کہن ہے زندگی

شعراء کرام

[illegible]

دنیائے اسلام

عربی ترکی اور فارسی جرائد کے تراجم

عرب خواتین کی برطانی خواتین سے اپیل

فلسطین کی غیور عورتیں موت کو لبیک کہہ چکی ہیں

ہم بھی اپنے شوہروں کے ساتھ مرینگے

انجمن خواتین فلسطین نے دنیا کی برطانوی خواتین کے تمام انسانیت اور انصاف کو پیش نظر رکھتے ہوئے ایک نہایت ہی دردناک اپیل شائع کی ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ عرب خواتین کو اپنے وطن کی آزادی اور برطانوی استبداد کا کتنا گہرا احساس ہے۔ عرب خواتین کی اپیل مندرجہ ذیل ہے:۔

فلسطین کی نازک صورت حالات ہم کو آپ سے ہر ملک کے صحیح واقعات روشن کرنے پر مجبور کر رہے ہیں ... [illegible]

بیروتی حکومت کا جواب نہیں ہوسکتی

برطانی مدبرین کی آواز

عورتیں بچوں کو قتل کرینگی

عرب خواتین موت کیلئے تیار ہیں

ترکی میں اسلحہ سازی

طیاروں اور ٹینکوں میں قابلِ قدر اضافہ

ترکی اخبارات اور مونٹرو کانفرنس

دنیا کی حکومتوں کو ترکی گورنمنٹ کا انتباہ

مانو یا نہ مانو، دردانیال مسلح ہو کر رہے گا

مونٹرو کانفرنس (دردانیال کانفرنس) میں جو کچھ ہوا یا آئندہ ہوگا اس کے نتائج سے ترک پہلے سے واقف ہیں۔ کانفرنس کا اجلاس شروع بھی نہیں ہوا تھا کہ ترکی اخبارات نے اپنی حکومت کا نظریہ دنیا کو بتا دیا تھا ... [illegible]

کانفرنس کی بھی ضرورت نہیں

مصری وزارت اور صحافت

اخبارات کا ایک اہم مطالبہ

عراق میں ایک ہزار ڈاکٹروں کی ضرورت

[illegible]

Regd No L 1793.

The Aljamiat

Vol. 24 No 3 — DELHI Monday The 13th July 1936. — PRICE ONE ANNA

مذہبی سکھوں کی دو پارٹیوں میں فساد

شیخوپورہ ۸ جولائی۔ گوبند گڑھ چک ... میں مذہبی سکھوں کی دو پارٹیوں میں خوفناک تصادم ہو گیا۔ جس میں ۹ افراد مجروح ہو گئے۔ ۵ افراد کے شدید ضربات آئیں۔ بیان کیا جاتا ہے کہ فریقین نے کرپانوں، کلہاڑیوں اور لاٹھیوں کا آزادانہ استعمال کیا جس سے کئی افراد کے اعضاء ٹوٹ گئے۔ پولیس نے اس سلسلہ میں دس افراد کو گرفتار کر لیا ہے۔

مادہ آتشگیر پھٹنے سے پانچ اشخاص ہلاک

لندن ۸ جولائی۔ اسلحہ جات تیار کرنے کے کارخانہ میں مادہ آتشگیر پھٹنے سے پانچ اشخاص ہلاک ہو گئے۔ ہلاک شدگان ابھی تک شناخت نہیں کئے جا سکے ہیں۔ بیان کیا جاتا ہے کہ ان میں کمانڈ لانگ افسر انچارج اور دو کیپٹن بھی شامل ہیں۔ حادثہ اس وقت پیش آیا جب کہ تجربہ کیا جا رہا تھا۔ کمانڈر لانگ بحری محکمہ سے ریٹائر ہوئے تھے۔

مصر میں غیر ملکیوں کی ملازمت پر پابندی

عربی اخبارات مظہر ہیں کہ مصری وزارت نے ایک فرمان صادر کیا ہے جس میں اعلان کیا گیا ہے کہ حکومت مصر غیر ملکیوں کو اسی حالت میں ملازم رکھے گی جب کہ کوئی قابل مصری نہ مل سکے گا۔ اور ان کو پانچ سال سے زیادہ نہیں ملازم رکھا جائے گا۔ کسی غیر ملکی ملازم کو پنشن وغیرہ بھی نہیں دی جائے گی۔ اور حکومت کو یہ اختیار ہوگا کہ وہ سال بعد اسے برطرف کردے۔

۷ افراد زندہ در گور

کراچی ۸ جولائی۔ شکار پور سے آمدہ ایک اطلاع مظہر ہے کہ حال ہی کی زبردست بارشوں کی وجہ سے گورشتہ رات نو شہرہ دروازہ کے اندر ایک مکان گر پڑا جس کی وجہ سے ایک خاندان کے ۷ افراد نیز تین راہگیر زندہ درگور ہو گئے۔ اس وقت چار لاشیں ملبہ کے نیچے سے نکالی جا سکی ہیں۔ باقی آدمیوں کے متعلق بھی یہی اندیشہ کیا جاتا ہے کہ وہ تلف ہو گئے ہیں۔



سوئیس کے مشہور معروف کارخانہ کی بنائی ہوئی اصلی نوکن ہفت روزہ کواٹی ٹیوشن پاکٹ واچ بموجب نقشہ گارنٹی پانچ سال اصلی قیمت آٹھ روپے دسمبر رعایتی قیمت چار روپے (للعہ) محصول ڈاک۔ تین گھڑی کی خریداری پر محصول ڈاک معاف۔ پتہ:
کامرڈ ٹریڈنگ ایجنسی پوسٹ بکس ۶۵ کلکتہ

جذام، کوڑھ، سن بہری کا مجرب علاج

[illegible]

منیجر دفتر اکسیر جذام نمبر ۷ الہ آباد

داخلہ

دی آیورویدک اینڈ یونانی طبی کالج دہلی

(۱) آیورویدک شعبہ سنسکرت — (۴) یونانی شعبہ عربی
(۲) آیورویدک شعبہ بھاشا — (۵) یونانی شعبہ اردو
(۳) آیورویدک شعبہ زنانہ — (۶) یونانی شعبہ زنانہ

جو طلباء مندرجہ بالا شعبوں میں سے کسی ایک شعبہ میں بہترین علمی و عملی تعلیم حاصل کرنے کے خواہشمند ہوں یا جو طالبات شعبۂ زنانہ میں تعلیم حاصل کرنا چاہتی ہوں وہ ۳۰ جولائی ۱۹۳۶ء تک اپنی درخواستیں بنام عالیجناب افسر الاطباء حکیم حاجی محمد ظفر خاں صاحب رئیس اعظم و آنریری پرنسپل طبی کالج دہلی روانہ کریں۔ پراسپکٹس و فارم داخلہ طلب کرنے پر بلا قیمت بھیجا جاتا ہے۔

دفتر پرنسپل آیورویدک و یونانی طبی کالج دہلی

مفرح مشکین

مشک، عنبر اور جواہرات کا ایک نفیس مرکب
دماغی کام کرنیوالوں کیلئے عجیب چیز ہے۔ معدہ میں پہنچتے ہی دماغ اور تمام اعصاب پر اثر کرنے لگتی ہے۔ دوران خون کو درست اور غذا کی خواہش کو تیز کر دیتی ہے۔ تمام دن کا تھکا ہوا دماغ اس کے اثر سے از سر نو تازہ و توانا ہو جاتا ہے۔ قیمت فی شیشی (۱۲ خوراک) ایک روپیہ آٹھ آنے
ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

سرمۂ نور

[illegible]

(مولانا) نورالدین بہاری بیری والا باغ دہلی

دس فیٹ اونچائی سے گرا دیجیے یہ گھڑی بند نہیں ہوگی

ولایت والوں کی صناعی کا حیرت انگیز نمونہ

آج آپکو ایک ایسی حیرت انگیز جیبی گھڑی سے روشناس کرایا جاتا ہے جس کے حالات سنکر آپ بھی دنگ رہ جائیں گے۔ خدا ہی جانے کس بلا کی مشین ہے اس گھڑی میں کہ دس فیٹ اونچائی کی زمین پر پھینک دیجیے ہرگز بند نہیں ہوگی۔ اور نہ گھڑی کی مشین میں کسی قسم کی خرابی آئے گی۔ اس عجیب کرشمہ سے ہندوستان کے گھڑی ساز تک حیران ہیں۔ کمپنی نے خود اپنی طرف سے اس گھڑی پر دس سال کی گارنٹی لکھ دی ہے ... [illegible]

قیمت فی عدد چھ روپے ایک آنہ (۶) محصول ڈاک پانچ آنے (۵) تین ایک ساتھ منگانے پر محصول بذمہ کمپنی۔

ہندوستان میں گھڑیوں کے بڑے سوداگر
یونائیٹڈ میڈیکل سروس دریا گنج ۶ دہلی

دیکھا آپ نے کتنی حیرت انگیز گھڑی۔ کتنی مضبوط اور کتنی کم قیمت پر مل رہی ہے۔

محبوب عاشق کے قدموں پر

ہدیہ میں عظیم الشان رعایت

[illegible]

Regd No. L 1793

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم پنجشنبہ ۲۵ ربیع الثانی ۱۳۵۵ ہجری

درِدانیال کانفرنس

ترکوں کے جائز مطالبات کو مسترد کرنیکی کوشش

یورپ کا "مرد بیمار" آج تندرست اور صحتیاب ہو کر اور زبردست ارادوں کی بے پناہ قوت کے ساتھ معاہدہ لوزان کی جانبدارانہ اور ظالمانہ دفعات کے بخیے ادھیڑنے کے لئے میدان میں نکل آیا ہے اور اس نے یہ آخری فیصلہ کر لیا ہے کہ ان تمام فیصلوں کو حقارت کے ساتھ ٹھکرا دے جو حریف قوتوں نے زبردستی اس کے سر منڈھ دئے۔ اس میں شک نہیں کہ ترکی حکومت اور ترک نوجوان توقع کے خلاف ترقی کے میدان میں بہت آگے بڑھ گئے ہیں اور ان کو اپنی قوت پر اس درجہ اعتماد ہو گیا ہے کہ اب کسی حریف قوت سے متصادم ہونے کے لئے انکو چپ و راست کا تذبذب لاحق نہیں ہو سکتا مگر اس کے ساتھ یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ یورپ کی فریب کاریاں اور بین الاقوامی خود غرضیاں اس قدر منظم صورت اختیار کر چکی ہیں کہ قوی سے قوی نظام بھی اپنی سادگی اور شرافت سے ان پر غالب نہیں آ سکتا۔ آج یورپ بلاشبہ زیادہ سے زیادہ مسلح ہو رہا ہے اور حفاظت خود اختیاری کے بہانے سے دوسروں پر قیامت توڑنے کے منصوبے گانٹھ رہا ہے۔ مگر اس کا اصلی ہتھیار اس کی سیاسی چالیں اور پر فریب تدبیریں ہیں جن کا مقابلہ مشرق تو کیا مغرب کی بے لوث سیاست بھی نہیں کر سکتی۔

ترکی قوم اپنی حفاظت اور بیرونی حملوں کی روک تھام کیلئے درِدانیال کو مسلح کرنا چاہتی ہے مگر یورپی نظام سیاست اس کے اس اقدام کو پسند نہیں کرتا اور محض اپنے اغراض کے پیش نظر ترکوں کو بیرونی خطرات سے نجات ...

... رہتی اسلئے برطانیہ کی تجویز نہ صرف ناقابل قبول ہے بلکہ وہ ترکوں کی توہین کا ایک کھلا اعلان ہے۔

ہمارے خیال میں دنیائے خودداری میں اس سے ہلکا اور کوئی جواب نہیں ہو سکتا جو ترکوں نے برطانیہ کو دیا ہے۔ ترک اعلان کر رہے ہیں کہ ان کی آزادی خطرہ میں ہے۔ ان کی قلمرو پر بعض حریص نگاہیں اپنا کام کر رہی ہیں اور درِدانیال کی مؤثر قلعہ بندی کے بغیر اس کا استقلال اور اس کا سیاسی شرف برقرار نہیں رہ سکتا مگر برطانیہ ان مشکلات سے آنکھیں بند کر کے ترکوں کی مجبوری سے ناجائز فائدہ اٹھانے اور اپنے حلیفوں کی داد طلب کرنے کا خواہشمند ہے اور چاہتا ہے کہ وہ آبنائے کیش جو ترکی نوعیت کے لئے دنیا کا سب سے بڑا دشمن ہے اس کے سر پر مسلط رہے اور ترکوں کو استعمار کی لعنت اور بدنیت حکومتوں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا جائے۔

جہاں تک روس کے مطالبہ کا تعلق ہے اس کی معتدل صورت ترکوں کے نزدیک بھی قابل تسلیم ہے مگر اس کا کیا علاج کہ اٹلی اور جرمنی بحر روم میں روسی جہازوں کو ایک منٹ کیلئے بھی نہیں دیکھ سکتے۔ اٹلی کا مقصد یہ ہے کہ پورے بحر روم پر اس کا پرچم لہرائے اور اس وسیع و عریض سمندر میں کوئی دوسری حکومت اپنے مفاد کیلئے کسی قسم کی حرکت نہ کر سکے ظاہر ہے کہ اٹلی کا یہ عزم نہ صرف ترکی سیاست کو چیلنج ہے بلکہ ان تمام حکومتوں کے لئے مستقل خطرہ ہے جو بحر روم پر واقع ہیں۔ ...

ترکوں کا اپنا فیصلہ

مونٹرو کانفرنس

برطانیہ کی خود غرضی

ایک بے بنیاد خبر

علیحدگیٔ عدن

... ہندوستانیوں کے جذبات اور مطالبات کو ٹھکرا دینے کے علاوہ عدن کے جدید نظام میں بعض بنیادی کمزوریاں بھی موجود ہیں جو ہندوستانیوں کے حقوق پر آج نہیں تو کل ضرور اثر انداز ہونگی۔ مثلاً نئے نظام حکومت کے ماتحت مجلس مقننہ نہیں ہوگی بلکہ گورنر کے ماتحت صرف ایک ایگزیکٹو کونسل ہوگی جس میں ہندوستانیوں کی نمائندگی کے متعلق سودۂ آرڈر میں کوئی تصریح نہیں ہے۔ علاوہ ازیں گورنر کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ ہندوستانیوں پر تاج برطانیہ کی منظوری سے بعض امتیازی پابندیاں اور محاصل عائد کر دے۔ یہ امتیازات یقیناً موجب اعتراض ہیں اور ایک وسیع حد تک بدگمانی پیدا کر رہے ہیں۔

حکومت برطانیہ کا یہ طریق کار بھی کسقدر دلچسپ ہے کہ جس وقت تک ہندوستانیوں کو صوبائی ذمہ دار حکومت نہیں دی گئی اس وقت تک تو عدن اور برما کی ذمہ داریوں کا تمام بار ہندوستان کے کمزور دوش پر رہا اور جب ان کو حکومت خود مختاری دیدی گئی تو ہندوستان کے مقبوضات کو علیحدہ کر کے تاج برطانیہ کے ماتحت کر دیا۔ "نیا دستور حکومت بھی کیا ہی عجیب خوشنما فریب ہے!" ...

۱۵ جولائی

۱۵ جولائی۔ بیسویں صدی کے عشرۂ چہارم کی وہ قابل یادگار تاریخ ہے جبکہ دنیا جور و استبداد کی فتح، حق و انصاف کی شکست، شیطنت کا غلبہ، انسانیت کی پسپائی، ہوس تخریب کی کامیابی اور جذبۂ تعمیر کی ناکامی کا علی الاعلان اعتراف کر چکی اور دنیا کی ۵۴ حکومتوں کی انجمن اپنی نزدلی و کمزوری کا اظہار ...

موج در موج

حیدر آباد کے "موتی محل ٹاکیز" میں آتشزدگی کا جو ہولناک واقعہ پیش آیا اس نے اسلامی سلطنت کے رہنے والے انسانوں پر ایک گہرا نقش چھوڑا ہے۔ اعلیٰ حضرت خسرو دکن اور ملکہ علیا نے اس حادثہ پر خون کے آنسو بہائے اور مغربی تہذیب کی دلدادہ خواتین اور البیلے نوجوانوں کو وہ وہ نصیحتیں فرمائیں کہ وہ بہانے ٹاکیز میں ایک طوفان بپا ہو گیا۔ کہتے ہیں کہ لوگ اپنے بادشاہ کے طور طریق پر ہوتے ہیں چنانچہ اعلیٰ حضرت اور ملکہ علیا کے نصائح شائع ہوتے ہی دکن کے شرفاء، جاہل و تعلیم یافتہ، شہری اور دیہاتی، امیر و غریب سب ہی نے تو ناک پکڑ کر سینما بازی سے توبہ کی ہے۔ قول سے نہیں بلکہ عمل سے سینا کمپنیوں کا دیوالہ نکال دیا ہے اور مغرب کی اس لعنت پر سب نے دل کھول کر تھوکا ہے۔ الہم زد فزد۔

حیدر آباد کے "اہل قلم حضرات" نے سینما کے خلاف قلمی جہاد شروع کر دیا ہے۔ شعراء مغربی تہذیب کو عریاں کر کے اپنے کمالات کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔ یہاں تک کہ خواتین بھی "ٹاکیز" کے خلاف میدان عمل میں نکل آئی ہیں۔ ...

مباحث امروز

اپنوں اور غیروں میں فرق

ایک امیرزادہ کی حسرتناک گفتگو

نومسلموں کی گرم بازاری

حکومت بنگال کی بے اعتنائی

مسجد شاہ چراغ

افکار و اخبار

فلسطین میں کیا ہو رہا ہے؟

جمعیۃ اقوام کا آخری سانس

مصطفیٰ کمال کا ہوّا

بحیرۂ روم کی پیچیدگیاں

حوادث و احکام

استفتاء

الجواب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم پنجشنبہ ۲۵ ربیع الثانی ۱۳۵۵ھ ہجری

دردانیال کانفرنس

ترکوں کے جائز مطالبات کو مسترد کرنے کی کوشش

یورپ کا "مرد بیمار" آج تندرست اور صحتیاب ہوکر اور زبردست ارادوں کی بے پناہ قوت کے ساتھ معاہدہ لوزان کی جانبدارانہ اور ظالمانہ دفعات کے بخیے اڑانے کے لئے میدان میں نکل آیا ہے اور اس نے یہ آخری فیصلہ کر لیا ہے کہ ان تمام فیصلوں کو حقارت کے ساتھ ٹھکرا دے جو حریف قوتوں نے ...

رسی اسلئے برطانیہ کی تجویز نہ صرف ناقابل قبول ہے بلکہ وہ ترکوں کی توہین کا ایک کھلا اعلان ہے۔

ہمارے خیال میں دنیائے خودداری میں اس سے ہلکا اور کوئی جواب نہیں ہوسکتا ...

ترکوں کا اپنا فیصلہ

مونٹرو کانفرنس

برطانیہ کی خود غرضی

موج در موج

حیدرآباد کے "موتی محل تھیٹر" میں آتشزدگی کا جو ہولناک واقعہ پیش آیا اس نے اسلامی سلطنت کے رہنے والے انسانوں پر ایک گہرا نقش چھوڑا ہے۔ اعلیٰ حضرت خسرو دکن اور ملکہ علیا نے اس حادثہ پر خون کے آنسو بہائے اور مغربی تہذیب کی دلدادہ خواتین اور البیلے نوجوانوں کو وہ وہ نصیحتیں فرمائیں کہ بہائے تھیٹر میں ایک طوفان بپا ہوگیا کہتے ہیں کہ لوگ اپنے بادشاہ کے طور طریق پر ہوتے ہیں چنانچہ اعلیٰ حضرت اور ملکہ علیا کے نصائح شائع ہوتے ہی دکن کے شرفاء، جاہل و تعلیم یافتہ، شہری اور دیہاتی، امیر و غریب سب ہی نے توناک پکڑ کر سینما بازی سے توبہ کی ہے، قول سے نہیں بلکہ عمل سے سینما کمپنیوں کا دیوالہ نکال دیا ہے اور مغرب کی اس لعنت پر سب نے دل کھول کر تھوکا ہے۔ اللہم زد فزد۔

حیدرآباد کے اہل قلم حضرات نے سینما کے خلاف قلمی جہاد شروع کر دیا ہے، شعراء مغربی تہذیب کو عریاں کرکے اپنے کمالات کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔ یہاں تک کہ خواتین بھی تھیٹر کے خلاف میدان عمل میں نکل آئی ہیں ...

ہندوستانیوں کے جذبات اور مطالبات کو ٹھکرا دینے کے علاوہ عدن کے جدید نظام میں بعض بنیادی کمزوریاں بھی موجود ہیں جو ہندوستانیوں کے حقوق پر آج نہیں تو کل ضرور اثرانداز ہونگی۔ مثلاً نئے نظام حکومت کے ماتحت مجلس مقننہ نہیں ہوگی بلکہ گورنر کے ماتحت صرف ایک ایگزیکٹو کونسل ہوگی جس میں ہندوستانیوں کی نمائندگی کے متعلق مسودہ آرڈر میں کوئی تصریح نہیں ہے۔ علاوہ ازیں گورنر کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ ہندوستانیوں پر تاج برطانیہ کی منظوری سے بعض امتیازی پابندیاں اور محاصل عائد کردے۔ یہ امتیازات یقیناً موجب اعتراض ہیں اور ایک وسیع حد تک بدگمانی پیدا کر رہے ہیں۔

حکومت برطانیہ کا یہ طریق کار بھی کسقدر دلچسپ ہے کہ جس وقت تک ہندوستانیوں کو صوبائی ذمہ دار حکومت نہیں دی گئی اس وقت تک تو عدن اور برما کی ذمہ داریوں کا تمام بار ہندوستان کے کمزور دوش پر رہا اور جب ان کو حکومت خود مختاری دیدی گئی تو ہندوستان کے مقبوضات کو علیحدہ کرکے تاج برطانیہ کے ماتحت کردیا۔ بنیاد ستور حکومت بھی کیا ہی عجیب خوشنما فریب ہے!

۱۵ر جولائی

۱۵ر جولائی بیسویں صدی کے عشرۂ چہارم کی وہ قابل یادگار تاریخ ہے جبکہ دنیا جور و استبداد کی فتح، حق و انصاف کی شکست، شیطنت کا غلبہ، انسانیت کی پسپائی، ہوس تخریب کی کامیابی اور جذبۂ تعمیر کی ناکامی کا علی الاعلان اعتراف کریگی ...

ایک بے بنیاد خبر

علیحدگیٔ عدن

مباحث امروز

اپنوں اور غیروں میں فرق

آپ نے بارہا سنا ہوگا کہ گاؤں کا کوئی چوکیدار یا پولیس کا کنسٹبل وائسرائے کی اسپیشل ٹرین کی حفاظت کرتا ہوا ٹرین کی جھپیٹ میں آکر نذر اجل ہوگیا ...

مسجد اور تھیٹر پر حکومت کی پابندیاں ...

ایک امیرزادی کی حسرتناک موت

نومسلموں کی گرم بازاری

حکومت بنگال کی بے اعتنائی

مسجد شاہ چراغ

افکار و اخبار

فلسطین میں کیا ہو رہا ہے؟

پرنس محمد علی سابق خدیو، عباس حلمی پاشا جن سے میری کئی بار ملاقات ہوچکی ہے ...

جمعیۃ اقوام کا آخری سانس

بحیرۂ روم کی پیچیدگیاں

مصطفےٰ کمال کا ہوّا

حوادث و احکام

استفتاء

الجواب

استفتاء

الجواب

دریائے رام گنگا وسیع سمندر بن گیا

کئی گاؤں پانی میں ڈوب گئے ۔ ۱۰ افراد غرق

یوپی میں کثرت باران سے زبردست نقصان

آسٹریا اور جرمنی میں معاہدہ ہوگیا

اندرونی معاملات میں مداخلت نہ کرنے کا عہد

فرانس کو زبردست تشویش

اس معاہدہ کے نتیجے کے طور پر جرمنی کا ایک شہدر حامی آسٹریا کی کیبنٹ میں شامل کر لیا گیا ہے ۔ معاہدہ لوکارنو کے فریقین کی کانفرنس میں شرکت کے لئے اٹلی کو جو دعوت نامہ موصول ہوا ہے اس کے جواب میں اس نے یہ لکھا ہے کہ جرمنی کو بھی مدعو کیا جائے کیونکہ معاہدہ لوکارنو کے فریقین میں سے وہ بھی ایک ہے اور اس کی عدم موجودگی میں موجودہ صورت حالات کے صاف ہونے کے بجائے پیچیدہ ہونے کا زیادہ امکان ہے ۔

۱۵ فوجی افسروں کو سزائے موت

ارکان حکومت کو قتل کر دینے کی سازش کا خاتمہ

ٹوکیو ۱۲ جولائی ۔ آج صبح سرکاری فیصلے کے مطابق ان پندرہ باغیوں کو گولی مار کر ہلاک کر دیا گیا جنہوں نے ۲۶ فروری کی بغاوت میں حصہ لیا تھا واقعہ یہ ہے کہ ۲۶ فروری کی رات کو فرسٹ ڈویژن کے تین ہزار پیادہ سپاہیوں نے بغاوت کر دی ۔ اور وزیر اعظم، امیر البحر، وزیر تعلیم کے ڈائرکٹر جنرل وزیر مالیات کے مکانات پر حملہ کر کے انکو اڑا ڈالا ۔

اس ہنگامہ کی بنا پر سارے جاپان میں مارشل لا کا اعلان کر دیا گیا اور باغی فوج سے ہتھیار رکھدینے کو کہا گیا مگر انہوں نے انکار کیا بالآخر شہنشاہ کی معافی کے اعلان پر اس نے ہتھیار رکھدیئے ۔ اس فوج کے افسر باغی قرار دئیے گئے ... پندرہ گرفتار کر لئے گئے جن کا مقدمہ ایک فوجی ٹربیونل میں پیش ہوا جہاں انھیں گولی سے مار دینے کا حکم دیا گیا ۔

فلسطین کے عربوں کے ساتھ انصاف کیا جائے

حکومت برطانیہ سے نواب چھتاری کی اپیل

نینی تال ۱۱ جولائی ۔ نواب چھتاری نے مندرجہ ذیل بیان شائع کیا ہے :-

فلسطین میں جو کچھ ہو رہا ہے اس کو پڑھ کر بہت رنج ہوتا ہے ۔ فلسطین کے عربوں کا کیس اتنا مضبوط ہے کہ ہندوستان کے مسلمانوں کی رائے عامہ عربوں کے ساتھ انصاف ہونے کے حق میں ہے ۔ مجھے امید ہے کہ حکومت برطانیہ جو دنیا کی مضبوط ترین حکومت ہے اس اظہار ہمدردی کی طرف توجہ دے گی جو ہندوستان کے مسلمان فلسطین کے عربوں کے ساتھ کر رہے ہیں ۔

ہوائی جہاز کے کرایہ میں کمی

کراچی ۱۰ جولائی ۔ یکم اگست ۱۹۳۶ء سے کراچی اور سنگاپور کے درمیان ہوائی جہاز کا کرایہ کم ہو جائے گا ۔ امپیریل ایئر ویز نامی کمپنی نے اس کا اعلان کیا ہے ۔ دہلی اور رنگون کے درمیان ... کرایہ چار سو کے بجائے تین سو تیس کر دیا جائے گا ۔ اسی تناسب سے اور درجوں میں بھی کمی ہوئی ہے ۔

کئی پل اور کئی سڑکیں پانی میں بہہ گئیں

میرپور کوٹلی اور پونچھ میں کثرت باراں

راولپنڈی ۱۰ جولائی ۔ اطلاع موصول ہوئی ہے کہ کثرت بارش ہونے کی وجہ سے میرپور کوٹلی اور پونچھ روڈ پر آمد و رفت قطعاً بند ہوگئی ہے ۔

بیان کیا جاتا ہے کہ کئی پل اور کئی سڑکیں جو کہ کثیر صرفہ سے بنائی گئی تھیں سیلاب میں بہہ گئیں ۔ میرپور کے قریب جہلم کے پانی کو روکنے کے لئے جو بند بنایا گیا تھا اسے سخت خطرہ لاحق ہے ... مسافروں کو کوٹلی کے قریب ہی اتار دیا جاتا ہے کیونکہ پانی کی وجہ سے دونوں راستے بند پڑے ہیں ۔

ڈاکوؤں اور پولیس کے درمیان گولی چل گئی

ریوالور اور کارتوس برآمد ہوئے

جالندھر ۹ جولائی ۔ ایک مقامی اردو اخبار اس خبر کا معتبر ہے کہ پولیس نے ڈاکوؤں کے ایک گروہ کے قبضہ سے جو ریاست فرید کوٹ اور ضلع فیروز پور سے آیا تھا ایک ریوالور اور بہت سے کارآمد کارتوس اور ایک تیز دھار دار ہتھیار برآمد کیا ۔

بیان کیا جاتا ہے کہ دریائے ستلج میں فیروزپور کی جانب سے ایک کشتی کو آتا ہوا دیکھ کر پولیس پارٹی گھات پر رک گئی ۔ پانچ اشخاص کے ایک گروہ نے جب پولیس کو دیکھا تو انہوں نے بھاگنے کی کوشش کی اس پر پولیس کو شبہ ہو گیا ۔ پولیس نے ان کو گرفتار کرنے کی کوشش کی دونوں طرف سے گولی چلی ۔ بالآخر چار ڈاکو گرفتار کر لئے گئے ۔ ایک ڈاکو بھاگ گیا ۔

امام الہند حضرت مولانا ابوالکلام آزاد کی ایک اہم اپیل

جمعیۃ علماء ہند کی قدر شناسی کا سہل اور آسان طریقہ

حضرت امام الہند مولانا ابوالکلام آزاد مدظلہ العالی نے الجمعیۃ کے دور جدید کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسلامیان ہند سے مندرجہ ذیل اپیل کی ہے (ایڈیٹر)

اس اطلاع سے نہایت خوشی ہوئی کہ الجمعیۃ کا التوا زیادہ عرصہ کیلئے نہیں تھا اور اب مزید اہتمام کے ساتھ شائع ہوتا ہے ۔ میں ان تمام مسلمانوں سے جو جمعیۃ العلماء کی ہستی ملک کیلئے ضروری سمجھتے ہیں درخواست کروں گا کہ جمعیۃ کی قدر شناسی کا سب سے زیادہ سہل اور کم سے کم طریقہ یہ ہے کہ الجمعیۃ خریدیں اور اسکی توسیع اشاعت میں ساعی ہوں ۔

ابوالکلام ، کلکتہ

۵ جولائی ۱۹۳۶ء

جرمنی اور برطانیہ کے درمیان جنگ چھڑ جائیگی؟

نوآبادیات کی واپسی کے لئے جرمنی کا مطالبہ

برلن ۱۱ جولائی ۔ اخبار "برلنر ٹیجبلٹ" لکھتا ہے کہ یہ بہت ممکن ہے کہ نوآبادیات کی واپسی کا مسئلہ جلدی ایک خطرناک صورت اختیار کرنے والا ہے اور اس مسئلہ کی بنا پر برطانیہ اور جرمنی کے درمیان بہت ممکن ہے جھگڑا چھڑ جائے ۔ لندنی حلقوں میں ... وجہ سے لگائے جا رہے ہیں کہ وہ نوآبادیات کی واپسی کے بارے میں اپنے مطالبہ کو مضبوط کر رہا ہے ۔

لندن میں اس خطرہ کا بھی اظہار کیا جا رہا ہے کہ حکومت جرمنی حال ہی میں ایک وزیر نوآبادیات مقرر کرے گی اور اس وجہ سے تمام دنیا میں سنسنی خیز خبریں پھیلائی جا رہی ہیں ۔ برطانیہ کے سیاسی قطعے جرمن نوآبادیوں کو واپس کرنے کے بالکل خلاف ہیں اور اسی وجہ سے اور بھی زیادہ مخالف ہو گئے ہیں کہ جنگ ہوئی تو کی فتح کا اثر تقریباً برطانیہ کے مقبوضات پر پڑے گا ۔

سوڈان مصر اور یمن پر اٹلی کی نظر

نہر سویز اور بحیرۂ روم پر اطالوی اجارہ کا خواب

لندن ۹ جولائی ۔ "نارک شائر پوسٹ" رقمطراز ہے کہ یہ خیال کرنا حماقت ہے کہ حبشہ میں روم یا اٹلی کے قیام سے مصر اور سوڈان کو کسی قسم کا خطرہ نہیں ہے ۔ ایسی صورت میں جب کہ برطانیہ اور اطالیہ کے تعلقات روز بروز کشیدہ ہوتے جا رہے ہیں ، مصر اور سوڈان میں برطانوی مفادات کا محفوظ رہنا ناممکن ہے ...

برطانی فوج پر گیس بھرے بم پھینکے گئے

فوج کی حراست سے پانچ عربوں کا فرار

بیت المقدس ۱۰ جولائی ۔ برطانوی فوج نے بیت المقدس سے ۱۵ میل کے فاصلہ پر ایک گاؤں میں چھاپہ مارا کیونکہ برطانوی حکام کو اطلاع ملی تھی کہ یہ گاؤں شورش پسندوں کا مقام ہے ۔ سخت جنگ و جدل کے بعد فوج صرف پانچ عربوں کو ایک قہوہ خانے سے جاتے ہوئے گرفتار کر سکی ۔ جب ان کو القدس کی طرف لے جایا جا رہا تھا تو ایک عرب امیر نے جیب سے سفید رنگ کا ایک گولا نکالا اور جس پر ...

ہندوستان کی تہذیب کا مظاہرہ کرو

ہندوستانی طالبات کو سر فیروز خاں نون کا مشورہ

لندن ۱۰ جولائی ۔ سر فیروز خاں نون نے آج پہلی مرتبہ اپنے نئے عہدے کے سلسلہ میں فرائض انجام دئے جب کہ آپ نے انڈیا آفس میں ہندوستانی طالبات کا خیر مقدم کیا جو یورپ کا دورہ کر رہی ہیں ۔ ہندوستان کے نوجوان سفیر نے خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ یہ موقع ہے کہ تم اہل برطانیہ کو بتلاؤ کہ ہندوستان کیا ہے اور خود بھی اس بات کو سمجھو کہ اہل برطانیہ کیا ہیں ۔

ہائی کمشنر مصر اور دفتر خارجہ برطانیہ میں اختلاف

برطانی مندوب سر مائیلس کا عزم انگلستان

قاہرہ ۹ جولائی ۔ مصر اور برطانیہ کے درمیان جدید معاہدہ کے متعلق جو گفت و شنید ہو رہی تھی وہ کچھ عرصہ کے لئے ملتوی ہو گئی ہے ۔ برطانی مندوب سر مائیلس مصری مطالبات اور تجاویز کے متعلق برطانوی نقطۂ نگاہ معلوم کرنے کے لئے لندن روانہ ہو گئے ہیں ...

موٹر کی دوڑ میں ۵ افراد ہلاک ہو گئے

سان پاؤلو ۱۳ جولائی ۔ ایک اطلاع مظہر ہے کہ موٹر کی دوڑ میں شدید حادثہ پیش آیا ۔ واقعات اس طرح بیان کئے جاتے ہیں کہ فرانسیسی خاتون جب کہ سو میل فی گھنٹہ کی رفتار سے جا رہی تھی ...

۳۳ سال میں ۵ ارب ۱۴ کروڑ پونڈ کا منافع

فورڈ موٹر کمپنی کے اعداد و شمار

لندن ۔ ستولیم ۔ کمپنی کے جنرل منیجر فورڈ موٹر کمپنی نے اپنی ایک تازہ تقریر میں فورڈ کمپنی کے کاروبار اور منافع پر روشنی ڈالتے ہوئے یہ ظاہر کیا ہے کہ یہ کمپنی ۳۳ سال سے قائم ہے اور اس وقت تک ۲ کروڑ ۴۰ لاکھ موٹر کاریں اور دیگر مصنوعات فروخت کر چکی ہے جن کی مجموعی قیمت تقریباً ۱۳ ارب ڈالر یا ۲ ارب ۵۹ کروڑ پونڈ ہوتی ہے ۔

عربوں کے بڑھتے ہوئے ولولہ جہاد کے اثرات

۱۳۷ اعلیٰ عرب افسروں کا زبردست مطالبہ

یروشلم ۹ جولائی ۔ ۱۳۷ اعلیٰ عرب افسروں نے ہائی کمشنر کے سامنے ایک میمورنڈم پیش کیا ہے جس میں یہودیوں کے ترک وطن کے سلسلے کو ختم کرنے پر زور درخواست کی گئی ہے ...

سیاست اور اقتصاد پر عالمانہ تصانیف

پنڈت جواہر لال نہرو کی مستحسن کوشش

۔۔۔ ۱۰ جولائی ۔ معتبر ذریعہ سے معلوم ہوا ہے کہ ہندوستانی سیاسیات اور اقتصادی مسائل پر پر از معلومات تصانیف شائع کرنے کے لئے حال ہی میں پنڈت جواہر لال نہرو کی زیر سرکردگی ایک نیشنل بورڈ بنایا جائے گا ۔ اس بورڈ میں دیگر مصنفین کے علاوہ پروفیسر کے ٹی شاہ ، پروفیسر ... ڈاکٹر ذاکر حسین ... اور پنڈت جواہر لال نہرو شامل ہوں گے ...

جرمنی اور امریکہ میں کشمکش

جرمن مال پر محصول میں اضافہ

واشنگٹن ۱۲ جولائی ۔ حکومت جرمنی نے اپنی برآمدی تجارت کو فروغ دینے کے لئے حال میں جو امدادی رقم منظور کی ہے اس کے جواب میں ریاست ہائے متحدہ امریکہ کے خزانہ نے آج نصف شب سے ۲۲ سے ۵۶ فیصدی تک ڈیوٹی درآمد جرمن مال پر عائد کرنے کا اعلان کیا ہے ۔

ڈیوٹیوں میں اضافہ پر پریزیڈنٹ روزویلٹ نے کہا ہے کہ اس کی خاص وجہ یہ ہے کہ جرمنی امریکہ کے مال کے ساتھ امتیازی سلوک روا رکھتا تھا جس سے امریکہ کو تقریباً دس لاکھ سالانہ کا نقصان ہوتا تھا ۔

جرمنی کا تجارتی ڈیلیگیشن جو کہ تجارتی معاہدہ کے لئے گذشتہ چند روز سے یہاں مقیم تھا ، گفت و شنید کے ناکام ثابت ہونے پر آج واپس جا رہا ہے ۔

آج کی خبریں

جمعیۃ اقوام کے خلاف اٹلی کی خطرناک ریشہ دوانیاں

آسٹرو جرمن معاہدہ فرانس کیلئے ایک زبردست خطرہ ہے

ہر ہٹلر آسٹریا کو جرمن اسٹیٹ بنا کر چھوڑیگا

برطانیہ کا ذمہ دار طبقہ بھی کچھ سنجیدہ انداز میں آسٹرو جرمن معاہدہ کو منظر پسندیدگی دیکھ رہا ہے اور رپورٹر کی اطلاع کے مطابق برطانیہ کے سیاسی حلقوں میں یہ خیال کیا جا رہا ہے کہ آسٹریا میں نازی پروپیگنڈا بدستور جاری رہے گا اور آسٹریا کو جرمن اسٹیٹ میں ضم کرنے کے لئے ہر ہٹلر کی طرف سے جو جد و جہد جاری ہے وہ برابر قائم رہے گی ۔ لیکن ہر ہٹلر کے طریق کار میں قدرے تبدیلی پیدا ہو جائے گی ۔

اٹلی کو ترکی حکومت کا جواب

ترکی حکومت ، اٹلی کی منظوری حاصل کرنے سے بے نیاز ہے

مونٹریو کانفرنس میں توفیق رشدی آراس کا دلیرانہ بیان

مونٹریکس ۱۳ جولائی ۔ کل صبح درہ دانیال کی کانفرنس میں ترکی کے نمائندہ توفیق رشدی آراس نے اٹلی کے اس فیصلہ کے خلاف کہ وہ اس کانفرنس میں شریک نہیں ہوگا ایک زبردست اور ہنگامہ خیز اعلان کیا ۔ آپ نے پر زور الفاظ میں فرمایا کہ ترکی حکومت ، اٹلی کے دستخط یا منظوری حاصل کرنے کے لئے گفت و شنید کے اجرا کو ضروری نہیں سمجھتی لہٰذا وہ اپنے اس حق کو محفوظ رکھنا چاہتی ہے کہ اٹلی کے ساتھ مستقل طور پر ایک علیحدہ معاہدہ کرے ۔

چین میں خانہ جنگی کے سیاہ بادل

حکومت مرکزی اور حکومت کینٹن کی افواج میں دست بدست جنگ

کینٹن افواج کو مسلسل کمک پہنچائی جا رہی ہے

نانکن ۱۳ جولائی ۔ تازہ اطلاعات مظہر ہیں کہ سوچو کے قریب چین کی مرکزی حکومت کی افواج اور جنوبی ریاستوں کی افواج میں جنگ شروع ہو گئی ہے ۔ کینٹن افواج کی کمان جنرل چین دیچانگ کے ہاتھ میں ہے ۔ اور آپکے بھائی جنرل چین چینانگ جو کینٹن افواج کے کمانڈر انچیف ہیں ۔ ایک فوجی دستہ کو لیکر جنوبی افواج کی امداد کے لئے بڑھ رہے ہیں ۔

اسپین میں افسران اعلیٰ کی خونریزیاں

قدامت پسندوں کو گولیوں کا نشانہ بنایا جا رہا ہے

میڈرڈ ۱۲ جولائی ۔ تازہ اطلاع مظہر ہے کہ لفٹننٹ جوس ڈیل کاسٹیلو کو جو شاک پولیس کے رکن اور تحریک ماسیت کی جانی دشمن ہیں ، گولی کا نشانہ بنا کر ہلاک کر دیا گیا ہے ۔ آپ اپنے گھر سے نکل رہے تھے کہ یکایک ایک قریب سے گذرنے والی موٹر کار سے آپ پر فائر کر دیا گیا ۔

اس تاریخ کو سینور کالو سوٹیلو کو جو ایک قدامت پسند سیاسی لیڈر تھے اور جن کے متعلق یہ یقین تھا کہ اگر کسی وقت ان کی پارٹی برسر اقتدار آگئی تو وہ ڈکٹیٹر ہوں گے قتل کر دیا گیا ہے ۔ آپ کی لاش ایک قبرستان میں سے دستیاب ہوئی ہے ۔

مانٹریو کانفرنس میں اٹلی کی موجودگی ضروری نہیں

اٹلی کے خلاف ترکی نمائندہ کا حوصلہ فرسا بیان

مانٹریو ۱۳ جولائی ۔ آبنائے کانفرنس کے ترکی نمائندے نے آج صبح کانفرنس میں اٹلی کی غیر موجودگی پر اس کے خلاف بیان دیا اور کہا کہ ترکی معاہدہ پر اٹلی کے دستخط ہونا ضروری خیال نہیں کرتا ۔ اٹلی کے ساتھ ترکی خود ادنیٰ دوسرا معاہدہ کرے گا ۔

فلسطین کو فوجی دستوں کی روانگی

انبالہ ۱۲ جولائی ۔ رپورٹر کی اطلاع ہے کہ تین برطانی پلٹنیں ساؤتھ ویلس بارڈرز اسکاٹش بارڈرز اور لنکس فلسطین کو روانہ ہونے والی ہیں ۔ یہ بھی خیال کیا جاتا ہے کہ ... بریگیڈ کو فلسطین روانہ ہونے کے لئے تیار رہنے کا حکم دیدیا گیا ہے ۔

سیلاب زدہ طبقہ کو دس ہزار روپیہ کی امداد

حکومت یوپی کا مستحسن اقدام

نینی تال ۱۳ جولائی ۔ یو ۔ پی حکومت نے گشنر کی تجویز پر دس ہزار روپیہ ان مصیبت زدہ لوگوں کو بطور امداد دینا منظور کر لیا ہے جو حال کے سیلاب سے خانماں برباد ہو گئے ہیں ۔

سر فضل حسین مرحوم کے جانشین

وزارت تعلیم کیلئے متعدد امیدوار

شملہ ۱۳ جولائی ۔ معلوم ہوا ہے کہ میاں فضل حسین کے انتقال پر وزیر تعلیم کے فرائض سر دست دو وزیروں کو سپرد کر دئے گئے ہیں ۔ آئندہ وزیر تعلیم کا تقرر ذمہ دار حلقوں کی رائے معلوم کر کے گورنر پنجاب کریں گے ۔

پنجاب کے بارسوخ حلقوں میں یہ خیال کیا جا رہا ہے کہ اگرچہ نئی اصلاحات کے ماتحت سر سکندر حیات خاں کے لئے صوبہ پنجاب کی چیف منسٹری کے امکانات زیادہ قوی ہیں لیکن وہ ریزرو بینک کی ڈپٹی گورنری سے مستعفی ہو کر اس عارضی پوسٹ کو قبول نہیں کریں گے ۔

اتحاد پارٹی کے مندرجہ ذیل افراد بھی وزارت تعلیم کے امیدوار ہیں :- میاں احمد یار خاں دولتانہ ۔ ملک زمان مہدی خاں ، سردار حبیب اللہ ، مسٹر قریشی ، ملک محمد دین ۔

بعض حلقوں میں یہ بھی یقین کیا جاتا ہے کہ نواب مظفر خاں کو وزیر تعلیم بنایا جائے گا ۔

مولانا غلام ربانی کو گرفتار کر لیا گیا

انتخابات کے متعلق تقریر کرنے کا

پشاور ۱۳ جولائی ۔ یونائیٹڈ پریس کی اطلاع ہے کہ مولانا غلام ربانی کو جو صوبائی پارلیمنٹری بورڈ کے ممبر ہیں زیر دفعہ ۱۲۴ الف ضابطہ فوجداری گرفتار کر لیا گیا ہے ۔ گرفتاری کی وجہ یہ بتائی جاتی ہے کہ آپ نے الیکشن کے سلسلہ میں نوشہرہ میں خلاف قانون تقریر کی تھی ۔ مقدمہ کی سماعت ۲۰ جولائی کو پشاور مجسٹریٹ کے اجلاس میں ہوگی ۔

فائر بریگیڈ کیلئے دس لاکھ پونڈ کی سفارش

لندن ۱۲ جولائی ۔ ایک محکمہ جاتی کمیٹی نے یہ سفارش کی ہے کہ ہوائی چھاپوں کی وجہ سے آتشزدگی کے جو واقعات رونما ہونے میں ان کی تعداد کو کم کرنے کے لئے فائر بریگیڈ کو بہتر بنایا جائے اور اس کے لئے خاص تدابیر اختیار کی جائیں ۔ کمیٹی نے یہ بھی سفارش کی ہے کہ اس کے لئے دس لاکھ پونڈ کی رقم منظور کی جائے ۔

چیف کمشنر کے فیصلہ "تجدید حق ووٹ دہی" کے خلاف احتجاج

صوبہ کانگریس کمیٹی دہلی کے نام صدر کانگریس کا مکتوب

دہلی میں آتشزدگی

دس ہزار روپے آگ کے شعلوں کی نذر

دہلی میں ایک دوسری ہڑتال

سنگتراشوں نے کام بند کر دیا

برطانی فوج فلسطین کو

انبالہ ۱۱ جولائی ۔ برطانوی فوج کے تین اور دستے بر سر فلسطین جانے والے ہیں ، معلوم ہوا ہے کہ رائفل بریگیڈ کو بھی حکم دیا گیا ہے کہ وہ فلسطین جانے کے لئے ہر وقت تیار رہے ۔

پانچ سے چھ ہو گئے

کیلنڈر (انگلینڈ) ۱۰ جولائی ۔ ڈیونی میں جو دنیا بھر میں پانچ توام بچوں کی وجہ سے مشہور ہے حال ہی میں ان کے ہاں ایک بھائی پیدا ہوا ہے ۔

قارئین و معاونین الجمعیۃ کی خدمت میں

الجمعیۃ کے صفحات میں اضافہ کی تجویز

خدا کے فضل سے الجمعیۃ کا دور جدید نہایت کامیاب ثابت ہوا ۔ قارئین کرام اور ہمدردان خدام نے دل کھول کر کارکنان کی ہمت افزائی فرمائی ۔ ارباب اہتمام کا ارادہ ہے کہ خدا کی مدد و توفیق اور ہمدردوں کے تعاون سے الجمعیۃ کو صحافت کے اعلیٰ معیار پر پہنچا دیا جائے ۔ اس سلسلہ میں پہلی تجویز یہ ہے کہ اس کے صفحات میں اضافہ کیا جائے اور آٹھ کی بجائے دس صفحات پر اس کو نکالا جائے کیونکہ موجودہ صفحات اس کے لئے بالکل ناکافی ہیں جس کا اندازہ خود قارئین کرام فرما سکتے ہیں ۔ بہت سی اہم چیزیں اور مضامین ایسے ہوتے ہیں جنکو مجبوراً نظر انداز کرنا پڑتا ہے ۔

مگر اس کے لئے انتظامی امور میں چند تبدیلیوں کے علاوہ مصارف کی بھی ضرورت ہے جو معاونین و قارئین کی مدد کے بغیر پورے نہیں ہو سکتے ۔ اسلئے خدا پر بھروسہ کر کے اعلان کیا جاتا ہے کہ اگر معاونین و قارئین کرام نے الجمعیۃ کے دو دو خریدار پیدا کر کے اپنا فرض ادا کیا اور چند ہفتوں میں یہ اضافہ اس اوسط تک پہونچ گیا تو انشاء اللہ آئندہ مستقل طور پر الجمعیۃ کو دس صفحات پر نکالا جائے گا ۔ اور اس کی خصوصیات میں قابل قدر اضافہ کیا جائے گا ۔ اب یہ قارئین کرام کا کام ہے کہ اس کی امداد فرما کر اس قابل بنا دیں کہ وہ ہندوستان کی صحافت میں ایک ممتاز درجہ حاصل کر سکے اور آزادی کیساتھ اسلام اور مسلمانوں کی بہتر سے بہتر خدمات انجام دے سکے ۔ وھو علیٰ کل شئی قدیر ۔

خادم الدین علی عنہ ، بہاری

محمد رسول اللہ

حیات طیبہ

سرور کائنات

جوشہ ۱۳۵۵ کا بہترین تحفہ ہے

بڑی تقطیع کے ۲۰۰ صفحوں کی کتاب ہے جس میں مقامات مقدسہ کے ۱۲ بہترین فوٹو ہیں ...

بڑی سوانح غوث پاک

مقالات غوث الاعظم

داخلہ

طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی علی گڈھ میں نئے طلباء کا داخلہ ۲۸ر جولائی ۱۹۳۶ء سے ۱۴ر اگست ۱۹۳۶ء تک ہوگا۔ لہٰذا داخلہ کی درخواستیں بنام پرنسپل طبیہ کالج علی گڈھ ۱۵ر جولائی ۱۹۳۶ء تک پہونچ جانی چاہئیں اور امیدوار کو دفتر کی جانب سے مقرر کی ہوئی تاریخ پر کالج میں حاضر ہونا چاہیے۔ مقررہ تعداد کے پورا ہونے کے بعد کسی طالب علم کا داخلہ نہ کیا جائے گا۔

پراسپکٹس پرنسپل طبیہ کالج کے دفتر سے مفت طلب کیجئے

عطاء الدین بٹ پرنسپل طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی علی گڈھ

اسلامیہ ہائی اسکول اٹاوہ

عنقریب کالج ہونے والا ہے

ہندوستان کے ہر حصہ کے مسلمان طلبہ کیلئے بہترین درسگاہ

یہ اسکول تعلیم و تربیت کے لحاظ سے ہندوستان میں نمایاں شہرت رکھتا ہے۔ مختلف عمر کے طلبہ کے لئے جداگانہ بورڈنگ ہاؤس ہیں متوسط طبقہ کے بچوں کو جس کفایت کے ساتھ یہاں تعلیم دی جاتی ہے وہ کہیں اور ممکن نہیں۔ کم استطاعت طلبہ کے لئے خاص انتظام ہے۔ طلب کرنے پر قواعد وضوابط بلا کسی قیمت کے ارسال کئے جائیں گے۔

ہیڈ ماسٹر اسلامیہ ہائی اسکول اٹاوہ (یو۔ پی)

ضرورت

امیدواروں کی تار اور اسٹیشن ماسٹری کے لئے ضرورت ہے الاؤنس الٹھائیس روپیہ۔ کرایہ وردی۔ جگہ رہائش مفت فارم داخلہ و قواعد کے لئے آٹھ آنہ کے ٹکٹ روانہ کریں۔

ڈائرکٹر رائل ٹیلیگراف و ریلوے

جذام، کوڑھ، سن بہری کا آزمودہ شرطیہ علاج

بیماری خواہ کسی درجہ کو پہونچ گئی ہو انگلیاں خراب صورت خوفناک اور چہرہ کان پھول کر بیٹھ گیا ہو اس نسخہ کی دوا سے تین ہی چلہ پر کلی فائدہ ہوتا ہے اگر آپ علاج کرا کرا کے مایوس بھی ہو چکے ہوں تو ایک بار اس جادو اثر دوا کو آزما کر خدا کی قدرت کا تماشہ دیکھیں فائدہ ہفتہ ہی عشرہ میں محسوس ہونے لگتا ہے بے فائدہ ثابت ہونے پر کل قیمت واپس اعتبار نہ ہو تو اقرار نامہ لکھا لیں۔ قیمت دوا ایک چلہ (۲۰ یوم) سات روپیہ آٹھ آنہ۔ پتہ:

منیجر دفتر اکسیر جذام ۱۴ در بھنگہ

خضاب چھوڑ دو

اس تیل سے بال کا پکنا رک کر بکا بال کالا پیدا ہوکر آس ا ..... تک کالا رہے تو دو دام واپس کی شرط لکھا لیں ایک آدھ بال بچا ہو تو تین روپے اس سے زیادہ بچا ہو تو عہ رفعت سے زیادہ بالکل بچا ہو تو دلعہ کا تیل منگائیں۔

بال کالا اسٹورس کمنی سمری در بھنگہ

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

مراسلات

(ایڈیٹر کا نامہ نگاروں کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

شاہدرہ سہارنپور ریلوے کے متعلق اسمبلی میں سوالات

قاضی محمد احمد صاحب کاظمی کی قابل تحسین سعی

(گذشتہ سے پیوستہ)

شاہدرہ سہارنپور ریلوے کے تار گھر

سوال نمبر ۱ (الف) کیا گورنمنٹ کو اس کا علم ہے کہ شاہدرہ سہارنپور ریلوے کے تار گھر پبلک کے لئے نہیں جس سے پبلک کو بہت تکلیف ہوتی ہے۔

(ب) کیا گورنمنٹ نے اس امر پر غور کیا ہے کہ یہ مناسب ہوگا کہ شاہدرہ سہارنپور ریلوے کے تار گھر پبلک کے لئے کھول دئے جائیں اگر نہیں تو کیوں نہیں۔

جواب (۱۔ب) گورنمنٹ کو کوئی اطلاع نہیں۔

سوال۔ کیا مہربانی کرکے یہ بتلایا جاویگا کہ اس جواب سے کہ "گورنمنٹ کو کوئی اطلاع نہیں" کیا مطلب ہے۔ کیا گورنمنٹ کوئی تحقیقات کرتی ہے یا نہیں جو سوال اس ایوان میں کیا جاتا ہے اس کے متعلق یہ توقع نہیں کی جاتی ہے کہ گورنمنٹ فوراً یہاں بیٹھے بیٹھے اس کا جواب دیدے گی بلکہ توقع یہ کی جاتی ہے کہ وہ تحقیقات کرکے نتیجہ اس ایوان کے سامنے پیش کریں گے۔

جواب۔ میں کہہ چکا ہوں کہ یہ ریلوے گورنمنٹ ہند کے زیر اہتمام نہیں ہے ...

[illegible]

جواب (آنریبل سر ظفر اللہ خاں) میں نے کوئی تحقیقات نہیں کی۔

سوال۔ میں یہ سوال ممبر متعلقہ سے پوچھ رہا ہوں۔ آپ سے نہیں۔

جواب۔ یہ سوال مجھ سے کیا گیا تھا۔ سوال نمبر ۱۶۸۳ مجھ سے متعلق ہے اس لئے میں جواب دے رہا ہوں۔

(باقی آئندہ)

اسلامیات

عبادات

(از مولانا نور الدین صاحب بہاری)

(۳)

عربوں میں عام طرح دستور تھا کہ جانور کو ذبح کرکے اس کے خون سے دیوار معبد کو رنگ دیتے یہود جانور ذبح کرکے اس کا گوشت جلا دیتے اور یہ سمجھتے تھے کہ قربانی خدا کی غذا ہے اور پھر اس کے ساتھ اس کی ادائیگی کے مراسم بھی ایسے طویل تھے کہ جس کا تذکرہ بھی مشکل ہے۔

اسلام نے ان تمام ظنونات فاسدہ کا قلع قمع کرکے بتادیا کہ قربانی سے غرض اللہ کو نہ جانور کا خون ہے نہ اس کا گوشت بلکہ اس سے مقصد صرف تمہارے دل کی گہرائی کا تقویٰ ہے۔

اسلام نے صرف حج کے موقعہ پر قربانی کو واجب کیا ہے اور صاحب مقدرت کے لئے جو حج کو نہ جاسکے ہیں اس عظیم واقعہ کی یادگار کے لئے واجب قرار دیا ہے تاکہ جب یہ موقعہ تمہارے سامنے آئے تو تم سوچو ... دین حنیفی کا بانی خواب کی تعبیر میں اپنے بیٹے کو خدا کی راہ میں قربانی کرنے کے لئے بے جھجک طیار ہوگیا اور بیٹے کے گلے پر چھری رکھدی۔ اسلام نے ان ظنونات فاسدہ کا جو مذاہب باطلہ میں قربانی کے متعلق رائج تھا خاتمہ کرکے یہ اعلان کردیا کہ اللہ کو تمہاری قربانی کے جانوروں کے نہ خون کی ضرورت ہے اور نہ اس کے گوشت کی ہاں اس سے صرف تمہارے دل کی گہرائی ...

[illegible]

ہمارے پستول پر گورنمنٹ ہند کی طرف سے کوئی لائسنس نہیں لگایا گیا

پستول منگاؤ پستول چلاؤ

گرجدار آواز بے انتہا خوفناک صورت غرض بالکل اصلی پستول کے مانند ہے۔ صرف یہ فرق ہے کہ اصلی پستول سے آدمی یا جانور مرجاتا ہے اور اس کے فائر کرنے سے حواس باختہ ہوکر بھاگ جاتا ہے کیونکہ اس کا فائر کرنے سے بے حد دہشت ناک آواز نکلتی ہے جو سننے والوں کا دل ہلادیتی ہے۔ اسی وجہ سے گورنمنٹ نے ہمارے پستول پر صوبہ برما اور بنگال اور بہار اڑیسہ کے چار علاقوں میں لائسنس بھی لگا دیا ہے۔ کیونکہ وہاں کے باشندے اس پستول کو غلط طریقہ پر استعمال کرتے تھے اور گورنمنٹ کو مجبوراً ان چار صوبوں میں حکم جاری کرکے اس پستول پر لائسنس لگانا پڑا باقی تمام ہندوستان کے لئے پوری آزادی ہے اور ہر شخص نہایت آزادی کے ساتھ اپنے پاس رکھ سکتا ہے۔

ایک وقت میں اس پستول کے اندر دس کارتوس رکھ سکتے ہیں اور پھر جب چاہیں فائر کرسکتے ہیں۔ جب کارتوس ختم ہوجائیں تو پھر دوبارہ دس بھر لیں بہت مضبوط ہے اور جان ومال کی حفاظت کیلئے بہترین چیز ہے۔ دیکھنے میں بالکل اصلی پستول معلوم ہوتا ہے ہم اس کے ساتھ سو کارتوس مفت بھیجتے ہیں۔ قیمت ایک عدد پستول معہ سو کارتوس صرف چار روپے (للعہ) محصول ڈاک آٹھ آنے (۸) اس کے کارتوس علیحدہ بھی بکتے ہیں جب کارتوسوں کی ضرورت ہو تو ہم سے منگائیے۔ ایک روپے کے چھ درجن (۲) ملتے ہیں۔ واضح رہے کہ یہ پستول بچوں کا کھلونا نہیں ہے۔ منگانے کا پتہ۔

منیجر انچارج یونائیٹڈ میڈیکل سروس دریا گنج دہلی

سرور

[illegible]

(مولانا) نور الدین بہاری بری والا باغ دہلی

مراکش، شام اور طرابلس میں عربوں کے جہاد حریت کا آغاز

فرانس۔ برطانیہ اور اطالیہ کے چنگل سے آزادی حاصل کرنیکا عزم

لندن ۹ر جولائی۔ قبیلہ ریف کے مجاہدین نے فرانسیسی ملوکیت کا خاتمہ کردینے کا اعلان کردیا ہے۔ اور اسپین کے علاقہ میں بھی جنگ حریت کا آغاز کردیا ہے۔ فلسطین اور شام کے جہاد حریت نے اہل مراکش پر بہت گہرا اثر کیا ہے ... فرانس کے خلاف سخت نفرت پھیلی ہوئی ہے۔ اس وقت تمام عربی علاقوں میں مغربی ملوکیت کے خلاف جذبات نفرت وحقارت عود کر آئے ہیں۔ مراکش کے مجاہدین نے ایک پروپیگنڈا کمیٹی بنائی ہے جس کا صدر مقام لندن ہوگا۔ یہ کمیٹی جرائد یورپ میں مراکش۔ شام۔ طرابلس۔ ٹرپولی اور فلسطین کے عربوں کے جہاد حریت کے حق میں پروپیگنڈا کرے گی۔ اور مالی سب کمیٹی کا قیام عمل میں آیا ہے۔ جو اسلامی ممالک سے چندہ اکٹھا کرکے مجاہدین کی مالی امداد کرے گی۔

شام اور حجاز کے ہزاروں مسلح عرب فلسطین میں داخل ہوگئے

فلسطین میں مسلح اور منظم انقلاب کی تیاریاں

حیفا ۸ر جولائی۔ برطانوی اور صیہونی حلقوں میں اس خبر سے سخت اضطراب اور تشویش پھیل گئی کہ شرق اردن۔ شام اور حجاز کے ہزاروں مسلح عرب مظلومین فلسطین کی امداد کو پہنچ رہے ہیں۔ برطانوی فوج نے سینکڑوں مسلح عربوں کو شرق اردن اور شام کی سرحد کو عبور کرکے فلسطین میں داخل ہوتے ہوئے گرفتار کرلیا ہے۔ ... عناصر جن میں نوجوان عرب ورسیحی شامل ہیں۔ ایک منظم انقلاب کی تیاریوں میں مصروف ہیں۔ یہودیوں کی بھاری اکثریت حیفا یافہ اور یروشلم سے تل ابیب جلیل اور عوکرم میں منتقل کردی گئی ہے۔

عربوں کے خفیہ اسلحہ خانہ پر فوج کا چھاپہ

جرمن اور اطالوی ساخت کے بم پکڑے گئے

القدس ۹ جولائی۔ گذشتہ رات فوج اور پولیس کی متحدہ جمعیت نے یروشلم کے قدیم مسیحی کلیسا پر چھاپہ مارا۔ جہاں کہا جاتا ہے کہ مظلوم عربوں کا خفیہ اسلحہ خانہ تھا۔ لیکن فوج کو یہاں سے مستعمل بموں کے خولوں اور چلے ہوئے کارتوسوں کے سوا کچھ نہیں ملا۔ ان خولوں سے معلوم ہوتا ہے کہ عربوں کے پاس زیادہ تر اطالوی اور جرمن ساخت کے بم اور کارتوس موجود ہیں۔ برطانوی جاسوس بندرگاہوں میں سخت تحقیقات کر رہے ہیں۔

یہ تو ہمارا اخلاقی فرض ہے

کہ ہم حسرت، دنیا کے تمام امراض ... سکے مضبوط بنادین اس کے لئے ہر موسم میں آتنک نگرہ گولیوں کا استعمال ضروری ہے ضعف بیضہ کی خرابی۔ اور رستی کی خرابی وکی جریان۔ احتلام۔ سرعت انزال۔ ... وغیرہ کو دور کرکے جسم کے ہر حصہ اور ہر رگ و ریشہ کو حیرت انگیز قوت عطا کرتی ہیں۔ ایک دفعہ آزمائش کریں۔ قیمت فی ڈبیہ ۳۲ گولیاں ایک روپیہ۔ پانچ ڈبیاں چار روپے

آتنک نگرہ خانہ عیسی جام نگر کاٹھیاواڑ

۷۸۶ ہو الکل یامعین

عمل مشکل کشا

بے روزگاروں کو برسر روزگار کردے گا۔ ملازمت پیشہ صاحبان پر بالا افسروں کو مہربان کرکے ترقی دلائے گا۔ تجارت میں کثیر منافع ہوگا (خدا نخواستہ) خود یا کوئی عزیز بیمار ہوں تو اس کی برکت سے صحتیاب ہوں گے۔ اگر کسی سے جائز محبت ہے تو کامیابی ہوگی۔ مقدمہ میں فتح پائیں گے۔

غرض یہ کہ عمل مشکل کشا ہر مشکل میں مشکل کشا ثابت ہوگا۔

قرآن شریف کا مجرب المجرب عمل ہے اس میں شک کرنا کفر ہے لہٰذا اپنے کسی عزیز دوست یا رب کے لئے اس عمل کو ضرور منگا سکتے ہیں۔ خرچہ اشتہارات وغیرہ کا خیال رکھ کر اپنے عزیز غریب بھائیوں کی حالت کا اندازہ کرکے ہدیہ صرف دس آنہ لکھا گیا ہے۔ لہٰذا

صرف دس آنہ

[illegible]

عامل وظیفہ مشکل کشا پوسٹ بکس نمبر ۳۲ نئی دہلی

محبوب عاشق کے قدموں پر

ہدیہ میں عظیم الشان رعایت

عمل سفلی ... عمل علوی ...

[illegible]

فضل شاہ عامل گلی رحمان کوچہ چیلان دہلی

۵۰۰۰ روپے کے نقد انعامات

موٹرکار۔ ریڈیو۔ گراموفون۔ کتابیں۔ گھڑیاں اور طلباء کیلئے وظائف

پہلا انعام	صحیح حل بھیجنے والوں کیلئے	۲۵۰۰ روپے کے نقد یا ایک موٹرکار
دوسرا انعام	ایک غلطی والوں کیلئے	۱۰۰۰ روپے
تیسرا انعام	دو غلطیاں والوں کیلئے	۵۰۰ روپے
چوتھا انعام	تین غلطیاں والوں کیلئے	۵۰۰ روپے
دس انعامات پچاس پچاس روپے کے		کل ۵۰۰ روپے

مندرجہ ذیل مضامین میں حصول تعلیم کے لئے دس وظائف علاوہ ان کے اور متعدد انعامات بھی دئے جائیں گے۔

کم سے کم ۵۰۰ روپے کی گارنٹی کی جاتی ہے۔ داخلہ کی آخری تاریخ ۲۵ر جولائی ہے۔

ذیل میں پانچ مضامین کے نام لکھے ہوئے ہیں۔ ان کو اس ترتیب کے ساتھ لکھو کہ جو مضمون نوجوانوں کے لئے سب سے زیادہ مفید اور آسان ہے وہ سب سے پہلے آئے اور جو اس سے کم درجہ پر ہے وہ اس کے بعد آئے اور علیٰ ہذا القیاس آخر تک یہی ترتیب قائم رہے۔

(۱) ٹائپ رائٹنگ (۲) کارس پانڈنس (انگریزی خط و کتابت) (۳) آفس روٹین دفتری کام (۴) شارٹ ہینڈ (۵) بک کیپنگ

مثال: ہم نے پہلے خانہ میں ٹائپ رائٹنگ لکھا ہے کیونکہ آجکل یہ بہت ضروری اور مفید مضمون ہے۔ اب اس طریقہ سے انتخاب کرکے دوسرے تیسرے چوتھے اور پانچویں خانہ میں مذکورہ مضامین کے ناموں کو ان کی اہمیت اور ضرورت کے مطابق ترتیب سے لکھو۔

۱	۲	۳	۴	۵
ٹائپ رائٹنگ				

ہمارا سربمہر حل بمبئی کے کانٹی ننٹل بنک آف انڈیا میں محفوظ رکھا ہے۔ یکم اگست کے اخبارات میں یہ صحیح حل شائع کیا جائیگا

قواعد

(۱) فیس داخلہ ایک روپیہ فی کوپن ہے جو بذریعہ منی آرڈر یا پوسٹل آرڈر بھیجنی چاہئے۔

(۲) معمہ کا حل مطبوعہ کوپن پر ہونا چاہئے یا صاف کاغذ پر خانے بنا کر ان میں خوشخط لکھنا چاہئے یا ٹائپ کرکے بھیجنا چاہئے اپنا پورا پتہ صاف اور خوشخط لکھنا چاہئے۔

[illegible]

منیجر دی فیڈرل پریس دادر بمبئی

THE FEDRAL PRESS
DADAR BOMBAY

سات سو اشخاص ہلاک ہوگئے

امریکہ میں لو کی ہلاکت خیزیاں

نیویارک ۱۲ر جولائی۔ ... گزشتہ سات بارش ... ہوئی ہے۔ اس سے گرمی میں کوئی کمی نہیں ہوئی ہے۔ عام طور پر نہایت بے چینی اور تکلیف کا احساس کیا جارہا ہے۔

افغانستان میں نئے شہروں کی تعمیر

کابل۔ افغانستان میں دو نئے شہر جدید طرز پر آباد کئے جارہے ہیں ... ان کی زمین قابل کاشت ہے اور جو افغانی آباد ہونا چاہتے ہیں ان کو مفت دی جاتی ہے۔

امریکہ نے جرمنی مال پر چنگی بڑھا دی

واشنگٹن ۱۰ر جولائی۔ ... جرمنی تجارتی وفد جو امریکہ اور جرمنی کے درمیان عارضی طور پر تجارتی معاہدہ کرنے کے لئے آیا ہوا تھا عنقریب ناکام واپس جائیگا۔

صوبہ مدراس میں مسلم پارلیمنٹری بورڈ

مدراس ۱۰ر جولائی۔ ... آل انڈیا مسلم پارلیمنٹری بورڈ کے قیام ... ۲۲ جولائی کو بورڈ کے قیام کے لئے ... کانفرنس منعقد کی جائے۔

میرٹھ پولیس کی سرگرمیاں

کانگریسی نوجوانوں پر توجہ

میرٹھ ۱۰ر جولائی۔ یہاں مقامی پولیس نے کچھ نوجوانوں کو جو کانگریس کے کارکن ہیں تھانہ میں طلب کیا معلوم ہوا ہے کہ کانگریسی کارکنوں کے خلاف جو نامہ اعمال تیار کیا جارہا ہے اس سلسلہ میں یہ بلایا گیا ہے۔

میدان سے ہٹ جاؤ

مجلس اتحاد ملت کو مشورہ

لاہور ۱۰ر جولائی۔ پیر سید جماعت علی شاہ گیلانی صدر مجلس تحفظ شہید گنج پنجاب نے ایک اہم بیان کے دوران میں کہا کہ مجلس اتحاد ملت کے پاس شہید گنج مسجد کی بازیابی کے لئے کوئی پروگرام نہیں ہے۔ تو وہ میدان سے ہٹ جائے۔

یو۔پی میں انتخابات کیلئے کانگریس کی تیاریاں

ہوائی جہازوں کے استعمال کی تجویز

الٰہ آباد ۱۰ر جولائی۔ یو۔پی میں آیندہ انتخابات کے لئے کانگریس کارکن زبردست کوشش کر رہے ہیں۔ بہت سے ضلعوں میں پارلیمنٹری کمیٹیاں قائم ہوگئی ہیں ... کانگریسی پارلیمنٹری کمیٹی نے ... ہوائی جہاز کے ذریعہ مختلف پولنگ اسٹیشنوں کا دورہ کریں ...

ہزلیات مرزا بحق سرکار ضبط کرلی گئی

حکومت پنجاب کی قادیان دوستی

لاہور ۱۰ر جولائی۔ حکومت پنجاب نے ایک پمفلٹ "ہزلیات مرزا" مصنفہ شیخ محمد شفیع ... سیالکوٹ جو کہ چار دیگر کتابوں سے شائع ہوئی ... ضبط کرلی ہیں۔ حکومت پنجاب نے ایک دوسرے پمفلٹ ... ضبط کرلی ہیں۔

بین الاقوامی پیسر کانفرنس

بحری اجلاس اکتوبر میں ہوگا

شملہ ۱۰ر جولائی۔ بین الاقوامی پیسر کانفرنس کا بحری اجلاس جنیوا میں ماہ اکتوبر کو ہوگا جس میں اس مسئلہ پر غور ہوگا کہ بحری ملازمتوں کے لئے لڑکوں کی عمر کم از کم ۱۵ سال ہونی چاہئے۔ اب تک ۱۴ سال مقرر ہے۔

داخلہ

دی آیورویدک اینڈ یونانی طبی کالج دہلی

(۱) آیورویدک شعبہ سنسکرت
(۲) آیورویدک شعبہ بھاشا
(۳) آیورویدک شعبہ زنانہ
(۴) یونانی شعبہ عربی
(۵) یونانی شعبہ اردو
(۶) یونانی شعبہ زنانہ

جو طلباء مندرجہ بالا شعبوں میں سے کسی ایک شعبہ میں بہترین علمی وعملی تعلیم حاصل کرنے کے خواہشمند ہوں یا جو طالبات شعبہ زنانہ میں تعلیم حاصل کرنا چاہتی ہوں وہ ۲۰ر جولائی ۱۹۳۶ء تک اپنی درخواستیں بنام عالیجناب افسر الاطباء حکیم حاجی محمد ظفر خاں صاحب رئیس اعظم و آنریری پرنسپل طبی کالج دہلی روانہ کردیں پراسپکٹس و فارم داخلہ طلب کرنے پر بلا قیمت بھیجا جاتا ہے۔

المشتہر

دفتر پرنسپل آیورویدک و یونانی طبی کالج دہلی

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی" ٹیلیفون نمبر ۵۲۴۵

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

الجمعیۃ دہلی

سہ روزہ

یداللہ علی الجماعۃ

ادارہ
مسئول: ابوالبیان حامد الدین قاضی
محی الدین قاضی

نگران
مولانا نورالدین بہاری

قیمت فی پرچہ ایک آنہ

جلد (۲۴) | دہلی - یوم دوشنبہ ۲۹ ربیع الثانی ۱۳۵۵ھ مطابق ۲۰ جولائی ۱۹۳۶ء | نمبر (۵)

جگر پارے

(از حضرت جگر مراد آبادی)

بربادی ما پُرس ازاں سینہ فگارے — درعین بہارے کہ جدا شد ز بہارے

دیدم بہ سرِ پر عجب شعبدہ کارے — میخانہ بدوشے و گلستان بکنارے

چینے مفگن بر تنِ لاغر ز بہارے — افسانۂ ما پرس ز نوکِ سر خارے

بلبل ہمہ تن خون شد و گل شد ہمہ تن چاک — اے وائے بہارے اگر این است بہارے

اشکم سرِ مژگان است کہ شبنم بسرِ شاخ — شبنم سرِ شاخ است کہ منصور بدارے

اغیار بدل خندہ زن و دل بتو مشغول — خلقے پس دیوانہ و دیوانہ بکارے

اے خسروِ خوباں نظرے کن ز سرِ مہر

افتادہ بکوئیت جگر سینہ فگارے

نیاز ناز

(از جناب تاریخ بجنوری)

مصیبت بن گئیں میرے لئے آسانیاں میری — فزوں تر ہو گئیں دل دیکھ ذمہ داریاں میری

ہُوا کرتی ہیں اُن سے آج کل گُستاخیاں میری — الٰہی پائیں عمرِ جاوداں تنہائیاں میری

نہ پوچھو کون ہوں کیا ہوں سراپا معمّہ ہوں — بڑی مشکل سے آئیگی سمجھ میں داستاں میری

کبھی حیران ہوتا ہوں میں اظہارِ حقیقت سے — حقیقت کھول دیتی ہیں کبھی حیرانیاں میری

میں اپنی ذات کو سمجھا ہوں تیری ذات کا پرتو — مٹا دینگی خودی اکدن یہی خود بینیاں میری

کسی کی بے نیازی وفا دونگی اسیریں ہیں — یہ ہیں نادانیاں میری یہی ہیں دانائیاں میری

میں نیاکو بتا دوں ترا رازِ نہاں لیکن — مجھے کافر بنا دیں کہیں بیباکیاں میری

قیامت کی قسم کھا کر وہ خود پردے میں جا بیٹھے — جب اُن سے بھی نہ دیکھی جا سکیں بربادیاں میری

اُنہوں نے یاد فرمایا مجھ کو اپنی محفل میں — زبانِ حال سے یہ کہہ رہی ہیں ہچکیاں میری

میں ان کو پیار کرتا ہوں مجھے اُن سے محبت ہے

جنھوں نے ناز کی ہیں طرح دلداریاں میری

...اتصال پر زور دیا گیا ہے کہ مشرقی میثاق کو اس تجویز سے کتنا گہرا تعلق ہے۔ تجویز یہ ہے کہ ترکی کو ریلوے کے ذریعہ ایران سے ملا دیا جائے۔ خود حکومت ترکیہ اس ضرورت کو محسوس کر رہی ہے اور ترکی کے سیاسی حلقے ترکی۔ ایرانی ریلوے کی اہمیت پر زور دے رہے ہیں۔ اگر ترکی۔ ایرانی ریلوے جاری ہو گئی جس کا مستقبل قریب میں امکان ہے تو اس کے ذریعہ مشرقی میثاق کو بے حد تقویت پہونچے گی۔

دنیائے اسلام

عربی ترکی اور فارسی جرائد کے تراجم

اسکندریہ میں انجمن خواتین مصر کا اہم اجلاس

مشرق کی غلامی کا بڑا سبب جمعیۃ اقوام کا وجود ہے

زندگی اور آزادی کے لئے جنگ کرنیکا اعلان

مصر کی انجمن اتحاد النسائی یعنے انجمن خواتین مصر کا ایک اہم اجلاس محترمہ فاطمہ نعمت راشد کی صدارت میں اسکندریہ کے اندر منعقد ہوا۔ اجلاس میں صدر محترمہ کی جانب سے ایک ہمہ گیر خطبہ پڑھا گیا۔ ہم اس خطبہ کا اقتباس ذیل میں پیش کرتے ہیں تاکہ ہندوستانی خواتین اس میں اپنے لئے کوئی راہ عمل تجویز کر سکیں۔ خاطمہ نہرادی نے اپنے خطبہ میں ارشاد فرمایا۔

زندگی اور آزادی کیلئے جنگ

مصری خواتین میں اتحاد کا مقصد اس وقت تک حاصل نہیں ہو سکتا جب تک کہ وہ اپنی پوری قوت کے ساتھ زندگی اور آزادی کے ان قومی حقوق کی مدافعت نہ کریں جن کو دوسرے استعماری بڑے بڑے ملکوں پر تسلط کر کے کچل کر رکھ رہا ہے۔ اور جس نے مشرقی بلاد کو مدافعت و حفاظت کے بہانہ سے اپنی سیاست کی اتباع پر مجبور کر دیا ہے!

ہم سب جانتے ہیں کہ مجلس اقوام، امن عالم کے لئے قائم کی گئی تھی، اور اس اجتماع میں خواتین کا مقصد بھی یہی ہے کہ جمعیۃ اقوام کی مدد کریں۔ اگر ہم دنیا نے دیکھ لیا ہے کہ چین اور حبش پر استعمار کے دیوتے چھاپہ مار رہا ہے اور جمعیۃ اقوام مظلوموں کی کوئی امداد نہیں کر سکی ہے تاہم ہماری خواہش ہے کہ جمعیۃ اقوام کے اعلیٰ مقصد یعنے قیام امن میں اسکا ہاتھ بٹائیں۔

جمعیۃ اقوام سے خطرناک پردے

انجمن خواتین مصر کا یقین ہے کہ جمعیۃ اقوام اپنے فرائض ادا کرنے سے قاصر ہرگز نہ رہتی۔ اگر اس کی ابتدا ہی سے دنیا کی بڑی بڑی حکومتوں کا اثر و نفوذ قائم نہ ہوتا۔ ان قوتوں نے جس طرح چاہا جمعیۃ اقوام کی مشین کو چلایا اور جس مقصد کے لئے چاہا استعمال کیا۔ حبش اور طرابلس کی جنگ اور مصر میں برطانی فوج کے زور سے اجنبی حکومت کا قیام اس حقیقت کی روشن دلیل ہے کہ جمعیۃ اقوام اپنے مقصد میں ناکام رہی ہے۔

جمعیۃ اقوام کا فرض کیا ہے؟

جمعیۃ اقوام کا کام یہ نہیں ہے کہ جنگ جوئی کی فاتح اقوام کے مصالح کی رعایت و حفاظت کرے بلکہ اس کا حقیقی کام یہ ہے کہ زندگی اور آزادی کے قومی حقوق کی حفاظت کرے اور ہر قوم کو استعمار کے پنجہ سے بچائے۔ کیونکہ ان ہی اقوام نے جنگ عظیم میں اپنا خون بہایا تھا۔

مصری خواتین کی انجمن نے فیصلہ کیا ہے کہ آئندہ انجمن خواتین مصر کا اجلاس ماہ ستمبر میں بمقام جنیوا منعقد کیا جائے تاکہ اس میں عدل و سلامتی کیلئے دنیا کی سیاسی مشکلات کا کوئی حل تلاش کیا جائے۔

برطانیہ کو مصر کے ایک قوم پرور کا انتباہ

مصر فلسطین سے ضرور ہمدردی کرے گا

مصر میں عام خیال یہ ہے کہ مصری اور برطانی گفت و شنید میں شاید فلسطین کے معاملات کو بہانہ بنایا جائیگا کیونکہ اہل مصر نے فلسطین کے عربوں کے ساتھ عام ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔ اس بنا پر مصر کے ایک مشہور قوم پرور نے اعلان کیا ہے کہ برطانیہ کی یہ دھمکی اہل مصر پر کارگر نہیں ہو سکتی۔ اہل مصر اور اہل فلسطین سے گہری ہمدردی کا اظہار کرینگے۔ اگر ضرورت پڑی تو مالی امداد سے بھی دریغ نہیں کرینگے۔ مصر کے معاملات اور حالات بالکل جداگانہ ہیں۔ مصر برطانیہ سے بھیک نہیں مانگتا وہ اپنا غصب شدہ حق طلب کر رہا ہے۔ اس حق میں فلسطین کے معاملات کو کسی طرح بھی بہانہ نہیں بنایا جا سکتا۔

خواتین عراق کا جذبۂ ایثار

فلسطین کے عربوں کی مالی امداد

عراق کے باشندوں نے فلسطین کے مصیبت زدہ عربوں کی ہمدردی کا روشن ثبوت دیا ہے۔ طالبات نے مظلوم فلسطینیوں کے لئے چندہ جمع کیا ہے۔ وہ خواتین خاص طور پر قابل ذکر ہیں جو نہایت مشہور خاندانوں سے تعلق رکھتی ہیں۔ ان میں کابینہ کے ارکان کی بیویاں بھی شامل ہیں۔

فلسطین میں ہجرت یہود کا پہلا ثمر

بنی اسرائیل کے جرائم کی طویل فہرست

حکومت برطانیہ نے فلسطین میں ۱۹۳۵ء کے نظم و نسق کی ایک رپورٹ شائع کی ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ مہاجر یہودی اپنے ہمراہ مجرمین کی ایک بڑی تعداد فلسطین میں لائے ہیں۔ جو جرائم فلسطین میں ناپید تھے ان کا ارتکاب یہودی آبادی میں دلیری کے ساتھ کیا جا رہا ہے۔ مثلاً تل ابیب میں بڑے بڑے یہودی سکہ سازی جدید طریقوں سے تجوریوں کو توڑنے کی مہم جعلی پاسپورٹ تیار کرنا اور بنکوں کو دھوکہ دینا وغیرہ جرائم کا روز روشن میں ارتکاب کر رہے ہیں۔

مصر کے ایک اخبار میں لکھا ہے کہ اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ فلسطین میں شراب نوشی اور زناکاری کی رفتار اس قدر تیز ہو گئی ہے کہ چند سال قبل تصور بھی نہیں کیا جا سکتا تھا۔ اگر حکومت بھی جنس پیچک ان جرائم کے پیدا ہونے کا تو اس کا ہاں فلسطین کے باشندوں پر پڑیگا۔ برطانیہ کو تو آجکل اختلاف ڈال کر حکومت کرنا ضروری ہے۔

شاہی خاندان کے ارکان کی شادی

حکومت عراق کا ایک نیا مسودۂ قانون

عراق کے شاہی خاندان کی شادی کے بارے میں ایک مسودہ تیار کیا گیا ہے جس کا منشا یہ ہے کہ کسی شہزادہ یا شہزادی کی شادی کیلئے شاہ عراق کی منظوری ضروری ہے۔ منظوری دینے سے قبل شاہ اپنی پریوی کونسل سے مشورہ کرینگے۔ اگر کوئی شہزادہ یا شہزادی شاہ کی مرضی کے بغیر شادی کر بیٹھے تو پریوی کونسل کو حق دیا گیا ہے کہ وہ انکو تمام شاہی حقوق سے محروم کر دے۔ اگر کوئی شہزادہ یا شہزادی کوئی ایسا کام کر بیٹھے جو شاہی وقار و ناموس کے خلاف ہو تو اس کو بھی تمام شاہی خاندان کی رکنیت سے محروم کر دیا جائیگا اور خطابات حقوق تخت نشینی، جائداد کے حقوق وراثت اور عراق میں قیام کرنے کے حق سے بھی محروم کر دیا جائیگا۔ یہ مسودہ آئندہ عراقی پارلیمنٹ میں پیش کیا جائیگا۔

فلسطین میں عربوں کی تلاشیاں

کثیر اسلحہ کی برآمد۔ فوج سے شدید جنگ

فلسطین کے عربوں کی خانہ تلاشیاں لی جا رہی ہیں اور حکومت نے فوج اور پولیس کی قوت سے کثیر اسلحہ برآمد کئے ہیں مگر خیال یہ ہے کہ عربوں کے پاس جو جنگی سامان موجود ہے، شدید جاسوسی کے بعد بھی اس کا پتہ نہیں لگ سکتا۔ تلاشی لیتے وقت سب مردوں، عورتوں اور بچوں تک کو قتل کر دیا جاتا ہے طولکرم، تل ابیب اور یافا میں عربوں کی خانہ تلاشی لیتے وقت فوج سے زبردست لڑائیاں ہوئی ہیں جن میں عربوں کے مقابلہ میں بہت سے فوجی بھی ہلاک ہوئے۔

البلاغ کا نامہ نگار لکھتا ہے کہ حکومت اپنے مقتولین کی تعداد ظاہر نہیں کرتی بلکہ چھپاتی ہے۔ حالانکہ عربوں کے ساتھ جنگ میں فوجی افسر، فوجی سپاہی اور پولیس کانسٹبل کافی تعداد میں مارے گئے ہیں۔

بچوں کے جلوس!

فوج اور پولیس کی پریشانی

فلسطین میں روزانہ بچوں کے جلوس نکلتے ہیں ان کی حالت یہ ہے کہ فوج ان کو ایک جگہ سے منتشر کرتی ہے گروہ دوسری جگہ جا کر مظاہرہ کرتے ہیں۔ فوج جب وہاں پہونچتی ہے تو بچے اپنی جگہ سے ہٹ کر کسی اور جگہ جمع ہو جاتے ہیں۔ بعض دفعہ تو بچے سارے دن پولیس اور فوج کو پریشان کرتے ہیں۔ ایک اطالوی اخبار نے لکھا ہے کہ جس ملک کے بچے اس طرح زندگی گزارنے کے عادی ہو جائیں وہ کبھی غلام نہیں رہ سکتے۔

ترکی ریلوے اور مشرقی میثاق

ایرانی اخبارات میں وزیر حکمہ عمل و نقل کی ایک تقریر شائع ہوئی ہے جس میں ترکی اور ایران کے...

Regd No. L1793

The Aljamiat

Vol. 24 No. 4 | DELHI Thursday the 25th July 1936. | PRICE ONE ANNA

جنوبی افریقہ میں قوائے دفاعیہ کا استحکام

ہوا بازوں کی تربیت کی سکیم

یرٹوریا، ۱۲ جولائی۔ جنوبی افریقہ کے وزیر دفاع مسٹر پیرو نے لندن سے افریقہ جاتے ہوئے نمائندہ رویٹر سے ملاقات کے دوران میں بیان کیا کہ... اس سکیم کے ماتحت پانچ سال میں ایک ہزار ہوا بازوں کو تربیت دی جائیگی اور حسب ضرورت ہوائی جہاز بھی مہیا کئے جائیں گے۔

برطانیہ نے تعزیری پابندیاں اٹھا لیں

لندن ۱۲ جولائی۔ ملک معظم نے اس آرڈر ان کونسل کو اپنی منظوری دیدی...

چین میں جاپانی سوداگر کا قتل

ڈاکوؤں نے شہر لوٹ لیا

شنگھائی ۱۲ جولائی۔ اطلاع ملی ہے کہ ضلع شنکیانگ کے نامعلوم اشخاص نے لوٹ لیا اور دفتر میں انہوں نے ایک جاپانی سوداگر کو قتل کر دیا۔ جاپانی قونصل خانے نے احتجاج کیا ہے۔ جاپانی پولیس افسران چینی پولیس کی امداد کر رہے ہیں اور جاپانی افسران معاملہ کی تحقیقات کر رہے ہیں۔

ساڑھے اٹھ ارب ڈالر کی آمدنی

امریکہ کے تجارتی حالات میں بہتری

واشنگٹن، ۱۲ جولائی۔ بیان کیا جاتا ہے کہ امریکہ کی قومی آمدنی ۱۹۳۵ء میں ... ۵۳ ارب ڈالر ... سے مقابلہ کیا۔

بواسیر

اس مرض کے خونی و بادی دونوں اقسام کے لئے ... ہزار ہا اکسیر مریض شفا پا چکے ہیں ... مفت بھی مشورہ کیجئے۔

پتہ: حکیم عبدالرحیم جلال آباد ضلع مظفر نگر

ہدیۂ انتخاب نبوی

(ادعیۂ ماثورہ کا منتخب مجموعہ ... تمام سال پر مستقل قائم رہیں گے۔)

الجمعیۃ بکڈپو کی چند مذہبی اور اصلاحی کتابیں

مذہبی کتابیں

دلائل الخیرات مترجم — صلوات و مناجات کا مجموعہ

فلسفۂ تعلیم اسلام

تقریریت

جنت کی کنجی

عورتوں اور بچوں کی کتابیں

خانہ داری — معاشرت کی اصلاح اور خانہ داری کے موضوع پر اس وقت ...

خواتین اندلس

سیدہ کا لال

تعلیم الاسلام

بچوں کا تحفہ

اربعین

اوراد و وظائف

طب روحانی

دعائے مقبول

احسن الوظائف

حل مشکلات

رسول کی دعائیں

دوزخ کا کھٹکا

پاک زندگی

فتاویٰ اشرفیہ

فتاویٰ رشیدیہ

بہشتی زیور مکمل مجلد

خلافت فاروقی

معمولات مشائخ

عملیات کا ایک ضخیم اور قیمتی مجموعہ

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

مینیجر الجمعیۃ بکڈپو بلیماران دہلی

(جید برقی پریس دہلی میں باہتمام مولوی محمد اسمٰعیل صاحب پرنٹر و پبلشر چھپکر دفتر الجمعیۃ دہلی سے شائع ہوا)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ
دہلی

یوم دوشنبہ ۲۹ ربیع الثانی ۱۳۵۵ ہجری

فرقہ وارانہ فیصلہ کے خلاف تخریبی کیشہ دوانیاں
ساحر بنارس کی تازہ شعبدہ کاری

کچھ عرصہ سے فرقہ وارانہ فیصلہ کے خلاف حول ومرض ملک میں جو تخریبی ریشہ دوانیاں کی جاری ہیں اور جس عصبیت و جنبہ داری کے ساتھ بعض زہریلی طبیعتوں نے اس ہنگامی فیصلہ کی تنسیخ پر اپنی تمام سرگرمیاں مرکوز رکھی ہیں وہ نہ صرف مخالف جماعت کی تنگدلی، تنگ نظری کا نمونہ پیش کرتی ہیں بلکہ اس کے سیاسی تدبر اور اخلاص کی نقاب بھی چاک کر دیتی ہیں اور دنیا پر یہ حقیقت واضح ہو جاتی ہے کہ فرقہ پرست جماعت سیاسی افلاس کا شکار ہو گئی ہے اور اس کی آنکھوں پر تعصب و حمایت کی پٹی ہمیشہ کے لئے بندھ چکی ہے۔ ایک طرف پنجاب کے ہندو سبھائی "گیوٹل اوارڈ" کے خلاف ایک زبردست محاذ قائم کئے ہوئے ہیں اور نیشلسٹ پارٹی کے "رفیق القلب قوم پرور رفرزند" کچھ ایسی دردانگیز فریاد کر رہے ہیں کہ پنڈت جواہر لال جیسے حید الفکر مت پرور بیدار بنا ثر ہوئے بغیر نہیں رہے اور پنجاب کی فرقہ وارانہ مسموم فضا میں داخل ہوتے ہی آل انڈیا نیشنل کانگریس کی حکمت عملی اور اپنی ذمہ دارانہ حیثیت کو قطعی طور پر نظر انداز کر کے یہ اعلان کرنے پر مجبور ہو گئے کہ "میں فرقہ وارانہ فیصلہ کو منظور کرنے والوں کو ثبوت دینا نہیں چاہتا بلکہ اس کے برعکس کانگریس میں شریک ہونے کے لئے ...

دستاویز کو عارضی طور پر اپنے حقوق و مطالبات کی حفاظت کے لئے ضمانت تصور کر رہی ہے اور دوسری جماعت اسی دستاویز کو اپنے قومی و ملی حقوق، عمومی فلاح و بہبود اور ترقی و ارتقا کی راہ میں ایک سنگ گراں تصور کئے ہوئے ہے۔ ایک طرف خوف ہے، خدشہ ہے اور شک و شبہات ہیں۔ دوسری طرف ضد ہے، اصرار ہے، اپنی قوت کا زعم ہے اور مقابل کی کمزوری کا پورا پورا علم ہے۔ ایک کیلئے یہ باعث رحمت ہے اور دوسرے کیلئے غیر ساختہ۔ دوسری طرف یہ تخریبی پروپیگنڈا کانگریس کی پوزیشن کو نازک سے نازک تر بنا رہا ہے اور اس کے حتمی فیصلہ پر مسلسل ایک کاری ضرب لگائی جا رہی ہے۔

کانگریس کی حکمت عملی

ہم کسی حالیہ اشاعت میں بھی اس مسئلہ پر روشنی ڈال چکے ہیں کہ فرقہ وارانہ فیصلہ کے متعلق کانگریس کی پالیسی اور طریق کار کسی ہنگامی جذبہ یا ذہنی تحریر و فکر کا نتیجہ نہیں تھے بلکہ مختلف جماعتوں کے مختلف خیالات و معتقدات اور ملک کے حقیقی حالات و کوائف کو بامعان نظر دیکھنے کے بعد کانگریس کے ارباب فہم و تدبر نے اپنی حکمت عملی کو تشکیل کی تھی۔ ایک طرف ملکی آزادی جیسے "مقصد عظیم" کے حصول کیلئے بچھڑے ہوؤں کو ملانا ...

اتحاد پارٹی کا انجام

مصری حکومت کا تازہ شاہکار

پنڈت مالویہ کا اعتراف شکست

پنڈت جی کی نئی سرگرمیاں

موج در موج

مباحث امروز

افغانی قونصل کا بیان

حکومت افغانستان کے خلاف ہندو اخبارات نے جو شرانگیز پروپیگنڈہ کر رکھا ہے ہم نے اس کی حقیقت ظاہر کرتے ہوئے افغانی قونصل کی توجہ اس طرف مبذول کرائی تھی اور توقع ظاہر کی تھی کہ اس کذب و افترا کا صحیح جواب افغانستان کے ذمہ دار حلقوں کی طرف سے دیا جائے گا۔ ہمیں مسرت ہے کہ ہماری یہ توقع پوری ہوئی اور ہز ایکسلنسی قونصل افغانستان نے مندرجہ ذیل بیان شائع فرما کر ہندو سکھ پروپیگنڈہ کی حقیقت بے نقاب کر دی:

نواب صاحب چھتاری نے جو یوپی کی گورنری پر فائز رہ چکے ہیں، ایک بیان شائع کیا ہے جس میں وہ فرماتے ہیں "فلسطین کے عربوں کا کیس اتنا مضبوط ہے کہ ہندوستان کی مسلم رائے عامہ عربوں کے ساتھ انصاف کرنے کے حق میں ہے" ... مسلم رائے عامہ ہی نہیں بلکہ ہندوستانی رائے عامہ عربوں کے مطالبات کو حق سمجھ کر ان کی قربانیوں کی معترف ہے ...

دوبارہ ہڑتال کا امکان

مدح صحابہؓ کا ترجمہ عظیم

جنوبی افریقہ کا قانون الٰہی

فلسطین اور نواب چھتاری

افکار و اخبار

عدن کی علیحدگی

علیحدگی عدن کا سرکاری طور پر اعلان ہو گیا ہے۔ یہ امر کسی حد تک موجب طمانیت ہے کہ اس سلسلہ میں ہندوستانیوں سے جو وعدے کئے گئے تھے وہ پورے کئے گئے ہیں۔ مثلاً:

(۱) اراضیات خریدنے، تجارت کرنے یا پیشہ اختیار کرنے کے سلسلہ میں کسی قسم کا نسلی یا قومی امتیاز روا نہیں رکھا جائے گا۔

(۲) عدن میں ہندوستانیوں کے داخلہ پر کوئی پابندی عائد نہیں کی جائے گی ...

ہیں اور "آزادی" ایک ایسی نعمت ہے جس میں یورپ کے خیال میں مشرق کا کوئی حصہ نہیں۔ آج انصاف انہیں قوموں کے ساتھ کیا جاتا ہے جو معنوں طور صاحب قوت ہیں اور آزادی انہیں قوموں کی تسلیم کی جاتی ہے جو اس کو اپنے زور بازو سے حاصل کرنے کی طاقت رکھتی ہیں۔ جو قوم طاقت نہیں رکھتی وہ اس نعمت آزادی کی نعمت سے محروم رہتی ہے بلکہ غیر مہذب نیم وحشی بھی سمجھی جاتی ہے ...

مسجد شاہ چراغ

عزت کی زندگی قوت پر منحصر ہے

حوادث و احکام

استفتاء

الجواب

چین میں خانہ جنگی کے خطرناک شعلے
چینی جرنیلوں کی مخاصمت سے جنگ ناگزیر ہو گئی
جنوبی افواج پوری تیزی سے شمال کی طرف بڑھ رہی ہیں

کینٹن ۵ جولائی۔ صوبہ کوانگ تنگ میں جنگ کا خطرہ لحظہ بلحظہ بڑھ رہا ہے اور صورت حالات نازک ہو گئی ہے جنرل یو ہنو جی نے صوبہ شیوک وان کی طرف بڑھ رہی ہے ... جنرل چن چانگ کی فوج نے شہر شیوک وان کے باہر مورچہ قائم کر لیا ہے سپاہیوں نے خندقیں کھود لی ہیں اور جنرل یو چن من کی فوج کا ڈٹ کر مقابلہ کرنے کے لئے سرگرم تیار ہیں۔

سرکاری اور نیم سرکاری بیانات

نانکن ۵ جولائی۔ سنٹرل گورنمنٹ نے اعلان کیا ہے کہ جنوبی مغربی علاقہ کی فوجی ... کیونکہ ملک میں جنگ کا سخت خطرہ لاحق ہو گیا ہے۔ ایک نیم سرکاری نمائندہ کا بیان ہے کہ اگر جنوبی جرنیلوں نے سخت مقابلہ کیا۔ تو نانکن کی فوج جنرل یو ہنو سن کا ساتھ دے گی۔ لیکن عام خیال ہے کہ جرنیل مذکور اپنی فوج ہی سے اپنے دشمنوں کا مقابلہ کرے گا ... زبردست جنگی طیاریاں ہو رہی ہیں ... کی امداد سے ایک زبردست فوج منظم کر رہی ہے۔

یورپ میں ایک عالمگیر جنگ کے فوری امکانات
بلجیم کی تین ہزار افواج وردی میں
زیکو سلوواکیہ کی پریشانی

بیکو سلواکیہ کو بھی جنگ کا خطرہ ہے ... اسی طرح برطانیہ بھی اسلحہ سازی کے لئے ایک انجینئر کے تقرر ... ماسٹر کی خبر مظہر ہے کہ دردانیال کانفرنس ... جائے گا۔

شام اور لبنان کی کامل آزادی کا آغاز
معاہدے پر دستخط ہو گئے
جمعیۃ اقوام کی رکنیت

پیرس ۱۵ جولائی۔ شامی وفد کے ارکان اور وزرائے خارجہ فرانس کے درمیان گفت و شنید شروع ہوئی۔ وزیر خارجہ فرانس نے ایک معاہدہ پیش کیا جس پر دو دن تک گفت و شنید ہوتی رہی لیکن کوئی فیصلہ نہیں ہو سکا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ حکومت فرانس کا ایک وفد دمشق آئے گا اور دمشق ہی میں معاہدہ پر دستخط کئے جائیں گے۔

ایک اطلاع مظہر ہے کہ لبنان اور شام کے نمائندوں کے درمیان اختلاف واقع ہو گیا ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ شامی ارکان نے تجویز پیش کی تھی کہ لبنان کا کچھ حصہ شام میں ملا دیا جائے لیکن رئیس جمہوریہ لبنان نے اس تجویز کی سخت مخالفت کی اور بڑی دیر تک بحث ہوتی رہی۔ ہائی کمشنر لبنان نے حکومت فرانس سے درخواست کی ہے کہ لبنان کو مستقل حکومت کی صورت میں تبدیل کر دیا جائے۔ اس کی حدود کی حفاظت کی جائے جیسا کہ لندن کے معاہدے میں ہوا تھا۔

اس سے قبل یہ اعلان ہو چکا ہے کہ شام اور لبنان کو کلیتاً آزاد کر دیا جائے گا چنانچہ آج انتدابی حکومت کے خاتمہ کے معاہدے پر حکومت فرانس اور شامی اور لبنانی نمائندوں نے دستخط کر دئیے ہیں۔ دونوں ممالک ماہ ستمبر ۱۹۳۶ء سے جمعیۃ اقوام کے رکن ہو سکتے ہیں۔ معلوم ہوا ہے کہ اقلیتوں کے حقوق کی حفاظت کا سلسلہ ابھی زیر بحث ہے۔

یورپ میں طیاروں کے حادثے
گیارہ ہوا باز ہلاک اور کئی مجروح

مزدوروں میں خوفناک جھگڑا
فرانسیسی نے گولی چلائی۔ دو آدمی مر گئے

حکومت جرمنی کا نیا قرضہ

قارئین و معاونین الجمعیۃ کی خدمت میں
الجمعیۃ کے صفحات میں اضافہ کی تجویز

خدا کے فضل سے الجمعیۃ کا دور جدید نہایت کامیاب ثابت ہوا ... قارئین کرام اور لیڈران کرام نے دل کھول کر کارکنان کی ہمت افزائی فرمائی ... اب ہمارا ارادہ ہے ... الجمعیۃ کے صفحات میں اضافہ کیا جائے ... بجائے دس صفحات کے ... ہم اپنے قارئین کرام کا کام ہے ... مسلمانوں کی بہترین خدمات انجام دے سکے۔

نور الدین علی عنہ بہاری

حکومت بوہیمیا کو ۳۰ پونڈ کی امداد
یورپ میں جنگ کی عملی تیاریاں
پر زور جنگی سامان اور سرحدی استحکامات پر صرف کیا جائیگی

برطانیہ کی زبردست جنگی تیاریاں
سنگاپور کے فوجی استحکامات کیلئے بیس لاکھ پونڈ کی منظوری

لندن ۵ جولائی۔ سنگاپور کی بندرگاہ پر جنگی جہازوں اور ہوائی جہازوں کے قیام کے لئے تعمیرات اور ساحل پر فوج کے لئے بارکیں تعمیر کرنے کے لئے بیس لاکھ پونڈ کا تخمینہ منظور ہوا ہے۔

بیت المقدس کے قریب ریلوے لائن تباہ کر دی گئی
ریل کا ایک پل ڈائنامائٹ سے اڑا دیا گیا

حکومت ہند نے آل انڈیا ریڈیو کا ... اعلان

امریکہ میں گرمی کی تباہ کاریاں
دو ہزار سے زائد جانیں ہلاک ہو گئیں

لوکارنو کانفرنس میں شرکت کیلئے اٹلی کا مطالبہ
لندن کے سرکاری حلقوں کا جواب

۱۳۵ اہسپانوی فسطائیوں کی گرفتاری
قدامت پسند لیڈر کے قتل کا انتقام

عراق میں ابھی تک بغاوت باقی ہے
ایک قلعہ پر باغیوں کا قبضہ

شربت اکسیر
رجسٹرڈ

تندرستی ہی فرحت ہے اور زندگی بیکار ہے

اگر آپ اشتہاری ادویات سے بدگمان ہو گئے ہیں تو صرف ایک روپیہ ... شربت اکسیر استعمال کر کے قدرت خدا کا تماشا دیکھئے۔

جریان

ملنے کا پتہ: ایس جے بی بخشی کمپنی لوئر چیت پور روڈ نمبر ۳۲ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ



شہنشاہ ایڈورڈ ہشتم پر قاتلانہ حملہ
ملک معظم بال بال بچ گئے
حملہ آور اور اسکا ساتھی موقع پر گرفتار کر لئے گئے

لندن ۱۶ جولائی۔ ملک معظم شاہ ایڈورڈ ہشتم کو ہلاک کرنے کی کوشش کا نہایت سنسنی خیز واقعہ پیش آیا جبکہ وہ ہائیڈ پارک کارنر میں ملک معظم بریگیڈ گارڈ کے آگے آگے ایک جلوس کے ساتھ گارڈز کو جھنڈا پیش کرنے کے لئے جا رہے تھے۔ اس واقعہ سے تمام دنیا میں سنسنی پھیل گئی۔ جس وقت ملک معظم کانسٹی ٹیوشن پل کے اوپر سے گزر رہے تھے ایک شخص ہجوم کو چیر کر آگے بڑھا۔ اور ملک معظم پر نشست لگائی۔ لیکن اس سے قبل کہ وہ فائر کرتا ایک عورت اور ایک پولس مین نے اس کے ہاتھ سے ریوالور نیچے گرا دیا۔

بیان کیا جاتا ہے کہ حملہ آور بہت ہی معمولی لباس کا آدمی تھا جو ایک ۳۴ سالہ اسکاٹ مین ہے اور جو اپنے کو جرنلسٹ بتاتا ہے۔ اس کے ہاتھ میں ۵ فیر کا ریوالور تھا جس میں ۴ کارتوس تھے۔

حملہ آور کو گھوڑ سوار پولیس مین نے فوراً ہی پکڑ لیا جب اس کو پولیس ایمبولینس میں سوار کرایا جا رہا تھا ایک اور شخص نے اس کو چھڑانے کی کوشش کی جس سے پولیس کی خوب جھپٹ ہوئی۔ اس کو بھی گرفتار کر لیا گیا۔

ایک چشم دید گواہ کا بیان ہے کہ ریوالور استعمال کرنے سے پہلے حملہ آور ذرا سے جھجکا اور پھر اس نے ریوالور کو ملک معظم کی جانب پھینک دیا۔ اسکو لوگوں نے چاروں طرف سے گھیر لیا اور اس پر حملہ کیا گیا وہ زمین پر گر گیا۔

کمیونل ایوارڈ کیخلاف بنگالی ہندوؤنکی غوغا آرائی
کلکتہ میں احتجاجی جلسہ اور ڈاکٹر ٹیگور کی تقریر

کلکتہ ۱۶ جولائی۔ آج شام کے وقت کلکتہ کے ہندوؤں کا ایک جلسہ ڈاکٹر ... گیا۔ بیان میں کمیونل ایوارڈ کی مخالفت کرتے ہوئے لکھا گیا تھا کہ ایوارڈ میں خصوصاً بنگال کے ہندوؤں کے ساتھ بہت بے انصافی کی گئی ہے جلسہ میں حسب ذیل قرارداد منظور کی گئیں۔

مسٹر کے ایل گابا کو گرفتار کر لیا گیا
گرفتاری کے بعد ایک کا پوریس میں ضمانت دیدی گئی

دہلی میں ہندوؤں کے دو یتیم خانوں پر چھاپے
منتظمین اور نوجوان لڑکیوں کو گرفتار کر لیا گیا

آج کی خبریں
دردانیال کانفرنس
ترکی کے مطالبات مان لئے گئے
دردانیال کی بہت جلد حصار بندی ہو جائیگی

مانٹرو، ۱۶ جولائی۔ دردانیال کانفرنس قریب الاختتام ہے۔ معاہدہ پر کیپل جلد ہی دستخط ہو جائیں گے۔ مسودہ کی پہلی قسط کی بحث آج ختم ہو گئی۔ اسٹریٹ ملکین کو جس کے لئے ترکی کو اعتراض تھا توڑ دیا گیا۔

یہ بھی طے ہو گیا ہے کہ حصار بند علاقہ پر ہوائی جہاز پرواز نہ کر سکیں گے۔ معاہدہ اٹلی کے دستخطوں کے لئے کھلا رہے گا۔ لیکن اس کی غیر حاضری کا معاہدہ پر چونکہ کم از کم چھ حکومتوں نے اس کو مان لیا ہے کوئی اثر نہ پڑے گا ترکی بہت جلد علاقہ کی حصار بندی کرنے والا ہے۔

اسپین کی صورت حالات
۸۵ ایلڈروں کی گرفتاری

میڈرڈ، ۱۶ جولائی۔ گورنمنٹ سیڈرڈ اور نواحی صوبجات میں اسپین کی فیبی الیٹ پارٹی کے ۸۵ ایلڈروں اور افسروں نیز ان کے بہت سے پیروکاروں کو پولیس کے بیان کے مطابق اس الزام میں گرفتار کیا کہ انہوں نے ...

افریقن نو آبادیات کیلئے جرمنی کا مطالبہ
مسٹر بالڈون برطانی پالیسی کے بیان
برطانی حکومت جرمنی کے مطالبہ کو ماننے کیلئے تیار نہیں

نائب صدر جمعیۃ علماء یوپی کا اہم ارشاد
ہمدردان قوم سے ملی خودداری پیش کرنیکا مطالبہ

اخبار الجمعیۃ جمعیۃ العلماء ہند کا ترجمان اور اس کے مسلک کا حقیقی مبلغ ہے جس نے آج تک نہ کسی طمع اور حرص کے حرم کے سامنے گردن جھکائی اور نہ کسی قہر و جبروت کے آستانہ پر اس کی جبین نیاز خم ہوئی۔

بلاشبہ جمعیۃ العلماء کی طرح اس کے ترجمان واحد الجمعیۃ نے ہر خطرناک سے خطرناک اور نازک سے نازک موقعہ پر پوری جرات کے ساتھ مسلمانوں کی رہنمائی کے فرائض انجام دئیے۔

ہمیں مسرت ہے کہ الجمعیۃ کے نظم ونسق کے لئے جس سب کمیٹی کی ترتیب دی گئی ہے اس کے روح رواں ہمارے محترم حضرت مولانا نور الدین صاحب بہاری ہیں۔ اسلامیان ہند آپ کے مخلصانہ بے نیاز اصابت رائے، قوت عمل، استقلال و استقامت سے پوری طرح واقف ہیں۔ عمائدین ملت کو آپ کی ذات گرامی پر کامل اعتماد ہے۔

اسی طرح اس دور جدید کی ادارت فاضل محترم مولانا ابوالبیان عاصی صاحب ادیبی کے سپرد کی گئی۔ ناظرین الجمعیۃ آپ سے ایک بلند پایہ سیاسی مفکر، بہترین مدبر اور قابل ترین صاحب قلم کی حیثیت سے عرصہ سے واقف ہیں۔

الحمد للہ کہ چند اشاعتوں کے بعد ہی ان کے دور جدید کا سرخ الجمعیۃ بہترین ترتیب، علمی مضامین، مستند ترین توقعات کے علاوہ انتشار پذیر ہو چکا ہے۔ دعا ہے کہ خداوند عالم ان مخلص اور ایثار شعار حضرات کی مساعی جمیلہ کو بارآور فرمائے اور صاحب استطاعت ہمدردان ملت سے استدعا ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ اعانت فرما کر فراخ حوصلگی کے ساتھ ملی خودداری کا ثبوت پیش فرمادیں۔

ایں دعا از من و از جملہ جہاں آمین باد

(مولانا سید) فخر الدین احمد (شیخ الحدیث جامعہ قاسمیہ مدرسہ شاہی، مراد آباد و نائب صدر جمعیۃ علماء صوبہ متحدہ)

آئندہ انتخابات میں پنڈت جواہر لال نہرو بھی کھڑے ہونگے
الہ آباد کے کانگرسی حلقوں کا خیال

اسپین میں انقلابی طیاریاں
۱۸۵ فسطائی لیڈر گرفتار کر لئے گئے

لوکارنو پاورز کی تین حکومتوں کی کانفرنس
۲۳ جولائی کو لندن میں منعقد ہوگی

یونائیٹڈ مسلم پارٹی اور مسلم لیگ بورڈ

چین کی خانہ جنگی
جنرل یو کا جنوب کی طرف کوچ
کوانگ سی افواج کی پسپائی

دس ہزار یہودی برطانیہ کی اجازت سے فلسطین میں آبادیں
عربوں کے مزید حملے

گرمیوں کا موسم ہے

امرت دھارا کی شیشی ہر وقت پاس رکھو

احتیاط

المشتہر امرت دھارا اوشدھالیہ، امرت دھارا روڈ، امرت دھارا ڈاکخانہ لاہور

فلسفہ زوجہ

دارالعلوم دیوبند میں

علامہ عصر مصطفیٰ فاضل بیگ صاحب سابق گورنر اسکندریہ کا خیر مقدم

طلبۂ دارالعلوم اور اہل شہر کا عظیم الشان اجتماع

علامۂ موصوف مختلف تصانیف کے مصنف اور اسکندریہ کے سابق گورنر ہیں آپ آجکل بلاد ہند کی تاریخی معلومات حاصل کرنے کی غرض سے اطراف ہند میں سیاحت فرما رہے ہیں، اور اسی سلسلہ میں آپ نے بروز شنبہ مطابق ۲۵ ربیع الثانی ۵۵ھ دارالعلوم دیوبند کی ہمہ گیر شہرت سنکر ارباب جامعہ کو بھی مشرف فرمایا جزاہ اللہ عنا خیر الجزاء۔

اس کے بعد جانشین شیخ الہند حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی کی معیت میں دارالعلوم کی کل عمارات جدید و قدیم اور دارالطلبہ و درسگاہوں کا معائنہ کرکے دفاتر مدرسہ کے متعلقین عام حالات بھی معلوم کئے نیز اسباق میں تشریف لا کر بعض طلبہ سے فن کے متعلق کچھ سوالات بھی کئے۔ طلبہ کی علمی استعداد اور اساتذۂ کرام کی پرخلوص محنت کی تعریف کرتے ہوئے مدرسہ کے مجموعی حالات پر انتہائی مسرت کا اظہار فرمایا اور مدرسہ کے کل معلومات و مشاہدات اپنے خصوصی نوٹ بک میں قلمبند کئے تاکہ اپنی مجوزہ تصنیف "تاریخ بلاد ہند" (جو سیاحت سے فراغت کے بعد تالیف کا ارادہ ہے) میں ہندوستان کی قدیم اور واحد درسگاہ کا ذکر بھی اندازہ کے مطابق کریں۔ روانگی سے ایک روز قبل تمام طلبۂ دارالعلوم نے ایک عظیم الشان جلسہ منعقد کیا جس کی ابتدا مسنون طریقہ کے موافق تلاوت کلام اللہ سے ہوئی اور بعد ازاں فاضل محترم مولانا مولوی نور الدین صاحب لعل پوری مدرس دارالعلوم دیوبند نے عربی میں ایک فصیح و بلیغ قصیدہ تہنیت پڑھ کر سنایا۔ اس کے بعد شیخ الادب والفقہ جناب مولانا اعزاز علی صاحب ادیب جامعہ نے بھی اپنے مخصوص انداز میں عربی کا ایک قصیدہ سنا کر سامعین کو محظوظ فرمایا۔ پھر حضرت شیخ الحدیث مولانا حسین احمد صاحب مدنی نے عربی میں ایک مختصر اور نہایت جامع تقریر اسلام کی عظمت اور جلالت پر فرمائی معزز مہمان نے اشعار کو اور تقریر کو نہایت دلچسپی سے سنا اور بہت لطف اندوز ہوئے۔ آخر میں مکرم مصطفیٰ فاضل بیگ صاحب کھڑے ہوئے اور مولانا کے ارشادات کی تائید فرماتے ہوئے طلبۂ علم دین و اصلاح اخلاق کی طرف مزید توجہ دلائی اور خصوصیت کے ساتھ علم ادب پر بہت زور دیا۔ چونکہ پروگرام کے موافق تاریخ ختم ہو چکی ہے۔ اس لئے بیش از یں قیام نہ کر کے تشریف لے گئے۔

(عبدالرزاق دمشقی منتظم دارالعلوم دیوبند)

برما کے سابق بادشاہ کی لڑکیوں کی ناگفتہ بہ حالت

کارپوریشن نے تمام ٹیکسوں سے مستثنیٰ قرار دیدیا

رنگون ۱۲ر جولائی۔ آج رنگون میونسپل کارپوریشن کے اجلاس میں اس امر پر بحث ہوئی کہ برما کے سابق بادشاہ کی دو لڑکیوں کو میونسپل ٹیکسوں سے مستثنیٰ قرار دیا جائے یا نہیں ... دونوں شہزادیاں نہایت غربت کی زندگی بسر کر رہی ہیں۔ چنانچہ یہ تجویز پاس ہو گئی کہ انہیں تمام میونسپل ٹیکسوں سے مستثنیٰ قرار دیا جائے۔ ... اس سلسلہ میں حکومت کی منظوری حاصل کی جائے۔ اس کے بعد ایک ممبر نے یہ تجویز پیش کی ... ایک سال گذر گیا ہے اور ... ہزار دو سو روپیہ خرچ ہوں گے۔

عربوں اور برطانوی فوج میں زبردست جھڑپ

سات عرب شہید ہوگئے

بیت المقدس ۱۲ر جولائی۔ کل جنین کے نزدیک عربوں نے ٹیلیفون کے تار کاٹ دئے ... برطانوی فوج کا ایک دستہ بھی ان کی حفاظت کے لئے روانہ ہوا ... عربوں نے دوسرے فیر شروع کر دئے۔ چنانچہ برطانوی دستے نے فوراً حملہ آوروں کا مقابلہ شروع کر دیا۔ ... جس میں سات عرب شہید ہوگئے۔

جرمنی اور لوکارنو کانفرنس

جرمنی کی شرکت کی ضرورت نہیں

لندن ۱۲ر جولائی۔ لوکارنو پاورز کا نفرنس ۱۳ر جولائی کو برسلز میں منعقد ہونے والی تھی، لیکن جرمنی اور آسٹریا کے معاہدہ نے تمام انتظامات درہم برہم کر دئے ہیں۔ اس لئے التواء کی تاریخوں میں التواء کرنا پڑے گا۔ جہاں تک جرمنی کی شرکت کا سوال ہے۔ برطانیہ نے یہ نظریہ بیان کیا ہے کہ کانفرنس صرف معاہدہ لوکارنو کے شرکاء کی ہے اور جرمنی چونکہ راین لینڈ پر قبضہ کرنے کی وجہ سے اس معاہدہ کی خلاف ورزی کرکے اس سے الگ ہو چکا ہے۔ اس لئے اسے شریک کرنے کی ضرورت پیدا نہیں ہوتی۔ اس سلسلہ میں برطانیہ، فرانس اور بلجیم کے مابین گفت و شنید ہو رہی ہے اور اس کے تصفیہ کا دارومدار ان ممالک کے سیاست دانوں پر ہے۔

ستیہ وتی دیوی پر پابندیاں

چھ ماہ کیلئے حدود بلدیہ سے باہر جانے کی ممانعت

نئی دہلی ۱۲ر جولائی۔ جیف کمشنر نے ستیہ وتی دیوی کو جو ایک کانگریس سوشلسٹ لیڈر ہیں۔ زیر دفعہ ۳ پنجاب کریمنل لا امینڈمنٹ ایکٹ ایک نوٹس دیا ہے جس میں انہیں ہدایت کی گئی ہے کہ وہ بلدیہ دہلی کی حدود سے باہر نہ جائیں اور انقلابی یا حکومت مخالف سرگرمیوں میں حصہ نہ لیں یہ پابندیاں چھ ماہ تک عائد کی گئی ہیں۔ یاد رہے کہ حال ہی میں مزدوروں کی جو ہڑتال ہوئی تھی اس میں ستیہ وتی دیوی نے بڑی سرگرمی سے حصہ لیا تھا۔

برطانیہ کی زبردست جنگی تیاریاں

گیس سے محفوظ رکھنے والے نقابوں کی تیاری

جاسوسوں کیلئے ایک لاکھ پونڈ کا ضمنی مطالبہ

لندن ۱۲ر جولائی۔ سول سروس کے ضمنی اخراجات کا تخمینہ چالیس لاکھ پونڈ کیا گیا ہے جس میں آٹھ لاکھ ... ہزار پونڈ زہریلی گیس سے محفوظ رکھنے والے نقابوں کی تیاری کے لئے مختص ہیں۔ یہ نقاب صرف اس وقت تقسیم کئے جائیں گے جب ان کی ضرورت ہوگی۔ لیکن انہیں اہم مرکز میں ہر وقت رکھا جائیگا اور ... لوگوں کو یہ نقاب پہننے کی مشق کرائی جائے گی۔ جاسوسوں کے اخراجات کے لئے ایک لاکھ پونڈ کے مصارف منظور کئے گئے ہیں۔ یہ جاسوس صرف جنگ کے دوران میں کام کریں گے۔

یہ تو ہمارا اخلاقی فرض ہے

کہ ہم سب دنیا کے تمام فرائض ادا کریں ... اس کے لئے ہر حالت میں آتنک نگرہ گولیوں کا استعمال ضروری ہے
جس ... خون اور منی کی خرابی دفع کر کے جریان ... احتلام ... سرعت انزال
... منی وغیرہ کو دور کرکے جسم کے ہر حصہ اور ہر رگ و ریشہ کو حیرت انگیز
قوت عطا کرتی ہیں۔ ایک دفعہ آزمائش کریں۔
قیمت فی ڈبیہ ... گولیاں ایک روپیہ۔ پانچ ڈبیاں چار روپے
آتنک نگرہ فارمیسی جام نگر کاٹھیاواڑ

بواسیر

چونکہ معدہ، جگر اور آنتوں کی خرابی سے پیدا ہوتی ہے اس لئے جب تک ان اعضاء کا علاج نہ کیا جائے اور سبب دور نہ ہو، کوئی دوا (خواہ لگانے کی ہو یا کھانے کی) مفید نہیں ہو سکتی ہے اگر آپ کو بواسیر خونی یا بادی دریکی ہو ... درد، ورم اور جلن ہو، خون بہتا ہو۔ ہاضمہ خراب ہو تو اپنی پوری کیفیت لکھ کر جوابی خط کے ذریعہ ہم سے مفت طبی مشورہ کیجئے

پتہ:- حکیم عبدالرحیم جلال آباد ضلع مظفر نگر (یوپی)

سرمہ نور

اگر آنکھوں کی قدر ہے تو ان دو سرموں میں سے کوئی سرمہ اپنے حسب حال انتخاب کرکے استعمال کیجئے۔

سرمہ ۱ آنکھوں کی خارش، سرخی، دھند، جالا، پھولا، ناخونہ اور پلکوں کا گرنا یا جھڑنا ... کے لئے بیحد مفید ہے اس کے استعمال سے بفضلہ تعالیٰ ... جن لوگوں کو کسی قسم کا مرض نہیں ہے وہ بھی اس کا استعمال کرکے اپنی آنکھوں کی حفاظت کر سکتے ہیں انشاء اللہ ان کی آنکھوں کو کسی قسم کا مرض لاحق نہ ہوگا۔
قیمت فی تولہ عہ ۶ ماشہ کی شیشی ۱۲

سرمہ ۲ یہ سرمہ بھی ... کی طرح تمام امراض چشم سوائے رہا اور پلکوں کے گرنے کے لئے مفید ہے خصوصاً موتیا بند کے ابتدائی پانی کو نکال دیتا ہے اگر پانی جم گیا ہو تو اس کا استعمال مفید نہ ہوگا۔ طلبا اور دوسرے حضرات جو نوشت و خواند کا کام زیادہ کرتے ہیں۔ ان کے لئے خاص کر اس سرمہ کا استعمال بہت مفید ہے۔ عینک لگانے سے پہلے اگر سرمہ کا استعمال شروع کر دیں تو انشاء اللہ عینک کی ضرورت نہ پڑے گی۔
قیمت فی تولہ عمر ۳ ماشہ کی شیشی ۱۴ ملنے کا پتہ

(مولانا) نور الدین بہاری بیری والا باغ دہلی

برص اور پھلبہری کی نایاب دوا

یہ دوائی چند روز کے استعمال سے ہر قسم کے برص کو جڑ سے کھو دیتی ہے۔ آپ ہزاروں حکیموں ڈاکٹروں کویراجوں اور مختلف مشتہرین کی دوائیاں استعمال کر چکے ہیں اور ہر علاج میں آپ کو مایوسی ہوئی مگر ہماری دوا آپ کو صرف چند دفعہ کے استعمال میں اپنا اثر دکھائے گی۔ پانچصد روپیہ انعام اس شخص کو دیا جائیگا جو اسکو غلط ثابت کرے۔ قیمت دو روپے (عہ) ملنے کا پتہ
ویدیا راج اکھل کشوری رام نمبر ۲۹/۱ ڈاک خانہ کتری سرائے گیا

آلۂ نامردی

نام ڈیول ساختہ جرمنی و دیگر آلات نامردی امریکہ، فرانس وغیرہ ملنے کا واسطے رجسٹر کا ہر ایک سامان اور ادویات "سری منطقہ" برائے امساک آرٹ ... ہر ایک قسم کی شاستر و دیگر متفرق کتب ... ہندوستان بھر میں ہماری واحد فرم ہے جو فقط اس سائنس کے متعلق اشیاء مہیا کرتی ہے۔ آپ اپنی ضروریات تحریر فرماویں۔ ہمارا تعلق دنیا کی اس سائنس کے ماہرین کے ساتھ ہے۔
فہرست مفت طلب کریں خط و کتابت پوشیدہ رکھی جاتی ہے
سکسوئیل سائنس بیورو فرم علوم تولید رسائل رجسٹرڈ
Sexual Science Bureau
سول ایجنٹس (I. D.) انارکلی پوسٹ بکس ۱۸۸ لاہور

گپت منتر

یک صد روپیہ انعام

جس کام کو آپ لاکھوں روپیہ خرچ کرکے نہیں کر سکتے اس منتر کو فقط سات بار جپکر ہی کر سکتے ہیں کسی تکلیف یا کھیڑے کی بالکل ضرورت نہیں ... آپ جس محبوب کے خواہاں ہوں۔ ... ہمیشہ آپ کے ساتھ ... نوکری بہت جلد ملتی ہے نوکری والوں کو جلد از جلد ترقی ہوتی ہے مقدمہ میں جیت ہوتی ہے اور کاروبار تجارت میں نفع ہوتا ہے۔ امتحان میں کامیابی ہوتی ہے علاوہ اس کے ہر موسم کے ... مشکلات کو دور کرتا ہے اسی دشمن منتر کو غلط ثابت کرنے والے کو یکصد روپیہ انعام دیا جائیگا
قیمت ڈاک خرچ وغیرہ دو روپے سات آنے (۲/۷)
Sidh Mantar Ashram
29/1 Katri Sarai
(Gaya)

دس فیٹ اونچائی سے گرا دیجئے یہ گھڑی بند نہیں ہوگی

ولایت والوں کی صناعی کا حیرت انگیز نمونہ

آج آپکو ایک ایسی حیرت انگیز دستی گھڑی سے روشناس کرایا جاتا ہے جس کے حالات سنکر آپ بھی دنگ رہ جائیں گے۔ خدا ہی جانے کس بلا کی مشین ہے اس گھڑی کو دس فیٹ اونچائی سے پتھر کی زمین پر پھینک دیجئے ہرگز بند نہیں ہوگی۔ اور نہ گھڑی کی مشین میں کسی قسم کی خرابی آئے گی۔ اس عجیب کرشمہ سے ہندوستان کے گھڑی ساز تک حیران ہیں کمپنی نے خود اپنی طرف سے اس گھڑی پر دس سال کی گارنٹی لکھ دی ہے کہ جو مشین اتنے سخت امتحان سے کامیاب ہو وہ یقیناً سالہا سال تک کام دیگی اور پھر لطف یہ کہ بہت خوبصورت فیشن ایبل اور صحیح وقت دینے والی لیور مشین ہے۔ ہماری یہ گھڑی بڑے بڑے اصحاب ایڈیٹر صاحب "کامیاب" ایڈیٹر صاحب رسالہ "توحید" اور بڑے بڑے رئیسوں کے سامنے امتحاناً مقابلے میں پیش کی گئی بعض حضرات نے روبرو دس گھڑی کو دس فیٹ کی بلندی سے زمین پر دے مارا لیکن گھڑی کی مشین پر کوئی آنچ نہ آئی اس لئے گھڑی کو رفع شک کیلئے بھی اٹھا کر دکھا دیا۔ لیکن وہ بدستور چل رہی تھی۔ اس گھڑی کی اس حیرت انگیز بات پر بہت سے حضرات نے اپنے اپنے قلم سے اس کے لئے اچھے اچھے سرٹیفکٹ عنایت کئے جس کا ماحصل یہ ہے کہ یہ گھڑی بہت مضبوط لیور مشین کی ہے اور خوبصورت بھی جلدی کیجئے۔ جلدی منگائیے بہت تیزی کے ساتھ فروخت ہو رہی ہے۔ نہایت خوبصورت کیس دہاتہ پر باندھنے کا تسمہ اسٹریپ بھی اس کے ساتھ بھیجا جاتا ہے۔ قیمت فی عدد چھ روپے ایک آنہ دیتے ہیں محصولڈاک پانچ آنے (۵) تین ایک ساتھ منگانے پر محصول بذمہ کمپنی۔

ہندوستان میں گھڑیوں کے بڑے سوداگر

یونائیٹڈ میڈیکل سروس دریا گنج نمبر ۲ دہلی

دیکھا آپ نے اکتنی حیرت انگیز گھڑی۔ کتنی مضبوط اور کتنی کم قیمت پر مل رہی ہے۔

محبوب عاشق کے قدموں پر

ہدیہ میں عظیم الشان رعایت

عمل سفلی ... مسلمانوں کے لئے مناسب نہیں عمل علوی ... جب ... خدا کو حاضر ناظر جانکر ... اعلان کرتا ہوں ... عمل سفلی ... عمل علوی ... ترقی روزگار ... عمل عداوت ... عمل ہلاکت ...

نقل شاہ عامل گلی راجان کوچہ چیلان دہلی

اسلامیات

عبادات

(از مولانا نور الدین بہاری)

(۴)

حج بھی مشقت کی چیز معلوم ہوتی ہے گو اس کی فرضیت کے ساتھ من استطاع الیہ سبیلا کہہ کر تمام مشکلات کا خاتمہ کر دیا۔ راستہ بھی پُرامن ہو تمہارے پاس مالی اتنی گنجائش ہو کہ آرام سے آ جا سکو اور بال بچوں کے گذارہ کے لئے دے بھی جا سکو کسی کے مقروض نہ ہو اور وہ تمام تفصیلات جو اسلام کی قانونی کتابوں میں مذکور ہیں۔

زکوٰۃ میں انسان کو اپنی محنت و مشقت کا کمایا ہوا مال خرچ کرنا پڑتا ہے حالانکہ وہ مال بھی اتنی اسراف جیسا ہوتا نہیں جا بجا زکوٰۃ کا قومی و ملکی مفاد کے لئے جس میں اہل حاجت کی امداد تعلیم کا نظم مقروضوں کی رستگاری قوم و وطن کی حفاظت کے لئے سامان مہیا کرنا۔ یہ تمام امور ہیں جس کی ہر قوم کو ضرورت ہے مگر پھر بھی اسلام نے چند سہو نہیں ہیں ... آسان مختص کر دیا۔ خلاصہ یہ ہے کہ اسلام نے اپنے اہم عبادات کو اتنا سہل کر دیا کہ کسی کو دقت نہ ہو۔ بلا تکلف ہر شخص حسب قدرت ادا کر سکے۔

ترک لذائذ دنیا خواہ کسی نیت سے کی گئی ہو مگر اسلام نے اس کو سختی و شدت سے تعبیر کیا ہے اور یہ کہا کہ ان سے پوچھو کس نے زینت و آرائش اور روزی کی اچھی اور پاک چیزوں کے کھانے سے کس نے منع کیا ہے حالانکہ اللہ نے اپنے بندوں کے لئے ان چیزوں کو بنایا ہے۔

قل من حرم زینۃ اللہ التی اخرج لعبادہ والطیبت من الرزق۔

اے نبی پوچھو کہ اس زینت و آرائش اور روزی کی اچھی چیزوں کو جسکو خدا نے اپنے بندوں کے لئے کس نے حرام کیا۔

اسلام اور ہتھیار

...

اخبار الجمعیۃ کی امداد کا آسان طریقہ

الجمعیۃ بک ڈپو میں قرآن مجید کی دینی، فارسی، اردو، درسی، غیر درسی کتابوں کا کافی انتظام ہے۔ اس لئے تمام الجمعیۃ کے خیر خواہ کسی قسم کی کتابوں کی ضرورت ہو تو پہلے الجمعیۃ کو یاد کریں۔ علماء اور طلباء کو خصوصیت سے اس کی طرف توجہ فرمانا چاہئے کہ یہ اخبار آپ ہی حضرات کا ہے۔

منیجر الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

یداللہ علی الجماعۃ

الجمعیۃ دھلی

سہ روزہ

ادارہ
مسئول: ابو البیان ادیبی
محی الدین فائدی

نگران
مولانا نور الدین بہاری

جلد (۲۴) | دھلی یوم جمعہ ۱۰ رجمادی الآخر ۱۳۵۵ھ مطابق ۲۸ راگست ۱۹۳۶ء | نمبر (۱۵)

"شمع یقین"

(از جناب فیلین صاحب فیض آبادی)

وفاؤں کی بھی داد دیتے نہیں تم — محبت کو رسوا نہ کر دو کہیں تم
یہ بے التفاتی ہے کیوں بندہ پرور — کہ جیسے مجھے جانتے ہی نہیں تم
تمہیں یاد ہو یا نہ ہو وہ زمانہ — نگاہوں میں برسوں رہے ہو مکیں تم
یہ دنیا ہے یا بزم حسن و محبت — کہیں میں نظر آ رہا ہوں کہیں تم
کہاں جائے یہ طالب دید آخر — سر طور بھی اب تو آتے نہیں تم
حجابات عالم کو میں جانتا ہوں — ہٹا دو بھی چہرے سے اب آستیں تم
کہیں عشق بنکر کہیں حسن بنکر — مجھے تو نظر آرہے ہو تمہیں تم
گلستان عالم میں تم عکس آرا — بہار تجلی عرش بریں تم
عرب میں عجم میں زمیں پر فلک پر — ہر اک انجمن میں ہو شمع یقیں تم
فریب نظر بن گئے دیر و کعبہ — یہ کیا ہو گیا اب جو ملتے نہیں تم

معیبت اگر ہے تو ہے یہ مصیبت
خلیق ستم کش کی سنتے نہیں تم۔

"ضیائے تجلی"

(از لسان الملک صاحبزادہ متین اللہ خاں صاحب بہادر واثق ٹونکی)

زمانہ شکایت کے قابل نہیں ہے — کوئی ہو محبت کے قابل نہیں ہے
خدا جانے کیسی ندامت ہے دل کو — وفا تو ندامت کے قابل نہیں ہے
ہر اک دل بشرطیکہ در اصل دل ہو — وہ تیری عنایت کے قابل نہیں ہے
فزوں ہو فزوں ہو ضیائے تجلی — یہ جلوہ تو حیرت کے قابل نہیں ہے
کرم کرنیوالے ہزاروں دلوں پر — یہ اک دل عنایت کے قابل نہیں ہے
تمہیں اپنے دل میں بانصاف کہدو — کہ اب کون الفت کے قابل نہیں ہے
تمنا نکل جائے جس دل میں کوئی — وہ تیری محبت کے قابل نہیں ہے
سمجھ کر ذرا شادماں کیجئے گا — کہ ہر دل مسرت کے قابل نہیں ہے
محبت میں کس طرح سمجھاؤں دل کو — کوئی بات غیرت کے قابل نہیں ہے

مبارک عدو ہی سے رسم محبت
کہ واثق اس عزت کے قابل نہیں ہے

دنیائے اسلام

عربی، ترکی اور فارسی جرائد کے تراجم

(خاص برائے الجمعیۃ)

جبل قدس کے عربوں پر ہوائی بمباری

۱۵ عربوں پر ہوائی جہازوں، ٹینکوں، مشین گنوں اور توپوں سے حملہ

فلسطین میں کیا ہو رہا ہے اور آئندہ کیا ہوگا؟

[illegible]

حکومت کا بری اور ہوائی حملہ

[illegible]

پٹرول کے پائپ تباہ کر دئے گئے

ہڑتال کو ختم کرنے کیلئے عربوں کی شرطیں

[illegible]

عالم اسلامی کے تازہ ترین کوائف

[illegible]

(ادارہ)

شام کے نوجوانوں کا عزم جہاد

فلسطین کی جنگ میں شرکت کا اعلان

[illegible]

عربوں کا حشر

[illegible]

شاہ یمن اور حوادث فلسطین

عربوں کی مصیبت پر تاسف کا اظہار

[illegible]

عرب اور یہودیوں کی جنگ نہیں ہے

[illegible]

ترکی اور اٹلی کے تجارتی روابط

[illegible]

Regd № L 1793

The Aljamiat

Vol. 24 № 14 | DELHI MONDAY 24th August 1936 | PRICE ONE ANNA

صوبہ دہلی میں پنجاب کا قانون قرضہ نافذ کیا جائے

دیہات کانفرنس کی اہم تجاویز

[illegible]

امتحان میں لڑکیوں کیلئے پابندی

پنجاب یونیورسٹی نے عمر کی حد مقرر کر دی

[illegible]

ہندوستان کی چند ایک یونیورسٹیوں میں لڑکیوں کے لئے عمر کی حد مقرر کی ہے چنانچہ پنجاب یونیورسٹی نے بھی اس ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے اعلان کر دیا۔

حضرت مولانا ابو الکلام آزاد کا مکتوب گرامی

امارت ملت کے سلسلے میں میرا نام نہ لیا جائے

[illegible]

ابو الکلام — کلکتہ ۱۳ اگست ۱۹۳۶ء

اخبار الجمعیۃ کیلئے ہر شہر و قصبہ میں ایجنٹوں کی ضرورت ہے

الجمعیۃ بکڈپو کی چند مذہبی اور اصلاحی کتابیں

عورتوں اور بچوں کی کتابیں

خانہ داری — [illegible]

تاریخ اندلس — [illegible]

دعائے مقبول

سیدۃ کائنات

تعلیم الاسلام

بچوں کا تحفہ

الاربعین

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

اوراد و وظائف

طب روحانی

معمولات المشائخ

عملیات کا ایک ضخیم اور نفیس مجموعہ

[illegible]

حل مشکلات

مذہبی کتابیں

دلائل الخیرات مترجم

دوزخ کا کھٹکا

فتاوی امدادیہ

فتاوی رشیدیہ

تقریر

جنت کی کنجی

خلافت فاروقی

[illegible]

منیجر الجمعیۃ بکڈپو بلیماران دھلی

[illegible] ابو البیان ادیبی پرنٹر و پبلشر نے [illegible] الجمعیۃ دہلی سے شائع کیا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم جمعہ ۱۰ جمادی الآخر ۱۳۵۵ ہجری

اسلامیت اور ہندوستانیت

آئندہ اسمبلیوں میں مسلمانوں کے دوہرے فرائض

[illegible]

کیونل ایوارڈ کا نیا مفہوم

کچھ عرصہ سے پنجاب اور بنگال کے مہاسبھائی غوغاپسندوں نے کیونل ایوارڈ کے خلاف جو معاندانہ رویہ اختیار کر رکھا ہے اس کو پیش نظر رکھتے ہوئے یہ اندیشہ ہوتا تھا کہ شاید پنڈت جواہر لال کی طرح کانگریس کے دیگر صحیح الفکر زعماء کا بھی قدم ثبات متزلزل ہو جائے اور وہ اس پر مجبور ہو جائیں کہ کیونل ایوارڈ کے متعلق بمبئی اور لکھنؤ کے فیصلہ "نہ رد، نہ قبول" پر نظر ثانی کریں [illegible]

مسلم لیگ بنام کانگریس

[illegible]

کانگریس کا انتخابی اعلان

[illegible]

موج در موج

قادیانی خلیفہ نے سات اگست ۱۹۳۶ء کو ایک عجیب و غریب خطبہ ارشاد فرمایا ہے۔ یہ خطبہ قادیان کے سرکاری گزٹ "الفضل" مورخہ ۱۹ اگست میں شائع ہوا ہے۔ اس تقریر کو پڑھنے سے یہ حقیقت بالکل عیاں ہو جاتی ہے کہ قادیان کا یہ مسیحی مذہب اپنی زندگی کے آخری سانس پورے کر رہا ہے اور خدا کے غضب کی بجلی اس کو عنقریب بھسم کرنے والی ہے۔ کہاں تو مرزا آنجہانی کا وہ زور شور کہ مسیح موعود کے ہاتھ سے تمام دنیا میں اسلام پھیلے گا اور سوائے مذہب اسلام کے کوئی دوسرا مذہب دکھائی بھی نہ دے گا اور کہاں خلیفہ جی کا یہ خطبہ جو مایوسیوں، ناکامیوں اور بدبختیوں کا مرقع اور مرزائیت کی بربادی کا کھلا اعلان ہے۔

ارے بھائی مرزائیو! کدھر جانے کا ارادہ ہے اور کیوں؟ بھائیو! ذرا تو ٹھیرو اور اپنے کذب و افترا کے نتائج کو تو آنکھیں کھول کر دیکھ لو افسوس قادیانیت کیا تھی، تفریح، دروغ گوئی، جاسوسی، استعمار پرستی اور دجالیت کا ایک نمونہ تھی مگر اب وہ ہم غریبوں سے بے وقت چھینی جا رہی ہے۔

خلیفہ جی کے ملفوظات گرامی پر ذرا ایک جائزانہ نظر ڈالئے اور قادیانیت کی بربادی پر بغلیں بجائیے۔ آپ نے سب سے پہلے تو اس بات کا رونا رویا ہے کہ لوگ یعنے مرید دیدہ و دانستہ ان کی نافرمانی کرتے ہیں اور اطاعت امیر کی روحانی قوۃ [illegible]

تحریک مدح صحابہ

[illegible]

مباحث امروز

بیسویں صدی میں توہین رسول کا فتنہ

دنیا چودہ سو برس سے اس حقیقت کا مشاہدہ کر رہی ہے کہ مسلمان دنیا کی ہر مصیبت اور تکلیف کو برداشت کر سکتے ہیں۔ جان و مال کی قربانی کے لئے ان کو مجبور کیا جا سکتا ہے اور ان کے خلاف ہر فتنہ اور ہر شرارت کی پرورش کی جا سکتی ہے لیکن ان کے لئے جو چیز ناقابل برداشت اور صبر شکن ہے وہ آقائے کونین، سرور عالم رحمۃ للعالمین روحانی دنیا کے پیشوائے اعظم محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی شان میں گستاخی و بے ادبی ہے۔ ایک مسلمان اپنی جان قربان کر دیگا اپنے بچوں کو ذبح کرا دیگا۔ اپنے خاندان اور اپنی عزت و آبرو کو نثار کر دیگا مگر وہ یہ کبھی نہ کریگا کہ ہادی عالم صلے اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس کی نسبت گستاخی اور توہین کا ایک لفظ بھی سن سکے اور اپنی جان پر نہ کھیل جائے۔

ہندوستان نصف صدی کے اندر مسلمانوں کی مذہبی غیرت اور محبت رسول کا کئی بار امتحان کر چکا ہے اور سب نے دیکھ لیا ہے کہ توہین رسول کا فتنہ کتنوں کو جام شہادت پلا چکا ہے اور گستاخوں کا انجام کیا ہوا ہے۔ لیکن اس کے باوجود بعض شیطان سیرت اور عاقبت نااندیش اپنی شرارتوں سے باز نہیں آتے [illegible]

[illegible]

ہم حکومت میسور سے درخواست کریں گے کہ وہ اس شرارت کا تدارک واقعی تدارک کرے اور رسالہ کے ارباب اہتمام سے بازپرس کر کے ان کو ایسی سزا دے کہ آئندہ اس قسم کے فتنہ کا اعادہ نہ ہو سکے۔ اگر اس نے فوری کارروائی کے ذریعہ مسلمانوں کو مطمئن کرنے کی کوشش نہ کی تو سمجھ لیا جائے کہ ریاست میسور ایک ایسے فتنہ کی پرورش کر رہی ہے جس کا انجام فساد، بے اطمینانی، اضطراب اور حکومت کے خلاف نفرت و ملامت کے سوا اور کچھ نہ ہوگا۔

ظلم عظیم

[illegible]

اچھوتوں کا نیا محاذ

ہم زعماء کانگریس سے خصوصاً اور ہندو برادران وطن سے عموماً بارہا یہ عرض کر چکے ہیں کہ ہندوستان کے آٹھ کروڑ اچھوتوں کو اپنی ہندو برادری کی سماجی چیرہ دستیوں کی بنا پر جو اقتصادی اور سیاسی پیچیدگیاں محسوس ہو رہی ہیں۔ اگر ان کا فوری علاج نہ کیا گیا تو اس سے نہ صرف ہندوؤں کے مخصوص مفاد کو نقصان پہونچنے کا اندیشہ ہے بلکہ ملک و وطن کے مشترکہ مقاصد کو بھی شدید ضرب لگ جانے کا قوی احتمال ہے۔ ہندوستان میں اچھوتوں کی تعداد دس بیس لاکھ نہیں ہے بلکہ آٹھ کروڑ افراد کی ایک بھاری اقلیت ہے جس کا تعاون قومی تحریکات کی کامیابی کے لئے ہر وقت درکار ہے۔ اور خاص کر ایسے وقت میں جبکہ جدید نظام حکومت نافذ ہو رہا ہے [illegible]

اندپینڈنٹ لیبر پارٹی کا بنیادی اصول یہ بتایا گیا ہے کہ حکومت تمام کارخانوں اور صنعت و حرفت کو نجی تملیک اور اجارہ داری سے نکال کر اپنے تصرف میں لے اور خود ان کی مالک ہو اور سرمایہ دار و مزدور اور زمیندار و کاشتکار کے مابین مناسب تقسیم منافع کرے۔

ڈاکٹر امبیدکر کی یہ پارٹی اپنے اصول اور مقاصد کے اعتبار سے کتنی ہی بہتر اور ضروری کیوں نہ ہو لیکن یہ ایک کھلی حقیقت ہے کہ اس کا نفس وجود اور اسکی جداگانہ تحریکات کانگریس اور دیگر قوم پروروں کے پروگراموں میں ضرور رخنہ انداز ہونگی اور اندرونی تفریق کا ایک نیا عنصر بن کر ملکی سیاست پر نمودار ہوگی۔

ہم سمجھتے ہیں کہ وقت اب بھی نہیں گزرا ہے۔ اچھوت اب بھی مثلاشی نصاف ہیں اور اس خطرناک تفریق کا مداوا اب بھی ہو سکتا ہے۔ کاش تنگ نظر عالی حوصلہ ہو جائیں!

پرہیزگاری کے بعد

امریکہ کئی سال تک پرہیزگار بنا رہا کیونکہ قانون کی رو سے شراب نوشی [illegible]

[illegible]

(نماز) سے روکے۔ جب حال یہ ہے تو کیا تم ان چیزوں سے پرہیز کرو گے؟ اس قرآنی اعلان کے مظاہر دنیا میں ہر طرف نظر آئیں گے اور اہل بصیرت کو مجبور کریں گے کہ وہ اس کی دعوت پر تجربہ کی دنیا میں غور کریں اور قرآن کی صداقت کے نمونے دیکھیں۔

انتقادات

گردش ایام

مصنفہ حکیم شرافت حسین صاحب صفحات ۹۲ تقطیع خورد قیمت مذکور نہیں۔ ملنے کا پتہ: صدیق بک ڈپو امین آباد پارک لکھنؤ۔

یہ ایک اصلاحی افسانہ ہے جو مسلمانوں کے موجودہ امراض کو پیش نظر رکھ کر مرتب کیا گیا ہے۔ قرض اور سود نے مسلمانوں کو کہاں سے کہاں پہونچا دیا ہے رسم و رواج کی پابندیوں نے کتنے بسے بسائے گھروں کو اجاڑ کر رکھ دیا ہے۔ ناامیدی کس طرح مسلمانوں کے تن نیم جاں کو گھن کی طرح کھا رہی ہے۔ تقدیر کے غلط مفہوم نے دنیا کی بہادر ترین اور فعال جماعت کو کس طرح کسل مند، کاہل اور ناکارہ بنا دیا ہے۔ اور خیر امۃ کا خطاب پانے والی جماعت اپنے کردار کی بدولت کسقدر ذلیل ہو گئی ہے۔ ان تمام امور پر اس افسانہ میں دلچسپ اور نصیحت آمیز بحث کی گئی ہے اور ہر مرض کے ساتھ اس کا علاج بھی واضح کیا گیا ہے۔ جو لوگ اسلام کی سیدھی سادھی تعلیم سے استفادہ کی صلاحیت کھو چکے ہیں اور چاہتے ہیں کہ سنجیدہ سے سنجیدہ مسئلہ بھی افسانہ کے پیرایہ میں پیش کیا جائے ان کو "گردش ایام" ضرور ملاحظہ کرنی چاہئے۔ کتاب کے شروع [illegible]

انجیل برنباس

[illegible]

اسلامیات

اسلامی نظم معیشت اور سرمایہ دارانہ نظم معیشت کے اصول

سود کے متعلق اسلامی قانون اور موجودہ دور کے معاشی مفکرین

(از جناب مولانا ابو الاعلیٰ صاحب مودودی مدیر ترجمان القرآن)

(۴)

سرمایہ داری میں امداد باہمی کے معنی یہ ہیں کہ آپ انجمن امداد باہمی کو پہلے روپیہ دے کر اس کے رکن بنیے۔ پھر اگر کوئی ضرورت آپ کو پیش آئے گی تو انجمن آپ کو عام بازاری شرح سود سے کچھ کم پر قرض دیدے گی، اگر آپکے پاس روپیہ نہیں ہے تو "امداد باہمی" سے آپ کچھ بھی امداد حاصل نہیں کر سکتے۔ برعکس اس کے اسلام کے ذہن میں امداد باہمی کا تصور یہ ہے کہ جو لوگ ذی استطاعت ہوں وہ ضرورت [illegible]

لفظ زکوٰۃ خود اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ مال دار آدمی کے پاس جو دولت جمع ہوتی ہے وہ اسلام کی نگاہ میں ایک نجاست ہے، ایک ناپاکی ہے اور وہ پاک نہیں ہو سکتی جب تک کہ اس کا مالک اس میں سے ہر سال کم از کم ڈھائی فی صدی راہ خدا میں نہ خرچ کرے۔ "راہ خدا" کیلئے، خدا کی ذات تو بے نیاز ہے۔ اس کو نہ تمہارا مال پہنچتا ہے نہ وہ اس کا حاجتمند ہے۔ اس کی راہ بس یہی ہے کہ تم خود اپنی قوم [illegible]

[illegible]

ان کی ضروریات سے زیادہ دولت میسر آ جائے، وہ اس کو سمیٹ کر نہ رکھیں بلکہ خرچ کریں، اور ایسے مصارف میں خرچ کریں جن سے دولت کی گردش میں سوسائٹی کے کم نصیب افراد کو بھی کافی حصہ مل جائے۔ اس غرض کے لئے اسلام ایک طرف تو اپنی بلند اخلاقی تعلیم اور ترغیب و ترہیب کے نہایت موثر طریقوں سے فیاضی اور حقیقی امداد باہمی کی اسپرٹ پیدا کرتا ہے، تاکہ لوگ خود اپنے میلان طبع ہی سے دولت جمع کرنے کو برا سمجھیں اور اسے خرچ کر دینے کی طرف راغب ہوں۔ دوسری طرف وہ ایسا قانون بناتا ہے کہ جو لوگ فیاضی کی اس تعلیم کے باوجود اپنی افتاد طبع کی وجہ سے روپیہ جوڑنے اور مال سمیٹنے کے خوگر ہوں، ان کے مال میں سے بھی کم از کم ایک حصہ سوسائٹی کی فلاح و بہبود کے لئے ضرور نکلوا لیا جائے۔ اسی چیز کا نام زکوٰۃ ہے، اور اسلام کے معاشی نظام میں اس کو اتنی اہمیت دی گئی ہے کہ اس کو ارکان اسلام میں شامل کیا گیا ہے، نماز کے بعد سب سے زیادہ اسی کی تاکید کی گئی ہے۔ اور صاف صاف کہہ دیا گیا ہے کہ جو شخص دولت جمع کرتا ہے اس کی دولت اس کے لئے حلال ہی نہیں ہو سکتی تاوقتیکہ وہ زکوٰۃ نہ ادا کرے۔

خذ من اموالہم صدقۃ تطہرہم وتزکیہم بہا (۹: ۱۰۳) — انکے اموال میں سے زکوٰۃ لے اور اسکے ذریعہ سے انکو پاک اور طاہر کر دے۔

[illegible]

نظام میں نہیں پایا جاتا۔ دوسرے معاشی نظاموں کا میلان اس طرف ہے کہ جو دولت ایک شخص نے سمیٹ کر جمع کی ہے وہ اس کے بعد بھی ایک یا چند خاص اشخاص کے پاس سمٹی رہے، مگر اسلام دولت کے سمٹنے کو پسند ہی نہیں کرتا۔ وہ اس کو پھیلانا چاہتا ہے تاکہ دولت کی گردش میں آسانی ہو۔

(باقی آئندہ)

ایران اور یورپ کے درمیان طویل سڑک

ترکی وزیر خارجہ کی کوشش

طہران کی ایک اطلاع ہے کہ وکیل وزارت خارجہ ترکی (بائی اسما) نے ترکی اور ایران کے تجارتی معاہدہ پر گفت و شنید کا آغاز کر دیا ہے تاکہ مملکتین میں تعامل و تعاون کی روح پیدا ہو۔ فی الحال ایران اور یورپ کے درمیان ایک سڑک کی تعمیر پر غور ہو رہا ہے۔ یہ سڑک براستہ ترکی، کرکوزہ، ارض روم اور طرابزون سے گزرتی ہوئی یورپ سے ملحق ہو جائے گی۔

باسفورس اور بحر اسود پر لاسلکی اسٹیشنوں کی تعمیر

ترکی پارلیمنٹ اور بلگیریا نے معاہدہ دانیال کی تصدیق کر دی

دانیال کیلئے آبدوز کشتیاں غیر ملکی جہازوں کیلئے شرائط

خاص برائے الجمعیۃ

انگورہ (بذریعہ ڈاک) مونٹرو کانفرنس میں دانیال اور باسفورس کے متعلق حکومت ترکیہ اور دیگر حکومتوں کے درمیان جو معاہدہ ہوا تھا اس پر جوش و خروش اور تالیوں کے درمیان ترکی پارلیمنٹ نے مہر تصدیق ثبت کر دی۔ دانیال اور باسفورس کی قلعہ بندی، توپخانوں، حربی ذخائر اور جدید محافظ فوج کے لئے ایک کروڑ پونڈ کی جو منظوری دی گئی تھی اس میں ترکی پارلیمنٹ نے آٹھ لاکھ روپیہ کا اور اضافہ کر دیا ہے اور وزارت حربیہ کو اختیار دیدیا ہے کہ وہ حسب ضرورت مزید رقم بھی پارلیمنٹ کے ذریعہ منظور کرا لے۔

ترکی حکومت نے چار آبدوز کشتیوں کی تعمیر کے لئے آرڈر دیدیا ہے۔ تمام آبدوز کشتیوں کا مرکز آئندہ درہ دانیال رہے گا۔ مارشل فاضی تشا کا کی صدارکان حزب العام عنقریب ہوائی مستقر اور جدید قلعوں کا معائنہ کرنے کی غرض سے انگورہ سے روانہ ہونے والے ہیں۔ ان پرانے قلعوں کی جدید تعمیر کے لئے محکمہ انجنیئری کی ہدایت کے مطابق حکومت نے ایک کروڑ ترکی پونڈ کی منظوری دی ہے صوفیا (بذریعہ ڈاک) حکومت بلگیریا نے دانیال کانفرنس کے معاہدہ پر اپنے دستخط ثبت کر دئے ہیں۔

استانبول (بذریعہ ڈاک) ترکی وزارت خارجہ نے دانیال اور باسفورس میں غیر ملکی جہازوں کے گزرنے پر خاص پابندیاں لگا دی ہیں۔ حکومت نے باسفورس پر ایک لاسلکی اسٹیشن تعمیر کرنے کا حکم دیدیا ہے۔ بحر اسود پر بھی ایک لاسلکی اسٹیشن تعمیر کیا جائے گا۔ وزارت خارجہ غیر ملکی جہازوں کی ہدایات کے لئے ایک اعلان شائع کرے گی جس میں وہ شرائط بھی درج کی جائیں گی جن کی پابندی کے بعد کوئی غیر ملکی جہاز تنگناؤں میں داخل ہو سکتا ہے۔

سوشلسٹ پارٹی کی جماعت عاملہ کی تجویز

سوشلسٹ کانگریس کے ساتھ اشتراک عمل کرینگے

سوشلسٹ پارٹی کی جماعت عاملہ کی تجویز

بمبئی ۲۴ اگست۔ آج آل انڈیا کانگریس سوشلسٹ پارٹی کی ورکنگ کمیٹی نے اپنی میٹنگ میں مندرجہ ذیل اہم فیصلے کئے:۔

(۱) کانگریس پارلیمنٹری بورڈ سوشلسٹ پارٹی کے جن ممبروں کو کانگریس کے امیدوار کے طور نامزد کرے وہ کانگریس کے انتخابی مینی فیسٹو کے مطابق اس کے ساتھ پوری طرح سے انتخابات میں عمل کریں گے۔

(۲) انقلاب پسند سوشلسٹ یوتھ کی بین الاقوامی بیورو کے دعوت نامہ کو جو کہ جنگ، فیسزم اور ملوکیت پرستی کی مخالفت کرنے والی بین الاقوامی کانگریس میں شرکت کے لئے بھیجا گیا ہے منظور کیا گیا اور شری کملا دیوی چٹوپادھیائے اور نیز سوشلسٹ پارٹی کی لندن برانچ کے سکرٹری کو ڈیلی گیٹ نامزد کیا گیا۔

کانگریس کا اجلاس اکتوبر ۱۹۳۶ء میں منعقد ہوگا۔

جنوبی افریقہ میں ریپبلک قائم کرنیکی اسکیم

برطانیہ سے قطع تعلق کرنیکا ارادہ

پریٹوریا ۲۳ اگست۔ ڈاکٹر ملن لیڈر نیشنلسٹ پارٹی و سابق یونین وزیر نے دو ہزار اشخاص کے ایک جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ نیشنلسٹوں کو ریپبلک حاصل ہونی چاہئے۔ آپ نے چند مندرجہ ذیل تجویزیں بھی پیش کیں:

(۱) برطانی رعایا کا لقب منسوخ کیا جائے (۲) امپیریل کانفرنس سے قطع تعلق کیا جائے (۳) ملک معظم کی تاجپوشی میں شمولیت سے انکار (۴) باہر سے گورنر جنرلوں کی آمد بند کی جائے (۵) ملک معظم کی جگہ پریذیڈنٹ ہو (۶) ملک کے لئے ہیڈ کو عوام خود منتخب کریں۔ جو ملک معظم کے بجائے عوام کے روبرو ذمہ دار ہو۔ (۷) ہر ایک قانونی کتاب میں ملک معظم کی جگہ منتخب صدر کر دیا جائے۔

ڈاکٹر ملن نے مزید فرمایا کہ آئرلینڈ نے ایسی اسکیم اختیار کی ہے۔

مشرق بعید میں روس کی تیاریاں

۱۲ کروڑ روپیہ سالانہ صرف کیا جا رہا ہے

ماسکو (بذریعہ ڈاک) سوویٹ روس کے مشرق بعید کے علاقہ کے صدر نے اعلان کیا ہے کہ مشرق بعید اور بحر الکاہل میں اس وقت روس کی اتنی فوج موجود ہے۔ اگر کسی ملک نے روسی سرحد پر حملہ کرنے کی جرأت کی تو اس کو اتنی زور سے پچھاڑا جائے گا کہ وہ پھر کبھی سر نہ ابھر سکیگا۔

آپ نے مزید فرمایا کہ اس وقت مشرق بعید میں روس ۱۲۰۰۰۰۰۰ پونڈ سالانہ خرچ کر رہا ہے۔ اور گزشتہ تین سال سے متواتر یہی رقم صرف ہو رہی ہے۔ ٹرانس سائبیرین لائن کی دو دو پٹڑیاں کر دی گئی ہیں۔ اور کئی ریلوے لائنیں بن رہی ہیں اور بہت سی سڑکیں بنائی جا رہی ہیں اور بحری، بری اور دریائی ذرائع معلوم کئے جا رہے ہیں۔

روس کے سازشی مقدمہ کا فیصلہ

مجرموں نے اپنے لئے خود موت کی سزا تجویز کی

سوویٹ ٹریڈ یونین کے سردار کی خودکشی

ماسکو ۲۴ اگست۔ روس کے سازشی مقدمہ کا کل فیصلہ سنا دیا گیا جو کچھ عرصہ سے زیر سماعت تھا۔ دہشت انگیزی پھیلانے کے سلسلہ میں جملہ مجرمین نے عدالت سے درخواست کی کہ انہیں گولی سے اڑا دینے کی سزا دی جائے کیونکہ وہ اسی سزا کے مستحق ہیں اور پھر آخری سلام کر لیں۔

یہ امر باعث دلچسپی ہے کہ اس سے پہلے سرخ فوج کے سابق کمانڈر نے بھی مزدور جماعت سے بغاوت کے سلسلہ میں اپنی موت کی بالکل ایسی ہی درخواست کی تھی۔ اس کے بعد مجرمین رونے لگے اور پولیس ان کو کمرۂ عدالت سے باہر لے گئی۔

ایک کمیونک کی اطلاع مظہر ہے کہ سوویٹ ٹریڈ یونین کے افسر اعلیٰ نے اس بنا پر خودکشی کر لی ہے کہ اس پر زنووئیف اور کامنیف کی دہشت انگیز پارٹی سے تعلق رکھنے کا الزام لگایا گیا تھا۔

دردِ دشمن پر امرت دھارا سے حملہ کرو

ہر قسم کی درد۔ جیسے پیٹ درد۔ تولنج۔ دندگردہ درد گنٹھیا۔ درد چوٹ۔ درد زخم۔ درد ڈنگ۔ کان درد آنکھ درد۔ درد چھاتی۔ درد اعصاب۔ درد ختنات۔ درد نقرس وغیرہ وغیرہ۔ "امرت دھارا" کے استعمال سے ایک دم دور ہو جاتے ہیں۔

امرت دھارا کے پانچ مرکبات

امرت دھارا مرہم۔ امرت دھارا صابن۔ امرت دھارا بام۔ امرت دھارا لوشن۔ امرت دھارا لوزنجز کی شکل میں بھی مل سکتی ہے

خط و کتابت و تار کا پتہ۔ امرت دھارا ۱۲۰ لاہور

المشتہر

مینجر امرت دھارا اوشدھالیہ۔ امرت دھارا بلڈنگ۔ امرت دھارا پوسٹ آفس امرت دھارا روڈ لاہور

آج کی خبریں

سوویٹ روس کے مقابلہ میں جرمنی کی جنگی تیاریاں

جرمنی فوج کی تعداد دس لاکھ تک پہونچ جائیگی

عام فوجی بھرتی اور قیام امن کیلئے ہٹلر کا اعلان

برلن ۲۵ اگست۔ آج ہر ہٹلر کے دستخط سے ایک فرمان شائع ہوا ہے جس میں یہ اعلان کیا گیا ہے کہ مسلح فوجوں کے تینوں شعبہ جات کی ملازمت کی میعاد آئندہ کے لئے دو سال مقرر کی گئی ہے۔ قیاس غالب ہے کہ ہر ہٹلر کے تازہ فرمان کے نتیجہ کے طور پر ایک سال کے اندر ہی جرمنی کے فوجی سپاہیوں کی تعداد دس لاکھ تک پہونچ جائے گی۔

روس کے حملہ کا خوف

سرکاری حلقوں میں بیان کیا جاتا ہے کہ جرمنی نے یہ عزم بالجزم کر لیا ہے کہ ملوکیت پرست سوویٹ روس کی دھمکیوں کے پیش نظر اگر اسے اپنی آزادی برقرار رکھنے کے لئے کوئی بڑی سے بڑی قربانی بھی کرنی پڑی تو وہ اس سے ہرگز گریز نہیں کرے گا اور وہ اپنی تہذیب و تمدن اور امن و امان کو قائم رکھنے کے لئے ہر قسم کی تدابیر اختیار کرے گا۔

نئی فوجی بارکیں بنائی جائینگی

سیاسی حلقوں میں بیان کیا جاتا ہے کہ اس فرمان کی رو سے جرمنی فوج کے جنرلوں پر جو پہلے ہی کافی سے زیادہ زیر بار ہیں کام کا بار اور بھی بڑھ جائے گا کیونکہ انہیں نئے رنگروٹوں کے لئے بارکیں بنوانی پڑیں گی اور ان کی فوجی تربیت کے لئے فوجی افسر تلاش کرنے ہوں گے۔

ریف کے مجاہد اعظم سید عبدالکریم میدان جہاد میں

فرانس کی نگرانی سے بچکر کسی نامعلوم مقام کو چلے گئے

پیرس ۲۵ اگست۔ اخبار لی مارٹن کی اطلاع ہے کہ یہاں یہ افواہ پھیل رہی ہے کہ ریف کے مشہور عالم لیڈر عبدالکریم جزیرہ ری یونین سے پراسرار طریقہ پر بچ کر کسی نامعلوم مقام کو چلے گئے ہیں۔ ۱۹۲۶ء میں مجاہد اعظم عبدالکریم ریفی نے مراکش میں علم جہاد بلند کیا تھا اور فرانس نے ان کو گرفتار کر کے جزیرہ ری یونین میں نظر بند کر دیا تھا۔ اب اس اطلاع سے معلوم ہوا کہ آپ فرانسیسی حکام کی آنکھوں میں خاک جھونک کر جزیرہ سے نکل گئے اور کسی نامعلوم مقام میں پہونچ گئے۔

بنگال میں مسلم لیگ پارلیمنٹری بورڈ کا قیام

مسٹر جناح کی قابل تحسین مساعی

تمام پارٹیوں کے مابین متفقہ سمجھوتہ

کلکتہ ۲۷ اگست۔ کل انتہائی جد و جہد کے بعد مسٹر جناح نے بنگال کی مختلف پارٹیوں کے مابین سمجھوتہ کرا دیا ہے۔ اور یہ طے پایا ہے کہ بنگال میں سوا ارکان کا ایک مسلم لیگ پارلیمنٹری بورڈ مرتب کیا جائے جس کی تشکیل یہ ہے:۔

یونائیٹڈ مسلم پارٹی	۱۵
مسلم لیگ	...
مسلم مجلس	...

معلوم ہوا ہے کہ نکھیل بنگال پرجا کرشک سمیتی نے بھی مسلم پارلیمنٹری بورڈ میں شریک ہونے کا فیصلہ کر لیا ہے۔

تمام پارٹیوں نے مسلم لیگ کو ہی نمائندہ جماعت تسلیم کیا ہے اور اسکی پالیسی اور پروگرام کو منظور کر لیا ہے۔

دریائے راوی کی تباہ کاریاں

۲۴ گھنٹے کے اندر ۹ فٹ پانی چڑھ گیا

لاہور ۲۵ اگست۔ لاہور کے قریب دریائے راوی میں زبردست طغیانی آنے سے سیلاب کی صورت حالات بہت تشویشناک ہو گئی ہے۔ لاہور سے آگے گوجرانوالہ اور کشمیر کی جانب تمام آمد و رفت بند ہو گئی ہے اور ریاست کشمیر کو اخبارات کی ڈاک بھی بند کر دی گئی ہے۔

آج صبح تحقیقات کے بعد معلوم ہوا ہے کہ لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی کے پاور ہاؤس شاہدرہ میں پانی داخل ہو گیا ہے اور جہانگیر کے مقبرہ میں بھی گھٹنوں تک پانی چڑھ گیا ہے۔ امرتسر نارووال سیکشن پر ریلوے پل ٹوٹ گیا ہے جس سے چار نخ گڑھ اور جریان کے درمیان آمد و رفت بند ہو گئی ہے۔

گزشتہ ۲۴ گھنٹہ کے اندر دریائے راوی میں ۹ فٹ پانی چڑھ گیا ہے۔ جس سے شاہدرہ کو خطرہ لاحق ہو گیا ہے اور دوسرے مواضعات میں سیلاب آ گیا ہے۔

دریائے گھاگرا میں طغیانی

چھپرہ سے بذریعہ تار ایک اطلاع ملی ہے کہ دریائے گھاگرا میں زبردست طغیانی آ گئی ہے۔ ریلوے لائن کے شمال میں بھی پانی بڑھتا جا رہا ہے اور تین فٹ پانی چڑھ گیا ہے۔ پانی روکنے والے پھاٹک بند کر دئے گئے ہیں۔

مداری پور

دریائے اڑیل خان میں اس سال بھر سیلاب آ گیا ہے۔ مخزانہ اور عدالتیں دوسری جگہ تبدیل کر دی گئی ہیں۔ پرانی عدالت کا ایک حصہ تو آب ہے۔ ڈاکخانہ اور میونسپل آفس خطرہ میں ہیں۔ تمام شہر تہ آب ہے۔ اور دریا میں پانی برابر بڑھتا جا رہا ہے۔

تیس بچوں کو مار ڈالا

فتح گڈھ ضلع میں بھیڑیوں کی کثرت

فتح گڈھ۔ اطلاع ملی ہے کہ فتح گڈھ ضلع میں کثرت سے بھیڑئیے آ گئے ہیں جو بچوں کو اٹھا کر لیجاتے ہیں۔ گاؤں والے ان جانوروں سے خوفزدہ ہو رہے ہیں۔ اندازہ لگایا گیا ہے کہ تیس بچے ان کی نذر ہو چکے ہیں۔

معلوم ہوا ہے کہ فرخ آباد میں ایک بھیڑیا گولی کا نشانہ بنا دیا گیا ہے۔ اس نے ایک قبرہ میں بنا رکھا تھا جہاں وہ قبر کو کھود کر کھاتا تھا۔

اسپین کے دار الخلافہ پر حملہ کی تیاریاں

مراکش کی فوجیں باغیوں کی امداد کیلئے پہنچ گئیں

میڈرڈ کے ہوائی مستقر پر بمباری

میڈرڈ ۲۵ اگست۔ تازہ اطلاع مظہر ہے کہ مراکش افواج کی باغیوں کی کمک کیلئے ہوائی جہازوں کے ذریعہ مراکش سے اسپین لایا گیا ہے۔ برگس میں مقیم میں اور عنقریب میڈرڈ کے محاذ پر حملہ آور ہونے والی ہیں۔

دار الخلافہ پر بمباری کی جو خبریں آ رہی ہیں، حکومت نے ان کی تصدیق کر دی ہے۔ اور یہ اعلان کیا ہے کہ میڈرڈ سے دس میل کے فاصلہ پر گٹافا کے ہوائی مستقر پر باغیوں نے سخت بمباری کی ہے۔ عام طور پر یہ یقین کیا جاتا ہے کہ اب دار الخلافہ پر سخت حملہ ہونے والا ہے۔

معلوم ہوا ہے کہ سینور زمورا جنگی گورنر جو کی خبر مشہور ہو گئی تھی سوئٹزرلینڈ میں ہیں۔ اسپین کے معاملات میں فرانس کا پیش کردہ "معاہدہ عدم مداخلت" متفقہ طور پر منظور کر لیا گیا ہے اور سوویٹ روس نے بھی اسپین کو اسلحہ بھیجنے کے خلاف حکم امتناعی جاری کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔

برطانی سولجروں پر فائر کئے گئے

یروشلم ۲۴ اگست۔ معلوم ہوا ہے کہ تین برطانی فوجی سپاہیوں پر جو مینا سے واپس آ رہے تھے ایک پیچھے سے آنے والی بند موٹر کار میں سے سات فائر کئے گئے خوش قسمتی سے سپاہی بچ گئے۔ لیکن رکشا و الاسخت مجروح ہوا۔ فائر کرنے والوں کو شناخت نہیں کیا جا سکا ہے۔

برطانی سفارتخانہ نے اس حادثہ پر مقامی حکام سے سخت احتجاج کیا ہے۔

اٹلی میں فوجی بھرتی

روما ۲۵ اگست۔ روم کے فوجی افسروں نے ابی سینیا، ارٹریا اور صومالی لینڈ کے لئے فوجی بھرتی کی اپیل کی ہے جس کی میعاد دو سال ہوگی۔ والنٹیروں کی بھرتی کے بعد الاونس ملنا شروع ہو جائے گا۔ اور جب اپنے کام پر لگ جائیں گے تو بعد میں بہ مشاہرے دئے جائیں گے۔

حوض قاضی مارکیٹ توڑ دیجائیگی

خوبصورت پارک بنانے کی تجویز

دہلی ۲۵ اگست۔ قاضی حوض مارکیٹ کو توڑ کر اس کی جگہ ایک خوبصورت پارک بنانے کی تجویز خاص ہے اگر آئندہ ہفتہ سے عملی جامہ پہنایا جانے لگے۔ یقین کیا جاتا ہے کہ آئندہ ہفتہ سے دوکانوں کو مسمار کرنے کا کام شروع کر دیا جائے گا۔ اس سلسلہ میں یہ امر قابل ذکر ہے کہ مارکیٹ کا بیرونی حصہ قبل ازیں منہدم کیا جا چکا تھا لیکن اس سے مارکیٹ کی بدصورتی میں کوئی فرق نہیں پڑا۔ اب نئے باقی حصہ کو بھی گرانے کی تجویز دوبارہ منظور کر لی گئی۔

لالہ ہرکشن لال کے خلاف تین کروڑ کے مطالبے

لاہور ۲۴ اگست۔ آج لالہ ہرکشن لال، تین کروڑ دس لاکھ روپیہ کے ان مطالبات کے متعلق جو کسان کے خلاف پیش کئے گئے ہیں جواب دہی کے لئے خواجہ نذیر احمد کے روبرو پیش ہوئے کہ ان کی جائداد کے سرکاری رسید رسیور مقرر ہوئے ہیں۔ عدالت میں اکثر حضرات موجود تھے۔

اسپین کے مختلف شہروں پر باغیونکی زبردست بمباری

میڈرڈ کی حالت زار - سامان رسد کی کمی - تمام شہر میں خوف و ہراس

پیٹرول کے ایک بڑے ڈپو میں آگ کے شعلے

لندن ۲۴ اگست۔ جبل الطارق کی ایک خبر مظہر ہے کہ حکومت اسپین کے ایک جنگی جہاز نے برطانی جہاز کو جو مراکش اور جبل الطارق کے درمیان مسافروں کو لیجا رہا تھا روک لیا۔ جہاز کل ملیلا پہونچنا چاہئے تھا لیکن ابھی تک نہیں پہونچا۔

سیوائل (اشبیلیہ) کی ایک اطلاع ہے کہ باغی میڈرڈ پر زبردست بمباری کر رہے ہیں۔ خصوصاً فوجی بارکوں کو بہت زیادہ نقصان پہونچا گیا ہے۔ باغیوں کے نمائندہ کا بیان ہے کہ تین یا چار روز میں شہر کا محاصرہ کر لیا جائے گا اور دس دن کے بعد دار الحکومت پر قبضہ یقینی ہے۔

ایک تازہ اطلاع ہے کہ باغیوں کے اکیس بمبار پوں نے میڈرڈ پر بمباری کی اور چار بم برسائے۔ معلوم ہوا ہے پندرہ اور نئے ہوائی جہاز سالامانکا پہونچ گئے ہیں جو میڈرڈ پر بمباری کرنے میں حصہ لیں گے۔

مارسیلیہ کی آمدہ اطلاعات سے پتہ چلتا ہے کہ میڈرڈ سے ساحل تک صرف ایک ریلوے لائن کا راستہ کھلا ہے۔ امیر لوگوں کو قتل کیا جا رہا ہے اور ان کو بچانے کی قیمت لگائی جا رہی ہے جو ایک ہزار اور دس ہزار پونڈ کے درمیان ہے۔ شہر کا ہر آدمی خوفزدہ معلوم ہوتا ہے۔ اور بمباری سے سخت پریشان ہے۔ ان کی پریشانی اس لئے اور بھی بڑھ گئی ہے کہ غلہ اور خوردنی کا سامان کم ہوتا جا رہا ہے اور اس کی قیمت بڑھتی رہی ہے۔

سان سبستان اور ملاگہ پر بمباری

لندن ۲۳ اگست۔ شہر ملاگہ اور شہر سان سبستان دونوں باغیوں کی سرگرمیوں کا مرکز بنے ہوئے ہیں۔ دونوں شہروں پر ہوائی جہازوں اور جنگی جہازوں سے بمباری جاری ہے۔ الجیریا میں فوجی حکام کو اطلاع ملی ہے کہ باغیوں کے ہوائی جہازوں نے آگ لگانے والے بم برسائے۔ میلانا میں بمباری کی وجہ سے ایک بڑے پیٹرول کے ڈپو میں آگ لگ گئی ہے۔

فلسطین میں مصالحانہ گفتگو کا دوبارہ آغاز

شہزادہ فیصل کی آمد، چھ عرب شہید

ایک یہودی موضع پر دو سو پچاس پونڈ جرمانہ

یروشلم ۲۴ اگست۔ کل حکام ساحلی علاقہ کو باغیوں سے صاف کرنے میں لگے ہوئے ہیں۔ کل فسادات میں عرب شہید کر دئے گئے جن کو ملا کر اب تک کل عربوں کی تعداد دس تک پہونچ گئی۔

معلوم ہوا ہے کہ اسلامی ریاستوں کے عرب ایک مرتبہ پھر فلسطین میں امن و امان قائم کرانے کی تدابیر سوچ رہے ہیں۔ چنانچہ اس سلسلہ میں شہزادہ فیصل عنقریب یروشلم آنے والے ہیں۔

عرب لیڈروں کی کوشش سے ۲۵ عرب رہا کر دئے گئے ہیں۔

جیفا ۲۴ اگست۔ سر ہربرٹ نامی یہودی موضع پر ایک عرب عورت کو قتل کرنے کے سلسلہ میں دو سو پچاس پونڈ جرمانہ کیا گیا ہے۔ یہ امر قابل ذکر ہے کہ یہ پہلا موقع ہے کہ ایک یہودی موضع پر جرمانہ ہوا ہے۔

حکومت اسپین کے ساتھ ہمدردی

مزدور جماعت کی مجلس عاملہ کی تجویز

دہلی ۲۶ اگست۔ کل مزدور جماعت (ڈیموکریٹک لیبر یونین) کی مجلس عاملہ نے دہلی کی دو تجاویز منظور کیں۔

(۱) یہ مجلس اسپین کی مزدور حکومت کے ساتھ اظہار ہمدردی کرتی ہے اور دنیا کے مزدوروں سے حکومت کی امداد کے لئے اپیل کرتی ہے۔

(۲) یہ مجلس کامریڈ رام کشن شاہی اسیر کی بیماری سے متاثر ہو کر حکومت سے بہ اصرار ان کے رہا کرنے کی اپیل کرتی ہے۔

شمالی چین میں جاپان کی ریشہ دوانیاں

جاپان اور چین کے مابین اقتصادی تعاون

فوجی حکام کی اہم کانفرنس

ٹینٹسن ۲۴ اگست۔ ٹینٹسن میں مقیم جاپانی فوجی دستوں اور فوجی نمائندوں کے درمیان ٹوکیو میں ایک کانفرنس منعقد ہوئی جس میں ایک پروگرام تیار کیا گیا جس میں چار باتیں شامل ہیں۔

(۱) شمالی چین میں عوام کی سوشل حالت کو بہتر بنایا جائے۔

(۲) ہوپی چہار پولیٹیکل کونسل کی امداد کی جائے جس سے جاپان کے خلاف پروپیگنڈا پر کنٹرول کو زیادہ موثر بنایا جا سکے۔

(۳) ٹیرف کی شرح کو گھٹا دیا جائے تاکہ ناجائز طریقہ پر درآمد بند ہو جائے۔

(۴) شمالی چین میں جاپان اور چین کے درمیان اقتصادی تعاون کیا جائے۔

بیان کیا جاتا ہے کہ جاپانی فوجی حکام نے پہلے تو خود مختار حکومت قائم کرنے کی کوشش کی لیکن مختلف صوبجاتی لیڈروں نے اپنی آزادی کو قربان کرنے سے انکار کیا جس سے یہ اسکیم کامیاب نہ ہو سکی۔

اب یہ اسکیم سامنے ہے کہ صوبجات شنٹنگ، ہوپی، شانسی، چہار اور سیوان اپنے مفاد کی حفاظت کے لئے ایک مشترکہ ڈیفنس کمیشن قائم کریں۔ یہ صوبے سینٹرل گورنمنٹ کے ماتحت رہیں گے، جاپان کے مشورہ پر عمل کریں گے۔ اور جاپانی سرمایہ کو اقتصادی ترقی کے لئے موقع دیں گے۔ جیہول ریلوے کو منگولیا اور اندرونی منگولیا تک بڑھانے کی اسکیم بھی ہے۔ ریلوے لائن تعمیر کر کے ٹینٹسن پوکو اور پیکنگ منکو ریلوے سے ملا دیا جائے۔

شمالی چین میں تنظیم کی سخت ضرورت ہے، بیان کیا جاتا ہے کہ جاپان کے ساتھ نزدیکی تعلقات سے مصیبت زدہ آبادی کو بہت فائدہ پہنچے گا، لیکن یہ جانتے ہیں کہ جاپانیوں نے وہاں کے لوگوں سے ناجائز فائدہ اٹھانے کے لئے اپنا سرمایہ لگایا ہے۔ تو سنٹرل گورنمنٹ کے پرنسپل لیڈر مشکل سے جازت دیں گے۔ لیکن اگر جاپان کو شمالی چین میں سب کچھ حاصل ہو گیا جو وہ چاہتا ہے تو شمالی چین میں غیر ملکی کا خاتمہ خاک میں مل جائیگا۔

روس کی ہوائی طاقت میں زبردست اضافہ

فوج میں ایک لاکھ آدمیوں کی بھرتی

ریگا ۲۳ اگست۔ فوج میں بھرتی کی عمر کے متعلق حکومت سوویٹ روس نے ۱۹ سال کر دی ہے جس کی وجہ سے فوج کی تعداد بڑھ جانے کی خیال ہے کہ موسم خزاں تک ایک لاکھ ساٹھ ہزار نئے رنگروٹ بھرتی ہو جائیں گے۔ ان کے لئے نئی بارکوں کی تعمیر شروع ہو گئی ہے۔

سرکاری اعداد و شمار مظہر ہیں کہ اس سال جو ہوائی جہاز تیار ہوں گے ان کی تعداد گزشتہ سال کی نسبت ۱۰۰ فی صدی زیادہ ہے۔

سوویٹ کے دفتر جنگ نے اطلاع شائع کی ہے کہ سوویٹ روس کی ہوائی طاقت بہت جلد اتنی ہو جائے گی کہ دوسرے ملکوں کا اس سے مقابلہ کیا جا سکے۔ ہماری طاقت اتنی بڑھ جائے گی کہ کسی ملک کو روس کو فتح کرنے کی ہمت نہیں پڑے گی۔

روس یورپ پر حملہ کرے گا

جرمنی کو خطرہ

لندن ۲۳ اگست۔ اخبار "ڈیلی ٹیلیگراف" کا نامہ نگار مقیم برلن لکھتا ہے کہ روس پر جرمن اخباروں کا مسلسل حملہ جرمنی کے ساتھ اتحاد کو پہنچ گیا ہے۔ سرکاری نازی اخبار لکھتا ہے کہ ماسکو کے مقالہ اس مرحلہ پر پہنچ گئے ہیں جب کہ وہ مغرب میں سوشلسٹ تحریک کے سلسلہ میں ایک انقلابی جنگ میں مصروف ہیں گے یا ممکن ہے کہ وہ خود ہی جنگ چھیڑ دیں۔ اب یہ بات پایہ ثبوت کو پہنچ گئی ہے کہ روس کو اسپین کی خانہ جنگی کے ذریعہ دنیا میں بالشوزم کی آگ لگانا چاہتا ہے۔ یہ ممکن ہے کہ کل ہی دنیا کے ایک کروڑ ۳۰ لاکھ بہترین سپاہیوں کو نوشکے اور یورپ پر حملہ کرنے کے لئے کوچ بول دیا جائے۔ برلن کی سرکاری خبر رساں ایجنسی کا بیان ہے کہ بحیرہ بالٹک میں اس وقت روس کی ۹۰ آبدوز کشتیاں ہیں۔

امن کی بین الاقوامی کانفرنس

کانگریس کا نمائندہ بھی شریک ہوگیا

لندن ۲۴ اگست۔ برسلز میں ستمبر سے امن کی جو بین الاقوامی کانفرنس منعقد ہونے والی ہے اس میں ہندوستان کا بھی نمائندہ شریک ہوگا۔

پنڈت جواہر لال نہرو نے مسٹر کرشن مینن کو بھیجا ہے جو کانگریس کی نمائندگی کریں گے فرینڈز آف انڈیا سوسائٹی کی انڈین سوراجیہ لیگ، مسٹر وی کے کرشنا مینن اور انڈین جرنلسٹ ایسوسی ایشن اور علیگڑھ یونیورسٹی کے ہندوستانی سیکشن کے نمائندے بھی شریک ہوں گے۔

جسٹس خواجہ محمد نور

پٹنہ یونیورسٹی کی چانسلری سے مستعفی ہوگئے

پٹنہ ۲۴ اگست۔ بذریعہ تار اطلاع موصول ہوئی ہے کہ خواجہ محمد نور جسٹس نے پٹنہ یونیورسٹی کی چانسلری سے استعفیٰ دیدیا ہے۔ مسٹر سچدانند سنہا ان کی جگہ کام کریں گے۔

آئندہ الجمعیۃ دس صفحات پر شائع ہوگا

قارئین کرام کو خوشخبری

آئندہ یکم ستمبر کا الجمعیۃ حسب اعلان دس صفحات پر شائع ہوگا اور یہ عددی اضافہ انشاء اللہ مستقل اور پائدار رہیگا۔ صفحات میں اضافہ کے ساتھ الجمعیۃ کی معنویت اور گوناگوں خصوصیات میں بھی آپکو نمایاں تبدیلی نظر آئے گی اور وہ اپنی حسن ترتیب، اعلیٰ مضامین، اور بہتر خبروں کے اعتبار سے صحافت کا ایک شاندار نمونہ ہوگا۔

کارکنان الجمعیۃ نے خدائے تعالیٰ پر بھروسہ کر کے یہ اہم صحافتی قدم اٹھایا ہے۔ اب یہ قارئین کرام اور معاونین حضرات کا کام ہے کہ وہ بھی اپنے فرض کو محسوس کریں اور الجمعیۃ کی سرپرستی فرما کر اس کی اشاعت اور خریداری کے لئے کوشاں ہوں۔ الجمعیۃ کو اعلیٰ سے اعلیٰ معیار پر مرتب کرنا کارکنان کا کام ہے۔ اور اس کی اشاعت اور خریداری کیلئے کوشش کرنا قارئین کرام کا فرض ہے۔ توقع ہے کہ ناظرین کرام کم از کم دو دو خریدار مہیا فرما کر اپنا اہم اسلامی اور جماعتی فریضہ ادا کریں گے اور الجمعیۃ کو ہر اعتبار سے اس قابل بنا دیں گے کہ وہ نہ صرف پائدار بنیادوں پر قائم ہو جائے بلکہ ترقی کے میدان میں اس کا قدم کامیابی کے ساتھ بڑھتا رہے۔ السعی منی والاتمام من اللہ تعالیٰ۔

(منیجر)

مصری وفد لندن پہونچ گیا

دکٹوریہ اسٹیشن پر زبردست استقبال

لندن ۲۴ اگست۔ کل رات مصری وفد جو چند روز افراد پر مشتمل ہے زیر نگرانی وزیر اعظم مصطفیٰ نحاس پاشا لندن پہونچ گیا۔ دکٹوریہ اسٹیشن پر ایک بڑے مجمع نے جس میں بہت سے مصری بھی شریک تھے۔ وفد کا پرتپاک خیر مقدم کیا گیا اور کپتان ایڈن نے ان الفاظ کے ساتھ خطاب کیا کہ انگریزی اور مصری دوستی ہمیشہ زندہ قائم رہے۔ پاشا نے مصافحہ کیا۔

اس سلسلہ میں یہ امر قابل ذکر ہے کہ یہ وفد مصر اور برطانیہ کے اس معاہدہ پر دستخط ثبت کرنے کے لئے لندن گیا ہے جس پر برطانیہ اور مصری قوم پرستوں کے درمیان ایک عرصہ سے اختلافات چلا آتا تھا اور جس نے بہت پیچیدہ صورت اختیار کر لی تھی۔

اس وفد میں بارہ پاشا شامل ہیں، سابق وزیر اعظم محمد پاشا محمود، اسماعیل صدقی پاشا اور عبدالہادی پاشا شامل ہیں۔

معاہدہ میں ۱۹۳۶ء کا معاہدہ بھی شامل ہے جس کی چند دفعات مصری آزادی کو تسلیم کرنے کے بعد طے نہ ہو سکی تھیں اور ان کا تعلق مصر میں برطانی فوج، اینگلو سوڈان اور تحفظ نہر سویز کے اہم مسائل سے تھا اور غیر ملکی باشندوں کے تحفظ اور ان کے حقوق کا فیصلہ بھی نہ ہو سکا تھا۔

سر محمد حبیب اللہ دیوان میسور

عہدے سے مستعفی ہو رہے ہیں

نئی دہلی ۲۴ اگست۔ سر محمد حبیب اللہ دیوان ٹراونکور نے مہاراجہ صاحب سے درخواست کی ہے کہ وہ اس عہدے سے انہیں سبکدوش کر دیں۔ معلوم ہوا ہے کہ اپنے عہدے سے الگ ہونے سے قبل دیوان صاحب چھ ماہ کے لئے رخصت پر جائیں گے۔ سر محمد حبیب اللہ ۱۹۳۴ء میں ٹراونکور کے دیوان مقرر ہوئے تھے اور گزشتہ سالگرہ کے موقع پر مہاراجہ صاحب نے انہیں نواب کا خطاب دیا تھا۔

مولانا بشیر احمد صاحب کا دہلی میں ورود

دہلی ۲۶ اگست۔ آج مولانا بشیر احمد صاحب رکن مجلس عاملہ جمعیۃ علماء ہند دیر شام سے دہلی تشریف لائے اور اخباری معاملات کے متعلق ارکان جمعیۃ سے مشورہ کرتے رہے۔ کیونکہ آئندہ سے متعلقہ دس صفحات پر الجمعیۃ شائع کیا جائے۔ کل ۲۵ اگست کو مولانا کانگریس پارلیمنٹری بورڈ میں شرکت کے لئے لکھنؤ روانہ ہو گئے ہیں۔

کمیونل اوارڈ اور بنگال کا رویہ

مسٹر سرت چندر بوس کا اظہار خیال

کلکتہ ۲۴ اگست۔ کمیونل اوارڈ کی جانب بنگال نے جو رویہ اختیار کیا ہے اس بیان کی تائید ہوتی ہے۔ میں اس امر کو تسلیم کرتا ہوں کہ مجھے اس امر سے خوشی ہوتی ہے کہ ۱۹۳۴ء کے فارمولا یعنی "نہ اسے منظور کرنا اور نہ نامنظور کرنا" کو اچھی طرح سے دفن کر دیا گیا ہے اور کانگریس نے اپنے رویہ کو واضح کر دیا ہے۔ یہ بیان وہ الفاظ ہیں جن میں مسٹر سرت چندر بوس تا یقام پریذیڈنٹ بنگال صوبجاتی کانگریس کمیٹی نے اپنے خیالات کا اظہار کیا جب کہ نمائندہ ایسوسی ایٹڈ پریس نے آج ان سے انٹرویو کیا۔

مسٹر بوس نے مزید اظہار خیال کرتے ہوئے یہ توقع ظاہر کی کہ کمیونل اوارڈ کے متعلق کانگریس کے تازہ ترین فیصلہ کے نتیجہ کے طور پر کانگریسی کارکنوں کے باہمی اختلافات ختم ہو جائیں گے۔ جہاں تک کمیونل اوارڈ اور بنگال کے رویہ کا تعلق ہے۔ مجھے کانگریس کے مینی فسٹو میں پنڈت جواہر لال کا رسوخ جیسا واقعہ نظر آتا ہے۔ انہوں نے اس معاملہ میں کانگریس کی جو رہنمائی کی ہے اس کے لئے میں ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

البا میں مسولینی کی آمد

جزیرہ کو بحری مرکز بنانیکی تجویز

روم ۲۴ اگست۔ کل سائنور مسولینی سکرٹری بحریہ کے ہمراہ البا آئیس وارد ہوا۔ اور مختلف مقامات کا معائنہ کیا۔ خیال کیا جاتا ہے کہ اس کا یہ معائنہ جزیرہ کی قلعہ بندی کے سلسلہ میں ہے۔ لیکن ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جزیرہ بحری قوت کے لئے کچھ زیادہ موزوں نہ رہے گا۔

البا وہ مقام ہے جہاں نپولین کو جلاوطن کیا گیا تھا۔ یہ مقام سرزمین اٹلی سے پانچ میل چوڑے آبنائے کی وجہ سے علیحدہ ہو گیا ہے۔ یہاں چند نہایت عمدہ اور مضبوط قلعے ہیں۔

سوٹ کیس کے اندر بم

کئی آدمی گرفتار

کردن ۲۴ اگست۔ آج پولیس نے موضع چکرا بادہ میلا میں جو کہ کوٹل تعلقہ سے تقریباً ۱۵ میل کے فاصلہ پر واقع ہے ایک سوٹ کیس کے اندر سے دو بم برآمد ہوئے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ اطلاع ملتے ہی پولیس نے گاؤں پر چھاپہ مارا اور ایک برہمن کے مکان کی تلاشی لی۔ پولیس نے کئی آدمیوں کو جن میں ایک نوجوان برہمن بھی شامل ہے گرفتار کر لیا۔

دہلی میں آتشزدگی کی واردات

دو لاکھ روپیہ سے زائد کا نقصان

دہلی ۲۶ اگست۔ گزشتہ دو دن سے شہر میں بارش کے ساتھ ساتھ آتشزدگی کی واردات بھی رونما ہو رہی ہیں۔ کل علی الصبح چاندنی چوک میں آگ لگ گئی تھی جس سے ڈیڑھ لاکھ روپیہ کا نقصان ہوا ہے اور پانچ دکانیں جل کر خاک سیاہ ہو گئیں۔ پولیس کو شبہ ہے کہ کسی نے آگ قصداً لگائی ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ کل محمد یاسین جوہری کی دکان میں یکایک آگ بھڑک اٹھی اور آناً فاناً پاس کی دکانوں میں پھیل گئی۔ لالہ رام دھن، محمد صدیق اور محمد تقی کی دکانیں جل کر خاک ہو گئیں اور محمد تقی کی دکانوں کے علاوہ جن میں زیادہ تر نقصان پانی اور دھویں سے ہوا ہے باقی دو دکانیں بھی جل گئیں۔

دوسری واردات

ابھی اس آگ کو بجھے ہوئے کچھ عرصہ ہی نہیں ہونے تھے کہ کل نصف شب کے قریب پھاٹک کے پل کے نزدیک مسٹر دیپ چند سوت جلانے کے کارخانہ میں آگ لگ گئی اور تین گھنٹے تک برابر جلتی رہی۔ کارخانہ والوں نے بجھانے کی کوشش کی اور سارا مال جل کر خاک سیاہ ہو گیا۔ پولیس کو شبہ ہے کہ آگ قصداً لگائی گئی ہے۔

والیان ریاست کے نام وائسرائے کا مکتوب

فیڈریشن کو جلد قائم کرنیکی تجویز

شملہ ۲۴ اگست۔ بنارس میں اپنی تقریر کے دوران میں وائسرائے نے فرمایا تھا کہ صوبجاتی خود مختاری اسکیم کے نفاذ اور فیڈریشن کے قیام کے درمیان ان حالات میں طویل وقفہ نہ ہوگا۔ وائسرائے صاحب نے اسکیم کو عملی جامہ پہنانے کے لئے چند اہم فیصلے کئے ہیں۔

چنانچہ آپ نے ذاتی طور پر تمام والیان ریاست جن کو نوابی سے زیادہ توپوں کی سلامی کا حق حاصل ہے اس طریق کار کی تمام تفصیلات ایک خط کے ذریعہ بھیجی ہیں اور فیصلہ کیا ہے کہ وہ مختلف والیان ریاست سے تبادلہ خیالات کرنے کے لئے اپنے مخصوص نمائندے بھیجیں گے جو وائسرائے صاحب کی مرتب کردہ ہدایتیں لے کر خاص شخص پر جائیں گے۔

صدر مجلس احرار اسلام کے فرزند کی گرفتاری

مولانا خلیل الرحمن زندان فرنگ میں

گورداسپور ۲۳ اگست۔ قادیان کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ حضرت مولانا مولوی حبیب الرحمن صاحب لدھیانوی صدر مجلس احرار اسلام کے فرزند مولوی خلیل الرحمن صاحب صدر مجلس احرار قادیان زیر دفعہ ۱۰۷ (الف) قادیان میں گرفتار کر لئے گئے۔ آپکو مجسٹریٹ درجہ اول کے اجلاس گورداسپور میں پیش کر کے جیل بھیج دیا گیا۔ ابھی تک معلوم نہ ہو سکا کہ مولانا پر حکومت کی طرف سے کس قسم کا مقدمہ قائم کیا گیا ہے۔ مزید تفصیلات کا انتظار ہے۔

آئندہ انتخاب اکتوبر میں ہوگا

بمبئی ۲۴ اگست۔ آئندہ انتخابات کے سلسلہ میں طریقہ کار کے متعلق چند ریزولیوشن پاس کرنے کے بعد کانگریس پارلیمنٹری کمیٹی کا اجلاس ختم ہو گیا۔ کمیٹی نے صوبہ متوسط کے حلقہ سے کونسل آف اسٹیٹ کے لئے مسٹر گوکل کی امیدواری کی حمایت کرنے کا فیصلہ کیا اور سی۔ پی۔ اسمبلی کے یونیورسٹی حلقہ سے ڈاکٹر مہابیر سنگھ کی حمایت کا فیصلہ کیا۔ کمیٹی نے فیصلہ کیا کہ ممبروں کا انتخاب علاقے اپنے صوبہ سے آگے بڑھ گئے ہیں۔ صوبوں کی کانگریس کمیٹیوں کو ہدایت ہوئی ہے کہ وہ انتخابی اعلان کا ترجمہ کر کے عوام میں تقسیم کریں۔ آل انڈیا کانگریس پارلیمنٹری کمیٹی کا آئندہ اجلاس ۱۵ اکتوبر کے بعد ہوگا۔

مجلس احرار یو پی کی جماعت عاملہ کا اجتماع

حکام کے سخت رویہ اور مدح صحابہ سے روکنے پر اظہار نفرت

۲۰ اگست کو تمام ہندوستان میں احتجاجی جلسے کرنے کی اپیل

لکھنؤ ۲۰ اگست بذریعہ ڈاک جماعت پراونشل مجلس احرار اسلام یو پی کا اجلاس خصوصی زیر صدارت حضرت مولانا ابوالقاسم صاحب شاہجہانپوری دفتر مجلس احرار اسلام لکھنؤ میں منعقد ہوا جس میں مندرجہ ذیل تجاویز منظور کی گئیں۔

(۱) جماعت عاملہ پراونشل مجلس احرار اسلام یو پی کا یہ اجلاس ان احکام کے خلاف جو ملکہ وکٹوریہ کے مشہور اعلان کو پس پشت ڈال کر مدح صحابہ کے سلسلہ میں لکھنؤ میں نافذ کئے گئے ہیں سخت نفرت و حقارت کا اظہار کرتا ہے اور حکومت کو متنبہ کرنا چاہتا ہے کہ مسلمان زندگی کے آخری سانسوں تک مداخلت فی الدین کسی طریقہ پر برداشت نہیں کر سکتے اور اس کے لئے ہر ممکن قربانی کرنے کے لئے ہر وقت تیار ہیں۔

[illegible]

(۵) جماعت عاملہ پراونشل مجلس احرار اسلام یو پی کا یہ اجلاس ان تحقیقی حالات کی بنا پر ...

(۶) جماعت عاملہ پراونشل مجلس احرار اسلام یو پی کا یہ اجلاس ہندوستان کے تمام مسلمانوں سے اپیل کرتا ہے کہ وہ ۲۰ اگست یوم جمعہ کو یوم مدح صحابہ منائیں ...

[illegible]

محمد محمود علی۔ جنرل سکرٹری پراونشل مجلس احرار یو پی سہارنپور

ڈکٹیٹر مجلس احرار کا ایک اہم بیان

مجلس احرار کی تصدیق کے بغیر کوئی سمجھوتہ قابل تسلیم نہیں

[illegible]

کانگریس کا انتخابی مینی فسٹو

سرشتہ پارٹی ترمیمات پیش کرے گی

بمبئی ۲۰ اگست۔ کانگریس کے بائیں بازو نے سوائے جو کہ سرکاری عہدوں کے مسئلہ کے بارے میں ... [illegible]

لاہور میں زبردست بارش

شہر میں پانی بھر گیا۔ ٹریفک بند

لاہور ۲۰ اگست۔ آج تقریباً ۹ بجے صبح شہر میں بکثرت بارش ہوئی ... [illegible]

محبوب عاشق کے قدموں پر

ہدیہ میں عظیم الشان رعایت

عمل سفلی ... عمل علوی ... عمل عداوت ... [illegible]

فضل شاہ عامل گلی راجان کوچہ چیلان دہلی

اگر آپ گھر بیٹھے مفت

حکیم یا ڈاکٹر کی خدمات حاصل کرنا چاہتے ہیں تو

کارخانہ امیکو ورکس کی فہرست ادویات مع طریقہ علاج اور مفید کارآمد معلومات ذیل کے پتہ سے مفت طلب فرمائیے اس کے مطالعہ سے آپ کافی معلومات حاصل کر سکتے ہیں ... [illegible]

(ملنے کا پتہ)

سول ایجنٹس کارخانہ امیکو ورکس

امین اسمٰعیل۔ انگریزی دواخانہ نمبر ۷۹

کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ (انڈیا)

خریداران الجمعیۃ کو چاہیے کہ خط و کتابت کے وقت چٹ نمبر کا حوالہ ضرور دیا کریں ورنہ عدم تعمیل کی شکایت غلط۔ منیجر

ڈی۔ سی۔ ایم کے

عمدہ اور خوبصورت کپڑے

بہت دیر تک ... [illegible]

خوبصورت سوٹ اور قمیصیں دھلنے کے بعد بھی اپنی اصلی حالت پر قائم رہتی ہیں اور ان میں شکن نہیں پڑتی ہے۔

اپنے مقامی دوکاندار سے خریدئے یا ہم سے منگائیے

دہلی کلاتھ اینڈ جنرل ملز کمپنی لمیٹڈ دہلی

قوت کی کامیاب گولیاں

[illegible]

ضماد یک شب

[illegible]

نشاط فارمیسی چاندنی چوک دہلی

حمائل شریف مترجم مع خلاصۃ التفاسیر

[illegible]

معجز نما حمائل شریف مترجم

[illegible]

حمائل شریف لاکٹ والی

[illegible]

پنجسورہ بلکہ دہ سورہ مترجم مع فضائل و خواص و تعویذات

[illegible]

منیجر الجمعیۃ بک ڈپو بلی ماران دہلی

رعایتی اعلان

[illegible]

شفاخانہ ڈاکٹر حکیم حاجی غلام نبی زبدۃ الحکماء ... [illegible]

بے تصدیق بات پر شک ممکن ہے

[illegible]

آتشک بگڑہ فارمیسی جام نگر کاٹھیاواڑ

اخبار الجمعیۃ کی امداد کا آسان طریقہ

الجمعیۃ کی بک ڈپو میں ہر قسم کی عربی، فارسی، دو درسی کتابوں کا کافی انتظام ہے۔ اس لئے قارئین الجمعیۃ کو جب کبھی کسی قسم کی کتابوں کی ضرورت ہو تو پہلے الجمعیۃ کو یاد کریں۔ علماء اور طلباء کو خصوصیت سے اس کی طرف توجہ فرمانا چاہئے۔ کیونکہ یہ اخبار آپ ہی حضرات کا ہے۔

منیجر الجمعیۃ بک ڈپو۔ بلیماران دہلی

اطلاعات

وزیر تعلیم کے بیان کی تردید

مولانا شفیع داؤدی کا اعلان حق

مولانا شفیع داؤدی صاحب ذیل بیان آنریبل وزیر تعلیم کے سیاسی دورہ کے متعلق اشاعت کے لئے ارسال فرماتے ہیں۔

[illegible]

طلبا یونیورسٹی کا غیر مشروط معافی نامہ

[illegible]

مراسلات

(ادارہ مراسلہ نگاروں کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

برلن میں اولمپک گیمز کا عظیم الشان جلسہ

[illegible]

(نامہ نگار جرمنی)

چھپرہ مسلم ریلیف کمیٹی

[illegible]

(حافظ) عبدالمجید شفیع

مولانا اشرف علی صاحب کے ترجمہ کا بیشمار خوبیوں والا قرآن مجید

ڈیڑھ روپیہ میں ملتا ہے

یہ آپ کے پاس تو ضرور ہونا چاہئے

[illegible]

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العلمین ○ الرحمن

الرحیم ○ ملک یوم الدین ○ ایاک

نعبد و ایاک نستعین ○ اھدنا

الصراط المستقیم ○ صراط الذین

انعمت علیھم ○ غیر المغضوب

علیھم ولا الضالین ○

ملا تلاوت

[illegible]

میری پیاری بہنو

[illegible]

مرض سیلان الرحم ... [illegible]

ایچ نجم النساء شاہدرہ۔ لاہور



سوئس کے مشہور و معروف کارخانہ کی بنائی ہوئی اصلی فوکن ہفت روزہ کواٹی لیور شین پاکٹ واچ ... [illegible]

کاسمو ٹریڈنگ ایجنسی پوسٹ بکس ۴۰۵ کلکتہ

جڑی بوٹی

[illegible]

ایک قطرہ کا کرشمہ

[illegible]

سعید برادرس اینڈ کو کلاں محل دہلی

سرمۂ نور

[illegible]

(مولانا) نور الدین بہاری بیری والا باغ دہلی

کمزوری نامردی

[illegible]

خضاب چھوڑ دو

[illegible]

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

گپت منتر

یک صد روپیہ انعام

[illegible]

Sidh Mantar ashram

29/1 Katri Sarai

(Gaya)

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

ید اللہ علی الجماعۃ

الجمعیۃ دھلی

سہ روزہ

ادارہ: مسئول محمد عثمان فارقلیط، محی الدین قادری

مولانا نور الدین بہاری

جلد (۲۴) دھلی یوم سہ شنبہ ۱۴ جمادی الآخر ۱۳۵۵ھ مطابق یکم ستمبر ۱۹۳۶ء نمبر (۱۶)

بادۂ گلرنگ

(از جناب شہید تلمیذ حضرت سیماب صاحب اکبرآبادی)

گریباں ٹکڑے ٹکڑے کر رہا ہوں جوشِ وحشت میں
خدا جانے ابھی کرنا ہے کیا کیا ان کو الفت میں

ابھی تو ٹھوکریں ہی کھا رہا ہوں راہِ الفت میں
خدا جانے ابھی لکھا ہے کیا کیا میری قسمت میں

نہ جانے کونسی منزل ہے یہ راہ محبت کی
نظر آتی ہے اب تصویر اپنی تیری صورت میں

تمہاری آرزو تکمیل ضبطِ غم کا باعث ہے
کہ اب لذت مجھے آنے لگی ہے دردِ فرقت میں

رواداری و ہمدردی یہ سب کہنے کی باتیں ہیں
نہ آیا کام کوئی بھی شہید اپنی مصیبت میں

"محویتِ خیال"

(از جناب وقار واثقی - مہو)

وصل میں باعثِ ملال، نہ پوچھ — شادمانی کا تو مآل، نہ پوچھ
جانے کیا کیا سمجھ میں آتا ہے — آج تو وسعتِ خیال نہ پوچھ
اب تصور بھی ہو نہیں سکتا — آہ محویتِ خیال نہ پوچھ
تجھ سے بیگانہ ہونے والا ہے — دلِ خوددار کا خیال نہ پوچھ
ہاں الٹ دے نقاب، ہے کہ نہیں — تابِ نظارۂ جمال، نہ پوچھ

چاہ کر دیکھ تو کسی کو وقار
مجھ سے اس عشق کا مآل نہ پوچھ

حسنِ بے نقاب

(از مولانا تصور صاحب میرٹھی)

شامِ غم کی سحر نہ ہو جائے — زندگی مختصر نہ ہو جائے
آہ میں اب اثر نہ ہو جائے — ختم دردِ جگر نہ ہو جائے
آگیا ہوں میں انکی محفل میں — بے خبر کو خبر نہ ہو جائے
حسن کو بے نقاب کرتے ہو — وقفِ ذوقِ نظر نہ ہو جائے

دُنیائے اسلام

عربی۔ ترکی اور فارسی جرائد کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

امیر عبداللہ والئ شرق اردن کی کوششیں کیوں ناکام رہیں!

عمان میں عربوں کا اجتماع۔ امیر عبداللہ کی دھمکی اور وفد کا جواب

ہائی کمشنر کے وعدوں پر امیر عبداللہ کو اعتبار نہیں ہے

وطن کی راہ میں مرنے کیلئے عربوں کا متفقہ اعلان

فلسطین کے ہنگامہ اور ہڑتال کو ختم کرنے اور عربوں اور حکومت کے درمیان مصالحت کرانے کی غرض سے امیر عبداللہ والئ شرق اردن نے جو اپنی خدمات پیش کی تھیں اور جس طرح یہ گفت و شنید ناکام ختم ہوئی اس کا اجمالی تذکرہ ان ہی کالموں میں پہلے آچکا ہے۔ اب اس مصالحانہ گفتگو کی تفصیلات عربی اخبارات کے ذریعہ ہمیں موصول ہوگئی ہیں جو اپنی اہمیت کے اعتبار سے اس قابل ہیں کہ یہاں ان کو درج کیا جائے۔

عمان میں اجتماع

فلسطین کے ہائی کمشنر نے امیر عبداللہ کے سامنے چند امور پیش کئے تھے جن کو امیر موصوف نے لجنۃ العلیا کے پاس بھیجدیا۔ لجنۃ العلیا نے دو روز کی بحث و تمحیص کے بعد یہ تجویز منظور کی کہ امیر عبداللہ سے اس سلسلہ میں ملاقات کی جائے ...

اپنے وطنی مطالبات کی راہ میں مرنے کا پختہ ارادہ کر لیا ہے۔

اس کے بعد لجنۃ العلیاء کے ارکان نے امیر عبداللہ سے اس بات کی ضمانت طلب کی کہ یہودی ہجرت بند کردی جائے گی مگر امیر موصوف نے اس امر کا وعدہ کرنے سے انکار کردیا جب یہ وفد قدس واپس پہونچا تو امیر موصوف نے موٹر کے ذریعہ ایک نائب بھیج کر ہائی کمشنر فلسطین کو تمام گفت و شنید سے آگاہ کیا اور اس طرح یہ اجتماع ناکامی پر ختم ہوا۔

امیر عبداللہ کی گفتگو

امیر عبداللہ والئ شرق اردن نے فلسطین کے تاریخی حالات پر روشنی ڈالتے ہوئے فرمایا کہ برطانی حکومت ایک زبردست اور عظیم حکومت ہے ...

ہائی کمشنر کا سیاسی وعدہ

ہائی کمشنر کے وعدوں کی حقیقت

عربوں کا صاف جواب

لجنۃ العلیاء کے تمام ارکان اور مدعوین نے یک زبان ہو کر کہا کہ حکومت کی طرف سے مظالم کی انتہا ہو چکی ہے ...

ترکی میں ۲۵ ہزار ترک مہاجرین کی آمد

رومانیا اور بلغاریا کے پناہ گزینوں کا استقبال

ترکی حکومت اپنے ترک مہاجرین کو بسانے کے لئے خاص اہتمام کر رہی ہے۔ ... ماہ جولائی ۱۹۳۶ء میں رومانیا اور بلغاریا سے جو مہاجرین ہجرت کر کے ترکی میں وارد ہوئے ہیں ان کی تعداد ۱۱۸۹۹ ہے۔ اس کے معنے یہ ہیں کہ آئندہ ماہ میں ان مہاجرین کی جو فوج ترکی پہونچنے والی ہے ان کو ملا کر کل تعداد ۲۵ ہزار تک پہونچ جائے گی۔ ان مہاجرین کو مندرجہ ذیل مقامات پر خاص تعداد کے لحاظ سے بسایا جائے گا۔

مہاجرین کی بستیاں

تعداد	مقام	مکانوں کی تعداد	تعداد	مقام	مکانوں کی تعداد
۱۲۳۴	طوقان	۳۵۰	۲۰۳	نیلدیک	۱۵
۳۶۰۳	قیصری	۸۳۳	۲۴۵۲	قونیہ	۹۸۵
۲۲۲۸	بوغاز	۵۹۰	۶۹۸	نیکدہ	۱۶۱
۲۱۸۱	جورم	۳۰۸			

ترکی حکام کے نام احکام صادر کر دئے گئے ہیں کہ مہاجرین کیلئے ہر قسم کی سہولتیں بہم پہونچائی جائیں۔

ترکی بچوں کی جسمانی تربیت

نزہت افزا باغوں کی وسیع اسکیم

ترکی حکومت بچوں کی جسمانی تربیت کے لئے اپنی خاص توجہ خاص طور پر مبذول کر رہی ہے۔ ...

یونان میں گڑبڑ

ترکی وزیر اچانک انگورہ واپس چلے آئے

شیخ بحرین استانبول میں

استانبول کی اطلاع ہے کہ سلطان بحرین، شیخ حامد اپنے فرزند شیخ راشد اور اپنے سکرٹری خاص عبداللہ ... کے ہمراہ لندن سے بذریعہ ایکسپریس ٹرین استانبول پہونچے۔ ...

Regd. No. L 1793.

The Aljamiat

Vol. 24 No. 15 — DELHI Friday The 28th August 1936 — PRICE ONE ANNA

کانگریسی جھنڈے کو قومی جھنڈا قرار دینے کی تجویز

اسمبلی کے آئندہ اجلاس میں پیش ہوگی

لاہور ۱۲ اگست۔ سردار منگل سنگھ ایم۔ ایل۔ اے نے یونائیٹڈ پریس کو اطلاع دی ہے کہ آپ نے اسمبلی کے آئندہ اجلاس میں پیش کرنے کے لئے حسب ذیل تجویز کا نوٹس دیا ہے۔ ...

فلسطین کا معاملہ طے کرانے کی کوشش

یروشلم ۲۷ اگست۔ عراق کے وزیر خارجہ جنرل نوری پاشا یہاں آئے ہیں ...

مسجد شاہ چراغ پر قبضہ نہیں کیا گیا

سرنظے کے متعلق گفت و شنید

لاہور ۲۱ اگست۔ انجمن اسلامیہ پنجاب نے ابھی تک مسجد شاہ چراغ ... پر قبضہ نہیں لیا ...

یو۔ پی کانگریس پارلیمنٹری کمیٹی

انعقاد کی تاریخ میں تبدیلی

خان عبدالغفار خاں کو ایڈریس

خاں صاحب کی جوابی تقریر

برص اور پھلبہری کی نایاب دوا

ویدیا راج افضل کشوری راہم نمبر ۲۹/۱

ڈاک خانہ کشتری سرائے گیا

اخبار الجمعیۃ کیلئے ہر شہر و قصبہ میں ایجنٹوں کی ضرورت ہے

الجمعیۃ بکڈپو کی اسلامی و ادبی کتابیں

کتاب الاسلام — نماز حنفی مدلل مکمل — گھر کا مولوی — بارہ مجالس — اوراد و وظائف — بہشتی زیور کامل — ہماری پانچ کتابیں — اسلامی سیاسی سپاہی — صابر بیبیاں — خواب نامہ صدیقی — فالنامہ ناصری — جو یاں اور انیاں — مرنے سے پہلے — مرنے کے بعد — قبرستان کے تین ولی — بیگمات اودھ — حضرت ابو ذر غفاری — شرح مثنوی مولانا روم — سیرت معاویہ — الفاروق الاعظم — ہفتاد و اولیاء — کتاب معجزات

منیجر الجمعیۃ بکڈپو بلیماران دھلی

اسلامیات

اسلامی نظمِ معیشت اور سرمایہ دارانہ نظمِ معیشت کے اصول
سُود کے متعلق اسلامی قانون اور موجودہ دور کے معاشی مفکرین

(از جناب مولانا ابو الاعلیٰ صاحب مودودی مدیر ترجمان القرآن)

(۵)

(۶) غنائم جنگ اور اموال مفتوحہ کی تقسیم

اس معاملہ میں بھی اسلام نے وہی مقصد پیش نظر رکھا ہے۔ جنگ میں جو مال غنیمت فوجوں کے ہاتھ آئے اس کے متعلق یہ قانون بنایا گیا کہ اس کے پانچ حصے کئے جائیں، چار حصے فوج میں تقسیم کردئے جائیں، اور ایک حصہ اس ...

ایسا بخیل بن جائے کہ اس کے معاشی وسائل جس قدر خرچ کرنے کی اس کو اجازت دیتے ہوں، اتنا بھی نہ خرچ کرے۔ پھر اپنی حد کے اندر رہ کر خرچ کرنے کے بھی معنی یہ نہیں ہیں کہ اگر وہ اچھی آمدنی رکھتا ہے تو اپنی ساری کمائی صرف اپنے عیش و آرام اور تزئک و احتشام پر صرف کردے ...

ایک سوال

(۷) اقتصاد کا حکم

مباحثِ امروز

”الجمعیۃ“ کا مستقبل

اخبار ”الجمعیۃ“ کو جمعیۃ علماء ہند کی سب کمیٹی کے محترم اور باہمت ارکان نے جن نازک اور ناساز گار حالات میں واپس لیا تھا اس وقت کسی کو یقین بھی نہ تھا کہ الجمعیۃ کا دور جدید پہلے سے زیادہ شاندار ثابت ہوگا۔ اور ہندوستان کا بالغ نظر اور ملت پرور طبقہ اس کا گرمجوشی سے استقبال کرے گا۔ یہ خدائے تعالے کا فضل و احسان ہے جس سے ہم کبھی عہدہ برآنہ ہوسکیں گے کہ اس نے کارکنوں اور مخلص خادموں کو پہلے ہی قدم میں استقامت بخشی۔ الجمعیۃ کے صوری و معنوی محاسن میں چار چاند لگائے۔ اہم سیاسی اور اسلامی معلومات سے اس کے صفحات کو مزین فرمایا اور اس کو وہ صحافتی مقام بخشا جو مدتوں کی جدوجہد کے بعد بھی نصیب نہیں ہوا کرتا۔ یہ اس کا فضل کیا کم تھا کہ اس نے مخلص ارکان کو ہمت، استقامت اور اعتماد فی اللہ کی روح بخشی اور چند ہی روز میں اللہ کے بھروسہ اور قارئین کرام کی قدر افزائی پر یہ اعلان کر دیا کہ یکم ستمبر سے الجمعیۃ دس صفحات پر شائع ہوا کرے گا اور اس کو صحافت کا اعلیٰ نمونہ بنا کر ارباب علم و بصیرت کی خدمت میں پیش کرنے کی سعادت حاصل کی جائے گی۔ آج آپ اس وعدہ کا ایفاء اور محترم ارکان کی جلیل القدر مساعی اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں ...

جرمنی۔ انجیل کو نازی کو ڈھانے پڑنا ہوا ہے؟

تیسری صدی عیسوی میں شاہ قسطنطین نے تلوار کے زور سے جعلی اور مصنوعی انجیلوں کو عیسائیوں میں جاری کیا اور اصل انجیلوں کو جلا کر خاک و سیاہ کردیا۔ آج اس کا ردعمل کس شاندار طریقے سے ہو رہا ہے! یعنی ایک بادشاہ کی پھیلائی ہوئی بدعت کو مٹانے کے لئے ایک زبردست حکومت کھڑی ہوئی ہے اور خدائی ارشاد ”یحرفون الکلم عن مواضعہ“ کی صداقت کا ثبوت پیش کر رہی ہے۔

صوبہ سرحد کا انتخاب

صوبہ سرحد میں کانگریس کے انتخاب میں حکام کی طرف سے جو رکاوٹیں ڈالی جارہی ہیں ان سے متاثر ہو کر سرحدی رہنما انتخاب کا بائیکاٹ کرنا چاہتے تھے۔ مگر ہم نے اس سلسلہ میں احرار سرحد کو یہی مشورہ دیا تھا کہ وہ اس راہ میں کوئی عاجلانہ قدم نہ اٹھائیں اور انتخاب کے بائیکاٹ کا خیال ترک کردیں۔ بمبئی سے خان عبد الغفار خاں نے صوبہ سرحد کے کانگریسی کارکنوں کو ایک پیغام دیا ہے جس میں لکھا ہے کہ سرحدی انتخاب کا بائیکاٹ نہ کیا جائے ...

اجمیر میں پوسٹر بازی

یہودی فلسطین اور انگلستان میں

جرمنی اور انجیل

(بسلسلہ صفحہ ہٰذا کالم ۲)

(باقی آئندہ)

موج در موج

گزشتہ اشاعت میں مرزا محمود صاحب مصنوعی خلیفہ قادیان کے ملفوظات پر کچھ تبصرہ کیا گیا تھا آج بھی ان ہی ملفوظات پر طبع آزمائی کی جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ قبول فرمائے اور دارالکفر قادیان کے مصیبت زدوں کو ہدایت کی توفیق بخشے۔ وہ بیان جاتی ہے کہ مرزا آنجہانی استعمار فرنگ کے نقیب اور تعبد و غلامی کے زبردست داعی تھے اور یہ بھی ظاہر ہے کہ ایک غلام جب تک آزادی حاصل نہ کرلے وہ آزادی کے ساتھ اسلام کی اشاعت بھی نہیں کرسکتا۔ اگر کوئی یہ کہنے لگے کہ میاں! ہم غلام ہیں۔ ہمارا پیشہ غلامی کی نشرواشاعت ہے ہے۔ ہم انگریزی کی حکومت حجاز پر دیکھنا چاہتے ہیں۔ بغداد پر انگریزوں کے قبضہ سے ہماری بہت سی پیشگوئیاں پوری ہوگئی ہیں اور ہم اس پر خوشی منانا اپنا فرض سمجھتے ہیں اور ساتھ ہی ہم دنیا کو مسلمان کرکے چھوڑیں گے اور سوائے اسلام کے جملہ مذاہب کو فنا کردیں گے تو کیا ایسے شخص کے جنون میں کسی شخص کو شبہ ہوسکتا ہے؟ اور کیا اکیلے کے لئے بھی اس کے ان دعاوی کو تسلیم کیا جاسکتا ہے؟

لو دیکھو مرزا غلام یورپ کا بیٹا محمود اپنے خطبہ میں دنیا کو اس طرح احمق بنا رہا ہے کہ قادیانیت دنیا پر اسلام کی حکومت قائم کرنا چاہتی ہے۔ چنانچہ فرماتے ہیں: ...

بنگال مسلم لیگ

محکمہ ڈاک کی بے عنوانیاں

... معاہدہ ... کا دوسرا اثر یہ ہوگا کہ ہندوستان کی دیسی صنعتوں کو اور درآمد کی وجہ سے سخت نقصان پہونچا اور بالخصوص صنعت پارچہ بافی اور لوہے کے کارخانوں کو ناقابل تلافی صدمہ پہونچا۔ اور چھوٹی صنعتوں کو سر گرما ابھرنے کا موقعہ نہیں ملا۔

ان حالات کی روشنی میں ہم صرف یہ عرض کرنا چاہتے ہیں کہ آئندہ معاہدہ کی ترتیب کے وقت ہندوستان کی گھریلو صنعتوں کی حفاظت اور موافق توازن تجارت کی بقا کا ضرور خیال رکھا جائے اور برطانیہ سے یہ مطالبہ کیا جائے کہ وہ اگر ہندوستان کی منڈی سے فائدہ اٹھانا چاہتا ہے تو کم از کم ۸ کروڑ روپیہ سالانہ کی ہندوستانی اشیاء مزید خرید کر توازن تجارت کو صحیح صحیح قائم کرے۔

بالشویک لیڈروں کا قتل

سوویٹ روس کے مقدمہ سازش کے سلسلے میں جن ۱۶ بالشویک لیڈروں کے خلاف مقدمہ چلایا گیا تھا ان کو ایک اسپیشل عدالت کے فیصلہ کے مطابق گولی سے اڑا دیا گیا ہے۔ روس کی داخلی فضا اور مخصوص سیاسی حالات کی بنا پر یہ سزا جائز ہو یا ناجائز لیکن مقتول لیڈروں کے مقاصد زندگی اور ان کے خیالات کو پیش نظر رکھتے ہوئے یہ ضرور کہا جاسکتا ہے کہ ضمیر اور خیالات کی آزادی کے اس ترقی پسند دور میں یہ عقوبت یقیناً سفاکانہ اور خلاف انصاف ہے۔

حکومت کی طرف سے ان لیڈروں پر جن میں ٹراٹسکی کا ایک قریبی عزیز بھی ...

الجمعیۃ
دہلی

یوم سہ شنبہ ۱۴ جمادی الآخر ۱۳۵۵ ہجری

برطانوی مصری معاہدہ
مصر کی جنگ حریت کا خوش آیند انجام

۲۶ اگست ۱۹۳۶ء دور حاضرہ کی وہ اہم اور یادگار تاریخ ہے جبکہ لندن کے دفتر خارجہ میں حریت پروران مصر اور استعمار پسندان انگلستان نے ”لوکارنو روم“ میں جمع ہو کر ایک ایسے معاہدہ پر دستخط ثبت کئے جس کے لئے سرزمین مصر ۶ سال سے دیوانہ وار بیتاب تھی اور جذبہ حریت اور ولولہ استقلال سے سرشار ہو کر عبرت آموز قربانیاں کر رہی تھی ...

برطانیہ کے مفادات

جہاں تک اس معاہدہ کے قابل قبول و رد ہونے کا تعلق ہے ہم سمجھتے ہیں کہ اہل مصر اس عہد نامہ کا خیر مقدم کرینگے اور اس کو اپنی کامل آزادی کی طرف ایک مضبوط قدم تصور کرینگے۔ لیکن اس معاہدہ کے افادی پہلو پر نظر ڈالنے سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ اس دستاویز سے برطانیہ کے لئے فائدہ اٹھانے کے مواقع زیادہ ...

مصری مشکلات

انگلستان سے تجارتی معاہدہ

آئینہ افکار

تاریخ بنگال

امرت بازار پتریکا کا نامہ نگار لکھتا ہے کہ ڈھاکہ یونیورسٹی کی طرف سے تاریخ بنگال کی تالیف کا جو کام شروع کیا گیا تھا وہ تیزی کے ساتھ جاری ہے پہلی جلد کے مختلف ابواب جو متعدد عہد پر مشتمل ہوگی مختلف اشخاص کے سپرد کردئے گئے ہیں، اس جلد کی ادارت پروفیسر آر سی ، ماز مدار ڈھاکہ یونیورسٹی نے قبول کی ہے، لکھنے والوں میں بعض اشخاص کے نام حسب ذیل ہیں، جو ابواب انکے سپرد کئے گئے ہیں، ان کے ناموں کے سامنے تو سین میں درج ہیں :-

(۱) ڈاکٹر گوہا انتھروپالوجیکل سروے آف انڈیا (بنگال کی مختلف نسلیں)
(۲) ڈاکٹر رائے چودھری کلکتہ یونیورسٹی (قدیم تاریخی عہد)
(۳) ڈاکٹر باسک ، پریزیڈنسی کالج کلکتہ (سلطنت گپت سے قوم پالا تک ، قانون اور نظام حکومت)
(۴) ڈاکٹر ماز مدار ، (قوم پالا ، قوم سینا ، اقتصادی تاریخ ، اور بنگال عظمیٰ)
(۵) ڈاکٹر رائے ، کلکتہ یونیورسٹی ، (چندر ا برمن اور دوسرے چھوٹے چھوٹے خاندان ۔
(۶) مسٹر ان جی ماز مدار محکمۂ آثار قدیمہ ، (فنون وصنعت)
(۷) ڈاکٹر ... ڈھاکہ یونیورسٹی (سنسکرت لٹریچر)
(۸) ڈاکٹر چیٹرجی ، کلکتہ یونیورسٹی ، (ملکی لٹریچر)

دوسری جلد میں بنگال پر مسلمانوں کے پہلے حملے سے نیز بنگال کے آخری پٹھان فرمانروا داؤد تک کی تاریخ ہوگی ۔ تیسری جلد عہد مغلیہ پر مشتمل ہوگی جس میں داؤد سے لے کر جنگ پلاسی تک کے حالات ہونگے ۔ ان دو جلدوں کی ادارت سر جادو ناتھ سرکار کے ہاتھ میں ہے مختلف ابواب مندرجہ ذیل اشخاص کو دئے گئے ہیں :-

... (ابل حبش)
(۲) پروفیسر شرف الدین ، سراج شاہی کالج (ابل حبش)
(۳) سر جدو ناتھ سرکار ، (مغلوں کی فتح ، معاشرتی اور اقتصادی تاریخ ، قانون اور نظام حکومت ، سیاسی تاریخ ، شایستہ خاں سے سراج الدولہ تک جس میں مرہٹوں کے حملے بھی شامل ہوں گے ۔
(۴) حکیم حبیب الرحمن (اشاعت اسلام اور بنگال میں اسلامی تہذیب و تمدن)
(۵) پروفیسر سین ، شانتی نکتن ۔ (مذہب اور مذہبی حالت)
(۶) پرنسپل داس گپتا ، سنسکرت کالج ، بشمول پروفیسر دینیش بھٹاچاریا
پروفیسر جیتندر ناتھ چکرورتی (سنسکرت لٹریچر)
(۷) ڈاکٹر چیٹرجی ، کلکتہ یونیورسٹی ، (ملکی لٹریچر ، اور دیسی کہانیاں)
(۸) ڈاکٹر انعام الحق ، (سندی ، اسلامی لٹریچر ، اور لٹریچر میں مسلمانوں کا حصہ)
(۹) پروفیسر سین ، کلکتہ یونیورسٹی ، (بنگال میں پرتگالی)
(۱۰) پروفیسر کالی کنکر دت ، پٹنہ کالج (علی وردی خاں)
(۱۱) پروفیسر نرود ھ بھوشن رائے ، (سلاطین تغلق)
(۱۲) پروفیسر سین ، کلکتہ یونیورسٹی ، (ملکی لٹریچر)
(۱۳) پروفیسر باسو ملک ، میرٹھ کالج ، (عہد مغلیہ سے قبل کا مذہب)

(مجلہ معارف)

واحد علاج

آپ کسی شہر اور قصبہ کے مسلمانوں کو دیکھئے ، وہاں خلاف شرع کاموں کی وہ کثرت ہوگی جن کے تصور سے دل کانپ اٹھتا ہے مصیبتوں کی وہ کیفیت ہوگی جس کی تفصیل سے کلیجہ منہ کو آتا ہے ، وہاں خانہ جنگی ہوگی ، بے کاری ہوگی ، بچوں کی ...

... زردی اور جسموں کی کمزوری ہوگی ، آپس کی نااتفاقی ہوگی ، بیقینی وحسد ہوگا ، بے حیائیاں اور ذہنیت ہوگی ۔ آپ دیکھیں گے کہ اگرچہ مسلمانوں کی اصلاح کیلئے ہزاروں وعظ ، لاکھوں جلسے ، بے شمار اخبار اور لاتعداد پروگرام تجویز کئے جا رہے ہیں ، پھر بھی مسلمانوں کی حالت میں کوئی تبدیلی پیدا نہیں ہوتی ۔ وہ بدستور ذلت وخواری میں ڈوبے ہوئے ہیں اور ابھی تک زندگی کا راستہ ان پر کشادہ نہیں ہوا ۔ (ا) اے برادران ملت ! کیا آپ نے کبھی غور فرمایا کہ ایسی حالت کیوں ہے ؟ اللہ تعالیٰ کا جواب یہ ہے ۔ وَمَنْ أَعْرَضَ عَن ذِكْرِي فَإِنَّ لَهُ مَعِيشَةً ضَنكًا ۔ جو شخص میری یاد سے غافل اور لاپرواہ ہوگیا ، اس کے لئے دنیا کی معیشت (روزی) تنگی ، وقف ہوجاتی ہے ۔ دوسری جگہ ارشاد ہوتا ہے ۔ لَا تَعْمَى الْأَبْصَارُ وَلَٰكِن تَعْمَى الْقُلُوبُ الَّتِي فِي الصُّدُورِ ۔ آنکھیں اندھی نہیں ہوجاتیں بلکہ وہ دل جو سینوں کے اندر ہیں ، وہ اندھے ہوجاتے ہیں ، یعنی وہ اپنے نفع ونقصان کو نہیں سوچ سکتے ۔ نیکی اور بدی میں تمیز نہیں کر سکتے ۔ ان تمام خرابیوں کی اصل جڑ بے علمی ہے ۔ اور بے علمی کی سب سے زیادہ بدبختی یہ ہے کہ اس کا دل خوف خدا سے عاری ہوتا ہے ۔ (ایمان)

بھٹکے ہوؤں کی راہ یابی

روس کی تازہ ترین خبر ہے کہ

"حکومت نے طلاق پر پابندیاں عائد کردی ہیں جن سے اب بات بات پر طلاق نہ ہوسکے گی ، اور منع استقرار حمل کا جو طریقہ عام اور مروج تھا اسے ممنوع قرار دیدیا ہے ۔ اسقاط حمل بھی بجز استثنائی صورتوں کے جرم قرار پا گیا ہے ۔"

ہمارا 'ترقی دوست' اور 'تہذیب پرست' طبقہ اب کیا کرے گا ؟ منع استقرار حمل تو ترقی اور روشن خیالی کا آخری نقطہ تھا ! مشرق کی جہالت کی دلیل ، اس ... ۔۔۔ کی گردش کہ یہ سہارا بھی چھنا جا رہا ہے ! جرمنی اس پر پہلے لاحول پڑھ چکا ، اٹلی اس پر مدت ہوئی لعنت بھیج چکا ، اور اب روس کی باری آگئی ! ہندستان بچا رہ تو ابھی جی بھر کر خوش بھی نہیں ہونے پایا تھا کہ 'صاحب' ہی کے ملکوں سے اس پر پھٹکری شروع ہونے لگی !

(مولانا عبدالماجد صاحب ، صدق)

کمیونل ایوارڈ اور کانگریس

ایک اور اہم مسئلہ جو کانگریس کے انتخابی اعلان میں صاف کیا گیا ہے وہ فرقہ وارانہ فیصلہ ہے ۔ بادی النظر میں یہ خیال ہو سکتا ہے کہ فرقہ وارانہ فیصلے کی بر زور مذمت کرکے کانگریس نے اس طرز عمل میں جو وہ اس بات میں گزشتہ دو سال سے اختیار کر رہی ہے کوئی تبدیلی کی ہے ۔ لیکن واقعہ یہ نہیں ہے کیونکہ کانگریس نے اس بات کا اعلان کیا ہے کہ وہ کسی ایسی تحریک کو پسند نہیں کرتی جو کوئی ایک جماعت اس فیصلے کو تبدیل کرانے کے لئے جاری کرے کیونکہ اس کا لازمی نتیجہ یہ ہوگا کہ آپس کا اختلاف بڑھے اور تیسری جماعت اس سے فائدہ اٹھائے ۔ کانگریس کی رائے میں حسب سابق آج بھی اس مسئلے کے حل کا صحیح طریقہ یہی ہے کہ ہندو مسلمان باہمی سمجھوتے سے اسے طے کریں ۔ اور ہمیں یقین ہے کہ اس قسم کی ہر کوشش میں کانگریس نہ صرف امداد دیگی بلکہ پیش پیش رہے گی ۔

بحیثیت مجموعی کانگریس کا یہ اعلان اس کی شاندار روایات کو برقرار رکھنے والا ہے ، اور یہ بات یقینی معلوم ہوتی ہے کہ اس کے خاتمے پر ملک سے جو اپیل کی گئی ہے اس کا ملک خاطرخواہ جواب دے گا اور آئندہ انتخابات میں کانگریسی امیدواروں کو نمایاں کامیابی حاصل ہوگی ۔

(اجمل)

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ملک بنگال کے ایک عورت کا فرزند عاقل و بالغ ... [illegible]

الجواب

[illegible]

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ زمانہ مختلف پالیسی فارم کمپنیاں مختلف قواعد کے ماتحت جو فارم تقسیم کرتی ہیں ... [illegible]

الجواب

[illegible]

ترکی پارلیمنٹ میں انگریزی ترکی قرضہ پر وزیر تجارت کا بیان

پنجسالہ اسکیم کے تحت صنعتی اور حرفتی کارخانوں کا افتتاح

انگریزی اخبارات اور حکومت ترکیہ

(خاص برائے الجمعیۃ)

استانبول (بذریعہ ڈاک) ترکی پارلیمنٹ میں وزیر تجارت رونیہان نے انگریزی ترکی قرضہ کے متعلق ایک سوال کے جواب میں فرمایا کہ ۱۱ جون ۱۹۳۶ء کو ترکی حکومت نے ۳۵۰۰۰۰ پونڈ اسٹرلنگ انگلستان کے بنک میں داخل کئے ہیں ۔ اب تک ترکی حکومت نے انگلستان کو ۵۴۳۰۰۰ پونڈ اسٹرلنگ ادا کئے ہیں ۔ گزشتہ جولائی ۱۹۳۶ء کو قرضہ کی مد میں ۳۱۵۰۰۰ پونڈ ترکی حکومت نے منظور کئے ہیں جو عنقریب انگریزی بنک کے حوالے کردئے جائیں گے ۔

برطانیہ نے حکومت ترکی کو تجارتی معاہدہ کے لئے دعوت دی ہے جس کو حکومت ترکیہ نے منظور کرلیا ہے ۔ اور اس کی طرف سے نمائندے بہت جلد انگلستان روانہ کردئے جائیں گے ۔

ترکی اخبار جمہوریت لکھتا ہے : ۔ انگریزی اخبارات ترکی حکومت کی تعریف میں رطب اللسان ہیں اور وہ جرأت کے ساتھ لکھ رہے ہیں کہ آج صرف ترکوں کی قوم ہی ایک ایسی قوم ہے جو تجارتی ، اقتصادی اور سیاسی معاہدوں کے احترام میں جملہ اقوام سے آگے بڑھ گئی ہے ۔

[illegible]

کارخانہ ظروف کاشی کوتاہیہ میں ۔ کارخانہ تیل اور پوٹاش ، البرطبرمیں ۔

توقع ہے کہ ۱۹۳۷ء کے شروع میں تین ماہ میں سوت اور کپڑے کے کارخانے ناجیلی ، مورش ، مارینوس وغیرہ میں مکمل جائیں گے ۔ اور آہنی برتنی اور شکر سازی کے کارخانوں کا افتتاح عنقریب متعدد مقامات میں ہونے والا ہے ۔

الجمعیۃ مسلمانان ہند کی آواز ہے

آزادی وطن اور فلاح قوم کے نام پر مسلمانوں سے اپیل

حضرت الحاج مولانا عبدالحلیم صاحب صدیقی کا مخلصانہ ارشاد

جمعیۃ علمائے ہند کی بے لوث خدمت انجام دینے اور الجمعیۃ کی تحیف اور کمزور آواز میں وہ اثر پیدا کردے کہ جس سے کل قوم اسلامی ہند کی بے حسی صحیح وکامل احساس میں ان کی بے حسی ، اسلامی روح عمل میں اور انکا موجودہ افتراق وانتشار دینی مواخاۃ اور یک جہتی میں یکسر تبدیل ہوجائے وما ذلک علی اللہ بعزیز ۔ میں ملک وملت کے ادنیٰ خادم کی حیثیت سے قوم کی فلاح وسعادت اور وطن کی آزادی اور ترقی کے نام پر درخواست کرتا ہوں کہ کاروباری حلقہ اخبار الجمعیۃ میں اپنے تجارتی اشتہار دیکر اور دوسرے صحیح فکر وعمل کے متلاشی حضرات اس کی خریداری منظور فرما کر مالی مشکلات سے اخبار کو نجات دلائیں اور ہندوستان کے اس وطن دوست اور قوم پرور مرکزی جماعت کی آواز ... کی حسن توفیق سے اور اپنے مخلص ارکان کے ایثار وقربانی پر قائم ہے اور ، اسالی سے صحیح رہنمائی کا فرض انجام دے رہی ہے ۔

عبدالحلیم صدیقی نزیل بمبئی ۔ ۲۰ اگست ۱۹۳۶ء

انگریزی مصری معاہدہ

مصر کی مکمل آزادی کا آغاز اور برطانیہ کے فوجی اقتدار کا خاتمہ

سوڈان پر مصری افواج کا قبضہ ۔ غیر ملکیوں پر مصری قوانین کا نفاذ

مصر اور برطانیہ کے مابین دفاعی معاہدہ

لندن ، ۲۶ اگست ۔ مصر و برطانیہ کے جدید معاہدہ کی رو سے مصر پر برطانیہ کا فوجی قبضہ ختم ہوجاتا ہے اور مصر و برطانیہ کی ایسی دوستی مستحکم ہوجاتی ہے جو بیس سال تک بدستور رہے گی ۔ ... علاقہ سے ہٹالی جائیں گی ۔ لیکن اسکندریہ کی فوجیں وہاں زیادہ سے زیادہ ۸ سال تک رہ سکیں گی ۔ ... قاہرہ ، اسکندریہ اور اسکندریہ مرسیٰ مطروح والی سڑکوں کی درستی اور ...

[illegible]

آج کی خبریں

توپوں اور مشین گنوں سے گھمسان لڑائی

باغیوں نے ایک سڑک کو اڑا دیا

باغیوں کی شکست کا چوتھا روز

لندن ۹ ۲ اگست ۔ شہر ایرون کی جنگ کو آج چوتھا روز تھا ، آج شام تک زیادہ تر توپوں اور مشین گنوں کا استعمال کیا گیا ۔ شام کے وقت شہر ایرون کے قریب پہاڑی پر گرجا کے پاس گھمسان کی لڑائی ہوئی ۔ سرکاری افواج نے اس جگہ پہلے ہی مورچے قائم کر رکھے تھے ۔ حریفین نے ڈائنامائیٹ کے دستی بم استعمال کئے جن سے زبردست نقصان ہوا ۔

ہسپانوی باغیوں کی امداد کے لئے مراکش سے جو فوج آئی ہے اس نے پہاڑی حصہ اڑا دیا ۔ مگر سرکاری فوجوں نے مشین گنوں سے آتش باری کرکے ان کے چھکے چھڑا دئے اور حملہ آوروں کو ناکامی کے ساتھ لیا ہونا پڑا ۔ باغیوں نے گرجا کو چھوڑ دیا اور شہر ایرون پر بمباری شروع کردی ۔ باغیوں کا ایک بم ... میں گارڈن والا میں آگرا لیکن پھٹا نہیں ۔

تلعہ گزاریوں پر گولہ باری کے بعد حکومت کی فوجیں جزیرہ میجورکا پر قبضہ حاصل کرنے کی کوشش کر رہی ہیں ۔ جزیرہ پر حملہ کرنے والی فوج کے کمانڈر کا بیان ہے کہ باغی جزیرہ کو چھوڑ کر بھاگ رہے ہیں ۔

ہٹلر اور مسولینی کی ملاقات

بالشویک روس کے خلاف یورپ میں ایک مضبوط محاذ بنانے کی تیاریاں

جرمنی کے وزیر پروپیگنڈا کی پیش قدمی

برلن ، ۳۰ اگست ۔ تازہ اطلاعات مظہر ہیں کہ جرمنی کے وزیر پروپیگنڈا ڈاکٹر گوئبیلز بذریعہ ہوائی جہاز وینس پہونچے ہیں تاکہ اٹلی کے ذمہ دار ارباب سیاست سے ملاقات کرکے ہر ہٹلر اور سینور مسولینی کی ملاقات اور اہم مسائل پر گفت وشنید کے لئے تفصیلات تیار کریں ۔ اگر یہ معاملہ طے ہوگیا تو یورپ کے دونوں ڈکٹیٹروں کی ملاقات آخر ستمبر میں برشٹسگاڈن میں ہوگی ۔

ڈاکٹر گوئبیلز کی اس پیشقدمی سے تمام یورپی سیاسیین کو خطرہ پیدا ہوگیا ہے ۔ یہ اندازہ کیا جارہا ہے کہ اس ملاقات کا منشاء یہ ہے کہ سوویٹ روس کے خلاف ایک زبردست متحدہ محاذ تیار کیا جائے ۔ لیکن سرکاری حلقوں کا بیان ہے ۔ کہ اس قسم کی ملاقات کے لئے کوئی تیاری نہیں کی جارہی ہے ۔

شہنشاہ ایڈورڈ ہشتم ترکی میں

گیلی پولی کے انگریزی قبرستانوں کی زیارت کرینگے

استنبول ، ۳۰ اگست ۔ معلوم ہوا ہے کہ شاہی جہاز نہلین جمعرات کے دن چناق پہونچیگا اور ملک معظم ایڈورڈ ہشتم گیلی پولی میں انگریزی قبرستانوں کی زیارت کو جائینگے ... پاشا کے یہاں جائینگے ۔ لیکن چونکہ یہ ملاقات بے ضابطہ ہے اس لئے شاہی رسوم کی ادائیگی نہیں کی جائے گی ۔

یقین کیا جاتا ہے کہ ملک معظم باسفورس میں جہازوں اور کشتیوں کا بھی معائنہ کرینگے ۔

لکھنؤ میں آٹھ ہزار مسلمانوں کا کثیر اجتماع

مدح صحابہ کے سلسلہ میں ناسی گرفتاریاں

گورنر سے مداخلت کی درخواست

لکھنؤ ۲۹ اگست ۔ ... [illegible] ... ایک تجویز میں قانون امتناع مدح صحابہ کو اعلان وکٹوریہ کے خلاف سراسر مذہب میں مداخلت قرار دیاگیا ۔ نیز پولیس کے سخت رویہ پر اظہار نفرت کیا گیا ۔ اور گورنر سے اس معاملہ میں مداخلت کی درخواست کی گئی ۔

دیگر مساجد میں بھی اسی قسم کی تجاویز منظور کی گئیں جن سے بذریعہ تار گورنر کو مطلع کردیا گیا ۔

اس سلسلہ میں معلوم ہوا ہے کہ سرخ قمیص والنٹیروں کی ۳۳ گرفتاریاں جمعہ کے جلوس کے ... میں آئیں اور ان گرفتاریوں کی تعداد شب تک ... تک پہونچ گئی ۔

ایک یہودی کانسٹبل اور دو برطانوی سپاہی ہلاک

فلسطین میں فوج پر عربوں کا حملہ

یروشلم ۲۹ اگست ۔ باوجود اس اطلاع کے کہ عربوں نے ہڑتال اور متشددانہ کارروائیوں کو ختم کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے آج صبح متعدد حادثے پیش آئے ۔ یروشلم میں ایک یہودی کانسٹبل گولی سے مار ڈالا گیا ۔ ایک عرب کو بھی یہودی ، نے گولی سے شہید کردیا گیا ۔ ایک یہودی کو گرفتار بھی کیا گیا ہے ۔ آج پہلی مرتبہ پولیس نے موٹروں کے ذریعہ اور پیادہ بازاروں کا گشت کیا ۔

گزشتہ رات عربوں نے برطانوی سپاہیوں کی ایک پارٹی پر حملہ کیا جس میں ایک برطانوی سپاہی موقعہ پر ہلاک ہوگیا اور دوسرا آج صبح مرگیا تین دیگر سپاہی سخت زخمی ہوئے ۔

ریل گاڑی لائن سے اتر گئی

میرٹھ ۹ ۲ اگست ۔ معلوم ہوا ہے کہ میرٹھ ، خورجہ لائن پر ایک ریل گاڑی میرٹھ سے ۹ میل کے فاصلہ پر لائن سے اتر گئی ۔

تمام گاڑی کے ڈبے پٹری پر سے اتر جانے کی وجہ سے مسافروں کو نہایت سخت دھکا لگا لیکن کسی کے شدید زخم نہیں آئے ۔

انگریزی مصری معاہدہ کا مصر میں استقبال

سعد زاغلول کے مقبرہ پر پھولوں کے ہار

قاہرہ ۳۰ اگست ۔ مصری انگریزی معاہدہ کے بعد مصری حلقوں میں برطانیہ کے لئے نہایت خوشگوار جذبات پیدا ہوگئے ہیں ۔ جرائد مصریہ تیزی تنقید نہیں کررہے ہیں بلکہ نوجوان مصر کو متحد ہونے اور اپنی ذمہ داریوں کو بجا لانے کی ہدایت کر رہے ہیں ۔

کل مصری وفد نے نحاس پاشا اور آپ کی زوجہ محترمہ کی قیادت میں گلاب اور ملیفر کے پھولوں کے ہار بطل حریت سعد زاغلول پاشا کے مقبرہ پر چڑھائے ۔

ناروے میں ٹراٹسکی کی مشکلات

اوسلو ، ۳۰ اگست ۔ وزیر عدلیہ ناروے نے ظاہر کیا ہے کہ حکومت ٹراٹسکی کے لئے کسی مناسب جگہ کی تلاش میں مصروف ہے ۔ اور وہ اپنے سابقہ آرڈر کی رو سے ۱۸ دسمبر تک ٹراٹسکی کو ناروے میں مقام کی اجازت دی گئی تھی پابند نہیں ہے ۔ اگر ٹراٹسکی اپنے لئے کوئی مقام خود تلاش کرے تو حکومت مسرور ہوگی ۔

جرمنی میں محاصل کی زیادتی

برلن ، ۳۰ اگست ۔ توسیع فوج واسلحہ کی بنا پر جرمنی کے مالی ذرائع پر نہایت گراں بار پڑ گیا ہے ۔ اور حکومت نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ کمپنی کے ٹیکس اس سال ۵ ۲ فی صدی اور ۱۹۳۷ء میں ۳۰ فی صدی بڑھا دئے جائیں صرف اس صورت میں جرمنی کی فوجی اسکیم کامیاب ہوسکتی ہے ۔

۳۷۹ آدمی آندھی میں مر گئے

یاولی ، ۳۰ اگست ۔ ایک سرکاری اطلاع ہے کہ جزو بی کوریا میں ایک خوفناک آندھی میں ۹ ۳۷ آدمی مر گئے ۔ ۴۸ اشخاص اب تک غائب ہیں اور ۲۵ آدمی سخت مجروح ہوئے ہیں ، مالی نقصانات بہت زیادہ ہوئے ہیں ۔

اب تک بانوے مسلمان گرفتار ہو چکے

لکھنؤ میں مدح صحابہ کا زور

لکھنؤ ۲۸ اگست ۔ گزشتہ شب احراری سرخ قمیص والنٹیروں کا مدح صحابہ پڑھتا ہوا ایک جلوس نکالا گیا ۔ پولیس نے آج صبح ان احتجاجیوں کے تین خاص لیڈروں کو گرفتار کرلیا ۔ عبداللطیف خاں احرار والنٹیروں کے کپتان کو احرار آفس میں گرفتار کیا گیا ۔ اور مسٹر ... احمد سکریٹری مجلس احرار اور حفاظت اللہ صاحبان کو ان کے گھر پر گرفتار کیا گیا ۔ اب تک مدح صحابہ کے سلسلہ میں ۹۲ گرفتاریاں عمل میں آ چکی ہیں ۔

مدراس میں بھوکوں کا جلوس

بیکاری مردہ باد کے نعرے

مدراس ۲۸ اگست ۔ بھوکوں نے جو کہ مدراس لیجسلیٹو کونسل کے ریفرمز اپنی شکایات پیش کرنے کی غرض سے ۲۸ اگست کو مدراس آئے تھے ۔ کل صبح کانگریس ہاؤس سے جلوس نکالا جو کہ کونسل چیمبر کی جانب روانہ ہوا ۔ لیکن پولیس نے اسے راستہ میں ہی روک دیا ۔ اس کے بعد اہل جلوس کانگریس ہاؤس واپس چلے گئے جہاں ایک پبلک جلسہ ہوا جس میں کئی افراد نے تقریریں کیں ۔

اہل جلوس راستہ میں سرمایہ پرستی مردہ باد اور بیکاری مردہ باد کے نعرے لگا رہے تھے ۔

ٹراٹسکی اور انکی اہلیہ کی نظر بندی

حکومت ناروے کا تازہ حکم

اوسلو ۲۸ اگست ۔ روئٹر کا ایک تازہ پیغام مظہر ہے کہ حکومت ناروے کے وزیر عدل نے ٹراٹسکی اور اس کی بیوی کی نظر بندی کا فرمان جاری کردیا ہے معلوم ہوا ہے کہ جب تک کوئی مقام تجویز نہ ہو جائے ان کو موجودہ مکان ہی میں نظر بند کیا جا ئیگا ۔ ٹراٹسکی کے دو سکریٹریوں کو عنقریب ہی ناروے سے جلاوطن کردیا جائے گا ۔ نظر بندی کی وجہ یہ بتائی جاتی ہے کہ حکومت ناروے نے جن شرائط کے ماتحت ٹراٹسکی کو ناروے میں رہنے کی اجازت دی تھی ان کو اس نے ماننے سے انکار کردیا ہے ۔

نوجوان نے تمام کنبہ کو قتل کردیا

خود پھانسی کھا کر مرگیا

مدراس ۲۹ اگست ۔ ایک بڑی دردناک کہانی کی اطلاع گاؤں ... سے جو کہ تنجور ضلع میں مایاورم کے پاس ہے ملی ہے ۔

واقعہ اس طرح بیان کیا جاتا ہے کہ ۲۲ سال کے نوجوان نے گھریلو معاملات پر جھگڑا ہونے کی وجہ سے اپنے بھائی اور اس کی عورت لڑکا اور دو آدمیوں پر بری طرح سے حملہ کیا جس کی وجہ سے وہ سب مرگئے اور پھر اپنے آپ پھانسی لگا کر خودکشی کرلی ۔ پولیس موقعہ پر پہنچ گئی اور ان چھ مردہ لاشوں کو پوسٹ مارٹم کے لئے بھیجدیا گیا ۔

یہ بھی کہا جاتا ہے کہ ملزم ... بہت تیز مزاج کے مشہور تھے ۔

حبشیوں کا عدیس ابابا پر زبردست حملہ

راس ایلو اطالوی فوج سے مل گیا

... ۲۹ اگست ۔ ایک بارہ سو حبشیوں نے جنوبی ہوائی مستقر سے عدیس ابابا پر حملہ کردیا لیکن اطالوی فوج نے ان کو پسپا کردیا اور ان کے دو سو آدمی مارے گئے ۔ حکومت اٹلی کے چالیس سپاہی ہلاک اور چالیس زخمی ہوئے ۔ راس ایلو نے حملہ آوروں کو پسپا کرنے کے لئے اطالوی فوج کی امداد کی ۔

مزدوروں اور کسانوں کے ساتھ کانگریس کا تعلق

یوپی کانگریس کمیٹی کی کونسل کا اجلاس

لکھنؤ ، ۲۸ اگست ۔ مسٹر رفیع احمد قدوائی کی زیر صدارت یوپی پراونشل کانگریس کمیٹی کی کونسل کا اجلاس منعقد ہوا جس میں پنڈت جواہر لال نہرو ، آچاریہ نریندر دیو اور مسٹر جے ۔ بی کرپلانی بھی شریک ہوئے ۔

صوبہ کی مختلف کانگریس کمیٹیوں نے عوام کے ساتھ کانگریس کے تعلقات کے متعلق فہرست سوالات کے بارے میں جو جواب بھیجے تھے ان پر غور کرنے کے بعد یہ طے ہوا کہ کانگریس اور مزدوروں اور کسانوں کے درمیان نزدیکی تعلقات قائم کرنے کے لئے میٹنگ میں ایک اصول طے کیا گیا جو دو طریقوں پر مشتمل ہے ایک یہ کہ مزدوروں اور کسانوں کی انجمنوں کو کانگریس کے اندر نمائندگی دی جائے اور دوسرا یہ کہ کسانوں اور مزدوروں کی ٹریڈ یونین اور کسان سبھائیں قائم کی جائیں ۔ میٹنگ میں یہ بھی قرار پایا کہ مزدوروں اور کسانوں کی ایسوسی ایشنوں کو ایک صوبہ کے کل ڈیلی گیٹوں میں ۵ ۲ فی صدی سے زیادہ نمائندگی نہیں حاصل ہونی چاہئے ۔

سوفتہ کے مسلمان

اخبار میں طبقہ کو تھانجات سوفتہ کے واقعات یاد ہوں گے آٹھ سال کا عرصہ ہوا سوفتہ کے مسلمانوں پر جاٹوں نے ... کی تھی اور مقصد یہ تھا کہ مسلمانوں کو گاؤ کشی کی قربانی نہ کرنے دیں ۔ اگر پولیس کی امداد وقت پر نہ پہنچتی اور مجبور ہو کر ان پر گولی نہ چلائی جاتی تو مسلمانوں کو برباد کرنے میں حملہ آور کامیاب ہو جاتے ۔

سوفتہ ضلع گوڑ گاؤں تحصیل بلول میں ایک چھوٹا سا گاؤں ہے جس کے چاروں طرف ہندو جاٹ آباد ہیں ۔ اور یہی وہ گاؤں ہے جس پر جاٹوں نے چڑھائی کی تھی ۔ اگر چہ اس وقت حکام کی فوری مداخلت اور جمعیۃ علمائے ہند کے شعبہ تبلیغ کی فوری توجہ سے معاملہ رفع دفع ہوگیا مگر اب معلوم ہوتا ہے کہ جاٹ پھر ... منظم سازش میں شریک ہیں ۔ گاؤں کے بالکل متصل ایک پاٹھ شالہ بنائی گئی ہے جس میں مسلمانوں کے خلاف سازش کی جاتی ہے ، جاٹوں نے مسلمانوں کو ڈرانا اور دھمکانا شروع کردیا ہے ۔ اور قربانی بند کرنے کے لئے ہر قسم کا دباؤ ڈالا جارہا ہے ۔

[illegible]

شربت اکسیر
رجسٹرڈ
تندرستی کا بیمہ
سنئے جناب ! یہ شربت اکسیر جس کا اشتہار آپ کے پیش نظر ہے ...
شربت اکسیر کا استعمال کیجئے
ایک شیشی شربت اکسیر منگا کر ضرور استعمال فرمائیں ۔
میری تحریر کی صداقت آپ کو فوراً ہو جاویگی
جریان : جو نامردی اور ضعف باہ کا پیش خیمہ ہے کیسا ہی بڑھا ہوا کیوں نہ ہو شربت اکسیر کے استعمال سے جڑ سے جاتا رہتا ہے ... سفید سفید دھات کا گرنا ... نطفہ کا پتلا ہونا ... شربت اکسیر نہایت ہی مفید ثابت ہوا ہے ...
قیمت فی شیشی ایک روپیہ ... محصول ڈاک ...
ملنے کا پتہ : ... مولوی محبوب الٰہی ...
رمضان ... ایس ۔ اے ۔ بی ۔ بخش ۔ کمپنی
... کولوٹولہ اسٹریٹ ۔ کلکتہ

Long Life
Reform Pen (Regd.)
لانگ لائف
ریفارم پن (رجسٹرڈ) جو ایک ہزار فٹ کی بلندی پر سے گرنے پر بھی نہیں ٹوٹتا ...
سول ڈسٹری بیوٹرز رحمان برادرس ... نئی سڑک دہلی

عربی لیڈروں نے ہڑتال ختم کرنیکا اعلان کردیا

عراق کے وزیر خارجہ نوری پاشا کی مساعی کا نتیجہ

لندن ۳۰ اگست۔ اطلاع موصول ہوئی ہے کہ یروشلم کے عربی لیڈروں نے ہڑتال بند کرنے کا اعلان شائع کردیا ہے۔ لیکن رائٹر کا بیان ہے کہ ابھی تک حکومت اور عربی لیڈروں میں گفت و شنید جاری ہے اور جلدی مجھوتہ ہونے کی توقع ہے۔

اخبار ڈیلی ٹیلیگراف کا نامہ نگار لکھتا ہے کہ فلسطین کے عربی لیڈروں نے غیر متوقع طور پر ثالثی کی جد و جہد کو بند کرکے اعلان کردیا جو گزشتہ چار ماہ سے جاری تھی۔ متوقع کیا جاتا ہے کہ یہ ہڑتالی آج سے کام شروع کردیں گے۔ عراق کے وزیر خارجہ نوری پاشا کی مساعی سے مجھوتہ ہونے کی توقع ہے۔ انہوں نے عربی لیڈروں کو یقین دلادیا کہ برٹانیہ ان کے مطالبات پر ہمدردی کے ساتھ غور کرے گا۔ ہڑتال بند کرنے کے اعلان میں حکومت سے درخواست کی گئی ہے کہ وہ یہودیوں کی آمد بند کردے۔

عربی لیڈروں کی ایک میٹنگ بھی منعقد ہوئی جس میں حالات پر غور کیا گیا۔

مقامیات

قانون امتناع مدح صحابہ کی مذمت

جامع مسجد دہلی میں زبردست احتجاج

دہلی ۳۰ اگست۔ کل جمعہ کو جامع مسجد دہلی میں زیر اہتمام انجمن ترقی اسلام ایک جلسہ مولانا احمد سعید صاحب کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں متعدد علماء کرام پرجوش تقریریں کیں۔ ... صحابہ کرام کے محامد و فضائل بیان فرمائے۔ ...

معاصر مدینہ کا شکریہ

اخبار الجمیعۃ کے انتظام کی سب کمیٹی نے اپنے ماتحت ... مولوی مجید حسن صاحب مالک اخبار مدینہ ... الجمیعۃ کی خدمات حاصل کی جائیں ... ناظرین کرام مطلع رہیں کہ ... الجمیعۃ میں مستقل طور پر ... نام درج کردیا جائے۔

مدیر الجمیعۃ

چار روپیہ پر چاقو چل گئے

دہلی میں دو اشخاص کا دھنیہ قاتلانہ حملہ اور گرفتار

دہلی ۳۰ اگست۔ کل سعدی بیگ ... ایک خونریز ہنگامہ ہوگیا جس میں دو شخص گھائل ہوئے۔ ...

افضل مرزا اروین ہسپتال میں داخل کردیا گیا لیکن وہ جاں بر نہ ہوسکا۔

بھائی پرمانند کا سیاہ جھنڈوں سے استقبال

خواتین دہلی کا اسٹیشن پر اجتماع

دہلی ۳۰ اگست۔ کل صبح جس وقت بھائی پرمانند صدر ہندو مہاسبھا پنجاب میل سے دہلی پہنچے تو خواتین دہلی نے سیاہ جھنڈوں سے ان کا استقبال کیا ...

سول ہسپتال بند کردیا جائیگا

دہلی میونسپل کمیٹی کا فیصلہ

دہلی ۳۰ اگست۔ کل دہلی میونسپل کمیٹی نے تین کے مقابلہ میں سولہ کی اکثریت سے فیصلہ کرلیا کہ ... سول ہسپتال ... بند کردیا جائے گا۔ ...

دو چینی سرغنوں کو پھانسی

شنگھائی ۳۰ اگست۔ جاپانیوں نے ... چینیوں پر مقدمہ چلایا ... دو سرغنوں کو آج پھانسی دیدی گئی۔ ...

مہاراجہ میسور وائنا میں

وائنا ۳۰ اگست۔ کل مہاراجہ میسور یہاں پہنچے ہیں اور انہوں نے برسٹل ہوٹل میں ۳۵ کمرے ... لئے ہیں۔

دو گاؤں اور چھ آدمی سیلاب میں بہ گئے

ناہور ۲۹ اگست۔ کشمیر ... سیلاب کی تباہ کاریوں کے متعلق ... مزید تفصیلات موصول ہوئی ہیں ... ۱۸ آدمی سیلاب میں بہ گئے ...

اسپین کے باغیوں کو شکست ہوگئی

میڈرڈ ۲۹ اگست۔ شہر سان سبیستان پر قبضہ کرنے کے لئے آج پھر باغیوں نے ... حملہ کیا ... باغیوں کو شکست کا منہ دیکھنا پڑا ...

روسی علاقہ پر جاپانی طیاروں کی پرواز

ماسکو ۲۹ اگست۔ حکومت روس نے اپنے سفیر مقیم ٹوکیو کے ذریعہ سے جاپانی ہوائی جہازوں کی طرف سے متعدد بار روسی علاقہ پر پرواز کرنے کے خلاف پروٹسٹ کیا ہے۔ ...

انتداب فلسطین کا غلط کارانہ استعمال

برطانیہ کی دورخی پالیسی کے متعلق مسٹر چرچل کا اظہار خیال

(ترجمہ خاص برائے الجمیعۃ)

جنگ عظیم کی عارضی صلح کے بعد فلسطین کے حالات میں کبھی سکون پیدا نہ ہوا بلکہ ہمیشہ عربوں اور حکومت میں ایک جنگ رہی اور عرب برابر اپنے حقوق کا مطالبہ کرتے رہے اگر بہ نظر غائر دیکھا جائے تو اس کی تمام تر ذمہ داری برطانیہ پر ہے اور اس کی اصل وجہ برطانی انتداب ہے جس سے عرب ہمیشہ ناخوش اور اسے اپنے لئے سم قاتل سمجھتے رہے ہیں فلسطین کے ان ہنگاموں اور شورشوں سے برطانی شہنشاہیت پر جو ضرب کاری لگی ہے وہ حقیقت میں ناقابل بیان ہے جس کا خود برطانیہ بھی معترف ہے۔

۱۹۱۹ء سے آج تک عربوں نے جو جنگ آزادی لڑی ہے اور برطانی انتداب نے ان کے مطالبات کو ٹھکرا کر ان پر جو مظالم روا رکھے ہیں ان کو سمجھنے سے پہلے یہ ذہن نشین کرنا ضروری ہے کہ برطانیہ نے کبھی عربوں کی ہمدردی حاصل نہیں کی، بلکہ عربوں کی اکثریت کو ہمیشہ حکومت سے اختلاف رہا۔ یہاں تک کہ بین الاقوامی لیگ کی تحقیقاتی کمیشن کو بھی اس کا اعتراف کرنا پڑا کہ عربوں میں برطانی انتداب سے سخت ناراضگی پھیلی ہوئی ہے ...

نام نہاد لیجسلیٹو کونسل محض ایک بیکار سی چیز ہے اور اسے ملکی معاملات میں دخل کرنے کا کوئی حق حاصل نہیں ہے یہاں تک کہ وہ برطانی انتداب سے تعلق رکھنے والے اہم مسائل پر بھی بحث نہیں کرسکتی ...

اگست ۱۹۲۹ء کے ہنگامہ فلسطین کے شا کمیشن نے جو تحقیقات کی ہے اس سے پتہ چلتا ہے کہ برطانی حکومت نے انتداب کا غلط کارانہ استعمال کیا ...

عربی وفد اور مسٹر چرچل

...

برطانیہ کی دورخی پالیسی

...

نمائندہ حکومت کے قیام سے انکار

فلسطین کی موجودہ نازک صورت حالات سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ برطانیہ اپنے وعدوں کو پورا کرنے سے گریز کررہا ہے ...

موجودہ نام نہاد کونسل کی حقیقت

...

مندرجہ ذیل معمہ حل کرنے سے گھڑی مفت مل سکتی ہے

ایک فینسی فولڈ گولڈ الیو دستی گھڑی قیمتی تیس روپے کی اور تین گھڑیاں سنہری دستی خوبصورت الیتی بیس روپے کی انعام

نمبر شمار	الفاظ	خلاف لفظ	اشارات	صحیح لفظ
۱	ذم	اضافہ	قرات	
۲	مدح	اضافہ		
۳	والی	خدمت	مذہب	
۴	تاوان	اضافہ	آل	
۵		حذف	تاجر	
۶		حذف		
۷		اضافہ		
۸		حذف		

ایس۔ ایم۔ دین جاند نانا آرگنائزر گھنٹہ بازار چاندنی چوک متصل پنجاب نیشنل بنک دہلی

حکومت روس کی وعدہ خلافی

سازش روس کے سولہ ملزموں کو گولی سے اڑادیا

ٹراٹسکی کا اظہار مذمت

ماسکو ۲۵ اگست۔ سوویٹ روس کے مقدمہ سازش کے تمام سولہ ملزموں کو جن کو سزائے موت دی گئی تھی گولی سے اڑادیا گیا۔ ملزموں نے سنٹرل ایگزیکیٹو کمیٹی میں اپیل کی تھی مگر ان کی اپیل خارج کردی گئی۔ ... ٹراٹسکی کو سازش کا ذمہ دار ٹھیرایا گیا تھا ...

فرقہ وارانہ تعصبات کے خلاف اظہار افسوس

سرحد کے کانگریسی کارکنوں کو انتخاب میں شریک ہونے کا مشورہ

گاندھی سرحد خان عبد الغفار خاں کا اظہار خیال

بمبئی ۲۸ اگست۔ صوبہ سرحد میں کانگریس کی انتخابی سرگرمیوں میں سرکاری افسروں کی مداخلت اور اس تجویز کے بارے میں آیا کانگریس کو اس کے خلاف احتجاج کے طور پر آیندہ انتخابات کا بائیکاٹ نہیں کرنا چاہئے۔ خان عبد الغفار خاں کی رائے کا پتہ اس بیان سے چلتا ہے ... نے خان موصوف سے تبادلہ خیالات کرنے کے بعد نمائندہ اسوسی ایٹڈ پریس کو دیا ہے۔ ...

بیکاری کو دور کرنیکی تدابیر کیجائیں

اسمبلی کے کانگریسی ممبروں کی حکومت سے سفارش

دہلی ۳۰ اگست۔ کانگریس پارٹی کے ممبروں نے اسمبلی کے آیندہ اجلاس میں مندرجہ ذیل ریزولیوشن پیش کرنے کا نوٹس دیا ہے۔

پروفیسر رنگا

(۱) یہ اسمبلی گورنر جنرل بہ اجلاس کونسل سے یہ سفارش کرتی ہے کہ گرگ چلانے والوں میں جو بیکاری بڑھتی جارہی ہے اسے روکنے کی کوشش کی جائے ... کی جائے کہ وہ گرگ چلانے والوں سے ہی کپڑا خریدیں۔

(۲) یہ اسمبلی گورنر جنرل بہ اجلاس کونسل سے یہ سفارش کرتی ہے کہ قانون ضابطہ فوجداری میں اس طریقہ سے فوری ترمیم کی جائے کہ کسانوں کی آنکھ اراضی قرقی سے مستثنیٰ کردی جایا کرے ... تاکہ وہ اپنا اور اپنے بال بچوں کا پیٹ بھر سکیں۔

(۳) یہ اسمبلی گورنر جنرل بہ اجلاس کونسل سے یہ سفارش کرتی ہے کہ وہ ہندوستان اور بالخصوص کسانوں اور مزدوروں کی شہری آزادی سلب کرنے کے بارے میں تحقیقات کرنے کے لئے ایک کمیٹی مقرر کرے جو کہ ممبران اسمبلی پر مشتمل ہو اور جو یہ سفارش کرے کہ ان کی آزادی کس طرح بحال ہوسکتی ہے۔

مسٹر گری

(۱) یہ اسمبلی گورنر جنرل بہ اجلاس کونسل سے سفارش کرتی ہے کہ بیکاری کی وجہ سے ملک میں جو نازک صورت حالات پیدا ہوگئی ہے اسے ختم کرنے کے لئے فوری تدابیر اختیار کی جائیں۔

مسٹر کیلاش بہاری لال

(۱) یہ اسمبلی گورنر جنرل بہ اجلاس کونسل سے سفارش کرتی ہے کہ برطانی سیڈیشن کونسل پر اس امر کے لئے زور ڈالا جائے کہ وہ ۵ مئی ۱۹۳۶ء کے ریزولیوشن پر دوبارہ غور کرے۔

مسٹر کلادھر چلیا

یہ اسمبلی گورنر جنرل بہ اجلاس کونسل سے سفارش کرتی ہے کہ انہوں کی اندرونی تجارت وغیرہ ... کی کاشت میں دس فی صدی سالانہ کمی کرنے کے لئے فوری تدابیر اختیار کی جائیں۔

ترکی میں تعلیمی ترقی

ترکی وزیر تعلیمات نے جو رپورٹ سال کے اختتام پر شائع کی ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس وقت ابتدائی مدارس کی تعداد ۵۹۹۳ ہے جن میں ۲۰۳۳ مدرس ہیں اور ابتدائی مدارس کے طلباء کی تعداد ۵۹۰۰۰ ہے یہ تعداد یونیورسٹی وغیرہ کے طلباء کے علاوہ ہے۔

وزیر ہند کو جواب الجواب

کلکتہ ۲۹ اگست۔ ... وزیر ہند کے پاس بنگال کے ہندوؤں کی جانب سے کمیونل ایوارڈ کو تبدیل کرنے کے بارے میں جو میمورنڈم بھیجا گیا تھا اور جس کو انہوں نے نامنظور کردیا تھا اس کا مفصل جواب دیا گیا ہے۔

چین میں مذہبی آزادی کا اعلان

مسلم مدارس اور مساجد سے پابندیاں اٹھالی گئیں

شملہ۔ کچھ روز ہوئے یہ خبر آئی تھی کہ حکومت چین نے سنکیانگ میں مسلم مدارس بند کردئے ہیں اور مساجد میں نماز پڑھنے کی ممانعت کردی ہے۔ اس سلسلہ میں اب ایک سرکاری بیان شائع ہوا ہے جس میں یہ بتایا گیا ہے کہ سابقہ حکم غلط فہمی پر مبنی تھا۔ آیندہ ہر شخص کو مذہبی آزادی حاصل ہوگی۔ مدارس کھلے رہیں گے اور نماز پڑھنے پر کوئی پابندی نہیں ہوگی۔

حضرت مولانا ابو الکلام آزاد کا ورود مسعود

دہلی ۳۰ اگست۔ حضرت مولانا ابو الکلام آزاد بمبئی سے مراجعت فرمائے دہلی ہوگئے ہیں۔ آپ ایک ہفتہ تک قیام فرمائیں گے حضرت مولانا کوٹھی نمبر ۱۳۱ واقع دریا گنج میں قیام پذیر ہیں۔

فرزندان روس تیار ہوجائیں

صدر جمہوریہ روس کا وطن پرورانہ اپیل

لندن ۳۰ اگست۔ معاصر ایوننگ نیوز نے ... صدر جمہوریہ روس کا ایک اپیل شائع کی ہے جو موصوف نے لینن گراڈ ریڈیو سے براڈکاسٹ کیا ہے اپیل کا خلاصہ یہ ہے۔

"ہم نہایت نازک حالات میں سے گزر رہے ہیں۔ ممکن ہے کسی وقت فرزندان روس سے یہ مطالبہ کرنا پڑے کہ وہ اپنے، اور وطن کی حفاظت کے لئے اپنی جانیں قربان کریں۔ ہمارے دشمن قوت حاصل کرنے جارہے ہیں۔ اس لئے تم بھی تیار ہوجاؤ۔"

پنجاب کونسل کی صدارت

لاہور ۲۸ اگست۔ پنجاب کونسل کی صدارت کے لئے راؤ بہادر چودھری چھوٹو رام خاں بہادر ملک محمد دین اور سردار بہادر بوٹا سنگھ ڈپٹی پریزیڈنٹ پنجاب کونسل امیدوار ہیں۔ علاوہ ازیں چند شہری مسلمان ممبروں نے کھڑے ہونے کا اعلان کیا تھا۔ انہوں نے اب ارادہ ترک کردیا ہے۔ یہ معلوم ہوا ہے کہ ہندو اور سکھ ممبران نے خان بہادر ملک محمد دین کی حمایت کا فیصلہ کیا ہے۔ لیکن چند دیہاتی ہندو ووٹروں نے خان بہادر صاحب کی حمایت کرنے سے انکار کردیا ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ اس وقت پنجاب کونسل کی صدارت کے متعلق شہری اور دیہاتی کا سوال پیدا ہوگیا ہے ... رام کی کامیابی کی زیادہ توقع ہے۔ ...

ڈاکٹر راجن کا احتجاج

ترچناپلی ۲۸ اگست۔ ڈاکٹر ٹی۔ ایس۔ ایس راجن نے کانگریس کی ممبری سے الگ ہونے کے لئے اپنا استعفیٰ بھیج دیا ہے۔ ...

جعلی چکوں سے نو ہزار روپیہ وصول کرلیا

ملزم کو ۵ سال قید سخت کی سزا

کراچی ۲۸ اگست۔ تین جعلی چک استعمال کرکے روپیہ وصول کرنے کے الزام میں ایک خوش پوش نوجوان کے خلاف تین مختلف مقدمات چلائے گئے تھے اور اسے پانچ پانچ سال قید سخت کا حکم سنایا گیا۔ لیکن تینوں سزائیں بیک وقت شروع ہوں گی۔

عدالت میں ملزم نے صحت جرم سے انکار کرتے ہوئے کہا تھا کہ میں نے تین جعلی چک استعمال کرکے نو ہزار روپیہ وصول نہیں کیا۔

استغاثہ کا بیان ہے کہ ملزم ایک تیل کمپنی میں ملازم تھا لیکن اسے ملازمت سے برطرف کردیا گیا تھا۔ بعد میں کمپنی کو معلوم ہوا کہ چک بکوں سے چند چک غائب ہیں۔ تحقیقات پر یہ راز منکشف ہوا کہ ان کے ذریعہ ملزم نو ہزار روپیہ وصول کرچکا ہے۔ چنانچہ کمپنی نے پولیس کو اطلاع دی۔ پولیس نے نوجوان مذکور کو حیدرآباد میں گرفتار کرلیا اور اس کے قبضہ سے تین ہزار روپیہ کی رقم برآمد کی۔ خیال ہے کہ باقی روپیہ ملزم نے عیاشی میں ضائع کردیا ہوگا۔

بے تصدیق بات پر شک ممکن ہے

لیکن جب لاکھوں اشخاص تصدیق کرچکے ہیں اور ڈنکے کی چوٹ پر کہہ چکے ہیں کہ مقویات مشہور عالم آتنک نگرہ گولیاں تبض بد ہضمی یا خون۔ منی کی خرابی، جریان۔ احتلام۔ سرعت انزال۔ رقت منی کی لاثانی علاج ہیں تو اب شک کس لئے آپ بھی ایک مرتبہ آزمائش کرکے دیکھ لیجئے۔ قیمت فی ڈبی ۳۰ گولیاں ایک روپیہ (عہ) پانچ ڈبیاں چار روپے (للعہ)

ملنے کا پتہ

آتنک نگرہ فارمیسی جام نگر کاٹھیاواڑ

اگر آپ گھر بیٹھے مفت

حکیم یا ڈاکٹر کی خدمات حاصل کرنا چاہتے ہیں تو

کارخانہ اسیکو ورکس کی فہرست ادویات مع طریقہ علاج اور مفید کارآمد معلومات ذیل کے پتہ سے مفت طلب فرمالیں۔ سمجھ لیجئے کہ آپ کو کافی معلومات حاصل کرسکتے ہیں ہر قسم کے علاج کا صحیح طریقہ مفصل درج ہے ہر شخص اور ہر گھر کیلئے مفید کتاب ہے اس کارخانہ کی ادویات طب قدیم اور جدید کی معلومات کا نچوڑ ہیں جو دنیا کے بڑے بڑے نامور اور مشہور اطباء کے مستند اور معتبر نسخوں کے مطابق تیار کی جاتی ہیں اور جو لاکھوں مریضوں پر استعمال کئے جانے کے بعد مفید اور کارآمد ثابت ہوئی ہیں آپ سے اس قدر گزارش ہے کہ اس کو بازاری اور عام اشتہاری ادویات کا اشتہار سمجھ کر نظرانداز نہ فرمائیں بلکہ صرف تین پیسے کا پوسٹ کارڈ لکھ کر فہرست مفت طلب فرمائیں۔ حقیقت اور سچائی آپ پر خود روشن ہوجائے گی۔

(ملنے کا پتہ)

سول ایجنٹس کارخانہ اسیکو ورکس

ایمن اسمعیل۔ انگریزی دواخانہ نمبر ۹، کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ (انڈیا)

خریداران الجمیعۃ کو چاہئے کہ خط و کتابت کے وقت چٹ نمبر کا حوالہ ضرور دیا کریں۔ ورنہ عدم تعمیل کی شکایت معاف۔ (منیجر)

اخبار الجمیعۃ کی امداد کا آسان طریقہ

الجمیعۃ کی بک ڈپو میں ہر قسم کی عربی۔ فارسی، اردو۔ درسی وغیر درسی کتابوں کا کافی انتظام ہے۔ اس لئے قارئین الجمیعۃ کو جب کبھی کسی قسم کی کتابوں کی ضرورت ہو تو پہلے الجمیعۃ کو یاد کریں۔ علماء اور طلباء کو خصوصیت سے اس کی طرف توجہ فرمانا چاہئے کیونکہ یہ اخبار آپ ہی حضرات کا ہے

منیجر الجمیعۃ بک ڈپو۔ بلیماران دہلی

ضماد یک شب

اگر پہلی مرتبہ کے استعمال سے فائدہ نہ ہو تو دام واپس ... افسر الاطباء سرکار نظام دکن کا خاص نسخہ ... قیمت فی تولہ پانچ روپے (عہ) چھ ماشہ دو روپے آٹھ آنہ (عہ)

قوت کی کامیاب گولیاں

... قیمت فی درجن ایک روپیہ آٹھ آنہ، تین درجن چار روپیہ (للعہ)

نشاط فارمیسی چاندنی چوک نئی دہلی

حمائل شریف مترجم مع خلاصۃ التفاسیر

اس کے حروف کی خوشنمائی موتی کی آب سے دوبالا ہے۔ گویا ایک ماہر استاد کے تراشے ہوئے نگینے ہیں جو آئینہ کی طرح روشن ہیں ... ہندوستان کے سابق ماہر علم تفسیر حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب محدث دہلوی کا ترجمہ ہے جو ہندوستان کے تمام عقائد کے مسلمانوں میں بلا اختلاف مقبول ہے ...

معجزنما حمائل شریف مترجم اس حمائل شریف میں اردو بامحاورہ ترجمہ مولانا شاہ اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے ...

حمائل شریف لاکٹ والی یہ پورا قرآن شریف تعویذ بناکر گلے میں ڈالنے کے لئے ہی اکثر استعمال کیا جاتا ہے ...

پنجسورہ بامکہ دہ سورہ مترجم مع فضائل خواص و تعویذات ...

اطلاع جب کبھی آپ کو قرآن مجید یا دوسری کتب دینیہ دیگر کتب منگانے کی ضرورت ہو تو مندرجہ ذیل پتہ کو یاد رکھئے۔

منیجر الجمیعۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

اسپین کی بغاوت کے بڑھتے ہوئے شعلے

روس کمیونسٹ حکومت کی روپیہ اور رضاکاروں سے امداد کر رہا ہے

خانہ جنگی نے اپنا رخ بدل دیا ہے

اسپین سے برابر خوفناک خبریں آرہی ہیں ابتک تو صرف یہی تھا کہ اسپین خانہ جنگی میں مصروف تھا۔ اور ایک دوسرے کا گلا کاٹ رہے تھے۔ اسپین کے قومی افراد یہ کہتے ہیں کہ جمہوریت والوں نے ان کے ملک کو روس کے ہاتھ مکمل فروخت کر دیا۔ اسپین میں ظلم ہو رہا ہے گرجا جلائے جا رہے ہیں اور انسانوں کو زندہ تیل ڈال کر خاک میں ملایا جا رہا ہے۔ حکومت مزدوروں کے ہاتھ میں کٹ پتلی بنی ہوئی ہے۔ اور برابر دوسرے ممالک سے امداد لے رہی ہے۔ اس حقیقت سے کسی کو انکار نہیں ہو سکتا کہ روس کھلم کھلا اسپین کی امداد کر رہا ہے۔ روپیہ لاکھوں کی تعداد میں فراہم کر کے اسپین روانہ کیا جا رہا ہے۔ بلکہ رضاکار روس سے روزانہ کئے جا رہے ہیں۔ فرانس بھی برابر امداد کر رہا ہے کیونکہ وہ چاہتے ہیں کہ اگر اسپین میں روسی نمونے کی بالشویک حکومت قائم ہو جائے تو اچھا ہے۔ لیکن ان حکومتوں کو ہرگز یہ نہیں چاہئے کہ کسی دوسری حکومت کے اندرونی معاملات میں دخل اندازی کریں اسپین کے افراد یہ کہتے ہیں کہ ہم اپنے ملک کو ان تمام باتوں سے پاک کر کے چھوڑیں گے۔ لیکن اب یہ خانہ جنگی اپنا رخ تبدیل کر رہی ہے۔ میڈرڈ کی حکومت کے ایک جہاز نے جرمنی جہاز پر فیر کئے۔ جرمنی جہاز ان جرمنوں کو اسپین سے نکال کر لانا چاہتا تھا جو اسپین میں قید میں اکثر جرمنوں کو قتل کر دیا گیا ہے۔ حکومت جرمنی نے اس کے خلاف سخت صدائے احتجاج بلند کی ہے حقیقت میں بساط یورپ پر اس وقت اسپین کی وجہ سے زبردست گھٹا کے بادل چھا رہے ہیں۔ اگر اسپین کا معاملہ اندرونی نہ رہا اور اسپین نے پھر جرمن جہاز پر حملہ کر دیا تو پھر دیکھنا ہے کہ کس کل اونٹ بیٹھتا ہے۔

(مسٹر حبیب الرحمن قریشی برلن)

جولائی تک ۔۔ ہزار لاشیں نکالی گئیں

کوئٹہ میں تعمیرات کا کام

[illegible]

مسٹر گاباممبر اسمبلی کیخلاف ایک نیا مقدمہ

درخواست ضمانت نامنظور کر دی گئی

[illegible]

گورداسپور میں ۴۸ گھنٹے متواتر بارش

[illegible]

مصنوعی جنگلات کی کاشت

[illegible]

ایک ہندو کو مسلمان سمجھ کر دفن کر دیا

[illegible]

مختصر خبریں

[illegible]

ایک قطرہ کا کرشمہ

[illegible]

سعید برادرس اینڈ کو کلاں محل دہلی

کتب خانہ رحیمیہ

سنہری مسجد دہلی

کتب خانہ اسلامیہ

زیر جامع مسجد دہلی

سو روپیہ انعام جادو کی انگوٹھی

MAGIC RING

Bengal Mesmarism House
PANCHPOTA (Bengal)

خضاب چھوٹو دو

بال کالا اسٹور پوسٹ کنسی سمری در بھنگہ

محبوب عاشق کے قدموں پر

ہدیہ میں عظیم الشان رعایت

[illegible]

فضل شاہ عالم گلی راجان کوچہ چیلان دہلی

صحت نماز حمائل شریف

[illegible]

ملنے کا پتہ
منیجر الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

مشہور و معروف دو ترجمہ والا معجز نما متوسط قرآن مجید معہ کامل تفسیر

حیرت انگیز رعایتی اعلان

اس قرآن پاک کی ضخامت ایک ہزار صفحات ہیں کاغذ سفید ولایتی نارو ہے۔ حاشیہ ارغوانی ہے دو ترجمے ہیں۔ پہلا ترجمہ حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب کا تحت اللفظ ہے دوسرا ترجمہ حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی کا بامحاورہ ہے حاشیہ پر کامل تفسیر ہے تمام احکام قرآن و مسائل فقہ، تاریخ حکایات ظاہری، باطنی اشارات غرضیکہ تفسیر کی جو بہ الامتیاز خصوصیات ہو سکتی ہیں وہ سب اس کے حاشیہ پر موجود ہیں نیز اس کے شروع میں ایک طویل مقدمہ ہے جس کے پانچ حصے ہیں۔ اول حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر تمام پیغمبروں کی سوانحعمریاں اور ان کی تمام لڑائیوں کی مفصل کیفیت جو کفار عرب نے آپ کے خلاف انجام دی تھیں اور آپ کے وہ تمام خطوط معہ ترجمہ درج ہیں جو آپ نے اس زمانے کے کافر بادشاہوں کے نام برائے دعوت اسلام روانہ ہوئے تھے۔ بعد میں خلفاء راشدین کے کامل حالات ہیں۔ حصہ دوم میں فضائل القرآن و اسرار۔ حصہ سوم میں خاندان نقشبندیہ قادریہ سہروردیہ اور چشتیہ کے بزرگوں کے مخفی اعمال قرآن و خواص جملہ صورتوں اور آیتوں اور پورے قرآن کے تعویذ میں اور تعبیر خواب اور ترتیب فالنامہ کے ساتھ درج ہیں۔ پانچویں حصہ میں قرات کا بیان اور دعائیں ہیں

رعایتی ہدیہ مجلد بارہ روپیہ مجلد چرمی ۔۔ علاوہ محصول ڈاک

نورانی قرآن مجید

[illegible]

منیجر الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

اطلاعات

مہاراجگان ہند کا برلن میں استقبال

مہاراجگان ہند اور نواب اکثر یورپ آتے رہتے ہیں لیکن اس دفعہ ایک خاص بات ہے وہ یہ کہ اولمپک کھیل برلن میں ہو رہے تھے۔ ان کے دیکھنے کے واسطے اکثر مہاراجہ برلن تشریف لائے۔ مہاراجہ بڑودہ۔ مہاراجہ اندور تو اس وقت ہی آگئے کہ جس وقت اولمپک کھیل شروع ہوئے۔ مہاراجہ بڑودہ صاحب کو تو اولمپک کھیلوں کے واسطے اعزازی ٹکٹ جرمن اولمپک ادارہ نے عنایت کئے۔ مہاراجہ بذات خود اور مہارانی کھیل کے بہت مشتاق ہیں ہندوستانی ہاکی ٹیم کا کوئی مقابلہ ایسا نہیں ہوا جس میں انہوں نے حصہ نہ لیا ہو۔ لیکن اسی دوران میں ہٹلر نے مہاراجہ بڑودہ سے ملاقات کی۔ مہاراجہ اندور بھی ایک عرصہ تک برلن میں مقیم رہے۔ مہاراجہ ڈالیم بھی برلن تشریف لائے

[illegible]

(حبیب الرحمن ازبرلن)

سیلاب زدگان کیلئے اپیل

[illegible]

پنجاب میں مزید پولیس کی ضرورت

حکومت ۹۰ ہزار روپیہ زائد خرچ کریگی

[illegible]

کلکتہ کے مزدوروں میں تصادم

پچیس اشخاص مجروح

[illegible]

مراسلات

(ایڈیٹر کا نامہ نگاروں کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

جمعیتہ طلبا افغان دہلی کا دوسرا سالانہ اجلاس

جمعیت طلبا افغان دہلی کا دوسرا سالانہ اجلاس بتاریخ ۱۶ اگست ۱۹۳۶ء بروز جمعہ بمقام کشمیری دروازہ دہلی زیر صدارت جناب مولانا مولوی فضل الرحمن صاحب فاضل دیوبند و پروفیسر جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی منعقد ہونا قرار پایا تھا چنانچہ جمعیت کی طرف سے مختلف علمائے کرام اور حضرات طلبا کے نام دعوت نامے ارسال کئے گئے تھے۔ ۱۶ اگست کو صبح ۸ بجے حضرات مدعوین کے آنے کا سلسلہ شروع ہوا۔ ٹھیک ۸ بجے جلسے کی کارروائی تلاوت کلام پاک سے شروع ہوئی۔ جناب مولوی نور الہدی صاحب نے نہایت خوش الحانی کے ساتھ تلاوت قرآن شریف کی۔ جناب مولانا سید گل بادشاہ صاحب نے مختصر تبصرے کے ساتھ صدر منتخب اجلاس جناب فضل الرحمن صاحب کا نام نامی واسم

[illegible]

پانچ ہزار روپے کے انعامی نحچے کے متعلق کمیٹی کا فیصلہ

[illegible]

سرمہ نور

اگر آنکھوں کی قدر ہے تو ان دو سرموں میں سے کوئی سرمہ اپنے حسب حال انتخاب کر کے استعمال کیجئے

سرمہ نور آنکھوں کی خارش، سرخی، دھند، جالا، پھولا، ناخونہ اور پلکوں کا گرنا پرانے روپے کے لئے بے حد مفید ہے، اس کے استعمال سے بفضلہ تعالیٰ جملہ امراض کا ازالہ ہو جاتا ہے جن لوگوں کو کسی قسم کا مرض نہیں ہے وہ بھی اس کا استعمال کر کے اپنی آنکھوں کی حفاظت کر سکتے ہیں۔ انشاء اللہ ان کی آنکھیں کو کسی قسم کا مرض لاحق نہ ہوگا۔

قیمت فی تولہ چار روپے ماشہ کی شیشی ۔۔

سرمہ ۔۔ سرمہ بھی اسی طرح تمام امراض چشم سے واسطے کی زیادہ مفید ہے خصوصاً موتیا بند کے ابتدائی پانی کو نکال دیتا ہے۔ اگر پانی جم گیا ہو تو اس کا استعمال مفید نہ ہوگا۔ طلبا، پادوسرے حضرات جو نوشت و خواند کا کام زیادہ کرتے ہیں۔ ان کے لئے خاص کر اس سرمہ کا استعمال بہت مفید ہے عینک لگانے سے پہلے اگر سرمہ کا استعمال شروع کر دیں تو انشاء اللہ چشمہ کی ضرورت نہ پڑے گی۔

قیمت فی تولہ ۔۔ ماشہ کی شیشی ۔۔

ملنے کا پتہ

(مولانا) نور الدین بہاری پیری الا باغ دہلی

جڑی بوٹی

دمہ، بواسیر، سوزاک، جریان، ایام کی خرابی، سفید داغ، نامردی بدہضمی، گٹھیا، خون کی خرابی جڑ سے آرام نہ ہو تو دونا دام واپس کی گارنٹی۔ دمہ کی دوا چار روپے۔ سوزاک کی پانچ روپے۔ جڑی بوٹی کے لئے فہرست خریدار چاہیے

پتہ
جڑی بوٹی میڈیکل اسٹور پوسٹ ہرلاکھی در بھنگہ

کمزوری نامردی

قوت کو بڑھانے جوانی کو لوٹانے نامردی کو دور کرنے دھات کا گاڑھا کرنے پتلی دھات کو گاڑھا بنانے میں یہ دوا جادو کا کام کرتی ہے فائدے کی گارنٹی ہے فائدہ نہ ہو تو دام واپس ایجنٹ چاہیے

دام نیا مرض ۔۔ پرانا چار روپے (علاوہ محصول)

پتہ
بوٹی ٹانک ہال پوسٹ کنسی سمری ضلع در بھنگہ

پانچسو کار آمد باتیں

جن کو پڑھ کر ہر شخص لکھ پتی بن سکتا ہے۔ اگر کسی ایک بات پر عمل کر لیا جائے تو معمولی سے معمولی آدمی بھی ہزاروں روپے ماہوار کما سکتا ہے۔ چند دن میں مفلسی دور ہو کر تونگری حاصل ہو جاتی ہے یہ تمام باتیں کتاب پوشیدہ تجربے میں درج ہیں۔ ضخامت ایک سو صفحہ قیمت صرف دس آنے (۱۰) محصول ڈاک علاوہ ملنے کا پتہ:- منیجر الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

میری پیاری بہنوں

[illegible]

ملنے کا پتہ ۔ ایچ نجم النسا شاہدرہ لاہور

تار کا پتہ "میڈی سنز دہلی"

ٹیلیفون نمبر ۵۵۶۶

خون

کی خرابی سے پیدا ہونے والی ہر بیماری کیلئے مصفی ایک لاثانی دوا ہے جسکو ہندوستانی دواخانہ دہلی نے ایک خلاصہ (ایکسٹریکٹ) کی شکل میں پیش کیا ہے۔ ایک شیشی میں پانچ تولہ (دو اونس) ایکسٹریکٹ ہے جس پر بارہ خوراکوں کے نشان لگے ہوئے ہیں اور ایک خوبصورت بکس میں پیک ہے قیمت صرف آٹھ آنے (۸)

مگر خیال رہے

ایک شیشی کی فرمائش بیکار ہے خون کی اصلاح جلد نہیں ہوتی کم از کم پانچ شیشیاں طلب کیجئے جو ایک ماہ کیلئے کافی ہیں مندرجہ ذیل امراض کی

سرکوبی

خوب کرتی ہے، سوداوی کھجلی، چھیپ، جسم کے سیاہ داغ، اگزیما، بواسیر، ناسور، آتشک، سوزاک، برص، سفید داغ، اجذام (کوڑھ) عرق النساء، ایڑی کا درد، پلکوں کا گرنا، (دائمی) گھاؤ مصفی کا استعمال جب کہ

انجکشن

بیکار ثابت ہو چکے ہوں، ضرور کیجئے اور فخر کیجئے کہ ہندوستان نے ایک ایسی دوا پیش کی جس کا جواب یورپ نہیں پیدا کر سکا

نوٹ:- ہندوستانی دواخانہ کی کوئی شاخ (برانچ) نہ دہلی میں ہے اور نہ دہلی سے باہر کسی شہر یا قصبہ میں ہے تمام کاروبار مرکز (دہلی) سے ہوتا ہے۔

منیجر ہندوستانی دواخانہ پوسٹ بکس ۳۲ دہلی

جس کو حکیم اجمل خاں صاحب نے ۱۹۰۳ء میں ملک کی خدمت کے لئے بنایا

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

الجمعیۃ دہلی

یداللہ علی الجماعۃ

سہ روزہ

ادارہ مسئول: ابوالبیان ادیبی، محی الدین فاروقی

نگران: مولانا نورالدین بہاری

جلد (۲۴) — دہلی۔ یوم شنبہ ۱۸ ربیع جمادی الآخر ۱۳۵۵ھ مطابق ۵ ستمبر ۱۹۳۶ء — نمبر (۱۷)

"تصورات کی رنگینیاں"

(از جناب خلیق فیض آبادی)

[جس وقت سے الجمعیۃ کے دور جدید کا آغاز ہوا ہے۔ ارکان ادارہ نے اپنے احباب کے جمالیاتی ذوق کے لئے موقعی نظموں اور روح پرور غزلوں کا ایک گراں بہا سرمایہ پیش کیا ہے۔ اور یہ سلسلہ انشاء اللہ العزیز بدستور جاری رہے گا۔

ہم اس سلسلہ میں اپنے محترم دوست حضرت خلیق فیض آبادی کی کرم فرمائی کے خصوصیت کے ساتھ سپاس گزار ہیں اور ان کے کیف آور کلام کو قارئین الجمعیۃ کے لئے ایک "نشاط انگیز" تحفہ تصور کرتے ہیں۔ — (ادارہ)]

جو مجھ کو بیخود و بیہوش ہی بنانا تھا — تو چشم مست سے ساغر کوئی پلانا تھا
خطا معاف، کہ اک بات آج کہتا ہوں — کلیم آپ کو تو ہوش میں نہ آنا تھا
زبان شمع سے جس کو سنا تھا محفل میں — اب آن سے کون کہے وہ مرا فسانا تھا
زہے نصیب شکایت کا کون موقع ہے — مٹا رہا ہے وہی تو، جسے مٹانا تھا
نگاہ شوق ہی کافی تھی آہ کیا کہئے — زباں پہ حرف محبت مجھے، نہ لانا تھا
تصورات کی رنگینیاں معاذ اللہ! — وہ دور، دور حقیقت نہ تھا فسانا تھا
ستم ہی کیوں ہو، مخصوص امتحاں کیلئے — کبھی تو لطف و کرم سے بھی آزمانا تھا
اک ایسا وقت بھی گزرا ہے دور ساغر میں — سر نیاز تھا ساقی کا آستانا تھا

خلیق ایسے میں پیتا نہیں تو کیا کرتا
کہ اس کی یاد بھی تھی وقت بھی سہانا تھا

"نشاط آرزو"

(از مولانا کامل صدیقی سیوانی)

بس اب حسرت نا کام غم ایجاد رہنے دے — میں برباد ستم اچھا مجھے برباد رہنے دے
نشاط آرزو سے دور ہوں نا شاد رہنے دے — مجھے پابندی امید سے آزاد رہنے دے
نظر آئے دل بیتاب میں بھی تیری رعنائی — جو مجھ ناشاد کو ذوق محبت شاد رہنے دے
اٹھایا ہے وہ طوفاں چشم گریاں نے محبت میں — بہت مجھو خدائی کو اگر آباد رہنے دے
رگ جاں تک تو خنجر آچکا ہے مرنے والے کی — مروت ایسے نازک وقت میں جلاد رہنے دے
محبت میں مصیبت بھی تو جان عشق ہوتی ہے — جفاؤں کا گلہ اے خاطر برباد رہنے دے

وفا کی اس ستمگر سے امید اے حضرت کامل
غنیمت ہے جو مجھ برباد کو برباد رہنے دے

دنیائے اسلام

عربی، ترکی اور فارسی جرائد کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

دنیا کے عیسائیوں کے نام فلسطین کے عیسائیوں کی دردناک اپیل

انتدابی حکومت فساد کی جڑ ہے۔ یہودی ہم سب کو جلاوطن کرنا چاہتے ہیں

تشدد کی جنگ کیوں شروع ہوئی؟ یہودیوں کا وجود عیسائیت کی توہین ہے

ذیل میں فلسطین کے عیسائیوں کی ایک اپیل جو انہوں نے دنیا کے تمام مسیحیوں کے نام شائع کی ہے درج کیجاتی ہے تاکہ دنیا کو معلوم ہو جائے کہ فلسطین کا قضیہ مسلمانوں کے ساتھ مخصوص نہیں ہے اور یہودیوں کی یہ تحریک ہی تحریک ہے بلکہ یہ ایک مشترک وطنی تحریک ہے جس کے ساتھ تمام انسانوں کی ہمدردیاں شامل ہیں۔ (الجمعیۃ)

اماکن مقدسہ کی توہین

تشدد کی جنگ کیوں شروع ہوئی؟

مولد مسیح کی توہین

اہل فلسطین کے ساتھ مسلمانان چین کی ہمدردی

مفتی اعظم فلسطین کے پاس چین کے ایک مسلمان عالم الحاج محمد سلیمان کا مکتوب ذیل موصول ہوا ہے:—

(جریدہ وادی النیل)

یونان میں جنرل وہیب پاشا کی طلبی

حکومت یونان کی طرف سے مدارات

جنگی محاذوں اور فوجی چھاونیوں کا معائنہ

جنگ کیلئے ترکوں کی زبردست تیاریاں

Regd No L 1793

The Aljamiat

Vol. 24 No 16 — Delhi Tuesday 1st Sept 1936 — Price One Anna

نوخیز بچوں کو والدین سے چھین لیا جائیگا

جرمنی میں بچوں کی فوجی تربیت

اپنے الفاظ واپس لیجئے

بھائی پرمانند سے دہلی کی خواتین کا مطالبہ

دہلی ۵ ستمبر اگست۔ کل شام دہلی وومنس لیگ کی ایک میٹنگ ہوئی جس میں اتفاق رائے سے حسب ذیل ریزولیوشن پاس ہوا۔

دہلی وومنس لیگ انتہائی افسوس کا اظہار کرتی ہے کہ بھائی پرمانند جیسے ذمہ دار ہندو لیڈروں نے ان خواتین کے بارے میں جو ہر قسم کی خدمات انجام دیتی ہیں، اس قسم کے غیر حق بجانب ریمارکس کئے ہیں۔ لیگ بجا طور پر امید کرتی ہے کہ بھائی جی ان الزامات کو واپس لے لیں گے۔ دہلی کے ایک درجن ممبران پارلمنٹ بھی ایک بیان شائع کیا ہے جس میں انہوں نے بھائی جی سے مطالبہ کیا کہ وہ غیر مشروط طور پر اپنے ریمارک واپس لے لیں۔

صوبجات متحدہ کا حسین ترین مقام

جیولوجیکل سروے آف انڈیا نے ایک غیر معمولی دلچسپ رپورٹ شائع کی ہے جس میں صوبجات متحدہ کے ایک حسین ترین مقام کے قدرتی مناظر کی تصویر کھینچی اور وہاں کے معدنیات اور اراضی خصوصیات کا جائزہ لیا ہے۔ یہ مقدس مقام سوائے ہندو یاتریوں کے کسی اور کو مشکل سے معلوم ہے۔

شملہ اسمبلی کی عمارت میں توسیع

محکمہ ٹیلیفون کی آمدنی میں کمی

تین لاکھ روپے کا فرق پڑ گیا

شملہ ۱۸ اگست۔ اطلاع موصول ہوئی ہے کہ ٹرنک ٹیلیفون کی آمدنی میں ۱۹۳۴ء کی نسبت ۱۹۳۵ء میں تین لاکھ روپے کا خسارہ رہا ہے بیان کیا جاتا ہے کہ اس خسارہ کی وجہ جدید نرخ اور مراعات ہیں جو ۱۹۳۵ء کے آغاز میں روا رکھی گئی تھیں۔

مصر بین الاقوامی لیگ میں شریک ہوگا

الجمعیۃ بکڈپو کی اسلامی و ادبی کتابیں

کتاب الاسلام — نماز حنفی مدلل مکمل — گھر کا مولوی — بارہ مجالس — اوراد و وظائف — ہشتی زیور کامل — نماز کی پانچ کتابیں — اسلامی میاں بیوی — صالح بیبیاں — خواب نامہ صدیقی — فالنامہ ناصری — کتاب التعویذات — بیویاں اور رانیاں — سیرت معاویہ — مرنے سے پہلے — مرنے کے بعد — کفرستان کے تین ولی — حضرت ابوذر غفاری — شرح مثنوی مولانا روم — الفاروق اعظم — ہفتاد و اولیاء — بیگمات اودھ

منیجر الجمعیۃ بکڈپو بلیماران دہلی

جمیعۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تارکا پتہ الجمیعۃ دہلی — ٹیلیفون نمبر ۵۳۴۵

الجمیعۃ دہلی

سہ روزہ

یداللہ علی الجماعۃ

نگران: مولانا نورالدین بہاری

ادارہ — مسئول: ابوالبیان اویسی — محی الدین قاسمی فاضل بی اے

قیمت فی پرچہ ایک آنہ

جلد (۲۴) — دہلی یوم شنبہ ۱۸ ربیع/جمادی الآخر ۱۳۵۵ھ مطابق ۵ ستمبر ۱۹۳۶ء — نمبر (۱۷)

"تصورات کی رنگینیاں"

(از جناب خلیق نیپن آبادی)

[جس وقت سے الجمیعۃ کے دور جدید کا آغاز ہوا ہے۔ ارکان ادارہ نے اپنے احباب کے ادبی ذوق کے لئے حوفا فی نظموں اور رنج حیدر غزلوں کا ایک گلدستہ پیش کیا ہے۔ اور یہ سلسلہ انشاء اللہ العزیز بدستور جاری رہے گا۔

ہم اس سلسلہ میں اپنے محترم دوست حضرت خلیق نیپن آبادی کی کرم فرمائی کے خصوصیت کے ساتھ سپاس گزار ہیں اور ان کے کیف آور کلام کو قارئین الجمیعۃ کے لئے ایک نشاط انگیز تحفہ تصور کرتے ہیں۔ (ادارہ)]

جو مجھ کو بے خود و بے ہوش ہی بنانا تھا — تو چشم مست سے ساغر کوئی پلانا تھا

خطا معاف کہ اک بات آج کہتا ہوں — کلیم آپ کو تو ہوش میں نہ آنا تھا

زبان شمع سے جس کو سنا تھا محفل میں — اب اس کو کون کہے وہ مرا فسانا تھا

زہے نصیب شکایت کا کون موقع ہے — مٹا رہا ہے وہی تو جسے مٹانا تھا

نگاہ شوق ہی کافی تھی آہ کیا کہئے — زباں پہ حرف محبت مجھے نہ لانا تھا

تصورات کی رنگینیاں معاذ اللہ! — وہ دور، دورِ حقیقت نہ تھا فسانا تھا

ستم ہی کیوں ہوا مخصوص امتحاں کیلئے — کبھی تو لطف و کرم سے بھی آزمانا تھا

اک ایسا وقت بھی گزرا ہے دورِ ساغر میں — سر نیاز تھا ساقی کا آستانا تھا

خلیق ایسے میں پیتا نہیں تو کیا کرتا

کہ اس کی یاد بھی تھی وقت بھی سہانا تھا

"نشاطِ آرزو"

(از مولانا کامل صدیقی سہوانی)

بس اب حسرت بنا کام غم ایجاد رہنے دے — میں برباد ستم اچھا مجھے برباد رہنے دے

نشاط آرزو سے دور ہوں ناشاد رہنے دے — مجھے پابندی ایمائے آزاد رہنے دے

نظر آئے دل بیتاب میں بھی تیری رعنائی — جو مجھ ناشاد کو ذوقِ محبت شاد رہنے دے

اٹھایا ہے وہ طوفاں چشم گریاں نے محبت میں — بہت مجھ خدائی کو اگر آباد رہنے دے

رگ جاں تک تو خنجر آچکا ہے مرنے والا کیا — مروت ایسے نازک وقت میں جلاد رہنے دے

محبت میں مصیبت بھی تو جان عشق ہوتی ہے — جفاؤں کا گلہ اے خاطر برباد رہنے دے

وفا کی اس ستمگر سے امید اے حضرت کامل

غنیمت ہے جو مجھ برباد کو برباد رہنے دے

دنیائے اسلام

عربی، ترکی اور فارسی جرائد کے تراجم

(خاص الجمیعۃ کیلئے)

دنیا کے عیسائیوں کے نام فلسطین کے عیسائیوں کی دردناک اپیل

انتدابی حکومت فساد کی جڑ ہے۔ یہودی ہم سب کو جلاوطن کرنا چاہتے ہیں

تشدد کی جنگ کیوں شروع ہوئی؟ یہودیوں کا وجود عیسائیت کی توہین ہے

تشدد کی جنگ کیوں شروع ہوئی؟

مولد مسیح کی توہین

اماکن مقدسہ کی توہین

اہل فلسطین کے ساتھ مسلمانان چین کی ہمدردی

مفتی اعظم فلسطین کے پاس چین کے ایک مسلمان عالم الحاج محمد سلیمان کا مکتوب ذیل موصول ہوا ہے:-

فلسطین کے حوادث نے مسلمانان چین کے قلوب کو بے چین کر دیا ہے۔ پیکن کی جمعیۃ اسلامیہ کے زیر اہتمام باشندگان فلسطین کی ہمدردی میں ایک جلسہ منعقد کیا گیا جس میں کئی ہزار چینی مسلمانوں نے شرکت کی۔ عربوں پر جو المناک مظالم توڑے گئے ہیں ان کا حال سن کر مسلمانوں نے آنسو بہائے۔ ایک چینی مسلمان خطیب نے حوادث فلسطین پر روشنی ڈالتے ہوئے بتایا کہ مسلمان قبلہ اول کی حفاظت ۱۴ سو سال سے کر رہے ہیں۔ مگر اب استعماری حکومت ان کو جلاوطن کر کے یہودیوں کو آباد کرنا چاہتی ہے۔

ڈاکٹر ماسون تین نے مسلمانان چین کا تعلق قبلہ اول سے بتاتے ہوئے یہ تجویز منظور کرائی کہ مسلمانان چین کا ایک وفد برطانوی سفیر مقیم پیکن کی خدمت میں حاضر ہو اور ان سے فلسطین کے مظالم ختم کرنے کی درخواست کرے۔ جنرل عاد الدین ماجون کی نگرانی میں مظلومین فلسطین کی امداد کیلئے ایک کمیٹی بنائی گئی۔ چین کے تمام اخبارات حوادث فلسطین پر پرزور مقالات لکھ رہے ہیں۔ شنگھائی میں بھی ایک جلسہ کے ذریعہ مسلمانان فلسطین سے اظہار ہمدردی کیا گیا ہے۔ (جریدہ دعوی نیل)

دستخط

انتدابی حکومت فساد کی جڑ ہے

حکومت کا مشترک مقابلہ

یونان میں جنرل وہیب پاشا کی طلبی

حکومت یونان کی طرف سے مدارات

ایتھنز (بذریعہ ڈاک) بیان کیا جاتا ہے کہ ترکی حکومت کے اشارہ پر حکومت یونان نے جنرل وہیب پاشا کو یونان میں طلب کیا ہے کیونکہ وہاں آپ کو بہت زیادہ ہر دلعزیزی حاصل ہے۔ یہ وہی جنرل وہیب پاشا ہیں جو حبش میں اٹلی کے مقابلہ پر شاہی فوج کے کمانڈر تھے اور جو شاہ حبش کی روانگی کی خبر سن کر خود بھی محاذ جنگ سے عدیس ابابا چلے آئے تھے۔

جنگی محاذوں اور فوجی چھاؤنیوں کا معائنہ

جنگ کیلئے ترکوں کی زبردست تیاریاں

The Aljamiat

Regd No L 1793

Vol. 24 No 16 — DELHI Tuesday 1st Sept 1936 — PRICE ONE ANNA

نوخیز بچوں کو والدین سے چھین لیا جائیگا

جرمنی میں بچوں کی فوجی تربیت

مصر بین الاقوامی لیگ میں شریک ہوگا

اپنے الفاظ واپس لیجئے

بھائی پرمانند سے دہلی کی خواتین کا مطالبہ

صوبجات متحدہ کا حسین ترین مقام

شملہ اسمبلی کی عمارت میں توسیع

محکمہ ٹیلیفون کی آمدنی میں کمی

تین لاکھ روپے کا نقصان ہوگیا

الجمیعۃ بکڈپو کی اسلامی و ادبی کتابیں

کتاب الاسلام — نماز حنفی مدلل مکمل — گھر کا مولوی — بارہ مجالس — اوراد و وظائف — بہشتی زیور کامل — نماز کی پانچ کتابیں — اسلامی میاں بیوی — صابر بیبیاں — خواب نامہ صدیقی — فالنامہ ناصری — کتاب التعویذات — بیویاں اور رانیاں — مرنے سے پہلے — مرنے کے بعد — قبرستان کے تین ملے — حضرت ابوذر غفاری — سیرت معاویہ — الفاروق الاعظم — ہفتاد اولیاء — بیگمات اودھ — شرح مثنوی مولانا روم

منیجر الجمیعۃ بکڈپو بلیماران دہلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم شنبہ ۱۸ جمادی الآخر ۱۳۵۵ ہجری

مصر کے بعد فلسطین
مغربیت کا زوال اور مشرقیت کا عروج

بین الاقوامی خطرات

انڈیپنڈنٹ کانفرنس بہار

بہار مسلم انڈیپنڈنٹ پارٹی صوبہ بہار کے ان مخلص ارکان پر مشتمل ہے جو اپنی اغراض اور ذاتی فوائد کے لئے نہیں بلکہ وطن عزیز کی آزادی اور ہند کی رستگاری کے لئے قومی جدوجہد میں گرانبہا قربانیاں کر چکے ہیں اور جن کا سیاسی نصب العین یہ ہے کہ مسلمانوں میں سیاسی بیداری پیدا کی جائے۔ ان کے سیاسی، اقتصادی، معاشرتی اور مذہبی حقوق کی حفاظت کی جائے اور قوم و وطن کے استخلاص کیلئے ہر قسم کی جانی و مالی قربانی کی جائے۔

اگرچہ بہار میں احرار پارٹی اور اتحاد پارٹی بھی مسلمانوں کی تنظیم اور رہنمائی کی دعویدار ہیں لیکن اندرونی شیرازہ بندی، قوت، اتحاد، عمل اور اثر و نفوذ کے اعتبار سے جو مرتبہ انڈیپنڈنٹ پارٹی کو حاصل ہے وہ کسی دوسری جماعت کو حاصل نہیں۔

انڈیپنڈنٹ پارٹی کی قوت، ہردلعزیزی اور عظمت کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ اس کے رہنماؤں میں مولانا ابو المحاسن محمد سجاد صاحب، شاہ مسعود احمد صاحب، مولوی شرف الدین صاحب، مولوی قدیر الحسن صاحب، مولانا ...

روس کے مخالف

یوم ہسپانیہ

فرانسیسی ہند کی پابندیاں

ٹرانسیکا مستقبل

قدرت کا انتقام

عربوں کا حوصلہ شکن جواب

موج در موج

کلکتہ کی اطلاع ہے کہ بنگال کے کسی قصبہ میں ہندو نائیوں (حجاموں) کی ایک پنچایت ہوئی جس میں اتفاق رائے سے یہ طے کیا گیا کہ آئندہ کسی موچی اور چمار کی حجامت نہ بنائی جائے اور اگر کوئی نائی ان کے بالوں سے مس کرنے پائے تو اسی پنچایت میں یہ تجویز بھی منظور ہوئی کہ جو نائی اس فیصلہ کی خلاف ورزی کرے گا، اس کو پانچ جوتوں کے بعد برادری سے خارج کر دیا جائے گا اور آئندہ سے اس کا شمار بھی چمار برادری میں ہوگا۔ یہ پنچایت بڑی دھوم دھام سے ہوئی۔ موچیوں کی فطری گندگی اور ناپاکی پر تقریریں کی گئیں اور چھوت چھات کے فلسفہ پر مہر ثبت کر دی گئی۔

اس فیصلہ کی اطلاع جب بیچارے موچیوں کو ملی تو انہوں نے آؤ دیکھا نہ تاؤ فوراً یہ اعلان کر دیا کہ وہ اس مذہب کے دائرہ ہی میں نہیں رہنا چاہتے جس کی بدولت ان کو ناپاک قرار دیا جاتا ہے بلکہ ... مذہب کو اختیار کریں گے جہاں ان کے معاشرتی حقوق کی حفاظت ہو سکے۔

بنگال کے ان سرپھرے حجاموں سے کوئی دریافت کرے کہ بھلے مانسو! خود تم اعلیٰ ذات کے ہندوؤں کے نزدیک کون سے پوتر ہو کہ موچیوں کو ناپاک خیال کر کے ...

مباحث امروز

حبش کے عربوں پر اطالوی ڈورے

اسی اشاعت میں کسی جگہ معاصر البلاغ سے خبر رساں ایجنسی "اسٹیفانی" کا ایک برقیہ درج کیا گیا ہے جس میں مذکور ہے کہ حبش کے عربوں کا ایک وفد اطالوی نائب الحکومت کی خدمت میں حاضر ہوا جس کے سامنے مارشل گرازیانی نے یہ اسلام دوستی کا پرفریب اعلان کیا ... اس کے ساتھ ہی یہ بھی اعلان کیا کہ اطالوی حکومت مسلمانوں کے پرسنل لاء اور ان کی تہذیب کا احترام کرے گی ...

دہلی سول ہسپتال کا خاتمہ

دہلی میونسپلٹی نے بالآخر فیصلہ کر دیا کہ سول ہسپتال بند کر دیا جائے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ کمیٹی کے ممبروں نے حکومت کے اس مطالبہ سے گھبرا کر جو اس نے ارون ہسپتال کیلئے سالانہ ... ہزار روپے کی امداد منظور کرانے کی صورت میں کیا تھا، عاجلانہ فیصلہ کر دیا کہ سول ہسپتال کو ہی سرے سے بند کر دیا جائے ...

ترجمان القرآن

بغاوت ہسپانیہ

سوفنتہ کے مسلمان پر ...

ایک عالم دین کی نظربندی

اسلامیات

اسلامی نظم معیشت اور سرمایہ دارانہ نظم معیشت کے اصول
سود کے متعلق اسلامی قانون اور موجودہ دور کے معاشی مفکرین

(از جناب مولانا ابو الاعلیٰ صاحب مودودی مدیر ترجمان القرآن)

سود کے متعلق اسلامی احکام

یہ ہماری بحث کا سلبی پہلو تھا۔ اب ہم ایجابی حیثیت سے یہ دکھانا چاہتے ہیں کہ سود کیا شے ہے، اس کے حدود کیا ہیں، اسلام میں اس کی مخالفت کے احکام ...

کاروبار کی یہ صورتیں عرب میں رائج تھیں، انہی کو اہل عرب اپنی زبان میں "الربوٰ" کہتے تھے، اور یہی وہ چیز تھی جس کی تحریم کا حکم قرآن مجید میں نازل ہوا۔

ربوٰ کا مفہوم

بیع اور ربوٰ میں اصولی فرق

(باقی آئندہ)

حبش کے عربوں پر اطالوی حکومت کے ڈورے

ادیس ابابا میں عظیم الشان مسجد کی تعمیر کا وعدہ

قرآن کریم کی تعلیم کا انتظام۔ مذہب اور زبان کی حفاظت کا پُرفریب اعلان

عربی وفد کے سامنے اطالوی نائب الحکومت کا اسلامی وعظ

(خاص برائے الجمعیۃ)

ادیس ابابا (پایہ تخت حبش) کی خبر رساں ایجنسی اسٹیوانی نے ذیل کی اطلاع شائع کی ہے۔ ادیس ابابا کے تیس معززین اور عالی خاندان عربوں نے نائب الملک مارشل گرزانی سے قصر حکومت میں ملاقات کی۔ اس عربی وفد میں دو قاضی اور متعدد علماء بھی شامل تھے۔ علماء میں سید احمد بن عبد اللہ ادریس خاص طور پر قابل ذکر ہیں کیونکہ آپ خانوادہ نبوت کے رکن اور مسلمانان ادیس ابابا میں نہایت محترم بزرگ شمار کئے جاتے ہیں۔

اس وفد نے اطالوی نائب کی خدمت میں عقیدت اور اطاعت کا اظہار کیا۔ نائب الحکومت مارشل گرزانی نے وفد کے ارکان کو مخاطب کرکے کہا کہ بلاشبہ سابق نجاشی کی حکومت ... [illegible]

...

دوران میں اٹلی کے ساتھ بہا خون بہایا۔

اس کے بعد نائب الملک مارشل گرزانی شاہی محل کے صحن میں گئے اور انہوں نے ان تمام عربی وفود کو جو مشرقی افریقہ کے جملہ اطراف سے آئے ہوئے تھے مخاطب کرکے فرمایا کہ اطالوی حکومت مسلمانوں کی تہذیب، مسلمانوں کے مذہب اور ان کی زبان (عربی) کا پورے طور پر احترام کرے گی اور اطالوی قوانین میں ان کے مصالح کا خاص لحاظ رکھا جائے گا۔ (ابلاغ)

ترکی اور فرانس کے تعلقات کا مستقبل

دفاع اور تعاون کیلئے ایک وسیع معاہدہ

سفیر فرانس اور وزیر خارجہ ترکیہ کے مابین طویل گفتگو

استانبول (بذریعہ ڈاک) ایک اطلاع مظہر ہے کہ توفیق رشدی آراس وزیر خارجہ ترکیہ نے انگورہ میں فرانسیسی سفیر متعین ترکی کا استقبال کیا اور سرکاری طور پر دونوں کے مابین ڈیڑھ گھنٹہ تک گفت و شنید جاری رہی۔ معلوم ہوا ہے کہ یہ گفتگو فرانس اور ترکی کے درمیان تعاون کے مسئلہ پر ہوئی اور ترکی اور شام کے درمیان مشترک دفاع کا مسئلہ بھی زیر بحث آیا۔ موثق ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ ترکی حکومت نے فرانس کے ساتھ معاہدہ مخالفت کے لئے ایک تجویز پیش کی ہے جس میں شام کو بھی شامل کیا گیا تھا۔ فرانسیسی سفیر نے اپنی حکومت کی جانب سے توفیق رشدی بیگ کو اس تجویز کے جواب سے مطلع کیا ہے۔ اس طرح ترکی اور شام میں تجارتی اور اقتصادی تعلقات کے مسئلہ پر بھی دونوں میں گفتگو ہوئی۔

فرانسیسی سفیر نے اخبار اعلام عنمہ کے نمائندہ کو مطلع کیا کہ فرانس اور ترکی کے درمیان تعلقات نہایت خوشگوار ہیں۔ انہوں نے فرمایا کہ پیرس میں فرانس اور شام کے درمیان جس معاہدہ کی ترتیب پر گفت و شنید ہو رہی ہے اس کا اثر ترکی حقوق پر نہیں پڑیگا اور نہ ترکی کی ادرشامی سیاسیات کے لئے کسی قسم کا خطرہ پیدا ہوگا کیونکہ شام میں ترکی اقلیتوں کے حقوق اب بھی محفوظ ہیں یہاں تک کہ اطاکیہ میں سرکاری بیان اور اعلان عربی کی طرح ترکی زبان میں بھی شائع کئے جاتے ہیں۔

صوبہ بہار کی انڈیپنڈنٹ کانفرنس

حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند صدارت فرمائینگے

پٹنہ۔ صوبہ بہار میں مسلم انڈیپنڈنٹ پارٹی کی ایک زبردست کانفرنس ۱۲-۱۳ ستمبر کو بمقام پٹنہ منعقد ہونے والی ہے جس کی صدارت کے لئے حضرت سحبان الہند مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کو باتفاق رائے منتخب کیا گیا ہے اور حضرت مولانا نے اپنی منظوری بھی عنایت فرمادی۔ امید کی جاتی ہے کہ اس کانفرنس میں تمام صوبہ کے مسلمان بکثرت شریک ہوں گے۔

صوبہ متوسط کے گورنر کا دورہ

بلاسپور میں سیاہ جھنڈوں سے استقبال

بلاسپور ۱۷ اگست۔ مسٹر گھوور اے قائم مقام گورنر سی پی بلاسپور تشریف لائے۔ ٹرین سے اترنے کے بعد آپ ٹاؤن ہال میں تشریف لے گئے ان کے خلاف مظاہرہ کیا گیا۔ مسٹر زنگی ہوتری سابق ممبر اسمبلی، مسٹر جمید ہال ڈاکٹر مسعر اور مسٹر زرام گوپال جیا ... کی زیر سرکردگی ایک جلوس ٹاؤن ہال کی طرف روانہ ہوا۔ اور سیاہ جھنڈوں کا مظاہرہ کیا گیا۔ پولیس نے جنرل پوسٹ آفس کے قریب ٹاؤن ہال سے دو فرلانگ کے فاصلہ پر روک لیا۔ لیکن اہل جلوس جن کی تعداد تین سو تھی نعرے لگاتے رہے۔

میونسپل کمیٹی اور ڈسٹرکٹ کونسل بورڈ کی جانب سے آپ کی خدمت میں ایڈریس پیش کئے گئے۔

احرار پارٹی پارلیمنٹری بورڈ سے الگ ہوگئی

بورڈ میں غیر احراری اکثریت کا الزام

لاہور ۱۷ اگست۔ احرار پارٹی کی ورکنگ کمیٹی نے مسلم لیگ پارلیمنٹری بورڈ سے الگ ہوکر اپنا پارلیمنٹری بورڈ الگ بنا لینے کا فیصلہ کیا ہے۔ سکرٹری احرار پارٹی نے اس ریزولیوشن کے ساتھ ایک بیان بھی اخبارات کے نام بھیجا ہے جس میں لکھا ہے کہ احرار کو لیگ پارلیمنٹری بورڈ سے نکال دینے کی کوشش کی گئی ہے۔ ... [illegible]

نیشنلسٹ پارٹی کی مجلس عاملہ کا اجلاس

بنارس ۱۷ اگست۔ کانگریس نیشنلسٹ پارٹی کی ورکنگ کمیٹی کا اجلاس آج سہ پہر ایک بجے پنڈت مدن موہن مالویہ کی جائے رہائش پر شروع ہوا۔ ... [illegible]

تحریکات التواء اجلاس کی کثرت

... [illegible]

گندہ نالہ پر قتل کا مقدمہ

پولیس اور گواہان کی شہادت

دہلی یکم ستمبر۔ سردار ... سنگھ صاحب مجسٹریٹ درجہ اول کی عدالت میں گندہ نالہ پر قتل کا مقدمہ پیش ہوا۔ وزیر علی گواہ نے بیان کیا کہ اس نے ملزم کے ہاتھ سے چاقو چھینا۔ ایک جرح کے جواب میں اس نے کہا کہ جائے وقوع پر صرف چھ سات آدمی تھے۔

عبد الصمد وجاہت اللہ اور کلو گواہان نے بیان دیا کہ انہوں نے ملزم کو مقتول پر چھری چلاتے ہوئے دیکھا۔ مسٹر سید احمد رفیق بیرسٹر نے اعتراض کیا کہ ایک نوٹس کی جو ملزم کے نام بھیجا جانا بتایا جاتا ہے شہادت نہیں دی جاسکتی عدالت نے اعتراض منظور کرلیا۔ مقدمہ ستمبر تک کے لئے ملتوی ہوگیا۔

اسمبلی میں پہلے روز حکومت کو دوبارہ شکست

مسٹر ستیہ مورتی کی تحریک ملامت پاس ہوگئی

شملہ ۱۷ اگست۔ آج اسمبلی کے شملوی اجلاس کا پہلا روز تھا جس میں حکومت کو دو بار شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ اجلاس کے دوران میں مذاق کا پہلو بھی قائم رہا اور ممبر اور سرکاری ممبر ... [illegible] کانگریس پارٹی کی زبردست فتح پر اسمبلی کا ایوان بندے ماترم کے نعروں سے گونج اٹھا۔ ... مسٹر ستیہ مورتی کی ملامت کی تحریک کی حالت پہلے ہی سے معلوم ہوگئی تھی۔ ... جب کانگریس کے تین ووٹوں سے پاس ہوئی تو تمام شبہ دور ہوگیا۔ ... [illegible]

اسمبلی میں التواء اجلاس کی متعدد تحریکیں

قانون امتناع وحی صحابہؓ اور مظالم فلسطین

شملہ یکم ستمبر۔ اسمبلی کے کل کے اجلاس میں صرف ایک تحریک التوا پیش ہوئی اور باقی تحریکیں ابھی باقی ہیں۔ ... [illegible]

مختصر خبریں

— ... ریاست کی وزارت عظمیٰ ... عارضی تقرر عمل میں آیا ہے۔ آپ اس وقت اجمیر ... میں اسسٹنٹ کمشنر کے عہدہ پر فائز ہیں۔

— ضلع الہ آباد کے ایک گاؤں میں جھونے نام کا ایک شخص جنگل میں اپنے جانور چرانے گیا تھا جہاں دو بھیڑیوں نے اس پر حملہ کیا اور وہ بمشکل جان بچ کر بھاگ سکا ... جہاں ایک شخص نے اپنے بھتیجے کو چھرے سے مار ڈالا۔

— اسپین میں حکومت جرمنی کا سفارت خانہ میڈرڈ سے بندرگاہ ... میں تبدیل کردیا گیا ہے۔ جس پر حکومت کا اقتدار ہے۔ میڈرڈ کی عمارت پر حکومت کا پہرہ ہے۔

— بریلی میں ایک ٹکٹ کلکٹر کی ۹۰ سالہ بوڑھی بچی کو کسی شخص نے قتل کردیا۔ اور وہ تمام زیور اور نقد روپیہ لیکر فرار ہوگیا۔ مکان کا نوکر غائب ہے۔

— کراچی کے ایک گاؤں میں ایک زمیندار کے یہاں زبردست ڈاکہ پڑا ہے جس میں کئی ہزار کے زیورات اور اشرفیاں چوری گئیں۔

— جبلپور کی سنٹرل جیل کے سپرنٹنڈنٹ کی کار بجلی کے کھمبے سے ٹکرا گئی اگرچہ ... سپرنٹنڈنٹ صاحب کے زیادہ چوٹ نہیں آئی۔

— نیویارک۔ صدر روزویلٹ کا ارادہ ہے کہ اگر وہ دوبارہ منتخب ہوگئے تو امن کی ایک عالمگیر کانفرنس منعقد کریں گے ... ملک کے بادشاہ کو دعوت دینگے۔

— ... [illegible]

آئینہ افکار

فلسطین میں آزادی کی کھائی

جنگ عظیم کے دوران میں جناب ان برطانیہ نے بعض عربوں سے اور بعض اتحادیوں ... سے وعدہ کیا کہ تم ترکوں کے خلاف جنگ کروگے تو ہم جنگ کے بعد عرب کے اندر تمہاری آزاد سلطنت قائم کردیں گے۔ ... [illegible]

... مشنریوں کا جو نظام کام مشرقی و مغربی ممالک میں قائم ہے وہ محض مذہب کی حفاظت کے لئے نہیں بلکہ اس کا اصلی مقصد مسیحیت کی تبلیغ و اشاعت ہے جس کے لئے زبردست جدوجہد ہورہی ہے۔ ... (کانفرنس گزٹ)

سینما اور خواتین

معظمی ہمایوں مرزا صاحبہ دکن کی مشہور خاتون ہیں۔ صاحب علم و صاحب تصنیف۔ یورپ وغیرہ کی سیر و سیاحت بھی کرچکی ہیں۔ حیدرآباد کی سینما کی آتش زدگی کے سلسلہ میں ایک مضمون دکن کے ایک روزنامہ میں لکھتی ہیں۔ ... [illegible]

کاش ہماری سینما زدہ بہنیں اور بیٹیاں ان حقیقتوں پر کبھی غور کرتیں!

(صدق)

بنگال میں جناح کی کامیابی

... [illegible]

یورپ اور مذہب

... [illegible]

حوادث و احکام

... [illegible]

الجمعیۃ مسلمان ہند کا واحد ترجمان ہے

حضرت امیر شریعت بہار و سجادہ نشین خانقاہ پھلواری شریف کا ارشاد گرامی

الجمعیۃ کو اس کی ابتدائی اشاعت سے برابر میں مطالعہ کرتا رہا ہوں۔ میرا خیال ہے کہ اس نے حق و صداقت کے ساتھ مسلمانوں کی اور ملک کی خدمت کی ہے اور چونکہ وہ جمعیۃ علماء ہند جیسی مقتدر جماعت کا ترجمان رہا ہے، اسلئے اس کا فریضہ بھی مسلمانوں کی رہنمائی اور رہبری ہے۔

مجھ کو مسرت ہے کہ آپ کی (مولانا انوار الدین بہاری کی) نگرانی میں الجمعیۃ صوری و معنوی حیثیت سے پہلے سے زیادہ بہتر حالت میں شائع ہورہا ہے اسلئے مجھ کو توقع ہے کہ پہلے سے زیادہ مقبول ہوگا اور مسلمان اس کے مطالعہ سے اپنی مذہبی اور سیاسی معلومات میں ترقی کرینگے۔

دعا کرتا ہوں کہ اللہ عزوجل الجمعیۃ سے مذہب، ملت اور قوم و ملک کی بہترین خدمت لے اور اس کو مسلمانوں کے لئے زیادہ سے زیادہ مفید بنائے۔ والسلام

محمد محی الدین۔ پھلواری۔ امیر شریعت صوبہ بہار

حضرت مولانا محمد طیب صاحب کا اہم اعلان

ابنائے دارالعلوم اور اسلامیان ہند سے ضروری خطاب

دارالعلوم دیوبند مسلمانان عالم کی مرکزی درسگاہ ہے جو عالم اسلامی اور خصوصاً ہندوستان میں یہ درسگاہ اپنی تعلیمی جامعیت اپنی دیانت کی پختگی اور اپنے حلقۂ اثر کی ہمہ گیری کے اعتبار سے نہ صرف شہرۂ آفاق اور یگانۂ روزگار تسلیم کی جاچکی ہے، ... [illegible]

اس مقصد کے پیش نظر دارالعلوم میں ایک مستقل شعبہ "تنظیم و ترقی" کے نام سے کھول دیا گیا ہے۔ اس کا دفتر اور شعبہ اسلامیات مستقل ہے اور اس کی نظامت کے لئے جناب مولوی عبد الحمید صاحب صدیقی کی خدمات حاصل کی گئی ہیں۔ لہٰذا میں تمام ابنائے دارالعلوم سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ ازراہ کرم جلد از جلد اپنے مفصل پتے اور موجودہ مشاغل سے ناظم ... [illegible]

... اعلانات ہونے والے ہیں۔ جن میں اس شعبہ کی ضرورت و اہمیت پر مزید روشنی ڈالی جائے گی۔

احقر محمد طیب غفرلہٗ۔ مہتمم دارالعلوم دیوبند

... اور تمام متوسلین و منتسب حضرات کے سامنے اس کے قدیم و جدید کارنامے پیش کرکے اپنی علمی اصل کی اعانت و امداد کی طرف جس کا چھپا ہوا جذبہ ہر منتسب کے دل میں موجزن ہے توجہ دلائی جائے۔

آپ نے کہا اس معاہدہ سے دونوں ملکوں کو فائدہ پہونچے گا۔

نئے دلائی لامہ مل گئے

کالم پونگ ۲۰ ستمبر۔ تبت سے چند ذمہ دار باخبر افراد آئے ہیں جو بیان کرتے ہیں کہ نیا دلائی لامہ جن کے متعلق ایک تمام تفصیلات صیغہ راز میں رکھی گئی ہیں مل گئے ہیں۔

یہ بیان کیا جاتا ہے کہ وہ منگولیا یا منچوریا یا جنوبی تبت میں ایک دور افتادہ مکان میں پیدا ہوئے ہیں۔ لیکن ان کی پیدائش اور جائے پیدائش کا ایجنٹ مقرر کرنے سے قبل کونسل تبت تاشی لامہ کی واپسی کا انتظار کررہی ہے۔

انگریزی مصری معاہدہ کا خیر مقدم

مصطفیٰ نحاس پاشا کا اظہار خیال

لندن ۲۰ ستمبر۔ وزیر اعظم مصر مصطفیٰ نحاس پاشا اور مصری وفد کے دیگر ممبران کل لندن سے روانہ ہوگئے۔

نحاس پاشا نے نمائندہ رائٹر سے دوران ملاقات میں فرمایا کہ مصر اور برطانیہ کے اس مصالحتی معاہدہ نے جس سے اقتصادی اور سوشل معاملات پر کافی روشنی پڑتی ہے ہر دو ممالک کے تعلقات کو خوشگوار بنا دیا ہے۔

منذرجہ ذیل معمہ حل کرنے پر گھڑی مفت مل سکتی ہے

ایک فینسی رولڈ گولڈ ریوڈ دستی گھڑی قیمتی تیس روپے کی اور تین گھڑیاں سنہری خوبصورت دستی مالیتی تیس روپے کی

انعامات: پہلا انعام ایک گھڑی سنہری خوبصورت ... جو بالکل درست حل بھیجے

دوسرا انعام ... تیسرا انعام ... چوتھا انعام ...

قواعد ... [illegible]

ایس ایم دین چاندنا سوداگر گھڑی گھنٹہ بازار چاندنی چوک متصل پنجاب نیشنل بنک دہلی

گپت منتر

Sidh Mantar ashram
29/1 Katri Sarai
(Gaya)

کشمیر کی وادی خوبصورت ہے

لیکن ڈی۔ ایم۔ سی۔ مارکہ کی سوزنیاں منقش چادریں اور دوسرے آرائشی پارچہ جات اس سے کہیں زیادہ خوبصورت اور دلفریب ہیں۔ ان کے بیل بوٹے اور رنگ۔ ان پھول پتی کا سادہ اور دلکش کام اور ان کی دل لبھانے والی صنعت و کاریگری آپ کو پہلی ہی نظر میں مسرور کردیگی۔ ڈی۔ ایم۔ سی۔ کا مارکہ خوبصورتی اور آراستگی کا نشان ہے۔ اسکو ہمیشہ یاد رکھئے۔

دہلی کلاتھ اینڈ جنرل ملز کمپنی لمیٹڈ دہلی

پکیڈلی واچ کمپنی کمپیٹیشن نمبر ۱ کا صحیح حل

۲	۱۰	۳	۵	۲	۱۱	۲۰	۰	۱۳	۲۵۵۰	کل جمع شدہ روپیہ
۶	۵	۴	۱۲	۶	۰	۴	۱۱	۱۸		
۷	۰	۸	۱	۱۰	۷	۹	۲۲	۲	۲۵۵۰	تقسیم شدہ روپیہ

اپنے اخراجات وضع نہیں کئے گئے

مفصل فہرست منگانے کے لئے ایک آنہ کے ٹکٹ یا لفافہ، اپنا پتہ لکھ کر کمپنی کو ارسال کیجئے۔

پکیڈلی واچ کمپنی ۱۲/۳ عبد الرحمن اسٹریٹ بمبئی ۳

Long Life
REFORM PEN (Regd.)

لانگ لائف ریفارم پن

سول ڈسٹری بیوٹرز رحمان برادرس نئی سڑک دہلی

آج کی خبریں

اسمبلی کے اجلاس سے کانگریس پارٹی کا واک آوٹ
سرگرگ کا کانگریس پر غیر شریفانہ حملہ
صدر اسمبلی کے رولنگ پر احتجاج

شملہ ۲۸ ستمبر کل اسمبلی میں بیلاگٹ ... والوں کے متعلق مسودہ قانون پر گرما گرم بحث ہوئی۔ برطانوی مال پر محصول درآمدین کی کے خلاف مسٹر چیٹی کی تحریک التوائے اجلاس پر مسٹر ہنری گرگ، سرجیمز اور سر ظفر اللہ خاں نے تقریریں کیں۔ مخالف پارٹی کے بھی تین آدمیوں نے تقریریں کیں۔ مسٹر ہنری گرگ نے کانگریس پر سخت حملے کئے۔ اس کے بعد سر ہنری گرگ نے پھر تقریر کرنی چاہی تو کانگریس ممبران نے مسٹر ڈیسائی کی رہنمائی میں مخالفت کی۔ اور کہا کہ سر ہنری گرگ کو اب بولنے کا حق نہیں۔ وہ اس طرح بحث میں وقت ختم کرنا چاہتے ہیں۔

صدر اسمبلی نے کہا کہ یہ ٹھیک ہے۔ اور انہیں تقریر کرنے کی اجازت نہیں ملنی چاہئے۔ لیکن چونکہ یہ انہی کے محکمہ کا معاملہ ہے اس لئے انہیں اپنی پوزیشن صاف کرنے کا موقع ملنا چاہئے۔ اس پر کانگریسی ممبران شرم شرم کے نعرے لگاتے ہوئے مسٹر ڈیسائی کی رہنمائی میں واک آوٹ کر گئے۔ ایک سرکاری ممبر نے واک آوٹ کرنے کے بعد کہا کہ حکومت نے اپنے جائز حقوق کا استعمال کیا ہے اس لئے تحریک التوا پر رائے لینے کی ضرورت نہیں۔

مسٹر ... نے اس تحریک پر بحث کرتے ہوئے کہا کہ اگر یہ کانگریس کی تجویز منظور کرلی گئی تو حکومت کو ایک کروڑ روپیہ کا خسارہ ہوگا۔ کانگریس ایک ہی وقت میں ... کی محافظ بنتی ہے۔ اس پر سرکاری ممبران نے بہت تالیاں بجائیں۔

ہندوؤں اور سکھوں کو جلال آباد میں کیوں آباد کیا گیا؟
روسی مال کی ناجائز درآمد کا مشغلہ جرائم پیشہ لوگوں کی امداد
وزیر اعظم افغانستان کا اعلان

لاہور ۲۸ ستمبر سردار ... سنگھ ... حال ہی میں افغانستان گئے ... انہوں نے وزیر اعظم افغانستان سے ان ہندوؤں اور سکھوں کے متعلق گفتگو کی جنکو جلال آباد میں قیام کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ ... سردار صاحب نے ایک بیان شائع کیا ہے جس میں آپ فرماتے ہیں کہ ... سرحد پر جو ہندو اور سکھ آباد ہیں ان کو وہاں سے جلال آباد میں منتقل ہونے کا حکم دیا گیا ہے ... وزیر اعظم افغانستان نے اس بات کی تردید کی کہ ہندوؤں اور سکھوں کو جلال آباد میں قیام کرنے کا حکم کسی مذہبی احساس ... کی بنا پر دیا گیا ہے۔ آپ نے اس کے مندرجہ ذیل اسباب بیان کئے:-

(۱) ... سرحد پر بسنے والے ہندو اور سکھ ناجائز طور پر محصول ادا کئے بغیر روسی مال کی درآمد کیا کرتے ہیں۔

(۲) یہ لوگ جرائم پیشہ لوگوں کی امداد کرکے ان کو روس میں بھگا دیا کرتے ہیں۔

(۳) یہ لوگ خود جرائم کا ارتکاب کرکے غیر ملکی حکومتوں میں روپوش ہو جایا کرتے ہیں۔ ان وجوہ سے حکومت افغانستان نے ان کے خلاف جدید قدم اٹھایا ہے۔ وزیر اعظم افغانستان نے فرمایا کہ ہندوستان سے کوئی وفد یہاں آئے اور خود ان معاملات کی تحقیقات کرے۔

جرمنی کو ایک ہسپانوی نو آبادی دی جائیگی
ہر ہٹلر کی خدمات کا صلہ

پیرس ۲۸ ستمبر۔ رپورٹر کی اطلاع ہے کہ باوجود معاہدہ غیر جانبداری کے ... معاملات اسپین میں بہت زیادہ دلچسپی لے رہا ہے اور یہ بات یقینی طور پر معلوم ہوئی ہے کہ باغیوں کے لیڈر جنرل فرانکو نے ہر ہٹلر کی ہمدردیوں کے صلہ میں یہ طے کیا ہے کہ اسپینی نو آبادی ... جرمنی کو دیدی جائے۔

برطانی کشتی پر بمباری
اسپینی باغیوں کی دہشت انگیزیاں

جبرالٹر ۲۸ ستمبر ہسپانوی افواج نے مالاگا کے قریب ایک برطانی کشتی ... اور ایک جرمن تباہ کن جہاز پر چار بم پھینکے جو نشانہ پر نہیں لگے۔ لیکن پاس ہی آکر پھٹے۔

منگانیوں اور چینیوں میں صلح
چینی ترکستان کا انتظام حکومت

شملہ ۲۸ ستمبر چینی ترکستان کی اطلاعات مظہر ہیں کہ منگانیوں اور چینیوں میں صلح ہوگئی ہے۔ ... کے ذریعہ ... تمام فوجی ... منگانیوں کا قبضہ رہیگا اور اس کے علاوہ تمام عدالتوں، پولیس اور محکمہ جنگی چینیوں کے ماتحت رہیں گے ... [illegible]

پنجاب میں بچے اغوا کرنے والا گروہ
۱۲۹ گمشدہ بچے برآمد ہوئے

لاہور یکم ستمبر۔ پنجاب کی خفیہ پولیس اغوا کرنے والوں کے بین الاقوامی گروہ کے ... کو ... ۱۲۹ بچوں کو برآمد کرانے میں کامیاب ہوسکی ہے ان کی عمر ۸ سال سے ۱۲ سال تک کی ہے۔ ابھی تک ... بچوں کے والدین کا پتہ چلا ہے۔ انہیں ان کے حوالے کردیا گیا ہے باقی کے والدین کا ... خفیہ پولیس لاہور اور دہلی کے ریڈیو براڈکاسٹنگ اسٹیشنوں سے ان کے حلیہ کی تفصیلات کا اعلان کرنے کا ارادہ رکھتی ہے علاوہ ان کے فوٹو بھی مختلف سینما گھروں میں دکھائے جائیں گے۔

فتح کا وقت قریب آگیا ہے
فرانس حکومت ہسپانیہ کی خفیہ امداد کر رہا ہے
باغی جنرل کی پیشینگوئی

برگوس ۲۸ ستمبر باغی سرغنہ جنرل مولا نے اس امر کا انکشاف کیا ہے کہ حکومت فرانس ہسپانوی حکومت کو خفیہ طور پر اسلحہ فراہم کر رہی ہے، جنرل مولا نے مختلف یورپین حکومتوں کی غیر جانبداری پر شبہ ظاہر کیا اور جنگ کو آخر وقت تک جاری رکھنے کا اعلان کیا۔

لزبن ۲۸ ستمبر۔ ہسپانوی باغیوں کے سرغنہ جنرل مولا نے اعلان کیا ہے کہ ہماری فتح کا وقت قریب آگیا ہے۔ باغیوں کو ہر جگہ نمایاں کامیابی حاصل ہو رہی ہے۔ اور حکومت کی طاقت برابر کمزور ہوتی جا رہی ہے۔ یہ ممکن ہے کہ مہینے کے اندر جنگ ختم ہو جائے۔ لیکن موسم سرما تک جنگ جاری رکھنی پڑے گی۔ کیونکہ اس سے پہلے تمام ملک میں امن و امان قائم رکھنا اور دشمن کش عناصر کا خاتمہ کردینا ممکن نہیں ہوگا۔

روس میں جنگی تیاریاں
چھ لاکھ نوجوانوں کی بھرتی

ماسکو ۲۸ ستمبر۔ روس کی فوجی خدمت کے لئے عمر جو کم کی گئی ہے اس کی وجہ سے چھ لاکھ جوانوں کو بھرتی ہونے کا موقع مل گیا ہے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ اس سے روس کی فوج میں سوا لاکھ کا اضافہ ہو جائے گا۔ لیکن چونکہ پرانے آدمیوں کو نکال دیا جائے گا اس لئے بہت جلد فوج کی تعداد اپنی اصلی حالت پر آجائے گی۔

مسٹر لائڈ جارج جرمنی کو
یورپ کے حالات پر ہٹلر سے گفتگو

لندن ۲۸ ستمبر۔ آج مسٹر لائڈ جارج جرمنی کو روانہ ہونے والے ہیں آپ ہٹلر سے یورپ اور دنیا کے عام موقف کے سلسلہ میں بے ضابطہ گفت و شنید کریں گے اور جرمنی دورہ کے دوران میں زرعی حالات کا معائنہ فرمائیں گے۔

کان پھٹنے کا مہلک حادثہ
۵ اشخاص ہلاک متعدد لاپتہ

کوئٹہ یکم ستمبر۔ ویسٹ بنگال میں ... کے قریب کوئلہ کی کان میں زبردست دھماکا ہوگیا جس میں ۵ اشخاص ہلاک اور ... زخمی ہوگئے ... اشخاص لاپتہ ہیں۔ اندیشہ ہے کہ ... افراد کان کے نیچے دبے ہوئے ہیں۔

دار الحکومت پر باغیوں کی بمباری
باغیوں کے حوالے کرنے کے بجائے بیوی بچوں اور شہر کو جلا ڈالنے کا عزم
میڈرڈ میں خوف و ہراس۔ باغی فوجوں کی پیشقدمی

ہینڈی یکم ستمبر۔ اسپین کے باغی شہر ارن کو فتح کرنے میں لگے ہوئے ہیں۔ پانچ روز کی شکست سے تنگ آکر اب انہوں نے فیصلہ کیا ہے کہ شہر پر ہوائی، بری اور بحری تینوں حملے ایک ساتھ کئے جائیں۔ چنانچہ اس کے لئے وہ پانچ جنگی جہاز لائے ہیں۔ بعد کی خبر ہے کہ باغیوں نے بمباری شروع کردی ہے۔ جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ اپنے فیصلہ کو عملی جامہ پہنا رہے ہیں۔

لندن یکم ستمبر۔ باغی میڈرڈ پر ہوائی حملہ کر رہے ہیں۔ معلوم ہوا ہے کہ گزشتہ شب ہوائی حملہ سے تین سو جانیں تلف ہوئیں۔ اسپین کے وزیر جنگ اور وزیر داخلہ کے مکانات پر خاص طور سے بم پھینکے گئے۔

لسبن کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ میڈرڈ میں جو زبردست خوف و ہراس پھیلا ہوا ہے اس کے بارے میں یہاں سنسنی خیز اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔ ایک غیر ملکی شاہد کا بیان ہے کہ میڈرڈ میں اس وقت لیبر کا لیفٹ رہنما اور انارکسٹوں کا مکمل اقتدار ہے جنہوں نے اعلان کردیا ہے کہ ہم شہر اور اپنے بیوی بچوں کو خود جلا ڈالیں گے۔ بجائے اس کے کہ ہم ان کو باغیوں کے سپرد کریں۔ اس سے لوگوں میں زبردست خوف و ہراس پھیلا ہوا ہے کہ اگر شہر پر باغیوں کا قبضہ ہوگیا تو ہمارا کیا حال ہوگا۔ ... کی فوجیں اس وقت دار الحکومت سے کچھ میل کے فاصلہ پر ہیں۔

غیر ملکی باشندوں پر عراق میں پابندیاں
ابھی تک قانون مکمل نہیں ہوا ہے

[illegible]

ٹرانسکی پر پابندیاں
ٹیلیفون کے استعمال کی ممانعت

[illegible]

قبائلی لشکر نے پھر دھاوا بولدیا
دیہاتیوں پر فیر، ایک آدمی ہلاک

[illegible]

ٹرانسکی کا اقرار سازش
روس کے انقلابیوں سے ربط و ضبط کا اعتراف

لندن یکم ستمبر۔ ٹائمز کا نامہ نگار مقیم اوسلو کا بیان ہے کہ ٹرانسکی نے تسلیم کرلیا ہے کہ مختلف ممالک کے انقلاب پسند طبقہ سے اس کا تعلق ہے اور یہ کہ اس طرح اس نے ناروے میں مقیم ہونے کی شرائط کی خلاف ورزی کی ہے اس نے روس کی سازش مقدمے کے بارے میں کوئی تبصرہ نہیں کیا جب اس کے خطوط پر لکھے ہوئے "ہمارا نظام" کے الفاظ کے متعلق دریافت کیا گیا تو اس نے جواب دیا کہ اس سے میری اس پارٹی کا نظام مراد ہے جو فرانس میں مقیم ہے۔

فلسطین کی ٹرک پر مادہ آتشگیر
دو فوجی سپاہی زخمی ہوگئے

یروشلم یکم ستمبر۔ آج صبح دو فوجی سپاہی زخمی ہوگئے جب کہ وہ یروشلم اور نابلس کے درمیان عیب پر حملہ کرنے والوں کا مقابلہ کرنے کے سلسلہ میں تیاری کر رہے تھے۔ حملہ آوروں نے سڑک پر مادہ آتشگیر کا ایک جال بنا رکھا تھا۔ لاری اس کے اندر چلی گئی۔ اور مادہ آتشگیر پھٹ گیا۔ دو سپاہی زخمی ہوگئے۔

جرمنی میں نازی حکومت کی مخالفت
فوج کے اضافے کی تجویز پر ناراضگی

لندن یکم ستمبر اخبار ٹائمز لندن کا نامہ نگار مقیم برلن لکھتا ہے کہ حال ہی میں ہر ہٹلر نے جرمن فوج میں اضافہ کرنے اور فوجی تعلیم کو ترقی دینے کے بارے میں جو اعلان کیا تھا۔ اس کی خاص وجہ یہ تھی کہ جرمنی کو روس کا خطرہ پریشان کر رہا ہے۔ لیکن اس کی خاص وجہ یہ ہے کہ جرمنی میں نازی حکومت کی مخالفت بڑھتی جا رہی ہے۔ نامہ نگار مزید لکھتا ہے کہ جو لوگ حالات پر گہری نظر رکھتے ہیں ان کو یقین ہے کہ فوج میں اضافہ اور اس کے نتیجہ کے طور پر ٹیکسوں میں بار بار اضافہ سے عوام پریشان ہوگئے ہیں اور اب نازی حکومت کے خلاف پہلے سے زیادہ مخالفت بڑھ گئی ہے۔

مقامیات

دہلی میں موسلا دھار بارش
جمنا میں پانی چڑھ گیا

[illegible]

حضرات اراکین جمعیۃ علماء ہند سے درخواست

[illegible]

مولانا احمد سعید۔ بقلم عبد الاول
دفتر جمعیۃ علماء ہند۔ گلی قاسم جان دہلی

سول ہسپتال کے عملہ کی میونسپلٹی سے درخواست
ہسپتال کو بند نہ کیا جائے

دہلی میونسپلٹی کے سول ہسپتال کو بند کرنے کے فیصلہ پر ہسپتال کے عملہ کی جانب سے نظر ثانی کرنے کے لئے درخواست کی گئی ہے۔ یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ عملہ کے بعض سرکردہ حضرات جو ہسپتال کے بند ہو جانے پر بیکار ہو جائیں گے ممبران کمیٹی کی ہمدردی حاصل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں چنانچہ بعض ممبر اس پر رضامند ہوگئے ہیں کہ اس مسئلہ پر دوبارہ غور کیا جائے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ اعلیٰ افسران اور نامزد ممبران کی جانب سے فیصلہ کی تنسیخ کے لئے کوشش کی جا رہی ہے۔

دہلی کے عیسائیوں کا مطالبہ
میونسپل کمیٹی میں نمائندگی کا حق دیا جائے

دہلی ۲۸ ستمبر دہلی کے ہندوستانی عیسائیوں نے ایک تجویز انڈین کرسچین ایسوسی ایشن کے ماتحت پاس کی ہے جس میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ دہلی کے ہندوستانی عیسائی اپنے نمائندوں کی عرصہ سے ضرورت محسوس کر رہے ہیں اب نئے آئین کے ماتحت انہیں بھی میونسپل کمیٹی میں اپنے نمائندہ بھیجنے کا حق دیا جائے۔ چنانچہ سکریٹری صاحب کو اختیار دیا گیا ہے کہ وہ اس سلسلہ میں کمشنر دہلی، چیف کمشنر اور سکریٹری میونسپل کمیٹی سے خط و کتابت کریں۔

جامع مسجد میں کوکین پکڑی گئی

دہلی یکم ستمبر کل جامع مسجد میں ... کا ایک مسلمان مسمی ... نشیات کے قانون کے ماتحت گرفتار کیا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ جامہ تلاشی لینے پر اس کے قبضہ سے کوکین کی تین پڑیاں برآمد ہوئیں۔

شاہدرہ اور غازی آباد کے درمیان حادثہ

دہلی یکم ستمبر کل پانچ بجے شام شاہدرہ اور غازی آباد کے درمیان دو لاریاں آپس میں ٹکرا گئیں۔ ایک لاری گڑھے میں گر گئی جس سے ایک درجن سے زائد آدمیوں کو ضربات آئیں۔

۱۹۲۴ء میں سوڈان سے مصری فوج کا اخراج
سرلی اسٹاک کا قتل اور وزارت برطانیہ کا انتقام
سعد زغلول پاشا سے لارڈ النبی کی سخت اور غیر شریفانہ گفتگو

(خاص برائے الجمعیۃ)

[illegible]

سرلی اسٹاک امرکین ہسپتال میں داخل کردیئے گئے جہاں ان کے بدن سے گولیاں نکالی گئیں لیکن حالت بد سے بدتر ہوتی گئی اور آخر ۲۰ نومبر کی شب کو انتقال کرگئے۔ اس حادثہ پر مصر اور انگلستان میں سخت رنج و ملال کا اظہار کیا گیا اور مصر پر وہ مصائب نازل ہوئے کہ تاریخ ان کو فراموش نہیں کرسکتی۔ چنانچہ اسی وقت ڈیلی ایکسپریس مورخہ ۲۱ نومبر ۱۹۲۴ء میں ذیل کی اطلاع شائع ہوئی "برطانی وزارت نے فیصلہ کیا ہے کہ مصری کی موجودہ حالت کے پیش نظر اپنے بحری جہاز مالٹا سے اسکندریہ منتقل کردیئے جائیں۔"

۲۳ نومبر کو لارڈ النبی مجلس وزراء میں حاضر ہوئے اور نہایت غیظ و غضب کی حالت میں سعد زغلول مرحوم کو برطانی حکم پڑھ کر سنایا اور گفتگو کی تلخی کے ساتھ ہی گفتگو اور فوج کی حفاظت میں واپس چلے گئے۔

سوڈان سے مصری فوج کا اخراج

لارڈ النبی نے مرحوم سعد زغلول کو جو سرکاری پیام دیا تھا وہ یہ تھا۔ انگریزی حکومت مطالبہ کرتی ہے کہ مصری حکومت ۲۴ گھنٹہ کے اندر تمام مصری فوج اور فوجی افسروں کو سوڈان سے واپس بلالے، اگر اس حکم کی فوری تعمیل نہ کی گئی تو جلالۃ الملک کی حکومت مصر اور سوڈان میں اپنے مصالح کی حفاظت کیلئے فوراً مناسب تدابیر اختیار کرے گی۔

چنانچہ اس کے بعد مصری فوج سوڈان سے نکال دی گئی اور سوڈانی فوج کو برطانی کمانڈ کے ماتحت کردیا گیا۔

... حربیہ کے دفتر سے نکلے اور موٹر میں سوار ہوکر شارع منصور سے گزرے جب آپ منصور روڈ کے آخری حصہ پر پہنچے تو موٹر ٹھہری کردی گئی تاکہ ٹرام گزر جائے اور راستہ صاف ہو جائے۔ اس اثنا میں سڑک کے ایک گوشہ سے سات نوجوان نکلے جو سب کے سب فرنگی لباس میں ملبوس تھے۔ انہوں نے ریوالوروں سے موٹر پر گولیاں برسانی شروع کردیں اور اپنا کام پورا کرکے فرار ہوگئے گولیاں سرلی اسٹاک کے پیٹ، بازو اور پنڈلی میں لگیں۔ کپتان کیمبل کے سینہ میں ایک گولی اور موٹر ڈرائیور کی ران میں ایک گولی پیوست ہوگئی۔

سعد زغلول پاشا کا تاسف

اس حادثہ کی اطلاع زعیم مصر سعد زغلول پاشا کو ملی آپ نے انتہائی تاسف اور رنج کا اظہار کیا اور زخمیوں کی عیادت کے لئے مندوب سامی کے دفتر تشریف لے گئے۔ حکومت مصر اور مصری قوم نے اس حادثہ پر نفرت و ملامت کا اظہار کیا۔

جلالۃ الملک فواد اول نے لارڈ النبی کو اس حادثہ پر اپنے رنج و الم کا اظہار کیا اور ذیل کا خطاب مصری فوج اور فوجی قائدین کے نام ارسال فرمایا۔ "ہماری فوج کے سردار پر جو افسوسناک حملہ ہوا ہے اس سے ہمارا دل غمزدہ ہے۔ اور ہیری حکومت کے ارکان کو اس حادثہ کی وجہ سے سخت روحانی اذیت پہونچی ہے۔ ہم اس حادثہ پر افسوس اور ملامت کا اظہار کرتے ہیں سرلی اسٹاک ..."

فلسطین میں مصالحانہ گفتگو کا آغاز
عربوں نے نوری پاشا کو ثالث تسلیم کرلیا
ہڑتال بدستور جاری رہے گی

یروشلم ۳۰ اگست فلسطین کی عرب ہائی کمیٹی نے مصالحانہ گفتگو کے لئے اپنی رضامندی کا اظہار کردیا ہے اور کئی روز کے اہم جلسوں کے بعد عربوں نے نوری پاشا کو جو عراق کے سرکاری نمائندہ ہیں گفت و شنید میں مداخلت کا حق دیدیا ہے۔ لیکن اس کے باوجود عربوں کی ہڑتال بدستور جاری ہے اور عربوں کا جس کو اس وقت تک ختم کرنے کا ارادہ نہیں ہے تا وقتیکہ ہائی کمیٹی اپنے فیصلہ کی تمام ضلع کمیٹیوں سے منظوری حاصل نہ کرلے ٹائمز کے نامہ نگار مقیم یروشلم کا بیان ہے کہ نوری پاشا کو یروشلم آنے کی اس وجہ سے دعوت نہیں دی گئی ہے کہ عرب ان کی تجاویز سے متفق ہیں بلکہ ان کو صرف اس وجہ سے مدعو کیا گیا ہے تاکہ تجاویز فیصلے کے بارے میں مزید گفتگو ہو سکے۔ یروشلم کی مفتی پارٹی کی طرف سے خدشہ ہے کہ نوری پاشا کی سعی کامیاب نہیں ہوگی فلسطین میں ایک فریق کا خیال ہے کہ اگر انہوں نے اپنی تحریک حریت کو اسی طرح جاری رکھا اور بعض لوگوں کے کہنے سے ہڑتال کو ختم نہ کیا تو وہ زیادہ کامیاب رہیں گے اور حکومت سے اپنے پورے مطالبات حاصل کرسکیں گے برخلاف ان کے دوسرے گروہ کا خیال ہے کہ اب ہم کو نوری پاشا کے ذریعہ حکومت سے صلح کرلینی چاہئے۔

آئندہ جنگ میں برطانیہ کی امداد نہ کی جائے
گورنر جنرل نے اسمبلی میں ریزولیوشن پیش کرنے کی اجازت نہیں دی

شملہ ۳۰ اگست۔ مسٹر بھولا بھائی ڈیسائی لیڈر کانگریس پارٹی اور مسٹر ستیہ مورتی اور دیگر کانگریسی ممبر آج یہاں پہونچ گئے ہیں۔ مسٹر ستیہ مورتی کا بیان ہے کہ گورنر جنرل نے ان کے اس ریزولیوشن کے پیش کرنے کی اجازت نہیں دی ہے جس میں اس امر پر زور دیا گیا ہے کہ آئندہ کسی بھی جنگ میں ہندوستانی برطانیہ کی امداد نہ کرے۔ اجازت نہ دینے کی وجہ یہ بتائی گئی ہے کہ اس سے پبلک کا کوئی مفاد وابستہ نہیں ہے۔

مسٹر ستیہ مورتی گورنر جنرل کے اس حکم پر اظہار تعجب کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ اگر آئندہ جنگ میں ہندوستانیوں کی امداد ضروری ہے تو پھر کیا وجہ ہے کہ اس مسئلہ پر بحث کی اجازت نہ دی جائے۔

اس کے علاوہ مسٹر ہری پرکاش اور مسٹر ستیہ مورتی اطلاع دیتے ہیں کہ ان کا وہ ریزولیوشن جس میں حکومت سے خطابات کی تنسیخ پر زور دیا گیا ہے گورنر جنرل نے اس وجہ سے پیش کرنے کی اجازت نہیں دی ہے کہ اس کا گورنر جنرل کونسل سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

معلوم ہوا ہے کہ پیر کے روز جس دن کہ اجلاس کا افتتاح ہوگا اسمبلی میں دو سو پچاس سوالات دریافت کئے جائیں گے۔ جن میں سے ایک سو تیس سوالات مسٹر ستیہ مورتی کریں گے۔

ڈاکٹر امبیدکر کے خلاف نعرہ افشانی
ہریجنوں کے ایک جلسہ میں دست بدست جنگ

لاہور ۳۰ اگست۔ کل لاجپت رائے ہال میں ڈاکٹر امبیدکر کے خلاف ہریجنوں کا ایک جلسہ زیر صدارت مسٹر بھگت ... ایڈوکیٹ سیالکوٹ منعقد ہوا جلسہ کی کارروائی شروع ہوئی حاضرین نے شور و غوغا مچادیا اور "امبیدکر زندہ باد" کے فلک بوس نعرے لگاکر مجمع میں ہلچل پیدا کردی۔ اس پر ڈاکٹر امبیدکر کے مخالفین اور موافقین میں خوب دھول دھپا ہوا اور سخت شور و شغب میں تحریک تبدیل ...

... مذہب کے خلاف نفرت کی تجویز پاس کرکے جلسہ برخاست ہوگیا۔

جواہر لال کے متوسلین سے سرکاؤس جی کو خوف
صدر کانگریس کی توہین جلسہ میں ہنگامہ

پونہ ۳۰ اگست۔ سر کاؤس جی جہانگیر نے جو ایک مشہور لبرل لیڈر ہیں پونہ کے ایک عام جلسہ میں کانگریس کے بعض لیڈروں پر سخت نکتہ چینی کی اور صدر کانگریس پنڈت جواہر لال نہرو کی شان میں سخت توہین آمیز الفاظ کہے۔ چنانچہ جلسہ میں سخت ہنگامہ ہوگیا۔ اور آپ کے اوپر کاغذ کے گولے اور انڈے بکثرت پھینکے گئے۔ کچھ دیر میں سکون قائم ہو جانے کے بعد آپ نے پھر تقریر شروع کی آپ کے آخری الفاظ یہ تھے "جواہر لال کو آج کانگریس کا بھگت سمجھا جاسکتا ہے لیکن کیا معلوم ہے کہ کل وہ اپنی طاقت میں مناکر کے مسٹر شلوم اور کیمونزم کا پرچار کریگا۔ اور وہ اور خود کانگریس کے لئے ایک مصیبت عظیم بن جائے۔

اسمبلی میں حاضری کیلئے مقدمہ ملتوی کرنیکا مطالبہ
کے ایل گابا کی درخواست نامنظور

لاہور ۳۰ اگست۔ آج کے ایل گابا ممبر اسمبلی نے مسٹر ... ایسر ایڈیشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کی عدالت میں اس امر کی درخواست دی ہے کہ اس کے خلاف مقدمہ کو اور اکتوبر تک ملتوی کردیا جائے تاکہ وہ پبلک کے مفاد کی نگرانی کے بارے میں اپنا فرض ادا کرنے کے لئے اسمبلی کے اجلاس میں شریک ہوسکیں۔

عدالت نے یہ درخواست مسترد کردی۔ وکیل استغاثہ نے درخواست کی مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ فوجداری عدالتوں کا ملزم کی مصروفیتوں سے کوئی تعلق نہیں ہے اور پارلیمنٹ کے ممبران بھی ان قسم کے حقوق کا مطالبہ نہیں کرسکتے۔

زان بعد ملزم نے موجودہ عدالت سے انتقالی مقدمہ کی درخواست دینے کے لئے مقدمہ کو ملتوی کرنے کی التجا کی۔ عدالت نے مقدمہ ملتوی کردیا۔

اگر آپ گھر بیٹھے مفت
حکیم یا ڈاکٹری خدمات حاصل کرنا چاہتے ہیں تو

کارخانہ اسیکو ورکس کی فہرست ادویات مع طریقہ علاج اور مفید و کارآمد معلومات ذیل کے پتہ سے مفت طلب فرمایئے اس کے مطالعہ سے آپ کافی معلومات حاصل کرسکتے ہیں ہر قسم کے علاج کا صحیح طریقہ مفصل درج ہے ہر شخص اور ہر گھر کے لئے مفید کتاب ہے اس کارخانہ کی ادویات طب قدیم اور جدید کی معلومات کا نچوڑ ہیں جو دنیا کے بڑے بڑے نامور اور مشہور اطباء کے مستند اور معتبر نسخوں کے مطابق تیار کی جاتی ہیں اور جو لاکھوں مریضوں پر استعمال کئے جانے کے بعد مفید اور کارآمد ثابت ہوئی ہیں۔ آپ سے اس قدر گزارش ہے کہ اسکو بازاری اور عام اشتہاری ادویات کا اشتہار سمجھ کر نظر انداز نہ فرمائیں بلکہ صرف تین پیسے کا پوسٹ کارڈ لکھ کر فہرست مفت طلب فرمائیں۔ حقیقت اور سچائی آپ پر خود روشن ہو جائے گی

(ملنے کا پتہ)

سول ایجنٹس کارخانہ اسیکو ورکس
این اسمیل۔ انگریزی دواخانہ نمبر ۹،
کولوٹولہ۔ اسٹریٹ کلکتہ (انڈیا)

بے تصدیق بات پر شک ممکن ہے

[illegible] ... ملنے کا پتہ: آتنک نگرہ فارسی جام نگر کاٹھیاواڑ

ایک قطرہ کا کرشمہ

حیرت میں ڈالنے والی دوا رجنگ تل ... [illegible]

پتہ:- سعید برادرس اینڈ کو کلاں محل دہلی

محبوب عاشق کے قدموں پر
ہدیہ میں عظیم الشان رعایت

[illegible]

فضل شاہ عامل گلی راجان کوچہ چیلان دہلی

اخبار الجمعیۃ
کے لئے ہر شہر و قصبہ میں ایجنٹوں کی ضرورت ہے

صحت نما جیبی حمائل شریف (معریٰ)

آداب قرآن مجید، فضائل قرآن مجید، احادیث مختصر اور اوراد قرآنی اور ضروری مسائل، قرآن مجید کی سورتوں کے تعویذات اور تعبیر خواب، ترکیب فال نامہ قرآن مجید وغیرہ درج ہیں جس کی صحت ستائیس حافظوں نے بڑی محنت اور جانفشانی سے ... یہ حمائل شریف ... ہر قسم کے خط سے بہترین ... [illegible]

ملنے کا پتہ
منیجر الجمعیۃ بک ڈپو بلی ماران دہلی

حمائل شریف مترجم مع خلاصۃ التفاسیر

اس کے حرفوں کی خوشنمائی موتی کی آب سے دوبالا ہے۔ ... [illegible] ... مولانا شاہ رفیع الدین صاحب محدث دہلوی کا ترجمہ ... خلاصۃ التفاسیر ... [illegible]

معجز نما حمائل شریف مترجم ... [illegible]

حمائل شریف لاکٹ والی یہ پورا قرآن شریف تعویذ بنا کر گلے میں ڈالنے کے لئے ہی اکثر استعمال کیا جاتا ہے۔ ... [illegible]

پنجسورہ بالکہ دہ سورہ مترجم مع فضائل و خواص و تعویذات ... [illegible]

اطلاع۔ جب کبھی آپ کو قرآن مجید یا دیگر کتب دینیہ منگانے کی ضرورت ہو تو مندرجہ ذیل پتہ کو یاد رکھئے۔

منیجر الجمعیۃ بک ڈپو بلی ماران دہلی

خانہ جنگی کا خاتمہ

حکومت اور باغیوں کے نمائندوں میں مصالحتی گفت و شنید

ایک بین الاقوامی مجلس ذرائع و وسائل کا قیام۔ روسی سفیر کا شاندار استقبال

میڈرڈ پر ۴۸ گھنٹے میں چار ہوائی حملے

ہنڈائی ۲۹ اگست۔ روئٹر کا ایک تازہ پیغام مظہر ہے کہ حکومت اور باغیوں کے چار نمائندے سینٹ جینیڈ و نزکے ایک ہی کرہ میں موجودہ خانہ جنگی کے سلسلہ میں گفت و شنید کر رہے ہیں۔

اٹلی، جرمنی، ارجنٹائن اور یوراگوئے کے نمائندے اس گفت و شنید کی رہنمائی کر رہے ہیں۔ برطانیہ، فرانس اور امریکہ کے نمائندوں کو اگرچہ مطلع کر دیا گیا ہے لیکن وہ ابھی تک گفت و شنید میں شریک نہیں ہوئے ہیں۔

گفت و شنید کا سب سے اہم فیصلہ یہ ہے کہ ایک انٹرنیشنل (بین الاقوامی) کمیٹی مرتب کی جائے جو حالات حاضرہ پر اپنا فیصلہ صادر کرے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ اس گفت و شنید میں آخری فیصلہ ہو جائے گا۔

سیوائل ۔ ۳۰ اگست۔ باغیوں کے ہیڈکوارٹرس کی اطلاع مظہر ہے کہ وہ دار الخلافہ کی طرف سرعت کے ساتھ پیش قدمی کر رہے ہیں۔ باغیوں کا کہنا ہے کہ اسپین کے مشہور تاریخی گاؤں ... میں داخل ہو گیا ہے ... جنرل ... کا بیان ہے کہ ... روز میں میڈرڈ میں داخل ہو جائیں گے۔

میڈرڈ ۳۰ اگست۔ روسی سفیر اسپین پہنچ گیا جس کا وہاں زبردست استقبال کیا گیا ... یہ امر خاص دلچسپی ہے کہ ... انقلاب کے بعد یہ پہلا موقع ہے کہ ایک روسی سفیر اسپین آیا ہے۔

میڈرڈ کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ باغیوں نے ۴۸ گھنٹے کے اندر میں شہر پر چار مرتبہ ہوائی حملہ کیا۔ اخبارات کا بیان ہے کہ باغیوں کے ان مسلسل حملوں سے شہر کی آبادی میں سخت خوف و ہراس پھیلا ہوا ہے۔

برگس کا ایک باغی افسر نے ایک بیان شائع کیا ہے جس میں مذکور ہے کہ عنقریب ہی تمام اسپین میں ہمارا لال اور پیلا جھنڈا لہرانے لگا۔

مصارف امدورفت حجاج بیت اللہ

فی کس ازبمبئی وکراچی تا مکہ مکرمہ ومدینہ منورہ بابت سال ۱۳۵۵ھ

انجمن انسداد بے رحمی کے خلاف الزامات کی تحقیقات

ڈپٹی کمشنر نے احکامات جاری کر دیئے

ضروری گذارش

مصری جدید برقعہ

آج کل بھی مصر کے شاہی خاندان میں اس برقعہ کا استعمال ہے

خاتون اسٹور بازار فتحپوری دہلی

اطلاع تاریخ بغرض تصفیہ مراتب اشتہار نیلام

بعدالت جناب مولوی عبدالمجید صاحب بہادر ڈپٹی کلکٹر و حاکم نیلام

مقام ضلع سیتاپور



پتہ امرت دھارا ۱۲ لاہور

انخبار الجمعیۃ میں اشتہار دے کر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے ۔ منیجر

خضاب چھوڑ دو

بال کالا اسٹور پوسٹ کسی سمری در بھنگہ

برص اور پھلبہری کی نایاب دوا

دیدیار لورام ... کشوری رام نمبر ۲۹/۱ ڈاک خانہ ...

سوئس کے مشہور معروف کارخانہ کی بنائی ہوئی اصلی ... رعایتی قیمت چار روپے ...

کالمریڈ ٹریڈنگ ایجنسی پوسٹ بکس ۲۵ کلکتہ

مشہور و معروف دو ترجمہ بلا معجزنما متوسط قرآن مجید معہ کامل تفسیر

حیرت انگیز رعایتی اعلان

نورانی قرآن مجید

منیجر الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

یوم مدح صحابہ

الہ آباد

مسلمانان الہ آباد کا عظیم الشان جلسہ بعد نماز جمعہ جامع مسجد میں زیر صدارت جناب مولانا نصیر الدین صاحب منعقد ہوا۔ مولانا محمد میاں الفاروقی سکریٹری جمعیۃ فلسطین نے ذیل کی قرارداد ایک بسیط اور پرجوش تقریر کے ساتھ پیش کی جس کی تائید منشی بہاء الدین صاحب۔ مولانا حبیب الرحمن صاحب مدرس مدرسہ سبحانیہ عبدالکریم صاحب صدیقی تاجر صابن نے فرمائی اور متفقہ طور پر یہ قرارداد پاس ہوئی۔

مسلمانان الہ آباد کا یہ عظیم الشان جلسہ ان احکام کے خلاف جو ملکہ وکٹوریہ کے مشہور اعلان کو پس پشت ڈال کر مدح صحابہ کے سلسلہ میں لکھنؤ میں نافذ کئے گئے ہیں سخت نفرت و حقارت کا اظہار کرتا ہے اور حکومت کو متنبہ کرنا چاہتا ہے کہ مسلمان زندگی کی آخری سانسوں تک مداخلت فی الدین کے کسی طریقہ کو برداشت نہیں کر سکتا اور اس کے لئے ہر ممکن قربانی دینے کو وسیلہ نجات سمجھتا ہے اور حکومت سے پر زور مطالبہ کرتا ہے کہ مدح صحابہ پر کوئی پابندی باقی نہ رکھے اور گرفتار شدگان کو فوراً رہا کر دے۔

(ناظم جلسہ عبدالکریم صدیقی تاجر صابن)

سہارنپور

بتاریخ ۲۰ اگست ۱۹۳۶ء بعد نماز مغرب جمعیۃ رضا کاران احرار اسلام ضلع سہارنپور کا ایک اجلاس زیر صدارت کامریڈ مسٹر اکمل صاحب منعقد ہوا جس میں بالاتفاق رائے مندرجہ ذیل ریزولیوشن پاس ہوئے۔

(۱) جیوش احرار اسلام ضلع سہارنپور کا یہ اجلاس جناب صاحب زادہ سید فیض الحسن صاحب سجادہ نشین ... آفیسر جیوش احرار اسلام ہند و نائب صدر مجلس احرار اسلام ہند کی خدمات کا اعتراف کرتا ہے ...

اطلاعات

بہار مسلم انڈیپنڈنٹ کانفرنس

۱۲-۱۳ ستمبر کو منعقد ہوگی

بہار مسلم انڈیپنڈنٹ پارٹی کو بہار کے مقتدر اصحاب نے مسلمانوں کی خدمت کے لئے قائم کیا ہے اس کے قیام کو تقریباً ایک سال ہوا ہے اور اس کی شاخیں صوبہ کے اکثر حصوں میں قائم ہو چکی ہیں اور اس کے ارکان قوم و ملت کی سعی کر رہے ہیں۔

اس کے کاموں کو وسعت دینے اور اس کو مستحکم بنیاد پر استوار کرنے کے لئے بہار مسلم انڈیپنڈنٹ پارٹی کی مجلس عاملہ نے طے کیا ہے کہ صوبہ بہار کی کانفرنس منعقد کی جائے اور اس کے حسب ایما مجلس استقبالیہ ... کو کامیاب بنانے کی سعی کر رہی ہے۔

... بہار مسلم انڈیپنڈنٹ کانفرنس کے انعقاد کی تاریخ ۱۲-۱۳ ستمبر مقرر کی گئی ہے۔

آپ سے استدعا ہے کہ آپ کانفرنس میں شرکت فرما کر اپنے مفید مشوروں سے قوم و ملت اور ملک و وطن کی ... صوبہ ... یہ کانفرنس نہایت اہم ہوگی اس لئے آپ کی شرکت نہایت ضروری ہے امید ہے کہ آپ شرکت فرما کر اراکین استقبالیہ کو ممنون فرمائیں گے۔

آپ اپنی تشریف آوری کے وقت اور اپنے ہمراہیوں کی تعداد سے مطلع فرمائیں تاکہ مجلس استقبالیہ کو آپ کی عافیت کے نظم میں سہولت ہو۔ ...

علی گڈھ یونیورسٹی کی تحقیقاتی کمیٹی

اسٹرائک کے اسباب پر غور کیا جائے گا

ایک سامی کیلئے پانچ درخواستیں

اسسٹنٹ ولیج ہیڈ وارڈ کا انتخاب ہو گیا

انخبار الجمعیۃ میں اشتہار دے کر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

قوت کی کامیاب گولیاں

ضمادیک شب

شفاخانہ فارسی چاندنی چوک دہلی

سرمہ نور

... (مولانا) نور الدین بہاری بیری والا باغ دہلی

جڑی بوٹی

جڑی بوٹی میڈیکل اسٹور پوسٹ ہرلاکھی در بھنگہ

کمزوری نامردی

بوٹی ٹانک ہال پوسٹ کسی سمری ضلع در بھنگہ

پانچسو کار آمد باتیں

... منیجر الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

میری پیاری بہنو

... ایچ نجم النساء شاہدرہ لاہور

اخلاق النبی

الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

ان لوگوں کے لئے جن کا ذہن خراب ہو اور اردو خوان بھائی جو بغیر استاد کی ...

تلاوت آسان قرآن شریف منگا کر جو اسی کام کے لئے خاص طور پر ...

الٓمٓ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيهِ هُدًى لِّلْمُتَّقِينَ الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيمُونَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنفِقُونَ

آ گئی مین فوٹو بلاک پریس کے مثال کار دسار حمائل مجلد

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

يد الله على الجماعة

الجمعیۃ دہلی

سہ روزہ

ادارہ

مسئول: محمد عثمان فارقلیط

محی الدین قادری

نگران

مولانا نورالدین بہاری

قیمت فی پرچہ ایک آنہ

جلد (۲۴) | دہلی یوم چہارشنبہ ۲۲ جمادی الآخر ۱۳۵۵ھ مطابق ۹ ستمبر ۱۹۳۶ء | نمبر (۱۸)

آرزوئے شباب

(از جناب خلیق جمیل آبادی)

نگاہِ مست رخِ بے نقاب رہنے دے — مجھے تو آج کی تو یہی خراب رہنے دے

شباب کو اے ظالم شباب رہنے دے — ابھی تو ذکرِ عذاب و ثواب رہنے دے

مجھے ہے جلوۂ دیدار ہی بہت ساقی — نقابِ رخ سے اٹھا دے شراب رہنے دے

بہت ہے اور بھی ہیں امتحان کے پہلو — ستم ناظرِ انتخاب رہنے دے

جسے خبر نہ ہوا اس سے تو جا کے بن ناصح — ہزار بار تو پی کر خراب رہنے دے

سنا ہے اہلِ ہوس کو ہے دعوئ دیدار — تجھے قسم ہے جو رخ پر نقاب رہنے دے

ہزار بار تصور میں میں نے دیکھا ہے — خدا کے واسطے اب تو حجاب رہنے دے

ادائے حسن کرم کر مجھے نہ کر محروم — نگاہِ ناز نظر زِ عتاب رہنے دے

تمام ہو گئی بادہ کشی میں رات خلیق

دمِ سحر تو یہ کارِ ثواب رہنے دے

"برقِ جمال"

(از جناب شہید بارہوی تلمیذ حضرت سیماب اکبرآبادی)

آنکھوں میں ہے نمی سی کچھ گنگنا رہے ہیں — شاید مریضِ غم کو وہ یاد آ رہے ہیں

کس شان سے وہ مسکیں مجھ کو بنا رہے ہیں — ہنس ہنس کے پی رہے ہیں مجھ کو پلا رہے ہیں

آنکھوں میں آ رہے ہیں دل میں سما رہے ہیں — انداز اپنے کیا کیا مجھ کو دکھا رہے ہیں

منزل کی آرزو میں یہ دل کو کہہ رہا ہوں — منزل ہی آنے والی منزل پر آ رہے ہیں

چھائی ہوئی ہے مستی سرشار ہے فضا بھی — شاید وہ رخ سے اپنے پردہ اٹھا رہے ہیں

کیسا سکون دل میں اک آگ سی لگی ہے — برقِ جمال سے ہم نظریں لڑا رہے ہیں

آنکھوں میں کس لئے یہ آنسو بھرے ہوئے ہیں — گزرے ہوئے فسانے کیا یاد آ رہے ہیں

چلئے شہید دیکھیں تقدیر کیا دکھائے

سنتے ہیں سوئے مقتل وہ آج آ رہے ہیں

بہت سے یہودی یورپ اور امریکہ کی طرف کوچ کر گئے ہیں اور بہت سے پا بہ رکاب ہیں ... [illegible]

دنیائے اسلام

عربی، ترکی اور فارسی جرائد کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

چینی مسلمانوں کے اہم اجتماعات

آقائے کونین کے خلاف مضمون پر چین کے گوشہ گوشہ میں ہیجان

کمپنی نے معافی مانگ لی۔ علمائے چین کتاب کی نظر ثانی کریں گے

[illegible]

سلطان ابن سعود اور مسئلہ فلسطین

عرب ہائی کمیٹی کے نام تار

[illegible]

کیا یمن پر اٹلی حملہ کریگا؟

[illegible]

ایران میں اٹلی اور جرمنی سے جنگی ہتھیاروں کی آمد

ایرانی بندرگاہ میں جہازوں پہ جہاز چلے آ رہے ہیں

[illegible] (البلاغ)

کمپنی نے معافی مانگ لی

اس احتجاج اور مظاہروں کا نتیجہ یہ ہوا کہ شنگھائی کے ... نشر و اشاعت نے معذرت کرتے ہوئے اس امر کا اعلان کیا کہ ... [illegible]

وطنی جہاد کو آخر دم تک قائم رکھا جائیگا

امیر کویت کا ہمدردانہ پیغام

فلسطین کے عربوں کی مجلس اعلیٰ کا ایک جلسہ حالات حاضرہ پر غور کرنے کے لئے منعقد ہوا ... [illegible]

زعماء عرب کو جلاوطن کیا جا رہا ہے

حکومت فلسطین کی شدید کارروائی

حکومت فلسطین عرب زعماء کو جلاوطن کرنے میں اپنے پورے انہماک کا ثبوت دے رہی ہے ... [illegible]

یہودی یورپ اور امریکہ کو بھاگنے لگے

فلسطین کی مسلسل ہڑتال اور مقاطعہ نے یہودیوں کا قافیہ تنگ کر دیا ہے ... [illegible]

ہندوستان کے اچھوتوں سے اہل شام کی ہمدردی

دمشق میں علماء اسلام کا اجتماع

ہندوستان کے اچھوتوں کے قبول اسلام کے سلسلہ میں معاصر البلاغ میں جو چند مراسلات شائع ہوئے ان پر غور کرنے کیلئے دمشق میں علماء اسلام کا ایک اجتماع منعقد ہوا ... [illegible]

The Aljamiat

Regd No. L 179

Vol. 24 No 17 DELHI Saturday 5th Sept. 1936. PRICE ONE ANNA

روس کوہ ہمالیہ کے شمال کی جانب بڑھتا آ رہا ہے

تحفظ کی اسکیم کے پس پشت خفیہ منصوبے

[illegible]

احمد آباد کے مزدوروں پر انتہائی ظلم

تنخواہ میں تخفیف۔ کلیاں مل میں ہڑتال

[illegible]

لکھنؤ میں خوفناک آتشزدگی

دو آدمی آگ سے جل گئے

[illegible]

الجمعیۃ بک ڈپو کی اسلامی و ادبی کتابیں

کتاب الاسلام ... [illegible]

الفاروق اعظم ... [illegible]

مرنے سے پہلے ... [illegible]

نواب نامہ صدیقی ... [illegible]

بہشتی زیور کامل ... [illegible]

نماز حنفی مدلل مکمل ... [illegible]

مرنے کے بعد ... [illegible]

ہفتاد اولیاء ... [illegible]

فالنامہ ناصری ... [illegible]

نماز کی پانچ کتابیں ... [illegible]

گھر کا مولوی ... [illegible]

کفرستان کے تین نبی ... [illegible]

بیگمات اودھ ... [illegible]

کتاب التعویذ ... [illegible]

اسلامی میاں بیوی ... [illegible]

بارہ مجالس ... [illegible]

حضرت ابوذر غفاری ... [illegible]

شرح مثنوی مولانا روم ... [illegible]

بیویاں اور رانیاں ... [illegible]

صابر بیبیاں ... [illegible]

اوراد و وظائف ... [illegible]

سیرت معاویہ ... [illegible]

منیجر الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

(جید برقی پریس دہلی میں باہتمام مولوی محمد اسمٰعیل صاحب پرنٹر و پبلشر چھپکر دفتر اخبار الجمعیۃ دہلی سے شائع کیا)

الجمعیۃ

یوم چہار شنبہ ۲۲ جمادی الآخر ۱۳۵۵ھ ہجری

کانگریس کے حقیقی دشمن

کمیونل ایوارڈ کے پردہ میں وطن دشمنی کا مظاہرہ

سعد زغلول کی یاد

واک آوٹ

برطانی کابینہ اور فلسطین

آخر تو لے!

کمشنر سندھ کا اعلان

موج در موج

مباحث امروز

مدح و فضائل صحابہ

شیعان لکھنؤ کا جلسہ

وزیر اعظم افغانستان کا اعلان

بلاٹکٹ سفر

انتقادات

اسلامیات

اسلامی نظم معیشت اور سرمایہ دارانہ نظم معیشت کے اصول

سود کے متعلق اسلامی قانون اور موجودہ دور کے معاشی مفکرین

(از جناب مولانا ابوالاعلیٰ صاحب مودودی مدیر ترجمان القرآن)

علت تحریم

حرمت سود کی شدت

(باقی آئندہ)

آئینہ افکار

عالمگیر امن کانگریس کے نام

پنڈت جواہر لال نہرو صدر کانگریس نے عالمگیر امن کانگریس کے لئے مندرجہ ذیل پیغام بھیجا ہے:-

ہم امن چاہتے ہیں اور جنگ کی طرف بڑھنے والی قوتوں کو روکنے کی کوشش کرتے ہیں لیکن ہمارا خیال ہے کہ حقیقی امن اسی حالت میں قائم ہو سکتا ہے جبکہ جنگ کے بنیادی اسباب دور کر دئے جائیں۔ اس لئے عالمگیر امن کی کانگریس کو جنگ کے اسباب معلوم کرنے کی کوشش کرنا چاہئے اور ان کا علاج تجویز کرنا چاہئے ورنہ اس کی تمام کوششیں ایک بڑی حد تک بیکار ثابت ہوں گی۔ ہمیں ان اسباب پر غور کرنے کی ضرورت نہیں ہے جو اس وقت یورپ اور دنیا کو جنگ کی طرف کھینچ رہے ہیں۔ ...

(ہندوستان ٹائمز)

اگر مصر ترقی کا کوئی قدم آگے بڑھا سکے ...

یہ ہے وہ وعدہ جو سلطان مصر سے ۱۸۴۱ء میں کیا گیا تھا یعنی مصری فوج پر عاید کردہ قیود کا ازالہ اور اجنبی امتیازات کی تعدیل یا تنسیخ۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ حکومت عثمانیہ نے مصری فوج کی تعداد کیا مقرر کی تھی۔ حکومت ترکیہ کی طرف سے مصر کو ۱۸ ہزار فوج رکھنے کی اجازت تھی مگر برطانیہ نے اب تک دریں حال وعدوں کے باوجود ۹ ہزار سے زائد فوج رکھنے کی اجازت نہیں دی۔ رہے اجنبی امتیازات سو گفت و شنید کے بعد آج بھی ان کی لعنت مصر پر مسلط ہے۔

(البلاغ)

مسلم یونیورسٹی اور اسلامی علوم

مسلم یونیورسٹی کورٹ نے اپنے گزشتہ سالانہ اجلاس (منعقدہ اپریل ۱۹۳۶ء) میں ایک ایسے اہم مسئلہ کی طرف توجہ کی ہے جو ایک عرصہ سے توجہ کا محتاج تھا یعنی دینیات اور علوم اسلامیہ کے ناقص طرز تعلیم کی اصلاح اور یونیورسٹی کے طلبہ میں حقیقی اسلامی اسپرٹ پیدا کرنے کی ضرورت۔ جہاں تک جدید علوم و فنون اور ادبیات کی تعلیم کا تعلق ہے۔ حکومت کی قائم کی ہوئی یونیورسٹیوں میں اس کا بہتر سے بہتر انتظام موجود ہے ... [illegible]

... بیغرض سرکاری کالجوں اور یونیورسٹیوں سے پوری نہیں ہوتی۔ اسی کے لئے مسلمانوں کو آج ایک اسلامی یونیورسٹی کی ضرورت ہے۔ اگر ان کی یہ یونیورسٹی بھی یہ غرض پوری نہ کرسکے اگر وہاں سے بھی ویسے ہی گریجویٹ نکلیں جیسے سرکاری یونیورسٹیوں سے نکلتے ہیں ... تو ایک یونیورسٹی قائم کرنے اور چلانے کی کوئی خاص ضرورت ہے؟

(ترجمان القرآن)

مراقش پر جرمنی کی نظریں

بغاوت ہسپانیہ کا نتیجہ مراقش ہی سے ابھا تھا۔ جنرل فرانکو نے اسی سرزمین میں فوجی تیاریاں مکمل کی تھیں اور اس وقت جو فوجیں ہسپانیہ سے برسر پیکار ہیں ان میں سے بیس ہزار افریقی مسلمان بتائے جاتے ہیں۔ جنرل مولے کو بھی جس کے جوش عمل سے بغاوت کا مستقبل وابستہ ہے عرب بیان کیا جاتا ہے۔ اخبارات اس امر پر بھی روشنی ڈال چکے ہیں کہ باغیوں اور اسپانوی مراقش میں ایک عہد نامہ ہو چکا ہے جس کا مفہوم یہ ہے کہ جمہوریت ہسپانیہ کا تختہ الٹ گیا تو نئی حکومت مراقش کی خود مختاری و آزادی تسلیم کرے گی ... [illegible] ... ہمیں سادہ لوح عربوں کی خوش فہمی پر اظہار ملال کرنا چاہئے۔

(زمیندار)

مصری فوج میں اضافہ!

کل ہم نے ایک مصری اخبار پڑھا تھا جس میں ... [illegible] ... حکومت برطانیہ جنگ کے خاتمہ پر فوراً ان میں اطالوی معاہدوں پر نظر ثانی کرے گی

اطالوی افریقہ میں ترکوں کو خصوصی مراعات عطا کیجائینگی

ترکی سفیر مقیم حبش کی طرف سے اظہار تشکر

اطالوی ترکی تعلقات کی ازسرنو تجدید

(خاص برائے الجمعیۃ)

ادیس ابابا۔ (بذریعہ ڈاک) ترکی سفیر مقیم حبش ... [illegible] ... روما۔ ترکی سفیر نے اطالوی وائسرائے مقیم حبش کے نام شکریہ کا جو پیغام ارسال کیا ہے۔ اطالوی حلقوں میں اس کو ترکی قونصل خانہ کے الحاق سے تعبیر کیا جا رہا ہے۔ نیز یہ سمجھا جا رہا ہے کہ اطالوی اور حبشی جنگ کے دوران میں بحیرہ روم کے معاہدہ پر جو شکوک پیدا ہو گئے تھے وہ اب زائل ہو رہے ہیں اور ترکی اور اطالوی حکومت کے درمیان دوستانہ تعلقات کی ازسرنو تجدید ہو رہی ہے۔

الجمعیۃ کے صوری اور معنوی محاسن پر بے لاگ تبصرہ

حضرت مولانا لطف اللہ صاحب سجادہ نشین خانقاہ رحمانیہ مونگیر کا ارشاد گرامی

حضرت مولانا لطف اللہ صاحب سجادہ نشین خانقاہ رحمانیہ مونگیر و خلف الصدق حضرت مولانا محمد علی رحمۃ اللہ علیہ نے الجمعیۃ کے دور جدید پر حسب ذیل خیالات کا اظہار فرمایا ہے:-

مسلمانان ہند کی سب سے اہم اور قابل جماعت جمعیۃ علماء ہند کا ترجمان الجمعیۃ یوں تو اپنے پہلے دور میں بھی ہندوستان کا ایک ممتاز جریدہ رہا ہے اور جس کی خصوصیت یہ ہی قوم و ملک کی صحیح ترجمانی اور بیباکی، آزادانہ طرز تحریر، خطرناک اور پر از خطرات موقعوں پر اعلاء کلمۃ الحق رہی ہے۔ لیکن اس کا دور جدید اپنے پہلے دور سے زیادہ بلند نظر آ رہا ہے اور نئی خصوصیات نے حال کو ماضی سے زیادہ شاندار اور قابل قبول بنا دیا ہے ... [illegible]

وما توفیقی الا باللہ۔ محمد لطف اللہ خادم آستانہ رحمانی مونگیر

شام کی آزادی کیلئے پیرس میں گفت و شنید

ترکوں کی آڑ میں فرانس معاہدہ کو پس پشت ڈالنا چاہتا ہے؟

(خاص برائے الجمعیۃ)

اطالوی خبر رساں ایجنسی "اسٹفانی" نے مندرجہ ذیل تار شائع کیا ہے:-

شام کے تمام اخبارات کا بیان ہے کہ پیرس میں شام و لبنان کی آزادی کی گفت و شنید اپنے آخری مرحلہ پر پہونچ گئی ہے۔ حکومت فرانس نے شامی مندوبین کو مطلع کیا ہے کہ وہ برطانیہ، ترکی اور جمعیۃ اقوام کی تصدیق و تائید کے لئے مضطرب و منتظر ہے کیونکہ اس معاہدہ سے ان کے مصالح وابستہ ہیں۔ اس معاہدہ کی تصدیق میں جو تاخیر ہو رہی ہے اس کا سبب پیرس میں یہ بیان کیا جا رہا ہے کہ چونکہ ترکی اور فرانس کے درمیان سنجق اسکندرونہ اور سرحدی مقامات میں امن و امان کے مسائل درپیش ہیں اس لئے ان کا فیصلہ ہونے تک معاہدہ کی تصدیق مشکل ہے۔ لیکن ترکی کے سرکاری حلقوں نے اس کی تردید کردی ہے ... [illegible] ... کی آزادی اور مستقل دستور کے نفاذ کے بعد ہی ممکن ہے۔

لیگ پارلیمنٹری بورڈ اور مسلمانوں کا فرض

مولانا عبدالحامد صاحب قادری کا اعلان

جن لوگوں نے آل انڈیا مسلم لیگ کی سابقہ تاریخ ہدایتوں اور اس کے اساسی و بنیادی اصول کا مطالعہ کیا ہے وہ جانتے ہیں کہ مسلمانوں کے حقوق کی حفاظت اور ان میں سیاسی مذاق پیدا کرنے والی جماعت مسلم لیگ ہی تھی جو اس وقت کے حالات کے موافق ہندوستان کے واقعات ... [illegible] ... تحریک خلافت نے سیاسیات کو صحیح ترقی پر پہنچا دیا۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس صورت میں کہ ایک شخص نے دوسری شادی میں پہلی بی بی کو ایک کابین لکھ دیا ہے کہ شخص اس شہر ...

آج کی خبریں

کرفیو آرڈر کی مدت میں توسیع

بمبئی کے چیف پریزیڈنسی مجسٹریٹ کا تازہ اعلان

ہندو مسلم فساد از سر نو شروع ہو گیا

ایک بوڑھا مسلمان جس پر چند روز ہوئے حملہ کیا گیا تھا ہسپتال میں مر گیا۔ معلوم ہوا ہے کہ جب سے بمبئی میں فساد شروع ہوا ہے اب تک ۲۰ آدمی مارے جا چکے ہیں۔

اس سلسلہ میں یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ ہندو مہا سبھا نے ہندوؤں کی امداد کے لئے بیس ہزار روپیہ کی منظوری دی ہے۔ اور تمام ہندوؤں سے امداد میں حصہ لینے کی اپیل کی ہے۔

اطالینی سوداگروں کی اسلحہ بندی

سواحل پر باغیوں کے جہازوں کو تباہ کرنے کی اسکیم

جنیوا ۲۳ نومبر۔ حکومت اسپین نے ہسپانوی سواحل کے تمام سوداگروں کو ... جنگی جہازوں پر ہتھیار لگانے کا حکم دیا ہے ...

معلوم ہوا ہے کہ حکومت اسپین کے دو بڑے جنگی جہاز آئندہ ہفتہ تک جنگ کے لئے بالکل تیار ہو جائیں گے۔ روس سے ان کے لئے اسلحہ اور سامان حرب آرہا ہے۔

ریلوے کانفرنس ایسوسی ایشن کو وائسرائے کی ہدایات

پبلک کی ضروریات کا لحاظ رکھنا ضروری ہے

دہلی ۲۲ نومبر۔ کل ہز ایکسیلنسی وائسرائے نے ایوان و الیان ریاست میں انڈین ریلوے کانفرنس ایسوسی ایشن سے ملاقات کی اور دوران تقریر میں افسران محکمہ ریلوے کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ہندوستانی ریلوں کے مستقبل کے متعلق اظہار اطمینان کیا اور ذمہ دار افسران کو اس طرف متوجہ کیا کہ وہ پبلک کی ضروریات پیدا کرنے کے لئے اپنی مساعی کو وقف کر دیں۔ ریلوے کی کامیابی کا صرف یہی ایک راستہ ہے۔

اس کے بعد سر گتھری رسل نے سر ظفر اللہ خاں کی تقریر پڑھ کر سنائی جس میں "مسافروں کے ساتھ ریلوے ملازمین کے برتاؤ" پر نکتہ چینی کی ... ہندوستانی ریلوں کی ناکافی نقصان اور عدم مقبولیت کا اصلی سبب یہی ہے۔

مسلم لیگ یوپی کی انتخابی سرگرمیاں

چودھری خلیق الزماں میرٹھ ڈویژن کا دورہ کریں گے

لکھنؤ ۲۲ نومبر۔ مسلم لیگ بورڈ یوپی کی مجلس عاملہ کا آئندہ اجلاس ۲۹ نومبر کو بریلی میں منعقد ہوگا جس میں مولانا شوکت علی اور چودھری خلیق الزماں وغیرہ شرکت کریں گے۔

۲۳ نومبر کو چودھری خلیق الزماں پروپیگنڈا کے سلسلہ میں کمشنری میرٹھ کا دورہ کریں گے۔ آپ کے ہمراہ مولانا شوکت علی بھی ہوں گے۔

ضلع کانگڑہ میں بم پھٹ گیا

ایک آدمی اندھا ہو گیا۔ دو شدید مجروح

کانگڑہ ۲۰ نومبر۔ ... سے اطلاع موصول ہوئی ہے کہ ریاست ... کے دو آدمی گیسر سنگھ اور سوہن سنگھ اور موضع ہوشیارپور کا ایک آدمی متھرا داس بم تیار کر رہے تھے۔ لیکن ایک بم پھٹ گیا جس سے وہ سخت زخمی ہو گئے۔

بیان کیا جاتا ہے کہ بم غیر متوقع طور پر پھٹ گیا جس سے گیسر سنگھ بالکل اندھا ہو گیا اور اس کے دونوں بازو بری طرح جھلس گئے۔ پولیس نے جائے واردات پر بکھرے ہوئے بموں کے سامان پر قبضہ کر لیا ہے۔ یہ بھی بیان کیا جاتا ہے کہ یہ لوگ موضع بولند کے ایک ساہوکار کے گھر میں ڈاکہ ڈالنے کا ارادہ رکھتے تھے اور اسی خیال کے مد نظر بم تیار کر رہے تھے۔

کسان کانفرنس ضلع بلند شہر

مندوبین دہلی کی روانگی

۲۲، ۲۳ نومبر کو قصبہ ڈیبائی ضلع بلند شہر میں کسان کانفرنس ہوگی۔ اس کی شرکت کی غرض سے حضرت مولانا عظمت اللہ نائب ناظم جمعیۃ علماء دہلی، پروفیسر اندر چندر ودیالنکار وغیرہ ۲۲ نومبر کو تشریف لے جائیں گے۔

مصری پارلیمنٹ کا افتتاح

معاہدہ مصر و برطانیہ پر اظہار اطمینان

قاہرہ ۲۲ نومبر۔ کل مصری پارلیمنٹ کا افتتاح ہوا۔ اور حکومت کی طرف سے افتتاحی تقریر میں یہ ظاہر کیا گیا کہ سرزمین مصر کی پچاس سالہ مساعی اور جدوجہد کے بعد جو معاہدہ آزادی برطانیہ سے ہوا ہے ایک وسیع حلقہ اطمینان بخش ہے۔ دوران تقریر میں یہ بھی واضح کیا گیا کہ عنقریب مؤثر اور ضروری تدابیر اختیار کی جائیں گی تاکہ مصر جمعیۃ اقوام میں داخل ہو جائے ...

آئرلینڈ کی فوجی افسروں کی ہسپانیہ کو روانگی

باغیوں کو کمک پہنچائیں گے

لندن ۲۲ نومبر۔ تازہ خبر ہے کہ آئرلینڈ کے فوجی کمانڈر جنرل اوڈفی اور چالیس افسران ... اسپین کے لئے روانہ ہو گئے ہیں تاکہ وہاں پہنچ کر باغیوں کے لیڈر جنرل فرانکو سے جا ملیں اور حکومت اسپین کے خلاف نبرد آزما ہوں۔

حبش میں اٹلی کی متعدد فتوحات

حبشیوں نے کوئی مقابلہ نہیں کیا

روم ۲۱ نومبر۔ عدیس ابابا سے ایک سرکاری رپورٹ مظہر ہے کہ اطالوی فوجیں ... کی قابض ہو گئی ہیں ... مقابلہ نہیں کیا گیا۔

آسٹریا کی فوجوں میں ۸۰ فیصدی اضافہ

فوجی استحکامات پر ایک کروڑ بارہ لاکھ پونڈ خرچ کرنے کا اعلان

وائنا ۲۱ نومبر۔ آسٹریا کی نئی حکومت نے فوج میں ۸۰ فی صدی کا اضافہ کرنے کا اعلان کیا ہے اور حربی استحکامات کیلئے ۸۰ لاکھ پونڈ منظور کئے ہیں۔ سپاہیوں کی تنخواہوں میں بیس فی صدی کا اضافہ کر دیا جائے گا۔ جرمنی اور اطالیہ سے جدید ساخت کے جنگی طیارے خریدے جائیں گے اور سرحدات کے استحکام پر ... پونڈ صرف کئے جائیں گے۔

لکھنؤ میں مدح صحابہ کا التواء

سنٹرل اور ڈسٹرکٹ جیل سے ایک سو رضا کار رہا کر دئیے گئے

آزادی وطن کانگریس کی جدوجہد اور آئندہ انتخاب پر صدر مجلس احرار کا بیان

... اس وقت سیاسی زندگی کے جو آثار نمایاں ہیں وہ محض کانگریس کی قربانیوں کا نتیجہ ہے۔ اس لئے آئندہ انتخاب کے موقعہ پر عوام اپنے ووٹ ان کی قوم پرور کو دیں جو ملک و وطن کی خدمت انجام دے سکتے ہیں اور جن کا نام ... آزادی کی تاریخ میں ... ہوئے ہیں۔

وزیر حربیہ ہسپانیہ کا اہم بیان

سرکاری فوجیں ایک ایک انچ زمین کیلئے خون بہا دینگی

میڈرڈ ۲۱ نومبر۔ ... وزیر حربیہ ہسپانیہ نے ...

مہاراجہ ٹراونکور کی تقلید

اندور ... نومبر۔ ... ریاست ... کے راجہ صاحب نے مہاراجہ ٹراونکور کی تقلید میں ... اپنی ریاست کے تمام مندروں کے دروازے ... کھول دیئے ہیں۔

پولیس کی حراست میں ایک ہریجن کی افسوسناک موت

اسسٹنٹ سب انسپکٹر اور دو کانسٹیبل معطل کر دئیے گئے

دہلی ۲۰ نومبر۔ ... ایک ہریجن نوجوان کی ... پولیس کی حراست میں پُراسرار حالات میں افسوسناک موت کی اطلاع ملی ہے۔ اس سلسلہ میں پولیس کے خلاف سنگین الزامات لگائے گئے ہیں ... ایک اسسٹنٹ سب انسپکٹر اور دو کانسٹیبل معطل کر دئیے گئے ہیں۔

رجسٹرڈ

اگر تندرستی میں فرق ہے تو زندگی بیکار ہے!

اگر آپ اشتہاری ادویات سے بدگمان ہو چکے ہوں تو صرف ایک روپیہ ... تجربہ کر کے ... شربت اکسیر استعمال کر کے قدرت خدا کا تماشہ دیکھئے ...

گیارہ ہندوؤں کا قبول اسلام

گیارہ ہندوؤں کا قبول اسلام

... مسجد ... میں ... نومبر ۱۹۳۶ء کو حافظ ... صاحب امام مسجد کے دست مبارک پر ... گیارہ ہندوؤں نے اسلام قبول کیا ... اسلامی نام رکھے گئے ...

(ڈاکٹر عبدالصمد ...)

پانچ سال میں جرمن فوجوں میں گیارہ لاکھ کا اضافہ

بیس سال کی عمر کے تمام نوجوان فوج میں بھرتی کر لئے جائینگے

برلن ۲۰ نومبر۔ ... جرمنی کی فوجوں میں گیارہ لاکھ ... اضافہ ...

کتب خانہ رحیمیہ دہلی کی چند مطبوعات

بے مثل نادر موقعہ

جو اب تک ہندوستان کی کسی دوسری مل نے پیش نہیں کیا

خریدئیے

تولیے جن پر آپ کے اور آپ کے دوست احباب کے نام بنے ہوں گے

مفصل حالات کیلئے پتہ ذیل پر لکھئے

دی دہلی کلاتھ اینڈ جنرل ملز کمپنی لمیٹڈ دہلی

ایس۔ اے۔ بی۔ بخشی کمپنی ... کلکتہ

رعایت کا مبارک مہینہ

فائدہ اٹھانیکا شاندار موقعہ

جو سال میں ایک ہی بار آتا ہے اس سے ضرور فائدہ اٹھایئے

گیارہ ماہ گذرنے کے بعد خدا کے فضل و کرم سے رمضان المبارک کا مہینہ نصیب ہوتا ہے۔ یہ بھلائیوں اور نیکیوں کا مہینہ ہے ... راقم منیجر

خوبصورت مضبوط لیور واچ جیب و دستی ... کی گھڑیاں ...

دس جوئل والی لیور رسٹ واچ

نئے فیشن کی لیور فل جوئل رسٹ واچ

ریلوے ریگولیٹر لیور کیلس واچ



خوشنما آٹھ روزہ جاپانی جیبی گھڑی



تمام گھڑیاں ... کا پتہ: ایس۔ ایم عثمان اینڈ کمپنی واچ کلاک مرچنٹس بازار چاندنی چوک ... دہلی

جرمنی و اٹلی نے باغیوں کی حکومت کو تسلیم کر لیا

ہر دو ممالک کے سفارتی نمایندے ہسپانیہ پہنچ جائیں گے

برطانیہ عدم مداخلت کی حکمت عملی پر کاربند رہے گا

... تعلقات قائم کرے۔ موجودہ سفیر واپس بلا لیا گیا ہے۔ ... حکومت جرمنی کا اعلان بھی ... کر دیا جائے گا۔

معلوم ہوا ہے کہ جرمنی اور اطالیہ کے ان اعلانات کے باوجود حکومت برطانیہ کا ارادہ ہے کہ ہسپانیہ کے متعلق عدم مداخلت کی حکمت عملی برقرار رکھی جائے۔

برطانیہ کا پوری طرح مسلح ہونا ضروری ہے

غیر ملکی اخباری نمائندوں کے سامنے سر ہور کی تقریر

لندن ۱۸ نومبر۔ غیر ملکی اخبارات کی ایک انجمن کے سامنے تقریر کرتے ہوئے سر سیموئیل ہور نے فرمایا کہ بعض لوگوں کا خیال ہے کہ جنگ کبھی نہیں رک سکتی۔ میں آپ لوگوں سے جو بڑے بڑے اخبارات کے نمایندے ہیں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ حکومت برطانیہ کی رائے اس سے بالکل مختلف ہے۔ حکومت ... کر رہی ہے ...

... برطانیہ کا اس سے مقصد جنگی دنیا ہرگز نہیں۔

سردار پٹیل اور مسٹر بھولا بھائی ڈیسائی پر پابندیاں

صوبہ سرحد میں داخل نہیں ہونے دیا جائے گا

پشاور ۱۸ نومبر۔ پہلے یہ اطلاع دی جا چکی ہے کہ سردار پٹیل اور مسٹر بھولا بھائی ڈیسائی صوبہ سرحد میں آ رہے ہیں۔ تاکہ انتخابات کے سلسلہ میں کانگریس کے امیدواروں کے لئے پروپیگنڈا کر سکیں ...

معلوم ہوا ہے کہ گورنمنٹ صوبہ سرحد کا گرجہ کانگریس کے ان لیڈروں کے داخلہ کے متعلق اپنی رضامندی کا اظہار کر چکی ہے۔ لیکن بعض افسروں کی طرف سے ان کی آمد کی مخالفت کی جا رہی ہے۔ کیونکہ وہ خیال کرتے ہیں کہ ان کی آمد سے صوبہ میں پھر سیاسی لہر پیدا ہو جائے گی۔

ایک مندر کے لئے تیس لاکھ کا عطیہ

بنگال کی رانی صاحبہ کی سنسکرت سے محبت

... نے تیس لاکھ روپیہ کا گرانقدر عطیہ بلا شرط ... دیا ہے ...

بنگال کی ان رانی صاحبہ کا سنسکرت پریم اس گرانقدر عطیہ سے ظاہر ہے ...

مصر میں زبردست فوجی تیاریاں

سوڈان۔ اسکندریہ اور نیل کی حفاظت کے اہتمامات

قاہرہ ۱۸ نومبر۔ ... ایک حصہ سوڈان کی سرحد پر مقرر کیا جائے گا۔ دوسرے حصہ کا صدر مقام اسکندریہ ہوگا اور تیسری چھاؤنی نیل کے علاقہ میں ڈالی جائے گی ...

میڈرڈ پر ہسپانوی باغیوں کی خوفناک بمباری

ایک ہفتہ میں پانسو آدمی مقتول اور ہزار سو مجروح ہوئے

میڈرڈ ۱۸ نومبر۔ شہر کی سڑکیں اور سرفلک عمارتیں تباہ ہو گئیں۔ ایک نیم سرکاری اطلاع مظہر ہے کہ کل باغیوں نے جو بمباری کی اس کی وجہ سے ۱۵۰ آدمی ہلاک اور ... زخمی ہوئے ...

فرانس کے وزیر امور داخلہ نے خودکشی کر لی

بیوی کی موت اور مخالفین کی نکتہ چینی کا ناقابل برداشت صدمہ

پیرس ۱۸ نومبر۔ فرانس کے وزیر امور داخلہ مسیو سالنگرو نے اپنی بیوی کی موت کے صدمہ کی تاب نہ لاتے ہوئے آج خودکشی کر لی۔ ان کے کمرے میں سے زہریلی گیس کے متعدد پیپے برآمد کئے گئے ہیں ...

مصری چیمبر نے مصر و انگلستان کے معاہدہ کو منظور کر لیا

قاہرہ ۱۸ نومبر۔ چیمبر کی منظوری کے بعد آج سینیٹ نے بھی مصر و انگلستان کے تازہ ترین معاہدہ پر ۱۰۹ ووٹوں کے فرق سے مہر تصدیق ثبت کر دی ہے۔

ایک لاکھ سپاہ میڈرڈ کی حفاظت کر رہی ہے

سرکاری فوج اور باغیوں میں صبر آزما مقابلہ

لندن ۱۸ نومبر۔ ... حکومت اسپین کی ایک لاکھ سپاہ دارالخلافہ کی حفاظت کر رہی ہے ...

صدر کانگریس کے متعلق پنڈت جواہر لال نہرو کا بیان

آئندہ دستور اساسی کو ناکام بنانے کیلئے ہر شخص سے تعاون کرونگا

میرے انتخاب سے قبل میرے خیالات معلوم کر لئے گئے تھے

... پنڈت جواہر لال نہرو، مسز سروجنی نائیڈو، ... سردار ولبھ بھائی پٹیل ... خان عبدالغفار خاں، اور ڈاکٹر ...

زیکو سلوکیا میں زبردست جنگی تیاریاں

جرمنی کی سرحد پر ایک لاکھ سپاہ کا اجتماع

پراگ ۱۸ نومبر۔ حکومت زیکو سلوکیا نے فوجی تنظیم کا کام ... کر دیا ہے۔ ... جرمنی کی سرحدات پر اس وقت ... سپاہ جمع ہے۔

سینکڑوں مردوزن مزدوروں نے ہڑتال کر دی

کانپور میں دفعہ ۱۴۴ کا نفاذ

کانپور ۱۸ نومبر۔ ... کل سے حالات اور بھی ... ہو گئے ہیں ...

آل انڈیا کانگریس کمیٹی کی مجلس عاملہ کا اجلاس

اچاریہ کرپلانی کا اعلان

الہ آباد ۱۸ نومبر۔ اچاریہ کرپلانی جنرل سکریٹری آل انڈیا کانگریس کمیٹی نے اعلان کیا ہے کہ آل انڈیا کانگریس کمیٹی کی مجلس عاملہ کے اجلاس ۵ دسمبر اور بعد کی تاریخوں میں منعقد ہوں گے۔

انڈین نیشنل کانگریس کا کھلا اجلاس ۲۷، ۲۸ اور ۲۹ دسمبر کو منعقد ہوگا۔ آل انڈیا کانگریس کمیٹی اور سبجیکٹس کمیٹی کا اجلاس ... ہوگا۔

قرضہ

... پتہ ذیل پر بذریعہ ہوائی ڈاک خط و کتابت کیجئے:

"Investment Brokers

Box 1163 F" Strand House

London. W.C. 2

آج ہی ایک خط لکھکر

مسلمان مفت منگا لیجئے

پتہ: منیجر اخبار مسلمان لاہور

ہزاروں اندھے سہانکھے ہو گئے

کس سے؟ عین الشفاء انجن (رجسٹرڈ) سے

... ضرورت ہے ایجنٹوں کی ...

عین الشفاء رجسٹرڈ (۵) جامع مسجد بمبئی (۲)

تحریک مدح صحابہ کا عجیب انجام

اسیران مدح صحابہ کی رہائی اور جرمانوں کی واپسی کا وعدہ

صدر مجلس احرار یوپی مولانا محمد احمد کاظمی کا بیان

... اسلام کا ... دیں۔

بریلی میں یوپی پولیٹیکل کانفرنس کی شاندار تیاریاں

مسٹر سبھاش چندر بوس جوہر لال نہرو اور صدر کانگریس ایڈریس پیش کیا جائیگا

پونہ کے بلوہ کے مقدمہ کا فیصلہ سنا دیا گیا

پچاس مسلمانوں کو قید اور جرمانے کی سنگین سزائیں

... مقدمہ کی سماعت ... اگست کو شروع ہوئی تھی ...

لاہور کے ایک سب جج کو نوٹس

لاہور ۱۸ نومبر۔ ... ایک نوٹس دیا ہے ...

خضاب چھوڑ دو

... بال کالا ... سیاہ ...

بال کالا سٹور پوسٹ کنسی سمری در بھنگہ

بالکل سادے الفاظ میں

... پتہ: آتنک نگرہ فارمیسی جام نگر کاٹھیاواڑ

Long Life

REFOM PEN REED

لانگ لائف

ریفارم پن

... ملنے کا پتہ: ... اسٹیشنری ... دہلی

سرمایہ شباب اس کی چند خوراکیں انسان کو از سر نو جوان کر دیتی ہیں اس کے استعمال سے چہرہ پر سرخی طبیعت میں ... ہے۔ قیمت چالیس خوراک چار روپے (للعہ) علاوہ محصولڈاک ملنے کا پتہ: منیجر الشفائی دواخانہ صدر بازار دہلی

بیگمات

... المشتہر منیجر لودیانہ سٹور حلقہ ۲ لودیانہ۔ پنجاب

سوزاک کے مرض کو دس دن میں آرام

... پتہ: مالک یونائیٹڈ میڈیکل سروس دریا گنج دہلی

موسم سرما کی فائدہ مند تجارت

ہماری امریکن سماجانی، ولایتی کٹ پیس پارچہ اور امریکن مستعمل ... کوٹ کی ... ہر شہر قصبہ اور گاؤں ...

کٹ پیس ...

امریکن ... مردانہ کوٹ ...

ایس۔ رفیق بھائی جیکب سرکل بمبئی نمبر ۱۱

صرف دو روپیہ بارہ آنہ میں پانچ گھڑیاں



دو عدد ڈمی پاکٹ واچ۔ دو عدد ڈمی رسٹ واچ۔ ایک عدد اصلی جرمن ٹائم پیس (گارنٹی دس سال) ...

ملنے کا پتہ: منیجر لنڈن نائٹی سٹور پٹھان کوٹ ضلع گورداسپور (پنجاب)

پہلی خوشخبری

آپ کی سہولت کیلئے ہندوستانی دواخانہ دہلی نے (جو مسیح الملک حکیم اجمل خانصاحب کی ایک یادگار ہے جس کی آمدنی ان کے قائم کردہ طبی کالج پر صرف ہوتی ہے) نمائش لکھنؤ پولین نمبر ۱ میں اپنے یہاں کے مستند طبیب اور مستند دوائیں پیش کی ہیں۔ اور نیز ملازمین کا بہترین عملہ مقرر کیا ہے جو ہر وقت آپکی خدمت کیلئے حاضر رہے گا اور ساتھ ہی یہ بھی انتظام کیا ہے کہ تازہ بہ تازہ دوائیں نمائش ہی میں تیار کرکے قیمت میں اضافہ کے بغیر دہلی کی مطبوعہ فہرست کے مطابق قیمتوں پر فروخت کی جائیں۔

امید ہے کہ آپ اس نادر موقع سے ضرور فائدہ اٹھائینگے

نمائش لکھنؤ میں دواؤں کی خریداری سے آپ کو محصول ڈاک کی بچت ہوگی۔ جو ایک روپیہ قیمت کی دواؤں پر بعض حالات میں ڈیڑھ روپیہ تک خرچ کرنا پڑتا ہے

دوسری خوشخبری

یہ ہے۔ کہ مسیح الملک حکیم حافظ اجمل خان صاحب مرحوم کے گدی نشین خاندان شریفی کی بزرگ ہستی ہندوستانی دواخانہ کے موجودہ سرپرست جناب مسیح الملک ثانی حکیم حاجی محمد احمد خانصاحب بالقابہ اور نیز ان کے برادر خورد افسر الاطبا حکیم حاجی محمد ظفر خانصاحب آنریری پرنسپل طبیہ کالج دہلی نے نمائش لکھنؤ میں ازراہ کرم شرکت کا وعدہ فرمایا ہے۔

ان حضرات کا پروگرام یہ ہے

۱۔ مسیح الملک ثانی حکیم حاجی محمد احمد خانصاحب — ۲۲ دسمبر ۱۹۳۶ء سے ۲ جنوری ۱۹۳۷ء

۲۔ افسر الاطبا حکیم محمد ظفر خاں صاحب — ۱۲ جنوری ۱۹۳۷ء سے ۲۲ جنوری ۱۹۳۷ء

ان حضرات کے علاوہ ان بزرگوں کے بہترین شاگرد نمائش میں شروع سے آخر تک بلافیس آپ کی خدمت کیلئے حاضری دیں گے۔

نمائش میں ہندوستانی دواخانہ دہلی کا پتہ یہ ہے

پولین نمبر ۱ (ایک وسیع برج)

نمائش کے گول دروازہ کی سیدھی جانیوالی سڑک کے ڈھال پر دائیں جانب

جمعیت علماء صوبہ سرحد کا خصوصی اجلاس

مدرسہ اسلامیہ بہار شریف کا جلسہ دستار بندی

مصنوعی عربی بچے

سٹیٹ کیمیکل ورکس کی دوسری پیشکش

دس ہزار روپیہ کے نقد انعامات حاصل کرسکتا ہے

پتہ کمپیٹیشن منیجر سٹیٹ کیمیکل ورکس نیو دہلی

ایک قطرہ کا کرشمہ

حیرت میں ڈالنے والی دوا درد دندان کا اکسیر

سستی اور دوا کی تاثیر ... ایک قطرہ لگائیے اور فوراً اس دوا کی تاثیر دیکھ لیجئے۔ زبان باندھنے کی ضرورت نہ کپڑا لپیٹنے کی حاجت ایک قطرہ کے لگانے سے ضبط مشکل ہو جاتا ہے ... قیمت فی شیشی ... محصول ڈاک علاوہ

سعید برادرس نیڈو کوہ کلاں محل دہلی

محبوب عاشق کے قدموں پر

ہدیہ میں عظیم الشان رعایت

عمل سفلی ... مسلمانوں کے لئے مناسب نہیں عمل علوی ...

مفصل شاہ عالم گلی راجان کوچہ چیلان دہلی

سرمہ نور

اگر آنکھوں کی حفاظت ... کرکے استعمال کیجئے۔

سرمہ نمبر ۱ آنکھوں کی خارش، سرخی، دھند، جالا، پھولا ... کے لئے بے حد مفید ہے ...

قیمت فی تولہ ... ماشہ کی شیشی ...

سرمہ نمبر ۲ ... آنکھوں کے لئے ... مفید ہے ...

قیمت فی تولہ ... ماشہ کی شیشی ...

ملنے کا پتہ

(مولانا) نور الدین بہاری میری والا باغ دہلی



پانچسو کارآمد باتیں

نمائش لکھنؤ

دنگل

چلو لکھنؤ اور دیکھو دنگل

دسمبر اور جنوری میں ہر اتوار کو ۲ سے ۵ بجے تک

نمائش کے موقع پر لکھنؤ میں عظیم الشان دنگل کیا جا رہا ہے یہ دنگل اس قدر وسیع پیمانہ پر ہو رہا ہے جیسا کہ نہ کبھی ہوا ہے اور نہ غالباً کبھی ہو۔ ہندوستان اور غیر ممالک کے بڑے بڑے پہلوان جیسے رستم زماں گاما پہلوان شرکت کریں گے نہایت خوشنما سٹیڈیم دار اکھاڑہ تیار کیا گیا ہے۔ جس میں تیس ہزار آدمی آرام سے بیٹھ کر کشتی دیکھ سکتے ہیں۔ ریلوے کمپنیوں سے طے کیا گیا ہے کہ دنگل کے دن خاص رعایتی ٹکٹ دیں اور قرب و جوار سے لکھنؤ کیلئے اسپیشل ٹرینیں روانہ کریں۔ علاوہ چند اور روز کے جس کی اطلاع بعد کو دیجائے گی۔ دنگل دوران نمائش میں ہر اتوار کو ۲ سے ۵ بجے شام تک ہوگا۔ پہلا دنگل ۲۷ دسمبر سے شروع ہے۔ ہر چھوٹے اور بڑے پہلوان کو اطلاع دیجاتی ہے۔ کہ اس عظیم الشان دنگل میں شرکت کرکے ناموری پیدا کرنا چاہتے ہیں تو ۲۵ سے ۳۰ نومبر تک لکھنؤ آکر اپنی جوڑیں لکھوائیں۔ علاوہ اس کے اگر جگہ ہوئی تو دوران نمائش میں ہر جمعہ کو بھی جوڑیں لکھی جاسکتی ہیں۔

جوڑوں کی تاریخ ۲۵ سے ۳۰ نومبر تک۔ پتہ دفتر دنگل نمائش گاہ لکھنؤ!

جرمنی اور جاپان کے درمیان اتحادی معاہدہ

روس کے خلاف دنیا کی طاقتوں کو منظم کرنے کی کوشش

لندن ۲۰ نومبر۔ اخبار ٹائمز کا نامہ نگار مقیم ... لکھتا ہے کہ جرمنی اور جاپان کے درمیان اتحادی معاہدہ ... کمیونزم کے خلاف ... میں برطانیہ کو شریک کرنا چاہتا تھا لیکن برطانیہ نے شرکت سے انکار کر دیا ... کمیونسٹ اور فیسسٹ ... ہو جائے گی۔

حاجیوں کے دوسرے جہاز جہانگیر کی روانگی

ایس۔ ایس۔ جہانگیر ... حاجیوں کا دوسرا جہاز بمبئی سے ... حاجی لے کر کراچی ...

مدت رعایت میں توسیع

انعامی مضامین کی مدت میں توسیع

برار کے ممبران کونسل کی دوگونہ ذمہ داری

حکومت نظام اور ملک معظم دونوں کے وفادار رہیں گے!!

رمضان المبارک کا خاص تحفہ

حلوئے رحمانی

(دی پی کی جائے قیمت منی آرڈر سے بھیجئے تاکہ فوراً بھیج دیا جائے)

داد اکسیر آکوٹھی شورہ سبزی منڈی دہلی

حاجیوں ... کیلئے ہدایات

ضروری اطلاع

عید کے دن عورت کیا چاہتی ہے

صرف آپ ہی نہیں بلکہ ... جانتے کہ عورت کی فطرت کیا ہے ... عید کے دن دنیا میں اس کی سب سے بڑی خواہش کیا ہوتی ہے ... اپنے لباس میں خاص خصوصیت پیدا کرنا ... دہلی کی بنی ہوئی سنہری سلمہ کی ویلی کی جوتی ...

(۱) عمدہ زریب ویلی کی جوتی ... قیمت ۶/۸

(۲) سادہ کام کی جوتی ... قیمت ۳/۸ محصول ڈاک ہر ایک پر گیارہ آنے صرف ہوگا۔

منیجر یونین امپوریم کوچہ چیلان دہلی

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

يد الله على الجماعة

الجمعیۃ دہلی

سہ روزہ

ادارہ
مسئول: محمد عثمان فارقلیط
محی الدین قاسمی

نگران
مولانا نور الدین بہاری

جلد — دہلی۔ یوم شنبہ ۱۲؍ رمضان المبارک ۱۳۵۵ھ مطابق ۲۸؍ نومبر ۱۹۳۶ء — نمبر (۳۸)

سراب گلشن

(از جناب سیفی صحرائی)

پھر مری جانب تبسم سے اشارا کیجئے ۔ پھر مرے دردِ محبت کا مداوا کیجئے
وہ نہوں تو اپنے ہی جلووں سے کھیلا کیجئے ۔ زندگی کو اس قدر وقفِ تماشا کیجئے
حسن کی جبیں خوشی ہوئے اسی میں کیفِ عشق ۔ حسن جتنی زحمتیں دے سب گوارا کیجئے
پھونکئے پھر آہ بن کر کائناتِ حسن کو ۔ پھر سراب گلشنِ دنیا کو صحرا کیجئے
کیجئے اس دل کو نذرِ کسترشالِ کوہ طور ۔ آپ موسیٰ بن کے جلووں کا تقاضا کیجئے
دوست اور آئینے اور دل ہے راہزن ۔ تو کبھی اپنا نہیں کسی پہ بھروسا کیجئے
اپنا دریا اپنی موجیں اپنا طوفاں اپنی کشتی ۔ ڈوبئے خود اور خود اشکوں میں تیرا کیجئے
ایک دن آجائینگے خود رہ گذارِ عشق پر ۔ آپ سے کھچئے، دل کو بجوِرِ تمنا کیجئے

حسرتیں بھر دیجئے سیفی حدودِ حسن میں
ذرّے ذرّے سے نمایاں دل کی دنیا کیجئے

حیاتِ حزیں

(از جناب توفیق احمد حزیں دہلوی)

ہم اپنے شوق کی یہ انتہا سمجھتے ہیں ۔ کہ اب کسی کی جفا کو وفا سمجھتے ہیں
پیامِ مرگ ہے جو دردِ دل اسے تو ہو ۔ اسی کو زیست کا ہم آسرا سمجھتے ہیں
ہے خوابِ مرگ کی تجدیدِ زندگی تعبیر ۔ سمجھنے والے فنا کو بقا سمجھتے ہیں
یہ ذوقِ بندگیِ عشق، یہ علوِّ خیال ۔ کہ سجدہ گہ کو ترا نقشِ پا سمجھتے ہیں

حزیں سفینۂ دل کا خدا ہی ہے حافظ
کنارِ موج کو ہم ناخدا سمجھتے ہیں

عراق کے جدید انقلاب میں جرمنی اور اٹلی کا ہاتھ؟

ڈیلی ہیرلڈ کے نامہ نگار مقیم فلسطین کا ہذیان

دنیائے اسلام

عربی، ترکی اور فارسی جرائد کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

فلسطین میں امن و سکون کے بعد دوبارہ شورش کا آغاز

شاہی کمیشن کے مقاطعہ کی علت۔ مجاہدین پر از سر نو فوجی حملہ

برطانیہ کے نقضِ عہد پر "البلاغ" کا حقیقت افروز مقالہ

ترکی پارلیمنٹ میں غازی کمال پاشا کا اہم اعلان

ترکی افواج، بین الملی تعلقات۔ اسکندرونہ اور انطاکیہ کے مسائل پر سیر گر تبصرہ

برطانیہ کا مقصد کیا ہے؟

مجاہدین کی سلامت روی

برطانیہ نے کیا انعام دیا؟

الجمعیۃ بکڈپو کے منتخب قرآن مجید و حمائل معری اور مترجم

قرآن مجید و حمائل شریف کا نمونہ

فرمائش بھیجنے سے قبل

ملنے کا پتہ: الجمعیۃ بک ڈپو۔ بازار بلیماران۔ دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم شنبہ ۱۲ رمضان المبارک ۱۳۵۵ ہجری

یورپی مدبرین کی سیاسی تہیدستی

اسپینی بغاوت کا خاتمہ اور اسکے اہم اثرات

غیر جانبدار کمیٹی کی ستم ظریفی

مغربی سیاست کا ایک دوسرا دلچسپ پہلو یہ ہے کہ باوجودیکہ جرمنی اور اٹلی نے کھلے بندوں دنیا کے سامنے اسپینی باغیوں کو گوناگوں بری بحری اور فضائی ...

میڈرڈ کا سقوط

لیکن دیکھنا یہ ہے کہ میڈرڈ کا سقوط حکومت ہسپانیہ کی آخری شکست کا پیش خیمہ ...

جرمنی و جاپان کا تازہ معاہدہ

روپیہ کی شرح تبادلہ

جرمنی و اٹلی کی حریص نگاہیں

یوم بے روزگاری

مغربی سیاست کی قلابازیاں

محکمۂ ریلوے کو تنبیہ

گزشتہ چند سالوں کے اندر ... ریلوں کو جو مالی نقصانات برداشت کرنے پڑے ہیں وہ درحقیقت محکمۂ ریلوے کے ناقص نظام اور بنیادی کمزوریوں کا نتیجہ ہیں۔ لیکن افسران ریلوے نے کبھی اس تلخ حقیقت کا اعتراف گوارا نہیں کیا ہے بلکہ عام طور پر ...

روزہ کے فضائل احادیث نبوی کی روشنی میں

ذیل میں ہم روزہ کے فضائل کے متعلق نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات یعنی احادیث نبوی سے درج کرتے ہیں جس سے اسکی اہمیت اور قدر و منزلت قارئین کرام کو معلوم ہوگی۔

ابن آدم کا ہر عمل اس کا اپنا ہوتا ہے لیکن روزہ میرا ہے اور اس کا بدلہ میں ہی دوں گا۔ (حدیث قدسی۔ بخاری)

روزہ دوزخ سے بچاؤ کی چیز ہے۔ روزہ دوزخ کے عذاب کو سپر بن کر روکے گا۔ (بخاری)

روزہ دار کو چاہیے کہ فحش باتوں سے اجتناب کرے۔ اگر کوئی اس سے جھگڑا کرے یا روزہ دار کو گالی دے تو یہ اس سے کہہ دے کہ میں روزہ دار ہوں ...

مباحث امروز

قبائل کو غیر مسلح کرنے کی پالیسی

صوبہ سرحد کی کونسل میں ایک غیر سرکاری قرارداد منظور کی گئی ہے جس کے ذریعہ حکومت سے سفارش کی گئی ہے کہ سرحد کے باشندوں کو بتدریج غیر مسلح کرنے کی حکمت عملی کو بدل دیا جائے۔ اور لوگوں کو جان و مال کی مدافعت کے لئے ہتھیار رکھنے کی اجازت وسیع پیمانہ پر دی جائے۔

فلسطین کا شاہی کمیشن

شرمناک اور ذلت آمیز!

جمعیۃ اقوام میں مصر کا داخلہ

پلکوہ کے ہندو کلیو پول

انتقادات

ترقی پذیر الہام

(انگریزی میں) مصنفہ ... صفحات ... کاغذ ... ملنے کا پتہ:

C. A. WATTS & Co. No. 5 and 6 Johnsons court, Fleet Stt. London. E. C. 4.

اسلامیات

تحریک آزادیٔ نسواں کے اصلی جذبات و محرکات

پردہ و نقاب کی موجودہ بحثیں۔ فرنگی ذہنیت کی پیداوار ہیں

(از جناب مولانا سید ابوالاعلیٰ صاحب مودودی مدیر ترجمان القرآن)

(۵)

زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوَاتِ مِنَ النِّسَاءِ وَالْبَنِينَ (آل عمران: ۲)

وَلَا تَقْرَبُوا الزِّنَىٰ إِنَّهُ كَانَ فَاحِشَةً وَسَاءَ سَبِيلًا (بنی اسرائیل: ۴)

اسلامی معاشرت کے ارکان

ضابطۂ ازدواج

صلائے عام

فریضۂ حج اور مسلمانان ہند کا فرض

حجاج کے لئے سہولتیں

حوادث و احکام

استفتاء

الجواب

عربی نصاب تعلیم پر ایک محققانہ تبصرہ

(از پروفیسر مولانا سعید احمد صاحب اکبر آبادی ایم اے)

(۲)

شعوب

عہد حاضر میں علوم جدیدہ کی ترقی اور انکا اثر

ہمارا فرض

عربی منطقی کتابیں

علوم جدیدہ

عہد عباسی میں فلسفہ کا زور

علم کلام کی نسبت علماء کے فتاویٰ

گہوارۂ اسلام کی زیارت

چہ نسبت خاک را با عالم پاک

جرمن گورنمنٹ کے ماہر مالیات کا سفر انگورہ

وہ ترکی میں برطانوی اثرات کا توڑ کرنا چاہتا ہے

لاہور میں وداور موٹر بند آتش

سرخ قاتلوں کی سرگرمیاں ترقی پر ہیں

آج کی خبریں

روس میں جمہوریت کا از سر نو قیام

جدید آئین حکومت کا نفاذ اور اصلی مسودہ میں تیرہ ہزار ستاسی سو اکیس ترمیمات

ایک دو ایوانی پارلیمنٹ کا انتخاب۔ اور سویٹ کانگریس کا خاتمہ

سرکاری فوجوں کا زبردست جوابی حملہ

اسپینی باغی شہر کے اندر داخل نہیں ہو سکتے

شہریوں کو میڈرڈ سے جلد از جلد نکل جانے کا حکم

ہسپانوی مراقش کے عربوں کی داخلی آزادی تسلیم کر لی گئی

جنرل فرانکو کی حکومت نے سرکاری طور پر اعلان کر دیا

یوم مخالفت آئین جدید منانے کا فیصلہ

یوپی پولیٹیکل کانفرنس کا اجلاس ختم ہو گیا

زرعی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ شائع ہو گئی

کسانوں اور دیہاتیوں کی امداد کیلئے مؤثر تجاویز

کارسوزوں کے گروہ کے ایک ممبر کی گرفتاری

پیٹرول اور سرخ پوسٹر برآمد ہوئے

آل انڈیا اسٹوڈنٹس کانفرنس میں ہلچل

کانفرنس سے سو ڈیلیگیٹ واک آوٹ کر گئے

دہلی میں ایک ہوائی جہاز کو شدید حادثہ

ہوائی جہاز ٹوٹ کر گر پڑا اور ہوا باز زخمی ہو گیا

سوویٹ روس میں کسانوں کا قتل عام

لاکھوں انسان فاقہ کشی کا شکار ہو گئے

اسپین کے جنگی جہازوں پر غیر ملکی کشتیوں کا حملہ

مسٹر بالڈون سے اسپینی سفیر کی ملاقات

فیڈرل کورٹ کے ججوں کا تقرر

سر شاہ سلیمان اور سرلے کے سوا کے تقرر کی توقع

پٹنہ میں سوشلسٹ پارٹی کی سالانہ کانفرنس

ڈاکٹر رام منوہر لوہیہ صدر ہونگے

ریلوے ٹائم ٹیبل کے متعلق شکایتیں

مندرجہ ذیل تبدیلیاں چاہئیں

دہلی میونسپل کمیٹی کے ووٹروں کی فہرستیں

ہزاروں ووٹروں کے نام درج نہیں

ضلع کانگریس کمیٹی کا اہم اعلان

ترکی میں درآمد پر پابندیاں نرم کر دی جائینگی

برطانوی تجارت پارچہ کو نقصان پہنچانے کی امید

آئندہ جنگ کے متعلق لارڈ ٹویڈسمیئر کی پیشگوئی

تین سال کے اندر جنگ چھڑ جائے گی

باغی حکومت کے پاس جرمنی سفیر کی روانگی

اس عہدہ پر جنرل نوپل مقرر کئے گئے ہیں

بمبئی میں دو بیگناہ مسلمانوں کو خنجر گھونپ دئے

ہندوؤں کی سفاکیاں ۱۲ ہندو بلوائی گرفتار

فلسطین میں شاہی کمیشن کی سرگرمیاں

کمیشن کے پبلک اجلاس میں عربوں نے شرکت نہیں کی

تیرہویں صدی ہجری کے دو مجاہد اعظم

شاہ اسمٰعیل شہید ندوہ میں

ناظم دفتر الفرقان بریلی (یوپی)

پنجراپول دہلی میں وائسرائے کی تقریر

چھ گائیں اور ایک بھینس بطور تحفہ پیش کیں

"پھوکا" کی رسم کیخلاف وائسرائے کی ناراضگی

دہلی ۲۳ نومبر ہز ایکسلینسی وائسرائے نے کل پنجراپول دہلی کی ۴۳ ویں سالانہ تقریب کے موقع پر تقریر کرتے ہوئے فرمایا اور چھ گائیں اور ایک بھینس سوسائٹی کو عطا کی۔ چیف کمشنر نے وائسرائے کا استقبال کیا اور پنجرا پول سوسائٹی کے صدر لالہ شنکر لال اور سکرٹری لالہ شیو لال سے تعارف کرایا۔ وائسرائے کی خدمت میں ایڈریس پیش کیا گیا جس میں پنجراپول کے مقاصد بیان کرتے ہوئے کہا گیا کہ ۴۳ سال ہوئے اس کی ابتدا گائے کے تحفظ کے متعلق ہندوؤں کے گہرے جذبات کو پیش نظر رکھ کر کی گئی تھی لیکن اب اس کا مقصد صرف مذہبی نہیں رہا بلکہ سائنٹفک ہی ہے۔ اب یہاں صرف بھوکی گایوں کو چارہ نہیں دیا جاتا بلکہ گایوں کی بہتر نسل پیدا کرنے اور پرورش کے لئے بہترین سانڈ بھی مہیا کئے جاتے ہیں۔ تاکہ ان گایوں سے زیادہ فائدہ کے مطابق اچھی ڈیری چلائی جا سکے اور بہترین خالص دودھ مکھن وغیرہ مہیا ہو اور دوسرے شہروں میں اسی قسم کا ادارہ قائم کرنے کا شوق پیدا ہو۔ آخر میں سکرٹری نے وائسرائے کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے چھ گائیں اور ایک بھینس کا تحفہ دیکر سوسائٹی کی ہمت افزائی کی۔

وائسرائے کا جواب

وائسرائے نے جواب میں پنجراپول کے معائنہ پر اظہار مسرت کیا اور اس کی خدمات کا اعتراف کیا ...

مسٹر سجاد ظہیر بیرسٹر ایٹ لا کی گرفتاری

پبلک جلسہ میں باغیانہ تقریر کرنے کا الزام

الہ آباد ۲۳ نومبر مسٹر سجاد ظہیر بیرسٹر ایٹ لا جو سر وزیر حسن کے صاحبزادے ہیں انہیں آج صبح دس بجے الہ آباد میں زیر دفعہ ۱۲۴ الف تعزیرات ہند بغاوت کے الزام میں گرفتار کر لیا گیا۔

باشندگان حیدرآباد کا عظیم الشان اجتماع

فیصلہ برار پر اظہار مسرت

کونسل آف اسٹیٹ کے بہاری ارکان

آنریبل حسین امام بلا مقابلہ منتخب ہو گئے

شاہ محمد نعمت اللہ۔ آنریبل حسین امام

ربڑ کی کشتی میں دنیا کا سفر

میمن سنگھ میں ایک جرمن جہاں گرد کی آمد

کلکتہ میں دس ہزار موچیوں کی ہڑتال

اعلیحضرت حضور نظام کا عزم کلکتہ

تحریک مدح صحابہ کے مزید ۲۵ رضا کار رہا کر دئے گئے

کتاب "هفوات المسلمین" کے ذریعہ سرکار دو عالم کی توہین

مسلمانان دہلی اولین فرصت میں اس فتنہ کا انسداد کریں

* ہندوستان کا جدید و قدیم دار الخلافہ دہلی جسے زمانہ دراز سے علمائے اسلام کا منبع و مرکز مانا جاتا ہے ۱۹۲۶ء میں اس دار الخلافہ دہلی کے ایک متعصب ہندو شدھی سبھا کے شہر دہلی بازار سے کتاب "هفوات المسلمین" ہندی زبان میں شائع ہوئی ہے (مترجمہ ہندو پریس) جس کا مصنف نعوذ باللہ شہزادہ مرزا احمد سلطان مصطفوی چشتی خادر گڑگانوی ہے۔ جس میں حضرت سرکار دو عالم ، صحابہ کرام اور قرآن و حدیث پر دل کھول کر صدہا الزامات لگائے گئے ہیں۔

(۱) حضرت نے افعال قبیحہ کا ارتکاب کیا (۲) شراب پی (۳) رسول زندہ ہو گئے تھے (۴) بت پرستی ... وغیرہ جس کے پڑھنے سے ہر مسلمان کا دل غضب سے بھڑک اٹھتا ہے ...

ہماری یہ التجا ہے کہ اگر مندرجہ بالا کتاب کے شائع ہونے کے بعد آٹھ سال کی طویل مدت ہونے پر بھی اس کے سد باب کی کوئی کوشش نہیں کی گئی ہے تو فوراً اس کی روک تھام کے لئے کارروائی شروع کر کے گورنمنٹ سے کتاب کو ضبط کرائیں۔ اگر اس سے پہلے کسی کارروائی کے بعد کتاب ضبط کرائی ہو تو اخبار ہذا میں مشتہر فرما کر مسلمانان ہند کو تسکین بخشیں۔

سکرٹری سیرت کمیٹی بانگلکوٹ

اہم خبریں

روم۔ مسولینی نے اعلان کیا ہے کہ وہ ہسپانیہ میں کسی علاقہ کا خواستگار نہیں ہے۔

لندن۔ برطانوی پارلیمنٹ نے برطانوی مصری معاہدہ پر مہر تصدیق ثبت کر دی ہے۔ اور اس کا مفہوم یہ سمجھا جاتا ہے کہ مصر کی حفاظت کی ذمہ داری برطانیہ پر عائد ہوتی ہے۔

برلن۔ سرکاری طور پر یہ اعلان کیا گیا ہے کہ کمیونسٹ انٹرنیشنل کے خلاف جرمنی اور جاپان میں ایک معاہدہ ہوا ہے جس کی رو سے وہ ایک دوسرے کی فوجی امداد کریں گے۔

کینٹن۔ حکومت برطانیہ نے ایک کینٹن فرم کو بم تیار کرنے کے لئے ایک بہت بڑا آرڈر دیا ہے۔

بمبئی۔ بمبئی پراونشل کانگریس سوشلسٹ پارٹی نے اپنے سالانہ جلسہ میں ... تجویز منظور کی ...

اور مسوم جانے کی ایک چھوٹی سی کشتی میں بیٹھ کر سفر کر رہا ہے آج وہ جب یہاں پہنچا تو لوگوں نے نہایت سرگرمی اور شوق سے اس کا استقبال کیا۔ ...

سر بی۔ ایل مترا کا نیا عہدہ

فیڈرل حکومت کے ایڈووکیٹ جنرل مقرر ہونگے

نئی دہلی ۲۰ نومبر۔ ایسوسی ایٹڈ پریس کو معلوم ہوا ہے کہ سر بی۔ ایل مترا سابق رکن قانون حکومت ہند و حال رکن مجلس منتظمہ گورنر بنگال کو ہندوستان کی آئندہ فیڈریشن کے ایڈووکیٹ جنرل کا عہدہ پیش کیا گیا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ آپ نے یہ عہدہ قبول کر لیا ہے۔

نئی دہلی میں آنریری مجسٹریٹوں کا تقرر

مذکورہ بالا اصحاب کو مجسٹریٹ درجہ دوم کے اختیارات حاصل ہوں گے۔

مسلمانان علیگڑھ ، اٹاوہ و متھرا کے باشندوں کو اطلاع

ابو العرفان محمد عارف حسین دہلی دروازہ علیگڑھ

جمہوریت پسند ہسپانیہ تن تنہا فتح حاصل کر سکتا ہے

حکومت ہسپانیہ کے وزراء کا پر جوش اعلان

ویلنسیا ۲۰ نومبر۔ ہسپانوی مجلس وزراء کے ارکان کے دستخطوں سے ایک اعلان شائع ہوا ہے جس میں نہایت شد و مد سے بیان کیا گیا ہے کہ اطالیہ اور جرمنی ہسپانیہ کو پوشیدہ طور پر اپنی نوآبادی بنانا چاہتے ہیں ... لیکن جمہوریت پسند ہسپانیہ نے اپنی سرگرمیوں کو ... تن تنہا فتح حاصل کر سکتا ہے اور میکسیکو اور سوویٹ روس سے امداد حاصل کر سکتا ہے۔

باشندگان میڈرڈ کو شہر خالی کرنے کا حکم دیدیا

سرکاری افواج کی سرگرمیوں پر اظہار اطمینان

میڈرڈ ۲۰ نومبر۔ مجلس دفاع نے غیر محارب باشندگان شہر کو حکم دیا ہے کہ وہ شہر کو خالی کر دیں۔ ...

راولپنڈی میں بھی موٹر سوزی کی وبا

صدر بازار کی ایک موٹر جلا دی گئی!

راولپنڈی ۲۰ نومبر۔ اس سے پہلے لاہور میں کافی موٹریں جلائی جا چکی ہیں مگر اب یہ وبا راولپنڈی میں بھی پہنچ گئی ہے۔ چنانچہ گذشتہ شام صدر بازار میں ایک موٹر جلا دی گئی۔ ...

سرحدی کانگریس پارلیمنٹری بورڈ کے دفتر پر پولیس کا چھاپہ

کانگریس کا جھنڈا اتار لیا گیا

انگلستان اور افغانستان کا جدید معاہدہ

جدید معاہدہ پر عنقریب دستخط ہو جائیں گے

... اور اسی صورت میں اس کو ۔ مارچ سے نافذ العمل سمجھا جائے گا۔ کیونکہ اس تاریخ کو پرانے معاہدہ کی رو سے پوری ہوتی ہے۔ سردست وہی حالات قائم رکھے جائیں گے جو ابتک قائم تھے۔

کلکتہ یونیورسٹی میں عسکری تعلیم

کلکتہ ۲۰ نومبر۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت بنگال نے کلکتہ یونیورسٹی کی یہ سفارش منظور کر لی ہے کہ کالجوں میں عسکری تعلیم بھی دی جائے۔

الجمعیۃ بکڈپو کی ادبی کتابیں

مرنے سے پہلے

نماز حنفی مدلل مکمل

مرنے کے بعد

گھر کا مولوی

کفرستان کے تیر و نشتر

بارہ مجالس

حضرت ابوذر غفاری

منیجر الجمعیۃ بکڈپو بلیماران دہلی

حضرت فاروق اعظم رض کی سوانحعمری مفت منگا لیجئے

ہم کو صرف ایک کارڈ میں اپنے شہر کے دس پڑھے لکھے مسلمانوں کے پتے لکھ دیجئے ہم آپکو حضرت فاروق اعظم رض کی سوانحعمری بالکل مفت بھیجدیں گے۔ آج ہی کارڈ لکھ دیجئے۔

مفت ملنے کا پتہ۔ اسلامیہ دار الاشاعت دھلی ۱۱

صرف دو روپیہ بارہ آنہ میں پانچ گھڑیاں



دو عدد ڈمی پاکٹ واچ۔ دو عدد ڈمی رسٹ واچ۔ ایک عدد اصلی جرمن ٹائم پیس

گارنٹی دس سال

ملنے کا پتہ: منیجر لنڈن نالٹی اسٹور سے پٹھان کوٹ ضلع گورداسپور (پنجاب)

ایک قطرہ کا کرشمہ

حیرت میں ڈالنے والی دوا رنگ ایل

سعید برادرس نیڈو کو کلاں محل دہلی

خضاب چھوڑ دو

بال کالا اسٹور پوسٹ کسی سری رد ھنگا

نمونہ مفت

ہزاروں اندھے سہاکھے ہو گئے

کس سے؟ عین الشفا (رجسٹرڈ) سے

عید

یونیورسل سروس ایجنسی امپورٹرس اینڈ جنرل مرچنٹس ۱۹۱ بھارہی روڈ فورٹ بمبئی

موسم سرما کی قابل فائدہ مند تجارت

ایس۔ رفیق ، بھائی جیکب سرکل۔ بمبئی نمبر ۱۱

ستر روپے کا ذخیرہ ایک روپیہ میں

حدیث کی چھ کتابیں

بخاری ، مسلم ، ابو داؤد ، ترمذی ، نسائی ، ابن ماجہ اردو زبان میں

رسول اللہ کی احادیث کی چھ کتابیں بخاری مسلم ابو داؤد ترمذی نسائی ابن ماجہ سب سے زیادہ مستند ہیں۔ اگر آپ عربی زبان کی یہ چھ کتابیں خریدیں تو ان کی قیمت آپ کو کم از کم ساٹھ ستر روپیہ دینی پڑے گی لیکن اپنی مادری زبان میں ان چھ کتابوں کا انتخاب

آپ صرف ایک روپیہ میں حاصل کر سکتے ہیں

گویا اس کے یہ معنے ہیں کہ نہ صرف آپ کو مادری زبان میں مستند احادیث مل جاتی ہیں بلکہ وہ فائدہ جو آپ ساٹھ روپیہ کی احادیث خرید کر حاصل کرتے صرف ایک روپیہ خرچ کر کے حاصل کر سکتے ہیں یہ نایاب کتاب

انتخاب صحاح ستہ اردو

یہ اور بہت سی کتابیں ملنے کا پتہ۔ منیجر رسالہ پیشوا بیرون جامع مسجد دہلی

احکام اسلام

اسلامی اردو مطبوعات میں بہترین اضافہ

ملنے کا پتہ: رائل ایجوکیشنل بکڈپو جامع مسجد دہلی

لانگ لائف



Long Life

Reform Pen Regd.

ریفارم پین

ملنے کا پتہ۔ آر۔ این۔ گپتا اینڈ کمپنی چاندنی چوک دہلی

بالکل سادے الفاظ میں

پتہ: آتنک نگرہ فارمیسی۔ جام نگر کاٹھیاواڑ

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

عبدالشکور خاں
آنریری سکرٹری

دمہ کا صرف ایک ہی علاج ہے

اور وہ اتنا کامیاب ہے کہ آج تک اس کی شکایت سننے میں نہیں آئی یہ مشہور ہے کہ دمہ کا مرض بہت مشکل سے جاتا ہے لیکن اس مرض کو لاعلاج قرار دینے میں بعض اطبا نے غیر ذمہ داری سے کام لیا ہے۔ ہندوستان میں جو لوگ دمہ کے مریض ہیں وہ صرف ایک شیشی دوا

دمین

استعمال کرکے دیکھ لیں۔ انہیں خود معلوم ہوجائے گا کہ یہ دوا دمہ کے مرض کو کیسی آسانی کے ساتھ دور کردیتی ہے اس دوا سے بڑے بڑے پرانے مریضوں کو صحت حاصل ہوگئی جو لوگ دمہ سے عاجز آگئے تھے اور جو دمہ کے دوروں پر مرجانا بہتر سمجھتے تھے۔ ان کو اس معمولی سی دوا سے ایسا آرام ہوا کہ آج وہ سیکڑوں کی تعداد میں تمام ہندوستان میں اس دوا کے مجرب اشتہارات گئے اور جہاں بیٹھے ہیں دوا دمین کی تعریف کرتے ہیں۔ جس مریض کو دمہ کی تکلیف ہو اسے فوراً دمین استعمال کرنی چاہئے۔ دمہ کا مرض بالکل جاتا رہتا ہے اور پھر کبھی سانس کا دورہ نہ پڑے گا۔ نیجر یونانیڈ میڈیکل سروس دہلی کو خط لکھ کر دمین کی ایک شیشی دو روپیہ بارہ آنہ (۲؍۱۲) میں منگائی جا سکتی ہے۔ ایک شیشی پر پانچ آنہ اور دو تین شیشیوں پر بھی پانچ آنے ہی محصول ڈاک خرچ ہوگا۔

جو لوگ اولاد سے محروم ہیں

اولاد تو ایک نعمت ہے۔ جو لوگ اولاد سے محروم ہیں درحقیقت وہ قسمت کے کمزور ہیں۔ بعض لوگ اولاد کے متمنی تو ہوتے ہیں لیکن یہ سوچ کر بیٹھ رہتے ہیں کہ ہمارے مقدر ہی میں نہیں۔ اور اگر بہت ہی جی جاہا تو مزاروں پر جا کر چادریں چڑھا دیں منتیں مانتے ہیں ٹوٹکے کراتے ہیں، وظیفے پڑھواتے ہیں گویا ان کے بس میں معراج ہے اگر یہ لوگ خدا سے گڑگڑا کر دعائیں مانگیں تو کیا عجب ہے کہ ان کی دعا قبول ہوجائے۔

اولاد ضرور ہوگی

اگر اللہ کا نام لیکر مشہور و معروف دوا "محافظ اولاد" صرف، دس تک روزانہ کھائیں تو یقیناً اسی سال میں ان کے ہاں اولاد ہوگی کیونکہ دوا "محافظ اولاد" نظام جسم کو قدرتی حالت میں لاتی ہے۔ دوا محافظ اولاد نہایت زود اثر دوا ہے اس کی ایک شیشی کی قیمت چار ہے محصول ڈاک پانچ آنے (۵؍) نہ صرف ہندوستان سے بلکہ دیگر غیر ممالک سے بھی بہت کافی تعداد میں ہمارے پاس سرٹیفکیٹ آچکے ہیں۔

نیجر یونانیڈ میڈیکل سروس دریا گنج دہلی کو خط لکھ کر بذریعہ وی۔ پی پارسل منگا لیجئے

اطلاعات

کشن گنج میں کسان سبھا کا قیام

تھانہ بہادر گنج سب ڈویژن کشن گنج ضلع پورنیہ کے دیہاتی علاقہ میں عوام کی کس مپرسی اور پریشانیوں پر نظر فرما کر جناب کامریڈ سید علی احمد رضوی عظیم آبادی قریب ایک ماہ سے برجا سد عقار کی سعی میں منہمک ہیں۔ خداوند ذوالمجد والاکرام کا ہزار ہزار شکر ہے کہ آج ان کی سعی بلیغ کے ثمرات علانیہ میں رونما ہو رہے ہیں اور وہ عوام جو زمینداروں کے استبداد اور ستمے تنگ تھے ہوشیار ہو رہے ہیں۔ چنانچہ عوام کی زندہ دلی کا ثبوت اسی سے ظاہر ہے کہ آج مورخہ ۱۳ نومبر ۱۹۳۶ء زیر صدارت منشی محمد یوسف صاحب ساکن بھاگ جینہ تھانہ بہادر گنج بمقام جین پور گاندھی آشرم کے میدان ...

کرنے کے واسطے مقرر کیا۔
بعدہ جلسہ دعا کے ساتھ بخیر و خوبی برخاست ہوا۔
الراقم ... (سکرٹری کسان سبھا) تھانہ بہادر گنج
مقام جین پور ضلع پورنیہ (صوبہ بہار)

مدرسۃ الاصلاح کا وفد بہار میں

مدرسۃ الاصلاح (سرائمیر اعظم گڈھ) ایک بہترین دینی درسگاہ ہے۔ اب تک اس نے جو اسلامی خدمات انجام دی ہیں ان سے مسلمانوں کا ہر طبقہ اچھی طرح واقف ہے۔ مدرسہ کا ذریعہ آمدنی چند موقوفہ اور مختصر چندہ ...

کسان سبھا کی بنیادی قراردادیں

بزم ادب اردو میں کا عظیم الشان جلسہ

مکتوب جرمنی

مسئلہ فلسطین اور مسلمانان عالم کا فرض

حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب اور مولانا احمد سعید صاحب کی مساعی کا اعتراف

برلن سے ... معلوم ہوا کہ بحر تا اتال فلسطین میں ختم ہو گئی۔ لیکن مسئلہ فلسطین کا حل ... نہیں ہوا ... جب تک مسلمانان عالم اس مسئلہ میں دلچسپی نہ لیں ... جماعت اسلامیہ برلن نے ... جلسہ منعقد کیا اور حبیب الرحمن صاحب قریشی جنرل سکرٹری جماعت اسلامیہ نے جلسہ کی غرض و غایت بیان کی ...

دارالعلوم دیوبند میں داخلہ

جمعیۃ علماء چاٹگام کا شاندار چوتھا اجلاس

عہدیداران و اراکین کا انتخاب

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

نمائش لکھنؤ

دنگل

چلو لکھنؤ اور دیکھو دنگل

دسمبر اور جنوری میں ہر اتوار کو ۲ سے ۵ بجے تک

نمائش کے موقع پر لکھنؤ میں عظیم الشان دنگل کیا جا رہا ہے یہ دنگل اس قدر وسیع پیمانہ پر ہو رہا ہے جیسا کہ نہ کبھی ہوا ہے اور نہ غالباً کبھی ہو۔ ہندوستان اور غیر ممالک کے بڑے بڑے پہلوان جیسے رستم زماں گاما پہلوان شرکت کریں گے نہایت خوشنما سیٹری دار اکھاڑہ تیار کیا گیا ہے۔ جس میں تیس ہزار آدمی آرام سے بیٹھ کر کشتی دیکھ سکتے ہیں۔ ریلوے کمپنیوں سے طے کیا گیا ہے کہ دنگل کے دن خاص رعایتی ٹکٹ دیں اور قرب و جوار سے لکھنؤ کیلئے اسپیشل ٹرینیں روانہ کریں۔ علاوہ چند اور روز کے جن کی اطلاع بعد کو دیجائے گی۔ دنگل دوران نمائش میں ہر اتوار کو ۲ سے ۵ بجے شام تک ہوگا۔ پہلا دنگل ۶ر دسمبر سے شروع ہے۔ ہر چھوٹے اور بڑے پہلوان کو اطلاع دیجاتی ہے۔ کہ اس عظیم الشان دنگل میں شرکت کرکے ناموری پیدا کرنا چاہتے ہیں تو ۲۵ سے ۳۰ر نومبر تک لکھنؤ آکر اپنی جوڑیں لکھوائیں۔ علاوہ اس کے اگر جگہ ہوئی تو دوران نمائش میں ہر جمعہ کو بھی جوڑیں لکھی جاسکتی ہیں۔

جوڑوں کی تاریخ ۲۵ سے ۳۰ر نومبر تک۔ پتہ دفتر دنگل نمائش گاہ لکھنؤ!

راورس کمپی ٹیشن

خاص نئے سال کی پیش کش
یعنی
ستائیس ہزار روپیہ انعام (۲۷۰۰۰)
بالکل نیا
کراس ورڈ کمپی ٹیشن نمبر ۲

(بالکل صحیح حل وہی سمجھا جائے گا۔ جو ہمارے سربمہر حل کے عدد بعدد مطابق ہو)

آخری تاریخ ۳۰ر دسمبر ۱۹۳۶ء

فیس داخلہ۔ ایک روپیہ صرف دو حل کیلئے

(۱) تمام صحیح حل بھیجنے والوں میں پورے ۱۹۵۰۰ روپے تقسیم کردیئے جائیں گے۔ بشرطیکہ صحیح حل ہمارے سربمہر حل کے مطابق ہونا چاہئے۔

(۲) ایک ہزار روپیہ نقد کا انعام اس شخص کو دیا جائیگا کہ جو مقررہ تاریخ سے قبل ...

راورس کا کمپی ٹیشن نمبر ۲

کوپن

راورس کمپی ٹیشن
رستم بلڈنگ چرچ گیٹ اسٹریٹ بمبئی

داخلہ کی آخری تاریخ ۵ار نومبر ۱۹۳۶ء

مقابلہ بمبئی اسپیشل ڈائری ۱۹۳۷ء

پندرہ ہزار روپیہ (۱۵۰۰۰) کا انعام حاصل کرو
ہر شخص کیلئے ایک نادر موقع

فیس داخلہ دو حل کے لئے ایک روپیہ

پہلا انعام مبلغ آٹھ ہزار (۸۰۰۰) روپیہ (بالکل صحیح حل کے لئے) دوسرا انعام مبلغ ساڑھے تین ہزار (۳۵۰۰) روپیہ (ایک غلطی کے لئے)

اسپیشل انعامات

مبلغ ۵۰۰ روپیہ بالکل صحیح حل کیلئے جو ۱۰ر نومبر ۱۹۳۶ء سے پہلے موصول ہوگا۔
مبلغ ... اور مبلغ ۵۰۰ روپیہ سب سے زیادہ حل بھیجنے والوں پر تقسیم کئے جائیں گے۔
مبلغ ... روپیہ ان پانچ حضرات میں سے ہر ایک کو دیا جائیگا جو سب سے پہلے حل بھیجیں گے۔

مفت ہر دس حل بھیجنے والے کو ۱۹۳۷ء کی بمبئی اسپیشل ڈائری مفت دی جائے گی۔

کوپن

اپنے تمام حل اس پتہ پر روانہ کرو
دی کمپٹیشن ایڈیٹر بمبئی بزنس بورو
وجے ولاس بلڈنگ میڈوز اسٹریٹ بمبئی فورٹ

THE COMPETITION EDITOR.
BOMBAY BUSINESS BUREAU.
Vijay Vilas Building
Medows Street
BOMBAY Fort

محبوب عاشق کے قدموں پر
ہدیہ میں عظیم الشان رعایت

رجسٹرڈ نمبر ایل "۱۷۹۳"
جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان
تار کا پتہ: "الجمعیۃ دہلی"
ٹیلیفون نمبر ۵۳۴۵

یداللّٰہ علی الجماعۃ

الجمعیۃ
سہ روزہ
دہلی

ادارہ
مسئول: محمد عثمان فارقلیط
محی الدین قاسمی

نگران
مولانا نور الدین بہاری

قیمت فی پرچہ ایک آنہ

جلد (۲۴) | دہلی یوم سہ شنبہ ۱۵ رمضان المبارک ۱۳۵۵ھ مطابق یکم دسمبر ۱۹۳۶ء | نمبر (۳۹)

کلام موزی

(از جناب ملا موزی صاحب)

ہونٹوں پہ تبسم ہے کہ میخانہ جواں ہے
آنکھوں میں لگاوٹ ہے کہ پیمانہ جواں ہے

اے عشق نظر صبح جوانی میں فرا دیکھ
انگڑائی کے تیور میں پری خانہ جواں ہے

آ شمع کے اور اسکے جلانے کی ادا دیکھ
جل جانے پہ بھی صورت پروانہ جواں ہے

کیا ہے کہ جو بوڑھی ہوئی جاتی ہے یہ دنیا
حالانکہ ابھی غمزۂ جانانہ جواں ہے

صحرا میں جوانی سی جوانی ہے کہ اب تک
دیوانہ نہیں قصۂ دیوانہ جواں ہے

خاک کف پائے بہ سلاو اولوالعزم ہے اس کا
اس حسن میں شوکت شاہانہ جواں ہے

کعبہ کی نزاکت پہ یہ روح بھی قرباں
پر اسکو کروں کیا کہ صنم خانہ جواں ہے

وہ ہجر ہو یا وصل یہاں تک کہ تصور
اس عشق کے ہر حصہ کا افسانہ جواں ہے

ہر لمحہ بڑھاپا ہے غلاموں کی زمیں میں
اک عشق ہے البتہ جو فرزانہ جواں ہے

وہ حسن جو عاقل بھی ہے طالب ہے وہ میرا
ایسی ہی مری فطرت فرزانہ جواں ہے

جس کیلئے سرحد سے دعا گو تھا موزی
الحمد کہ وہ حسن زنیانہ جواں ہے

"طوفان طرب"

(از مولانا افتخار الدین احمد صاحب آرزو رضوی کامل (حدیث) ادیب (شمسی))

جب پس ابر بہار آ کے صدا دیتی ہے
ایک طوفان طرب دل میں اٹھا دیتی ہے

گرچہ الجھن مری کچھ اور بڑھا دیتی ہے
تیرے کوچہ کی ہوا پھر بھی مزا دیتی ہے

آکے سوئے ہوئے فتنوں کو جگا دیتی ہے
جب بہار آتی ہے کچھ گل ہی کھلا دیتی ہے

میری حیرت دم دیدار مزا دیتی ہے
دلکو اک آئینہ خانہ میں بٹھا دیتی ہے

ہم اسیری کیلئے آتے ہیں گلشن میں گلو!
یہ قفس ہی کی کشش تم سے ملا دیتی ہے

پھول توڑے ہیں بہت باغ سے گلچیں نے
فصل گل وسعت دامن کی دعا دیتی ہے

چھیڑتی ہے جو اجل نغمۂ ساز ہستی
ہوشیاروں کو بھی بیہوش بنا دیتی ہے

فصل گل آتے ہی وحشت کا سہارا بنکر
چاک کچھ اور گریباں کے بڑھا دیتی ہے

میری خاموشی بھی زنداں میں نہیں چپ سکتی
وحشت دل مری زنجیر ہلا دیتی ہے

آرزو فخر یہ کب کم ہے کہ میری ہستی
دل کو احباب کے آباد بنا دیتی ہے

دنیائے اسلام

عربی، ترکی اور فارسی جرائد کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

فلسطین میں تحریک مقاطعہ یہود کی کامیابی

تین عربوں کو پھانسی کی سزا - اعلان بالفور کی یاد

ملکی مصنوعات کی ترقی، سر سیمویل ہور فلسطین میں

فلسطین میں فوجی قانون کے تحت تین عربوں کو فوج پر گولی چلانے کے الزام میں پھانسی کی سزا دیدی گئی ہے ... نومبر کو بالفور نے جو عرب کش اعلان کیا تھا اس کے خلاف تمام فلسطین میں احتجاج کیا گیا اور ہر جگہ سیاہ جھنڈے ... گئے۔ اعلان بالفور کا یہ سیاہ دن امن و سلامتی سے گزر گیا۔

عربوں نے یہودیوں کا جو زبردست مقاطعہ کیا ہے اس نے تمام بنی اسرائیل کو سخت پریشان اور خوفزدہ کر دیا ہے ...

میں ۲۱ یوم سے ہڑتال جاری ہے۔ بیروت میں اطلاع موصول ہوئی ہے کہ ہڑتال نے سخت اور شدید صورت اختیار کرلی ہے ... اسی طرح بعلبک میں بھی ہڑتال کا سلسلہ جاری ہے ...

شام اور فرانس کا معاہدہ آزادی

"یہ آزادی کا نہیں غلامی کا معاہدہ ہے"

"شام اور فرانس کا معاہدہ غلامی کا معاہدہ ہے" ...

جمہوریہ ترکیہ کی عمرانی اقتصادی اور صنعتی ترقی

موجودہ ترکی کے تعمیری کاموں کی اجمالی فہرست

ترکی حکومت نے اس ماہ میں اعلان جمہوریت کا جو جشن منایا اس کے سلسلہ میں ترکی حکومت کی طرف سے ایک اطلاع شائع ہوئی ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ اب تک ترکی نے کون کون سے کام انجام دئے ہیں۔ ذیل میں اس اعلان کا نقش درج کیا جاتا ہے۔ ...

عراق کی جدید وزارت کا زبردست پروگرام

فوجی اصلاح - ملکی مصنوعات کی ترقی - مزدوروں کیساتھ ہمدردی

وزیر اعظم عراق کی جدید وزارت کے سلسلہ میں بغداد کے اخبارات نے ایک زبردست پروگرام شائع کیا ہے ...

روسی موتمر میں عربوں کی شرکت

عربوں میں بالشویک تحریک - اخبار امان کی اطلاع

...

فلسطین میں ملکی مصنوعات کو فروغ

...

سیموئیل ہور فلسطین میں!

...

موصل سے برطانیہ کی دستبرداری

برطانی ہوائی مستقر منتقل ہو رہا ہے

...

طرابلس میں زبردست ہڑتال

لبنان کو شام سے جدا کرنے پر احتجاج

...

الجمعیۃ بکڈپو کے منتخب قرآن مجید وحمائلیں معری اور مترجم

قرآن مجید وحمائل شریف کا نمونہ

فرمائش بھیجنے سے قبل

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان اخبار الجمعیۃ اپنے مخلص احباب اور درد مند مسلمانوں سے برابر اپیل کرتا رہا ہے کہ اسکی ہر امکانی امداد فرما کر اسلام اور مسلمانوں کی اہم ضرورت کو پورا کریں ... (مولانا) نور الدین صاحب بہاری نگران "الجمعیۃ" و نائب ناظم جمعیۃ علماء ہند

پانچ ترجموں والی قرآن مجید کا قلم اور نمونہ اس عبارت کی موافق ہے

(۱) پانچ ترجموں والا قرآن شریف ...

اس قرآن شریف میں دو ترجمے ہیں یہ نمونہ بڑی تقطیع کا ہے

(۳) دو ترجمے والا معجز نما کلاں قرآن شریف ...

اس قرآن مجید میں دو ترجمے ہیں یہ نمونہ چھوٹی تقطیع کا

(۵) دو ترجمے والا معجز نما متوسط قرآن مجید ...

اس قرآن شریف کی متن کا قلم اس نمونہ کی مطابق جلی ہے

قرآن حکیم کی عبارت کی اصل الفاظ بڑی ادبی کے وجہ سے نہیں

(۶) صحت نما قرآن شریف معریٰ

یہ قرآن شریف اتنی جلی قلم سے لکھا ہوا ہے اور اس عبارت سے اصل قرآن مجید کی خط کا اندازہ لگا سکتے ہیں

(۷) خوشنما قرآن مجید مترجم ...

(۸) معجز نما حمائل مترجم ...

اس قرآن شریف کا قلم اوسط درجہ کا ہے اس کو نورانی قرآن شریف کی نام سے موسوم کیا جاتا ہے اصل الفاظ بڑی ادبی کی وجہ سے نہیں لکھی یہ نمونہ قلم

(۱۰) نورانی قرآن مجید معریٰ

(۹) صحت نما بیسر حمائل شریف مترجم

ملنے کا پتہ: الجمعیۃ بکڈپو - بازار بلیماران دہلی

(جید برقی پریس دہلی میں باہتمام مولوی محمد اسمٰعیل صاحب پرنٹر و پبلشر دفتر الجمعیۃ دہلی سے شائع ہوا)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم سہ شنبہ ۱۵ رمضان المبارک ۱۳۵۵ھ ہجری

مشرق بعید میں فسطائی محاذ کی تعمیر

برطانیہ و فرانس کے اقتدار کو تباہ کرنے کا ایک جدید منصوبہ

جرمنی اور جاپان نے سرکاری طور پر اس معاہدہ کی تصدیق کر دی ہے جو اب تک صیغہ راز میں رکھا گیا تھا۔ ... ہر ہٹلر اور زیادہ غضبناک نگاہوں سے روس کی طرف دیکھ رہا ہے اور ہر قسم کی پروپیگنڈا ...

سوویٹ روس کا استقلال

ظاہر و باطن کا فرق

جاپان کا نصب العین

ہر ہٹلر کے مقاصد

برطانیہ کے لئے خطرہ

یو۔پی پولیٹیکل کانفرنس

نظر بندان بنگال کی خود کشی

زرعی کمیٹی کی سفارشات

یو۔پی کانگریس نے زراعت پیشہ طبقہ کی زبوں حالی کے اسباب ان کی فلاح و بہبود کے ذرائع اور ان کی حقیقی ضروریات معلوم کرنے کے لئے جو زرعی تحقیقاتی کمیٹی مقرر کی تھی اس کی سفارشات شائع ہو گئی ہیں اور یو۔پی پراونشل کانگریس کمیٹی نے بہ حیثیت مجموعی غور و فکر کے بعد ان سفارشات کو منظور کر لیا ہے۔

رمضان کے متعلق سرور دو عالم کا خطبہ

اور

سحری و افطار کے چند ضروری مسائل

ذیل میں ہم سرور دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا وہ خطبہ جو سرکار نے آخر شعبان کو دیا تھا اور جس میں خاص طور پر ماہ رمضان المبارک کے متعلق اعلان فرمایا تھا، نیز سحری و افطار کے چند ضروری مسائل احادیث نبوی کی روشنی میں پیش کرتے ہیں جن سے قارئین کرام اس مبارک مہینہ کی اہمیت اور قدر و منزلت کا بخوبی اندازہ لگا سکیں گے:-

سرکار نے فرمایا "لوگو! ایک بہت بابرکت مہینہ تم پر سایہ فگن ہونے والا ہے۔ اس مہینے میں ایک ایسی رات ہے جس کی عبادت ہزار مہینوں کی عبادت سے بہتر ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس مہینے کے روزے فرض کئے ہیں۔ رات کا قیام مستحب ہے جس نے اس مہینے میں کوئی نفلی عبادت کی تو اس کا ثواب دوسرے مہینے کے فرض کی مثل ہے اور اس مہینے کے فرض کا ثواب دوسرے مہینوں کے ستر فرضوں کے برابر ہے۔

یہ مہینہ صبر کا ہے اور صبر کا بدلہ جنت ہے۔ یہ مہینہ باہمی سلوک اور غمخواری کا ہے اس مہینے میں مومن کا رزق بڑھا دیا جاتا ہے۔ جس نے کسی روزہ دار کا روزہ کھلوایا تو اس کے گناہ بخش دئے جاتے ہیں۔ دوزخ سے آزاد کر دیا جاتا ہے۔ روزہ کھلوانے والے کو روزہ رکھنے والے کے برابر ثواب ہوتا ہے اور روزہ کھولنے والے کے ثواب میں کوئی کمی نہیں ہوتی۔ لوگوں نے کہا یا رسول اللہ ہم سب تو اتنی مقدرت نہیں رکھتے کہ کسی روزہ دار کو افطار کرائیں اور اس کو کھانا کھلائیں۔ ارشاد فرمایا صرف ایک کھجور سے یا دودھ اور پانی کے گھونٹ سے روزہ کھلوا دینا بھی کافی ہے۔

افطار

سحری

نفلی روزے

مباحث امروز

روس کی پشیمانی!

بمبئی کا ہنگامہ

بمبئی میں خونریز فساد ہوا جس میں بہت سی قیمتی جانیں ضائع ہوئیں ...

کفر ٹوٹا خدا خدا کر کے

مولانا انور الدین صاحب کو صدمہ

کانگریس اور مجلس احرار

ملک معظم اور گاؤکشی

معاصر "خلافت" کا تازہ ابتلا

انتقادات

انتخاب صحاح ستہ

ہومیو پاک گائیڈ

پیغام کشفی

اسلامیات

تحریک آزادی نسواں کے اصلی جذبات و محرکات

پردہ و نقاب کی موجودہ بحثیں، فرنگی ذہنیت کی پیداوار ہیں

(از جناب مولانا سید ابو الاعلیٰ صاحب مودودی مدیر ترجمان القرآن)

(۶)

خاندان کی تنظیم

صنفی میلان کو تمدن کے سنگ بنیاد یعنی خاندان کی تخلیق اور اس کے استحکام کا ذریعہ بنانے کے بعد اسلام خاندان کی تنظیم کرتا ہے ...

حَمَلَتْهُ أُمُّهُ وَهْنًا عَلَىٰ وَهْنٍ وَفِصَالُهُ فِي عَامَيْنِ (لقمٰن: ۲)

(باقی آئندہ)

رمضان المبارک میں حصول روحانیت کا نظام عمل

نماز تراویح کے اہم اور مفید مسائل

(از حضرت مولانا علمت اللہ صاحب نائب ناظم جمعیۃ علماء صوبہ دہلی)

من قام رمضان ایمانا واحتسابا غفرلہ ما تقدم من ذنبہ (متفق علیہ)

جو مسلمان رمضان میں ثواب سمجھ کر عبادت (تراویح وغیرہ) پڑھے گا اس کے پچھلے گناہ معاف کر دیئے جائیں گے۔

تراویح کے معنی

پہلے کیا پڑھو

اگر مسجد میں ایسے وقت پہونچے کہ عشاء کی نماز ہو گئی ہو اور نماز تراویح ہو رہی ہو تو پہلے عشاء کی نماز پڑھو پھر تراویح میں شریک ہو اور اس درمیان میں جو تراویح ...

رمضان کے پورے مہینہ تراویح پڑھو

روزہ نہ ہو جب بھی تراویح پڑھو

بیس رکعتیں

تراویح اور جماعت

تراویح پڑھنے کا وقت

پڑھنے کا طریقہ

اگر قرآن مجید کا پڑھنا ضروری ہے

بسم اللہ

سورہ اخلاص

کچھ پڑھ کر بیٹھو

تسبیح

حوادث و احکام

استفتاء

الجواب

عربی نصاب تعلیم پر ایک محققانہ تبصرہ

(از پروفیسر مولانا سعید احمد صاحب اکبر آبادی ایم۔ اے)

(۲)

طرز تعلیم کی خرابی

اب تک جو کچھ کہا گیا وہ نصاب تعلیم کی حیثیت تھا۔ اب میں طرز تعلیم کے متعلق کچھ کہنا چاہتا ہوں۔ حضرات! سبب کچھ تسلیم کر لینے کے باوجود کسی علم و فن میں بھی درک و نظر نہ رکھنے کی بڑی وجہ طرز تعلیم کی خرابی ہے۔ پہلے زمانہ میں بھی ...

درس و تدریس کیلئے ضروری امور

طلبہ کیلئے چند ضروری ہدایات

مدارس عربیہ کا موجودہ نظم و نسق

ضروری اطلاع

ناظرین کرام سے درخواست ہے کہ "الجمعیۃ" کے متعلق ہر قسم کی خط و کتابت و ترسیل زر اور دیگر استفسارات حسب ذیل پتہ پر کئے جائیں۔

مولانا انوار الدین صاحب نائب ناظم جمعیۃ علماء ہند نگران الجمعیۃ بلیماران

راولپنڈی میں دفعہ ۱۴۴ کا نفاذ

سکھوں کی طرف سے حکم امتناعی کی خلاف ورزی اور پولیس کا لاٹھی چارج

جامع مسجد کے سامنے ہنگامہ آرائی کرنے پر اصرار ۵۰ سکھ گرفتار کر لئے گئے۔ شہر میں ہڑتال

راولپنڈی ۲۸ نومبر۔ راولپنڈی میں سکھوں کی سینہ زوریاں جاری ہیں۔ کل ۲۷ نومبر کو سکھوں نے گرو نانک صاحب کے جنم دن کے جلوس کے سلسلہ میں ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے احکام کی خلاف ورزی کی۔ سکھوں نے ... افراد کے اجتماع کو ممنوع قرار دیا تھا، گوردوارہ کے باہر بہت سے لوگوں کا اجتماع تھا۔ پولیس پر سنگباری کی گئی جس سے ایک ہندو کانسٹبل مجروح ہوا۔ پولیس نے لاٹھیاں چلائیں ... شہر میں ہڑتال ہے۔ پولیس کے پکٹ قائم کر دیئے گئے ہیں۔ مسلح پولیس اور سوار گشت کر رہے ہیں۔

مزید حالات

کل سکھوں کے ایک جلسہ میں اس معاہدہ پر غور ہوا جس پر سکھوں کے نمائندگان نے حکام کے روبرو دستخط کئے تھے۔ سکھوں نے فیصلہ کیا کہ اس معاہدہ کو تسلیم نہ کیا جائے ...

عورتوں کا جلوس

۲۷ نومبر کا دن جلوس نکالنے کا تھا۔ آج ظہر تک صبح ہی سے ہڑتال رہی اور شدید اضطراب ...

روس میں جرمنوں کی مردم شماری کا حکم

پیشہ اور چال چلن کی تحقیقات

ماسکو ۲۸ نومبر۔ سوویٹ حکومت نے اپنے ماتحت افسران کو حکم دیا ہے کہ تمام روس کے اندر روس میں بسنے والے جرمنوں کو شمار کیا جائے اور یہ بتایا جائے کہ ان کا پیشہ کیا ہے اور کس قسم کے سیاسی خیالات رکھتے ہیں ...

بمبئی کے اخبارات پر سنسر قائم کر دیا گیا

فسادات بمبئی میں ۸۰ افراد کی قربانی

